Is tafseel se maaloom hua ke is hadees ke raawi Saeed (bin Abi Urooba) hain, jinke ustad Qataada mashoor *mudallis* hain. Dekhiye Kutub at-Tadlees o Fathul Baari: V13 P109, tahat H7135-7136 aur an (عن) se riwayat kar rahe hain. Usool e hadees mein ye baat muqarrar hai ke *mudallis* ki an (عن) waali riwayat ghair sahihain mein adm tasreeh e samaa' aur adm mutaaba-at e motabarah ki soorate mein *zaeef* hoti hai. Lihaaza ye sanad *zaeef* hai. (Hisham ad Dastawaai An Nisaai/Al Mujtaba: 1088) Qataada se riwayat bhi Qataada ke an-anaa 'عنعنة' ki wajah se *zaeef* hai.

Qaeleen Raful Yadain fis Sujood ki asah riwayat ka ye haal hai. Isi par unki deegar riwayaat ki haesiyat samajh le'n.

② Waael bin Hujr رضي الله عنه

وإذا رفع رأسه من السجود أيضاً رفع يديه حتى فرغ من صلاته... إلخ.

Aur jab wo sajde se sar uthaate to wo bhi apne haath uthaate, yahan tak ke wo apni namaz se faarigh ho jaate. (Abu Dawood Aaun al Maabood: V1 P263 H723)

Is mein 'السجود' (As Sujood) masdar hai, jo waahid aur jama dono par bola jaata hai lihaaza doosre dalaael ki roo se iska matlab ye hai ke jab aap 4 sajdo'n se (tasshahud ke baad) uthte to raful yadain karte the. Doosre alfaaz mein 2 rakate'n padh kar teesri rakat ke liye uthne ke baad waal raful yadain hai lihaaza is hadees se sajdo'n ke darmiyan waala raful yadain kasheed karna Sahih nahi hai. Syedna Waael رضي الله عنه se baaz riwayat mein 'أذا ركع وإذا سجد' ke alfaz bhi aate hain. (Sunan Daraqutni: V1 P291, H1108)

Iska mafhoom ye hai: Jab aap ruku (ka iraada) karte to raful yadain karte

aur aap jab sajda ka irada karte to raful yadain karte.

Ye dono raful yadain, qabl ar-ruku aur baad ar-ruku waale hain. Haalat-e-sajda wa quood waale nahi hain aur yehi mafhoom e hadees Abu Huraira ﷺ ka hai. Jise Abu Dawood aur Ibne Khuzaima waghaira-huma ne riwayat kiya hai.

③ Anas bin Maalik ﷺ

حدثنا الثقفي عن حميد عن أنس أن النبي صلى تلله عليه وسلم كان يرفع يديه فى الركوع والسجود.

Hamen Saqafi ne Hameed se khabar deen-e-islaam aur Hameed ne Anas se ke Nabi ﷺ ruku aur sajde mein apne haath uthaate the. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235)

Isme Hameed at-Taaweel *mudallis* hain, lihaaza ye sanad *zaeef* hai aur fir ruku se murad qabl ar ruku aur fis sujood se murad qabl as sujood hai. Yaane ye dono raful yadain qiyaam waale hain, qu-ood waale nahi hain.

Abu Yaala al-Mosuli farmate hain:

حدثنا أبوبكر (ابن أبي شيبة): حدثنا عبدالوهاب الثقفي عن حميد عن أنس قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع.

(V2 P242-245 H1038)

Hame'n Abu Bakr (Ibne Abi Shaiba) ne khabar deen-e-islaam, hame Abdul Wahaab Saqafi ne Hameed se, aur Humeed ne Anas se, kaha: Maine Nabi ﷺ ko dekha ke wo namaz shuru karte waqt, ruku karte waqt aur ruku se sar uthaate waqt apne haath uthaate the.

Is riwayat ne oopar waali riwayat ki tashreeh kardi hai aur ye baat aam taalib e ilm bhi jaante hain ke hadees, hadees ki tashreeh karti hai.

④ Abdullah bin az Zubair ﷺ:

Aur unho'n ne unki imaamat ki, apne haatho'n se ishaara karte hue jab wo khade hote, jab ruku karte, jab sajda karte aur jab qiyaam ke liye uth-te to wo apne haatho'n se ishaara karte the.

وصلى بهم يشير كفيه حين يقوم وحين يركع وحين يسجد وحين ينهض للقيام فيقوم و يشير بيديه.

(Abu Dawood Ma' Aun al Maabood: V1 P229, H739)

Is ki sanad mein Ibne Lahiya ki *tadlees* aur Maimoon ki *jahaalat* ki wajah se *zaeef* hai. Ibne Lahiya mashoor *mudallis* hain. (Kitab ul Mudalliseen) Aur an (عن) se riwayat kar rahe hain. Iska raawi Maimoon al-Makkai *majhool* hai. (At Taqreeb: 7054)

Maimoon se sirf Ibne Habeera raawi hain. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb) Aisa raawi, jiska shaagird sirf ek ho aur kisi ne *tauseeq* na ki ho, *majhool al aen* hota hai. *Majhool al aen* ki riwayat mohaddiseen e Kiraam ke nazdeek *zaeef* hai. Uske matan ka bhi wo mafhoom nahi hai, jo baaz hazraat kasheed kar rahe hain. Balke Sahih mafhoom ye hai ke wo qiyaam (takbeer e oola) ke waqt raful yadain karte aur ruku ke waqt raful yadain karte to (ruku ke baad qiyaam mein) sajda karne se pehle, raful yadain karte aur jab (2 rakate'n padhkar) qiyaam karte to raful yadain karte.

Maaloom hua ke isse sajdo'n ke darmiyan, haalat e quood waala raful yadain saabit karna sahih nahi hai. Warna phir bataaiye ke ruku ke baad waala raful yadain kaha'n hai?

⑤ Hadees Abdullah bin Abbas ﷺ

To jab wo pehle sajde mein sajda karte aur phir usse apna sar uthaate to wo apne haatho'n ko apne chehre ke saamne uthaate.

فكان إذا سجد السجدة الأولىٰ فرفع رأسه منها رفع يديه تلقاء وجهه..... إلخ.

Abu Dawood Ma' Aun al Maabood: V1 P229, H740; Al Mujtaba lin-Nasai Ma' At Taliqaat as Salafiyya: V1 P135, H1174

Iski sanad Nazr bin Kaseer ke *zoaf* ki wajah se *zaeef* hai. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 7147)

Ma’ Kul Takbeerah (مع كل تكبيرة)

Baaz *zaeef* riwayaat mein ‘كان يرفع يديه مع كل تكبيرة’[1] ke alfaaz aae hain. Masalan:

❁ An (عن) Umair bin Qataadah……. (Sunan Ibne Majah: H861)

Boosiri ne Zawaaid mein kaha: “*Is sanad mein Rafdah bin Quzaa-ah Zaeef hai aur Abdullah ne apne baat se kuch bhi nahi suna*” intihaa

Rafdah par jarh ki maalumaat ke liye Tehzeeb-ut-Tehzeeb aur Taqreeb-ut-Tehzeeb waghairahuma ka mutaala-a kare’n.

❁ An (عن) Jaabir bin Abdullah…….. (Musnad Ahmad: V3 P310)

Iski sanad mein Hajjaaj bin Irtaat *mudallis* hai aur an (عن) se riwayat kar raha hai. Az Zayaal bin Harmala *majhool ul haal* hai aur Nasr bin Baab jamhoor mohaddiseen ke nazdeek *zaeef o majrooh* hai. Lihaaza ye sanad *zaeef* hai. In riwayaat ka mafhoom bhi wo nahi hai ke sajdo’n ke darmiyan raful yadain kiya jaae, balke ‘مع كل تكبيرة’ ka matlab wohi hai jo ‘ويرفعهما في كل تكبيرة يكبرها قبل الركوع حتى تنقضى صلاته’[2] ka hai. (Abu Dawood: V1 P263, H722 [hadees Sahih])

Khulaasa ye ke sajdo’n mein raful yadain Rasool Allah ﷺ se ba-sanad sahih o saraahatan saabit nahi hai. Jo shakhs uske isbaat ka muddai hai, usse hamara ye mutaalaba hai ke sirf ek sahih ya hasan riwayat aisi pesh kare, jis mein ruku ke baad waale raful yadain ki saraahat ke baad sajdo’n mein kandho’n ya kaano’n tak raful yadain ki saraahat ho.

Tambeeh 1: Janab Muhammad Hussain as-Salafi ne ek risaala “Sajdo’n Mein Raful Yadain Sunnat Hai” naami likha hai, jis mein *zaeef o mardood* riwayaat ko *sahih* ya *hasan* qaraar diya gaya hai. ان لله و انا اليه راجعون unho’n ne kai riwayaat ka mafhoom bhi ghalat bayan kiya hai.

Haafiz Muhammad Ayyub Sabir Saahab ne عون الملك المعبود في تحقيق أحاديث رفع اليدين فى السجود ke naam se Muhammad Hussain Saahab ka

[1] T: Wo har takbeer ke saath apne haath uthaate the [RSB]

[2] T: Aur wo har takbeer ke saath, jo wo ruku se pehle karte hain, apne haath uthaate hain, yahan tak ke unki namaz mukammal ho jaae [RSB]

behtareen radd kiya hai, jise Maktaba as-Sunnah ne shaaya kiya hai.

Tambeeh 2: Janab Abu Hafs bin Usman bin Muhammad al Usmani ad-Daajli ne arbi mein ek risaala 'فضل الودود في تحقيق رفع اليدين للسجود' likha hai, jis mein sajdo'n mein raful yadain ke isbaat ki koshish ki hai. Us risaale ki buniyadi riwayaat ka jawab is mazmoon mein aagaya hai.

وما علينا إلا البلاغ

Raful Yadain Ka Hukm Aur Syedna Umar bin Khattab ﷺ

Namaz mein ruku se pehle aur baad waala raful yadain mutawaatir ahadees se saabit hai. (Qatf al Azhaar al Mutanaaserah Fil Akhbaar al Mutawaatira, H33; Nazm al Mutanaser Minal Hadees al Mutawaatir: H67; Laqt al Alaali al Mutanaasira Fil Ahadees al Mutawaatira: H62)

Sahaba Kiraam ﷺ masalan Ameer ul Momineen Syedna Abu Bakr, Ameer ul Momineen Syedna Umar aur Ameer ul Momineen Syedna Ali ﷺ waghairahuma se bhi saraahatan raful yadain saabit hai.

Balke Ameer ul Momineen fil-Hadees Imam Bukhari ﷺ farmate hain:

ولم يثبت عن أحد من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم إنه لا يرفع يديه.

Aur kisi ek Sahabi se bhi raful yadain na karna saabit nahi. (Juz Raful Yadain: P76)

Is mukhtasar mazmoon mein Ameer ul Momineen Syedna Umar bin Khattab ﷺ ki hadees ma' tehqeeq e sanad pesh ki jaati hai. Jisse saabit hota hai ke qaulan o fe'lan dono tarah raful yadain karna saabit hai. *Walhamdulillah*

Abdullah bin al Qaasim farmate hain:

بينما الناس يصلون في مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم إذخرج عليهم عمر بن الخطاب رضي الله عنه فقال اقبلوا عليّ بوجهكم أصلي بكم صلوٰة رسول الله صلى الله عليه وسلم التيكان يصلي ويأمر بها فقام

Log Rasool Allah ﷺ ki masjid mein namaz padh rahe the ke (achanak) unke paas Umar bin Khattab ﷺ tashreef laae aur farmaya: "Logo! Apne chehre meri taraf karo, main tumhe'n Rasool Allah ﷺ ki namaz padh kar dikhata hu'n, jo aap padhte

the aur jiska hukm dete the. Pas aap qibla ki taraf mu'n karke khade ho gae aur apne kandho'n tak raful yadain kiya aur Allahu Akbar kaha. Phir aapne apni nazar jhukaali, phir aapne raful yadain kiya, hatta ke aapke dono haath kandho'n ke baraabar ho gae, phir aapne takbeer kahi, phir ruku kiya aur isi tarah (raful yadain) kiya. Jab aap ruku se khade hue…. Aapne (namaz ke baad) logo'n se kaha ke Rasool Allah ﷺ hame'n isi tarah namaz padhaate the.

مستقبل القلبة ورفع يديه حتٰى حاذا بهما منكبيه و كبر ثم غض بصره ثم رفع يديه حتىٰ حاذا بهما منكبيه ثم كبر ثم ركع و كذالك حين رفع قال للقوم: هٰكذا كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي بنا.

(Nasbur Raaya: V1 P416; Musnad al Farooq laa Ibne Kaseer: V1 P165-166; Sharah Sunan Trimizi laa Ibne Syed un Naas: V2 P217 واللفظ له)

Ab is hadees ke raawiyo'n ka mukhtsar taaruf pesh e khidmat hai:

① Abdullah bin Al Qasim *Maula* Abu Bakr as-Siddiq:

Aap Abdullah bin Umar, Abdullah bin Abbas aur Abdullah bin Zubari رضی اللہ عنہم waghairahuma ke shaagird hain. Aapse Fuzail bin Gazwaan, Qarrah bin Khalid aur Abu Isa Sulaiman bin Keesaan al-Khorasaani ne riwayat ki hai. (At Tareekh al Kabeer: V5 P173; Al Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim: V5 P140-141)

Imam Bukhair aur Abu Haatim ar-Raazi ne is par koi jarh nahi ki. Haafiz ibne Hibban ne isey *siqa* kaha hai. (Kitab as Siqaat li-Ibne Hibban: V5 P46; Tehzeeb ul Kamaal: V10 P421; Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V5 P314; Khulaasa Tehzeeb-ut-Tehzeeb li-Al Kamaal al Khazraji: P210)

Zafar Ahmad Thanwi Deobandi farmate hain:

Aur isi tarah har wo raawi jise Bukhari ne apni taareekho'n mein zikr karke jarh nahi ki wo siqa hai. Kyounke aapki aadat hai ke jarh aur majrooheen ka zikr karte hain. Ye baat (Mujaddiduddin Abdus Salam bin Abdullah) Ibne Taimiya ne kahi hai.

وكذاكل من ذكره البخاري في تواريخه ولم يطهن فيه فهو ثقة، فإن عادته ذكر الجرح والمجروحين قاله ابن تيمية.

(Qawaaid Fee Uloom al Hadees: P223; Elaa as Sunan: V19)

Zafar Ahmad Thanwi Saahab ke ye qaul *majrooh* hai, taaham deobandiyo'n ko chaahiye ke wo is usool ko madde-nazar rakhte hue raawi e mazkoor ko *siqa* qaraar de'n. *Deedah Baaid!*

Ibne al-Qattaan Al Faasi ne Abdullah bin Al Qaasim mazkoor ko *majhool* kaha. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V5 P314)

Ye jarh kai wajah se mardood hai:

❶ Jab *tauseeq* saabit ho jaae to majhool o mastoor waghaira aqwaal khud ba-khud mardood ho jaate hain. Kitne hi aise raawi hain, jinhe'n Imam Abu Haatim waghaira ne *majhool* kaha hai. Jabke doosre mohaddiseen unhe'n *siqa* kehte hain aur amal unki *tauseeq* par hi hai. (Qawaaid fee Uloom al Hadees: P267)

❷ Ibnul Qattaan al-Faasi ka ek khaas usool hai ke wo aise raawiyo'n ko *majhool* keh dete hain jinki *tauseeq* ki saraahat unhe'n (uske muaasir se) nahi milti. Halaanke aise raawi sahihain mein bhi maujood hain. (Qawaaid ad Deobandiya Fee Usool al Hadees: P205)

❸ Usool e Hadees mein ye muqarar hai ke jisse 2 *siqa* raawi bayan kare'n wo *majhool ul aen* nahi hota, balke *tauseeq* na hone ki soorat mein *majhool ya mastoor* kehlaata hai. Aise shakhs ki riwayat Imam Abu Hanifa ke nazdeek *maqbool* hoti hai. (Qawaaid fee Uloom al Hadees: P204)

Ye qaul agarche *majrooh* hai, taaham un logo'n ko ghaur karna chaahiye jo 'أجلى الأعلام أن الفتوى مطلقاً على قول الإمام' jaisi kitabe'n likhte hain aur elaan karte hain: "*Lekin siwaae Imam aur kisi ke qaul se ham par hujjat qaaem karna baeed az-aql hai*". (Eezaah al Adillah: P276)

Wo baaz *siqa* raawiyo'n ko *mastoor ya majhool ul haal keh kar* kyou'n radd kar dete hain?

Un logo'n ke usool itne mutanaaqiz hain ke har saleem ul fitrat insaan maaloom hone ke baad haeraan hota hai ke un mein tatbeeq kis tarah de? Masalan: Zafar Ahmad Thanwi Saahab farmate hain:

إن رواية المستور من القرون الثلاثة مقبول عندنا معشر الحنفية.

Ham hanfiyo'n ke nazdeek quroon e salaasa ke mastoor ki riwayat maqbool (sahih o hujjat) hai. (Elaa as

Sunan: V3 P204)

Aur farmate hain:

Aur quroon e salaasa mein majhool hona hamare nazdeek muzir nahi hai. (Elaa as Sunan: V3 P1097)

الجهالة فى القرون الثلاثة لا يضر عندنا.

Jabke usi jild mein, yehi Thanwi Saahab farmate hain:

Isme ek aadmi (’رجل من آل الحارث‘ jo-ke Syedna Ibne Masood ﷺ ka shaagird tha) majhool hai, lihaaza usse hujjat pakadna Sahih nahi.

قلت ففيه رجل مجهول، فلا يحتج به.
(Elaa as Sunan: V3 P161)

إنا لله وإنا إليه راجعون.

Thanwi Saahab ki in mutaariz o mutanaaqiz policiyo’n ki wajah se ek arab mohaqqiq Shaikh Adaab Mahmood al Hamsh ne Elaa as Sunan ke baare mein likha hai:

Ye kitab apne 3 muqaddamo’n ke saath 21 jildo’n mein chapi hai aur us kitab mein museebate’n aur sharminda karne waali tabahiyaa’n hain. (Ruwaat al Hadees Allazeena Sakat Alaihim Aimmah al Jarh wa Taadeel: P27)

طبع هٰذا الكتاب مع مقدماته الثلاثة في واحد وعشرين جزءًا وفي هٰذا الكتاب بلايا وطامات مخجلة.

❹ Sunan Abu Dawood (H1514) aur Sunan Tirmizi (H3559) ki ek riwayat ’عن أبي نصيرة عن مولىٰ لأبي بكر عن أبي بكر‘ ki sanad se hai.

Uske baare mein Hafiz Ibne Kaseer farmate hain:

Ibne Madeeni aur Tirmizi ka ye qaul: Is hadees ki sanad qawi nahi hai, zaahiran Maula Abu Bakr ki jahaalat ki wajah se hai. Lekin aise shakhs ki jahaalat muzir nahi, kyounke wo bada taabai hai aur uske liye Abu Bakr se nisbat kaafi hai. Pas ye hadees Hasan hai. Wallahu Aalam.

وقول علي بن المديني والترمذي: ليس إسناد هٰذا الحديث بذاك، فالظاهرأنه لأجل جهالة مولىٰ أبي بكر ولكن جهالة مثله لا تضر لأنه نابعي كبير ويكفيه نسبته إلىٰ أبي بكر فهو حديث حسن والله أعلم.
(Tafseer Ibne Kaseer: V2 P106; V1 P416)

Agarche ye qaul majrooh hai, lekin maaloom hua ke Abdullah bin al Qasim, Haafiz ibne Kaseer ke nazdeek *Hasan ul Hadees* hai.

Haafiz Zeli ne kaha:

لكن جهالته لا نضرإذ تكفيه نسبته إلى الصديق.

Lekin uski jahaalat muzir nahi hai, kyounke uski siddiq se nisbat kaafi hai. (Ithaaf al Muttaqeen: V5 P59)

❺ Imam Abu Dawood ne Abdullah bin Al Qaasim ki ek hadees par sukoot kiya hai. (1793)

Munziri waghaira sukoot e Abu Dawood ki bina par hadees ko *hasan* qaraar dete hain. (Qawaaid at-Thanwi: P87)

Ye qaul bhi majrooh hai, taaham un logo'n par hujjat hai, jinke nazdeek sukoot e Abu Dawood *hasan* hone ki daleel hai.

Faaeda: Hamare Shaikh Ustad Haafiz Abdul Hameed Azhar *hafizahullah* ne sukoot e Abu Dawood par ek risaala likha hai, jis mein saabit kiya hai ke Imam Abu Dawood ka kisi riwayat par sukoon uske *hasan* hone ki daleel nahi hai.

Darj e baala bahes se maaloom hua ke Abdullah bin al Qaasim *hasan ul hadees* hai. Ye baat aqlan baeed hai ke Syedna Abu Bakr ﷺ ke aazaad-karda ghulam ki Syedna Umar ﷺ se mulaqaat saabit na ho, lihaaza muaasarat ki wajah se raajeh yehi hai ke ye sanad *muttasil* hai. Abdullah bin Qasim mazkoor ke baare mein Haafiz Mizzi likhte hain:

رأى عمر بن الخطاب.

Usne Umar bin Khattab ﷺ ko dekha hai. (Tehzeeb ul Kamaal: V10 P421)

② Abu Isa Sulaiman Bin Kisaan al-Khorasaani:

Unse ek jamat ne hadees bayan ki hai. Haafiz ibne Hibban aur Haafiz Zahbi ne use *siqa* kaha hai. (Al Kaashif: V3 P321) Lihaaza Ibnul Qattaan al-Faasi ka qaul "حاله مجهولة" *mardood* hai.

③ Haiwah bin Shuraih:

Sahih Bukhari o Sahih Muslim o Sunan e Arba ke raawi *siqa* hain. (Taqreeb-

ut-Tehzeeb: 1600)

④ Abdullah bin Wahab al-Qurashi:

Sahih Bukhari o Sahih Muslim o Sunan e Arba ke raawi *siqa hafiz aabid* hain. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 3694)

⑤ Hajjaaj bin Ibrahim al Azraq:

Is hadees ko Ibne Wahab se bayan kar rahe hain. 'كما نقله ابن سيد الناس' unse ek jamat ne riwayat ki hai aur Abu Haatim ar-Raazi ne *siqa* kaha hai. (Al Jarh wa Taadeel: V3 P154; Tareekh Baghdad: V8 P239)

Balke use Ibne Hibban aur Al-Ajali waghairahuma ne bhi *siqa* kaha hai. (As Siqaat: V8 P203)

Taqreeb-ut-Tehzeeb mein hai: 'ثقة فاضل'. (P1118)

⑥ Ahmad bin Al Hasan at-Tirmizi: 'الراوي عن حجاج بن إبراهيم' Sahih Bukhari ke raawi aur *siqa hafiz* hain. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 25)

⑦ Abu Bakr Muhammad bin Ishaq bin Khuzaima: 'الروي عن أحمد بن الحسن الترمذي' Sahih Ibne Khuzaima ke Musannif aur mashoor *siqa* imam balke *Shaikh ul Islam* hain. (Siyaar A'lam an-Nubala)

⑧ Abu Ahmad al-Hussain bin Ali bin Muhammad bin Yahya: 'حسينك الرواي عن ابن خزيمة' Khateeb ne kaha: 'كان ثقة حجة' (Tareekh Baghdad: V4 P74 ت 4154)

⑨ Abu Abdullah al Haafiz: 'الحاكم النيسابوري الراوي عن حسينك\ صاحب المستدرك على الصحيحين' mashoor *siqa o sadooq imam* hain.

⑩ Imam Bayhaqi Saahib al-Khilaafiyaat: 'الراوى عن الحاكم' Mashoor *siqa bil ittifaaq* Imam aur Sunan al Kubra waghaira ke musannif hain.

Is tehqeeq se maaloom hua ke ye sanad *hasan* hai.

Ameer ul Momineen Umar ﷺ se raful yadain ke isbaat ke saath iske mutaaddid shawaahid bhi maujood hain, masalan:

❶ Hadees al-Hakam

قال: رأيت طاؤساً يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع من الركوع رفعهما, فسألت بعض أصحابه فقال: أنه يحدثه عن ابن عمر عن عمر النبي صلى الله عليه وسلم.

(As Sunan al Kubra lil-Bayhaqi: V2 P74)

Kaha: Maine Taawoos ko dekha ke wo namaz shuru karte waqt, ruku karte waqt, aur jab ruku se sar uthaate, apne haath uthaate. Maine uske baaz saathiyo'n se poocha to unho'n ne kaha: Ye Ibne Umar ﷺ se hain, jo Nabi ﷺ se naql karte hain.

Ise Haakim ne mehfooz kaha hai. Yaha'n par 'بعض أصحابه' muzir nahi hai, kyounke Khateeb Baghdadi ne is hadees par ' من اجتزأ بالسماع النازل مع كون الذي حدث عنه موجوداً' ka baab bandh kar ye saabit kiya hai ke Hakam bin Utaiba ne ye hadees Taawoos ke saamne bayan ki hai. (Al Jaame La Khalaaq ar Raawi wa Adaab as Saame'e: V1 P116-118)

Choonke Tawoos ka inkaar e hadees saabit nahi, lihaaza ye riwayat Al Hakam an (عن) Tشawoos *muttasil* hai. Is par Saahib Al Imam ki jarh Sahih nahi hai.

❷ Hadees Khalf bin Ayyub al-Balakhi

عن مالك بن أنس عن الزهري عن سالم عن أبيه عن عمر.... ألخ.

... Maalik bin Anas ﷺ se, Zohri se, Saalim se, unke waalid se aur Umar se. (Nasbur Raaya: V1 P416)

Imam Daraqutni farmate hain ke Kahlf ki kisi ne mutaaba-at nahi ki. (Khalf mukhtalif fiya raawi hai. Abu Haatim ar Raazi kehte hain: Yaruwi anh Tehzeeb ul Kamaal: V5 P473)

Tambeeh: Is riwayat ki sanad *zaeef* hai.

❸ Hadees Rashid bin Saad

راشد بن سعد عن محمد بن سهم عن سعيد بن السيب قال: رأيت عمر بن الخطاب يرفع يديه حذو منكبيه إذا افتتح الصلاة وإذا ركع وإذا رفع رأسه

Rashid bin Saad ne Muhammad bin Sahm se, Muhammad bin Sahm ne Saeed bin As-Seeb se kaha: Maine Umar bin Khattab ﷺ ko dekha ke wo namaz shuru karte waqt, ruku karte waqt, aur jab ruku se sar uthaate

waqt apne haatho'n ko kandho'n ke baraabar uthaate hain aur is mein baaz log use kamzor samajhte hain.

من الركوع وفيه من يستضعف.
(Nasbur Raaya: V1 P417)

Muhammad bin Sahm ka tarjuma At-Tareekh al Kabeer lil-Bukhari aur Al Jarh wa Taadeel li-Ibne Abi Haatim mein mazkoor hai. Ibne Hibban ne ise si*qaat* mein zikar kiya. (V7 P425)

Rashid bin Saad *kaseer ul irsaal* hai. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 1854)

Aur agar isse muraad Rashdeen bin Saad hai to *zaeef* hai. (As above: 1942)

Iske deegar shawaahid bhi hain.

Ek riwayat mein aaya hai ke Umar bin Khattab ؓ pehli takbeer mein raful yadain karte, phir dobaara na karte. (At Tahawi wal Bayhaqi ba-hawaala Nasbur Raaya: V1 P405, ba-riwayat Ibrahim an (عن) al Aswad)

Iski sanad Ibrahim Nakhai ki *tadlees* ki wajah se *zaeef* hai aur isme doosri illate'n bhi hain.

Is mukhtasar tehqeeq se maaloom hua ke raful yadain qabl ar-ruku wa baad ka karna Rasool Allah ﷺ se saabit hai aur Syedna Umar ؓ se fe'lan bhi saabit hai aur qaulan bhi.

'كان يأمر بها' se hukm saabit hota hai aur uski taaeed is hadees se bhi hoti hai, jis mein Rasool Allah ﷺ ne Malik bin Huwairis ؓ ko hukm diya ke: 'صلو كما رأيتموني أصلي' (Bukhari: V1 P88, H631)

Aur Maalik bin Huwairis ؓ se hi saabit hai ke Rasool Allah ﷺ ne raful yadain karke namaz padhi hai. (Bukhari: V1 P102, H737; Muslim: 391)

Lihaaza Raful Yadain ka hukm saabit ho gaya.

Syedna Umar bin Khattab ؒ ki hadees e mazkoor se mutaddid masaail maaloom hota hain, Masalan:

❶ Shaagirdo'n ko taaleem ke liye ustaad khud unhe'n namaz padh kar sikhaae.

❷ Rasool Allah ﷺ raful yadain ka hukm dete the.

❸ Syedna Umar ﷺ itteba e sunnat aur tableegh e sunnat ke jazba e mubaraka se sar-shaar[1] the.

❹ Har namaz mein hasbe-istitaa-at qibla ki taraf mu'n karna zaroori hai.

❺ Kandho'n tak raful yadain karna sahih aur ghair mansookh hai.

❻ Raful Yadain ka mansookh hona saabit nahi, agar aisi koi baat hoti to logo'n mein se kisi shakhs ko to Ameer ul Momineen par eteraaz karna chaahiye tha, magar aisa qatan manqool nahi hai.

❼ Pehle raful yadain aur phir takbeer kehna Sahih hai. Isi tarah doosri ahadees ki roo se pehle takbeer aur baad mein raful yadain ya takbeer ma' raful yadain bhi Sahih hai.

❽ Namaz mein nazar jhuka kar rakhni chaahiye.

❾ 'ثم قام قدرما يقرأ بأم القرآن و سورة من المفصل' ke alfaaz se namaz mein Surah Faatiha ki mashrooiyat saabit hui hai.

❿ Ruku mein ghutno'n par hatheliya'n phaelaakar rakhna Sahih hai.

⓫ Taadeel e arkaan zaroori hai.

⓬ Sirf 3 tasbihaat, ruku aur sujood mein padhna Sahih hai.

⓭ Agar namaz sirf 2 rakate'n ho to doosri rakat ke aakhri mein tasshahud mein tawarrok karna Sahih o Masnoon hai.

ثم صلّى ركعة أخرىٰ مثلها ثم استوىٰ جالساً فنحى رجليه عن مقعدته وألزم مقعدته الأرض... إلخ

Namaz se khurooj ka tariqa salam (assalamualaikum) hai.

[1] T: Bharaa hua, jhalakta hua [Urdn]

Raful Yadain Ke Khilaaf Ek Nai Riwayat: Akhbaar ul Fuqaha wal Mohaddiseen 'أخبار الفقهاء والمحديثين'

Mas-ala raful yadain ke khilaaf ek nai riwayat akhaz ki gai hai, jisey kuch arsa se bahut zor o shor se tehreer o taqreer mein bayan kiya jaata hai. Haal hi mein "Tark e Raful Yadain" naami ek kitab chapee. Jis mein is riwayat ko *Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen* ke hawaale se likha gaya hai, lihaaza is riwayat ki bhi tehqeeq pesh e khidmat hai.

حدّثني عثمان بن محمد قال: قال لي عبيدالله بن يحيى: حدثني عثمان بن سوادة ابن عباد عن حفص بن ميسرة عن زيد بن أسلم عن عبدالله بن عمر قال: كنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بمكة نرفع أيدينا في بدء الصلاة وفي داخل الصلاة عندالركوع فلما هاجر النبي صلى الله عليه وسلم إلى المدينة ترك رفع اليدين في داخل الصلاة عند الركوع وثبت على رفع اليدين في بدء الصلاة.

(Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen: P214, ت378; Tark Raful Yadain: P491)

Mujhe Usman bin Muhammad ne bataya, unho'n ne kaha: Obaidullah bin Yahya ne mujh se kaha, Usman bin Sawaada bin Abbaad ne Hafs bin Maisarah se, Hafs bin Maisarah ne Zaid bin Aslam se, aur Zaid bin Aslam ne Abdullah bin Umar ﷺ se bayan kiya: Ham Nabi ﷺ ke saath Makkah mein the, ham namaz ke aaghaaz mein aur ruku ke waqt apne haath uthaate the, jab Nabi ﷺ madina hijrat kar gae to unho'n ne namaz ke andar ruku ke waqt haath uthaana chod diya, magar namaz ke aaghaaz mein haath uthaana bar-qaraar rakha.

Taarikeen e Raful Yadain ki pesh-karda riwayat ka lihaaz se mauzoo aur *baatil* hai.

Daleel 1:

Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen naami kitab ke shuru (Page5) mein us kitab ki koi sanad mazkoor nahi hai aur aakhri mein likha hua hai:

تم الكتاب والحمد لله حق حمده وصلى الله على محمد وآله وكان ذلك في سعبان

Kitab mukammal ho gai aur sab taareefe'n Allah ke liye hain, jaisa ke uski taareef ka haq hai aur

Muhammad ﷺ aap ki aal par durood ho. Aur ye (takmeel) Shaban 483h mein hui hai.

من عام 483 ه.

(Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen: P293)

Akhbaar al Fuqaha ke mazkoor musannif Muhammad bin Haaris al Qairwaani (d 361h) ki wafaat ke 122 saal baad is kitab Akhbaar al Fuqaha ki takmeel karne aur likhne waala kaun hai? Ye maaloom nahi, lihaaza is kitab ka Muhammad bin Haris al Qairwaani ki kitab hona saabit nahi hai.

Daleel 2:

Iske raawi Usman bin Muhammad ka taayyun saabit nahi hai. baghaer kisi daleel ke isse Usman bin Muhammad bin Ahmad bin Mudrik muraad lena ghalat hai. Is Ibne Mudrik se Muhammad bin Haaris alQairwaani ki mulaqaat ka koi suboot nahi hai.

Haafiz Zahbi likhte hain:

Usman bin Muhammad bin Khasheehs al-Qairwaani, Ibne Ghaanim Qazi Africa se karta hai, mera khayaal hai, ye kazzab tha.

عثمان بن محمد بن خشيش القيرواني عن ابن غانم قاضي إفريقية أظنه، كان كذاباً.

(Al Mughni Fee Az Zoaafa: V2 P50 ت 4059)

Usman bin Muhammad: Kazzaab Qairwaani hai aur Muhammad bin Haaris bhi Qairwaani hai, lihaaza zaahir yehi hota hai ke Usman bin Muhammad se yaha'n murad yehi kazzaab hai.

Yaad rahe ke Usman bin Muhammad bin Ahmad bin Mudrik ka *siqa* hona maaloom nahi hai. Muhammad bin al-Haris al-Qairwaani se mansoob kitab mein likha hua hai:

Khalid bin Saad ne kaha: Usman bin Muhammad talab e ilm par tawajjo dene waalo'n mein se hai, isne masaail padhane aur fazilat ke saath dastaweeze'n likhee'n. Wo apne mauzu (ilaaqe) ka mufti tha, 320h ko faut hua.

قال خالد بن سعد: عثمان بن محمد ممن عني بطلب العلم ودرس المسائل وعقد الوثائق مع فضله وكان مفتي أهل موضعه توفى 320.

(Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen: P216)

Is ibaarat mein *tauseeq* ka naam o nishaan nahi hai.

Ghulam Rasool Noori Barailwi ne is ibaarat ka tarjuma darj e zel likha hai: "*Janab Khalid bin Saad ne farmaya ke Usman bin Muhammad un mein se hai, jinho'n ne mujhse ilm haasil kiya hai aur masael ka dars liya hai aur ye pukhta aqd waale hain aur saahib e fazeelat hain aur apne mauzoo ke mufti the*". (Tark e Raful Yadain: P493)

Daleel 3:

Usman bin Sawaadah bin Abaad ke halaat Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen ke alaawa kisi kitab mein nahi mile. Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen mein likha hua hai:

قال عثمان بن محمد قال عبيدالله بن يحيى: كان عثمان بن سوادة ثقة مقبولاً عند القضاة والحكام....
(Surah)

Choonke Usman bin Muhammad Majrooh ya Majhool hai, lihaaza Obaidullah bin Yahya se ye tauseeq saabit nahi hai.

Natija: Usman bin Sawaadah *Majhool ul Haal* hai iski paedaaish aur wafaat bhi naa-maaloom hai.

Daleel 4:

Usman bin Sawaadah ki Hafs bin Maisarah se mulaqaat aur muaasarat saabit nahi hai. Hafs ki wafat 181h hai.

Daleel 5:

Muhammad bin Haaris ki kitabo'n mein Akhbaar al Qazaa-at wal Mohaddiseen ka naam to milta hai, magar Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen ka naam nahi milta. (Al Kamaal li-Ibne Makola: V3 P261; Al Insab lis-Sam-aani: V2 P372)

Hamare is daur ke muasireen mein se Umar Raza kahaala ne Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen ka zikr kiya hai. (Mojam al Muallifeen: V3 P204)

Is tarah muaasir Khairuddin Az Zarkali ne bhi is kitab ka zikr kiya hai. (Al A'laam: V6 P75)

Jadeed daur ke ye hawaale iski qatai daleel nahi hai ke ye kitab Muhammad bin Haaris ki hi hai. Qadeem ulama ne is kitab ka koi zikr nahi kiya.

Daleel 6:

Mukhalifeen raful yadain jis riwayat se daleel pakad rahe hain, uske shuru mein likha hua hai:

Aur wo raful yadain ke baare mein ek hadees sanad se bayan karta tha. Ye ghareeb hadeeso'n mein se hai aur main samajhta hu'n ke ye shaaz riwayato'n mein se hai.

وكان يحدث بحديث وراه مسنداً في رفع اليدين وهو من غرائب الحديث وأراه شواذها.

(Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen: P214)

Ye aam talib e ilmo'n ko bhi maaloom hai ke *shaaz* riwayat *zaeef* hoti hai.

Ghulam Musatafa Noori Saahab ne "*kamaal dayaanat*" se kaam lete hue "من شواذها" ki jarh ko chupaa liya hai.

In dalaael ka taalluq sanad ke saath hai, ab matan ka jaaeza pesh e khidmat hai.

Daleel 7:

Is riwayat ke matan mein hai ke Rasool Allah ﷺ ne Madina Munawwara ki taraf hijrat karne ke baad ruku wala raful yadain chod diya. Jabke *sahih* o *mustanad* ahadees se saabit hai ke Aap ﷺ Madina Munawwara mein raful yadain karte the.

Abu Qilaaba رحمہ اللہ se riwayat hai ke Malik bin Huwairis رضی اللہ عنہ jab namaz padhte to takbeer ke waqt raful yadain karte aur jab ruku karte to raful yadain karte aur jab ruku se sar uthaate to raful yadain karte aur farmate ke Rasool Allah ﷺ isi tarah karte the. Muslim: V1 P168, H391; Bukhari: V1 P109, H737)

Malik bin Huwairis al-Laithi رضی اللہ عنہ us waqt Rasool Allah ﷺ ke paas aae the jab Aap ﷺ (Madina Munawwara mein) ghazwa e tabuk ki taiyaari kar rahe the. (Fathul Baari: V2 P110, H628)

Waael bin Hujr al-Hadhrami رضی اللہ عنہ se riwayat hai ke unho'n ne Nabi ﷺ ko dekha Aap ﷺ shuru namaz, ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Muslim: V1 P173, H401)

Aeni Hanafi likhte hain:

وائل بن حجر أسلم فى المدينة في سنة تسع من الهجرة.

Aur Waael bin Hujr ؓ Madina mein 9 hijri ko muslamna hue the. (Umdatul Qaari: V5 P274)

9 hijri mein jo wufood Nabi ﷺ ke paas aae the, Haafiz Ibne Kaseer ad Dimishqi ne un mein Waael ؓ ki aamad ka zikr kiya hai. (Al Bidaaya wan Nihaaya: V5 P71)

Uske baad (agle saal 10 hijri) aap dobara aae the, us saal bhi aapne raful yadain ka hi mushaahada farmaya tha. (Sunan Abu Dawood: 727; Ibne Hibban: Al Ehsan: V3 P169, H1857)

Maaloom hua ke Aap ﷺ ne Madina Munawwara mein raful yadain nahi choda, balke Aap ﷺ Madina mein hi ruku se pehle aur baad waala raful yadain karte rahe. Isse maaloom hua ke Akhbaar al Fuqaha waali riwayat mauzoo hai.

Daleel 8:

Syedna Abu Huraira ؓ se riwayat hai ke Rasool Allah ﷺ shuru namaz, ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Ibne Khuzaima: V1 P344, H694-695 [Sanad Hasan])

Ye baad aam taalib e ilmo'n ko bhi maaloom hai ke Abu Huraira ؓ Aap ﷺ ke paas Madina Munawwara mein tashreef laae the, wo Aap ﷺ ke aakhri 4 saalo'n mein aapke saath rahe hain.

Syedna Abu Huraira ؓ Rasool Allah ﷺ ki wafat ke baad ruku se pehle aur ruku ke baad waala raful yadain karte the. (Juz Raful Yadain lil-Bukhari tehqiqi: P22)

Is riwayat e mazkoora mein Syedna Abu Huraira ؓ ke shaagird aur Imam Abu Hanifa ke ustad Ataa bin Abi Rabaah bhi ruku se pehle aur baad waala raful yadain karte the. (Juz Raful Yadain: P62 [sanad Hasan])

Maaloom hua ke Madina Munawwara mein ruku waala raful yadain matrook ya mansookh bilkul nahi hua tha. Lihaaza "A*khbaar al Fuqaha*" waali riwayat jhooti riwayat hai.

Daleel 9:

Mashoor taabai Naafe رحمه الله se riwayat hai ke Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه shuru namaz, ruku se pehle aur ruku ke baad aur 2 rakate'n padh kar uthte waqt (4 muqaamaat par) raful yadain karte the. (Bukhari: V2 P102, H739)

Ye ho hi nahi sakta ke Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه ki riwayat ke mutabiq raful yadain mansookh ho jaae aur phir Abdullah bin Umar رضي الله عنه ye raful yadain karte rahe'n. Aap رضي الله عنه to Rasool Allah صلى الله عليه وسلم ki ittiba mein sabse aage the.

Daleel 10:

Nafae farmate hain ke Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه jis shakhs ko dekhte ke ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain nahi karta to use kankariyan maarte the. (Juz Raful Yadain: P15 [sanad Sahih])

Imam Nawavi is riwayat ke baare mein likhte hain:

Naafe tak iski sanad Sahih hai. بإسناده الصحيح عن نافع.

(Al Majma' Sharah al Mohzab: V3 P405)

Ye kis tarah mumkin hai ke raful yadain ba-riwayat Ibne Umar رضي الله عنه mansookh ho jaae, phir uski *mansookhiyat* ke baad bhi Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه is na-maaloomo majhool jaahil ko maare'n jo raful yadain nahi karta tha. Imam Bukhari رحمه الله farmate hain: "*Kisi ek Sahabi se raful yadain ka na karna saabit nahi hai*". (Juz Raful Yadain: 40-76; Al Majma' lin-Nawavi: V3 P405)

Maaloom hua ke raful yadain na karne waala aadmi, Sahaba Kiraam رضي الله عنهم mein se nahi tha, balke koi majhool o na-maaloom shakhs hai.

Khulasa e Tehqeeq:

In daleel e saabiq se ye baat azhar-min-ash-shams hai ke Akhbaar al Fuqaha wal Mohaddiseen waali riwayat mauzoo aur baatil hai. Lihaaza Ghulam Mustafa Noori Barailwi Saahab ka use *Hadees e Sahih* kehna jhoot aur mardood hai. وماعلينا الالبلاغ

21st Moharram 1426

Raful Yadain Qabl ar-Ruku wa Baad: Ek Tehqeeqi Mazmoon

Takbeer e Tehrima mein raful yadain ke sunnat o (ba-lihaaz e lughat) mustahab hone par sab ka ittifaaq hai. Ruku se pehle aur ruku ke baad waala raful yadain darj e zail ahadees e sahiha se saabit hai:

① Abdullah bin Umar ﷺ se riwayat hai:

رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام فى الصلوة رفع يديه حتى تكونا حذو منكبيه، وكان يفعل ذلك حين يكبر للركوع ويفعل ذلك إذا رفع رأسه من الركوع و يقول: سمع الله لمن حمده ولا يفعل ذلك فى السجود.

(Bukhari: 736; Muslim: 390; Tarqeem Darussalam: 861-863)

Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha, aap jab namaz mein (takbeer e tehrima ke liye) khade houe to raful yadain kiya, hatta ke aapke dono haath kandho'n ke baraabar ho gae. Aap ruku ke liye takbeer kehte waqt aisa hi karte the aur jab ruku se sar uthaate to aisa hi karte the aur farmate 'سمع الله لمن حمده' aur Aap ﷺ sajdo'n mein (raful yadain) nahi karte the.

② Abu Qilaaba (mashoor taabai) رحمہ اللہ se riwayat hai ke:

أنه رأى مالك بن الحويرث إذا صلى كبر ثم رفع يديه وإذا أراد ان يركع رفع يديه وإذا رفع رأسه من الركوع رفع يديه وحدث أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يفعل هكذا.

(Muslim: 24/391; Bukhari: 737)

Unho'n ne Maalik bin Huwairis ﷺ ko dekha: Wo jab namaz padhte Takbeer (Allahu Akbar) kehte, phir raful yadain karte aur jab ruku ka iraada karte raful yadain karte aur jab ruku se sar uthaate (to) raful yadain karte aur hadees bayan karte the ke beshak Rasool Allah ﷺ aisa hi karte the.

③ Waael bin Hujr ﷺ se riwayat hai ke unho'n ne Nabi ﷺ ko dekha, Aap jab namaz mein daakhil hue, takbeer kahi aur raful yadain kiya (kaano'n tak) phir apna daaya'n haath baae'n par rakh aur kapda lapet liya. Phir jab ruku ka iraada kiya to kapde se haath bahar nikaal kar raful yadain

kiya, phir takbeer keh kar ruku kiya. Phir 'سمع الله لمن حمده' samiallahu liman hamida kaha (aur) raful yadain kiya. Phir jab sajda kiya to apni dono hatheliyo'n ke darmiyan sajda kiya. (Muslim: 54-401)

Abu Humaid as-Saadi ﷺ ki riwayat ka khulaasa ye hai ke Rasool Allah ﷺ shuru namaz, ruku se pehle, ruku ke baad aur 2 rakato'n se uth kar raful yadain karte the. Doosre Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ne is hadees ki tasdeeq farmai. (Abu Dawood: 730 [Sanad Sahih])

Neez darj e zel Sahaba Kiraam رضي الله عنهم se bhi saabit hai ke Rasool Allah ﷺ ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the.

④ Ali bin Abi Talib رضي الله عنه. (Juz Raful Yadain lil Bukhari Bi-tehqiqi: (1) Sanad Hasan; Abu Dawood: 744-761; Tirmizi: 3423 wa qaal: Haaza Hadees Hasan Sahih; Ibne Majah: 864; Sahih Ibne Khuzaima: 584; Ahmad bin Hambal [Nasbur Raaya: V1 P412])

Iska raawi Abdur Rahman bin Abi Az Zanaad: *Hasan ul Hadees* hai. (Siyaar A'lam an-Nubala: V8 P168-170)

⑤ Abu Huraira رضي الله عنه. (Ibne Khuzaima: 694-695 [Sanad Hasan])

⑥ Abu Musa al-Ashari رضي الله عنه. (Daraqutni: V1 P292, H1111 [sanad Hasan])

⑦ Abu Bakr Siddiq رضي الله عنه. (Al Bayhaqi Fis Sunan al Kubra: V2 P73 waqaal Raawi Siqa hain [Sanad Sahih])

⑧ Jaabir bin Abdullah al Ansari رضي الله عنه. (Musnad as Siraj (qalmi & printed): P52, H92 (Sanad Hasan); Ibne Majah: 868 Abu az Zubair al Makkine samaa' ki tasreeh kardi hai aur Abu Huzaifa hasan ul hadees raawi hai)

⑨ Abu Qataada رضي الله عنه. (Abu Dawood: 730 [Sanad Sahih])

Maaloom hua ke ruku se pehle aur baad mein raful yadain waali riwayat mutawaatir hai. Dekhiye Nazm al Muntanaasir fil-Hadees al Mutawaatir. Dekhiye P31-32.

Nabi e Kareem ﷺ ki wafaat ke baad, darj e zail Sahaba Kiraam رضي الله عنهم ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain par (baghaer kisi inkaar ke) amal paera the.

① Abdullah bin Umar رضي الله عنه. (Bukhari: 739 [Sanad Sahih], wa akhta min ala wa qaal al Baghwi: Haaza Hadees Sahih [Sharah as Sunnah: V3 P21])

② Malik bin al-Huwairis ؓ. (Bukhari: 873; Muslim: 391)

③ Abu Musa al-Ashari ؓ. (Daraqutni: V1 P292, H1111 [Sanad Sahih])

④ Abu Bakr Siddiq ؓ. (Al Bayhaqi: V2 P73 [Sanad Sahih])

⑤ Abdullah bin az-Zubair ؓ. (Bayhaqi: V2 P73 kaha raawi siqa hain [Sanad Sahih])

⑥ Abdullah bin Abbas ؓ. (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P69, H2523; Musannaf Ibne Abi Shaiba: 235 [sanad Hasan])

⑦ Anas bin Maalik ؓ. (Juz Raful Yadain: 20 [Sanad Sahih])

⑧ Jaabir ؓ. (Musnad as Siraj (qalmi): P25 [sanad Hasan])

⑨ Abu Huraira ؓ. (Juz Raful Yadain: 22 [Sanad Sahih])

⑩ Umar bin al-Khattab ؓ. (Al Khilaafiyaat lil Bayhaqi, ba-hawaala Sharaha at-Tirmizi li-Ibne Syed un Naas (qalmi) V2 P217 [sanad Hasan])

Mashoor taabai, Imam Saeed bin Jubair ؒ farmate hain ke: "*Rasool Allah ﷺ ke Sahaba Kiraam ؓ shuru namaz mein, ruku ke waqt aur ruku se sar uthaane ke baad raful yadain karte the*". (Sunan al Kubra lil Bayhaqi: V2 P75 [Sanad Sahih])

Sahaba Kiraam ؓ ke un aasaar ke muqable mein kisi Sahabi se ba-sanad Sahih o Hasan Tark e Raful Yadain qabl ar-ruku wa baad saabit nahi hai.

Ameer ul Momineen fil-Hadees Imam Bukhari ؒ farmate hain: "*Kisi ek Sahabi se bhi raful yadain kaa na karna saabit nahi hai*". (Juz Raful Yadain: 77; Al Majma' Sharah al Mohzab lin-Nawavi: V3 P405)

Lihaaza maaloom hua ke Raful Yadain ke amal par Sahaba Kiraam ؓ ka ijma hai. Agar raful yadain matrook ya mansookh hota to Sahaba Kiraam ؓ bil-ittifaaq uspar amal na karte. Unka ittifaaq o ijma ye saabit kar raha hai ke tark e raful yadain ya mansookhiyat ka daawa, sire se hi baatil hai. Mukhalifeen e raful yadain ke shubhaat ka mudallal radd aage aaraha hai. In sha Allah.

Uqba bin Aamir ؓ farmate hain ke: "*Namaz mein aadmi jo (masnoon) ishaara karta hai to use har ishaare ke badle (har ungli par) ek neki ya darja milta hai*". (Mojam ul Kabeer lit-Tabrani: V17 P297, H819 [sanad Hasan])

Ye asar hukman *marfoo* hai aur *marfooan* bhi marwi hai, dekhiye (Silsila Ahadees as Sahiha: V7 P848, H3286; Umoom Quran: Surah al Anam: 161 bhi iska muaiyyid hai) Imam Ishaq bin Rahwiya mohaddis *faqeeh* mashoor ne is asar se ye saabit kiya hai ke ruku se pehle aur baad waale raful yadain par har ishare ke badle 10 nekiya'n milti hain. (Maarifa as Sunan wal Aasaar lil-Bayhaqi (qalmi): V1 P225 [Sanad Sahih]) Imam Ahle Sunnat Ahmad bin Hambal رحمه الله bhi is asar se *Raful Yadain fis Salah*" par istidlaal karte hain. (Masaail Ahmad Riwaya Abdullah bin Ahmad: V1 P237; At Talkhees al Habeer: V1 P220)

Mukhalifeen e Raful Yadain Ke Shubaat Ka Mudallal Rad

Ab Mukhalifeen e Raful Yadain, Taarikeen aur Muddaiyaan e Naskh ke shubhaat ka mukhtasar aur jaame jaaeza pesh e khidmat hai:

① Abdullah bin Masood رضي الله عنه se riwayat hai ke unho'n ne farmaya: "*Kya main tumhe'n Rasool Allah ﷺ ki namaz na padhaau'n?*" Phir unho'n ne namaz padhi aur raful yadain nahi kiya, magar sirf pehli dafa. (Abu Dawood: 748)

من طرق سفيان (الثوري) عن عاصم بن كليب عن عبدالرحمان بن الأسود عن علقمة عن عبدالله بن مسعود به قال: هٰذا حديث مختصر من حديث طويل وليس هو بصحيح على هٰذا اللفظ.[1] وقال: حديث حسن.

Tirmizi: 257; Nasai: 1027,1059 (ye riwayat ba-lihaaz e sanad Zaeef hai)

Is riwayat ki sanad mein ek raawi Imam Sufyaan bin Saeed as-Soori رحمه الله hain, jo ke *mudallis* hain aur riwayat an (عن) se kar rahe hain. Lihaaza usool e hadees ki roo se ye sanad *zaeef* hai.

Sufyaan Soori ke shaagird Abu Aasim (az-Zahack bin Muhklad an-Nabeel) ek riwayat ke baare mein farmate hain ke:

نرى أن سفيان الثوري إنما دلسه عن أبي حنيفة.

Ham ye samajhte hain ke beshak Sufyaan Soori ne is riwayat mein Abu Hanifa se tadlees ki hai. (Daraqutni: V3 P201, H3423 [Sanad Sahih])

Haafiz ibne Hibban al-Basti farmate hain:

[1] T: Ye Sufyaan Soori ki mukhtalif riwayaat se hai. Aasim bin Kaleeb, Abdur Rahman bin al-Aswad, Aqlama, aur Abdullah bin Masood رضي الله عنه ke zariye. Unho'n ne kaha: Ye ek taweel hadees ka mukhtasar hissa hai aur ye lafz ke etebaar se sahih nahi hai. [RSB]

وأما المدلسون الذين هم ثقات وعدول فإنا لا نحتج بأخبارهم إلا ما بينوا السماع فيما رووا مثل الثوري و الأعمش و أبي إسحاق وأضرابهم....

Aur mudallis jo siqa o aadil hain, jaise (Sufyaan) Soori, Amash aur Abu Ishaq (al-Sabee) waghairahum to ham unki (bayan-karda) ahadees se hujjat nahi pakadte. Illa ye ke unho'n ne samaa' ki tasreeh ki ho. (Al Ehsan: Muassassah ar Risaalah edition: V1 P161 qabl H1)

Qastalaani, Aeni aur Kirmani farmate hain: "*Sufyaan (soori) Mudallis hain aur mudallis ki* an (عن) *waali riwayat hujjat nahi hoti. Illa ye ke doosri sanad se (is riwayat mein) samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Irshad as Saari Sharah Sahih Bukhari lil-Qastalaani: V1 P286; Umdatul Qaari lil-Aeni: V3 P112; Sharah al Kirmani: V3 P62)

Ibne Turkamani Hanafi ne kaha:

الثوري مدلس وقد عنعن.
(Al Jauhar an Naqee: V8 P362)

Soori mudallis hain aur unho'n ne ye riwayat an (عن) se bayan ki hai.

Tafseel ke liye dekhiye mera risaala 'التأسيس في مسألة التدليس' Al Tasees Fee Mas-ala at-Tadlees. (P20-23)

Tambeeh 1:

Sufyaan Soori ki is mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ki na koi mutaaba-at saabit hai aur na ko shaahid, Daraqutni ki Al Ilal mein mutaaba-at waala hawaala *besanad* hone ki wajah se *mardood* hai.

Tambeeh 2:

Imama Ibn al-Mubarak, Ash Shafai, Abu Dawood aur Daraqutni waghairahuma, jamhoor mohaddiseen ne is riwayat ko ghair saabit shuda aur *zaeef qaraar* diya hai.

② Yazid bin Abi Ziyaad al-Kufi ne Abdur Rahman bin Abi Laila (*siqa taabai*) se riwayat ki hai ke: "*Baraa bin Aazib ﷺ ne farmaya: Beshak Rasool Allah ﷺ jab namaz shuru karte to kano'n tak raful yadain karte the (aur) phir dobaara (raful yadain) nahi karte the*". (Abu Dawood: 752 kaha هٰذاالحديث ليس بصحيح)

Ye riwayat Yazid bin Abi Ziyaad ki wajah se *zaeef* hai. Yazid ko jamhoor

mohaddiseen ne *zaeef* qaraar diya hai. Yazid bin Abi Ziyaad ki mutaaba-at mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila ki ek riwayat pesh ki jaati hai. (Abu Dawood: 749 (sanad Zaeef) Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila ne ye riwayat Yazid bin Abi Ziyad se li hai. (Al Ilal li-Ahmad bin Hambal: V1 P143, # 693; Maarifa as Sunan wal Aasaar lil-Bayhaqi: V1 P219 (makhtoot) Lihaaza ye mutaaba-at mardood hai)

Is riwayat mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila jamhoor mohaddiseen ke nazdeek *zaeef* hai. (Faiz ul Baari li-Anwar Shah Kashmiri Deobandi: V3 P168)

③ Baatil sanad ke saath Abdullah bin Masood ﷺ se marwi hai ke unho'n ne farmaya: "*Maine Nabi ﷺ, Abu Bakr aur Umar ﷺ ke saath namaz padhi hai. Wo shuru namaz mein takbeer e tehrima ke siwa haath nahi uthaate the*". (Daraqutni: V1 P295, H1120 وقال: تفرد به محمد بن جابر وكان ضعيفاً'[1])

Iska raawi Muhammad bin Jaabir jamhoor mohaddiseen ke nazdeek *zaeef* hai. (Majma' az Zawaaid: V5 P191)

Imam Ahmad bin Hambal ne Muhammad bin Jaabir ki is riwayat ke baare mein farmaya ke ye hadees *munkar* hai. (Al Ilal: V1 P5144 # 701)

Haakim Nishapuri ne kaha: (Maarifa as Sunan wal Aasaar lil-Bayhaqi: V1 P220) 'هٰذا إسناد ضعيف' [2]

Is riwayat mein doosri illat ye hai ke Hammad bin Abi Sulaiman *mukhlat* hai. (Majma' az Zawaaid: V1 P119,120)

وقال: ولا يقبل من حديث حماد بن أبي سليمان إلا ما رواه عنه القدماء: شعبة و سفيان الثوري والدستوائ ومن عدا هؤلاء رووا عنه بعد الإختلاط

(Hammad bin Abi Sulaiman ki sirf wohi hadees maqbool hai, jisey Sho'oba, Soori aur (hisham) ad Dastawaai ne bayan kiya hai. Unke alaawa sab logo'n ne Hammad ke ikhtelaat ke baad bayan ki hai)

④ Baaz log Habib ur Rahman Azmi Deobandi ki tehqeeq se shae shuda Musnad Humaidi se ek riwayat 'فلا يرفع' (h614) pesh karte hain, halaanke Musnad Humaidi ke 2 qadeem nuskho'n mur Hussain Saleem Asad Durrani (Ash-Shaami) ki tehqeeq se shaaya-shuda Musnad Humaidi mein 'فلا يرفع' ke alfaaz nahi hain, balke raful yadain ka isbaat hai. (Matbooa Dar as Suqa, Dimishq, Dayaar: V1 P515, H626)

[1] T: Aur farmaya: Muhammad bin Jaabir ne ise akele naql kiya aur wo zaeef hai [RSB]

[2] T: Iski isnaad kamzor hain [RSB]

Hussain Durrani ke nuskhe mein hadees e mazkoor ki sanad o matan pesh e khidmat hai:

حدثنا الحميدى قال: حدثنا سفيان قال: حدثنا الزهري قال: أخبرني سالم بن عبد الله عن أبيه قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا افتتح الصلوٰة رفع يديه حذومنكبيه وإذا أراد أن يركع و بعد ما يرفع رأسه من الركوع ولا يرفع بين السجدتين.
(Surah)

Hame'n Humaidi ne bataya, unho'n ne Sufyaan se, Sufyaan ne Zohri se. Zohri ne kaha Saalim bin Abdullah ne apne waalid se naql kiya ke maine Rasool Allah ﷺ ko dekha ke jab wo namaz shuru karte to apne haatho'n ko kandho'n ke baraabar uthaate aur jab wo ruku karne lagte ya ruku se sar uthaate to haath uthaate, magar sajdo'n ke darmiyaan haath nahi uthaate the.

Abu Nayeem al-Asbahaani ne Al Mustakhraj Alaa Sahih Muslim mein ye riwayat Humaidi ki sanad se isi sanad o matan ke saath naql ki hai. (V2 P12, H856)

⑤ Baaz log Musnad Abi Awaana ki ek riwayat pesh karte hain, jis mein 'لا يرفعهما' se pehle 'و' gir gai hai. Halaanke Musnad Abi Awaana ke 2 qalmi nuskho'n mein ye 'و' maujood hai. Jisse raful yadain ka isbaat hota hai, nafi nahi hoti.

⑥ Baaz log aisi riwayaat pesh karte hain, jin mein tark e raful yadain ka zikr nahi hota, masalan Al Mudawwana al-Kubra (V1 P71) ki riwayat waghaira. Halaanke ek riwayat mein zikr maujood hone ke baad doosri riwayat mein adm e zikr se nafi e zikr laazim nahi aata. (Al Jauhar un-Naqi li-Ibne Turkamani al Hanafi: V4 P317; Ad Daraaya Ma' al Hidaaya: V1 P177)

Doosre ye ke Al Mudawwana al-Kubra ghair saabit aur ghair mustanad kitab hai. (Dekhiye meri kitab Al Qaul Al Mateen Fil Jahar bit Tameen: P73)

⑦ Baaz log Syedna Jaabir bin Samrah رضي الله عنه ki riwayat pesh karte hain ke Rasool Allah ﷺ hamare pash tashreef laae aur farmaya: "*Kya hai ke main tumhe'n haath uthaate hue is tarah dekhta hu'n, jaise shareer ghodo'n ki dume'n hoti hain, namaz mein sukoon ikhtiyaar karo*". (Muslim: 430; wa Tarqeem Darussalam: 968)

Ye riwayat Musanad Ahmad (V5 P93, H21166) mein 'وهم قعود' (aur wo baethe hue the) ke alfaaz ke saath mukhtasaran maujood hai. Jisse saabit hua ke ye riwayat qiyaam waale raful yadain ke khilaaf nahi hai. Balke is mein qaaide (tasshahud) waali haalat baethne mein haath uthaane se mana kiya gaya hai. Jaisa ke Shia hazrat karte hain. Jiska mushaahada aaj bhi kiya ja sakta hai. Shia ke radd waali hadees ko Ahle Sunnat ke raful yadain ke khilaaf pesh karna zulm e azeem hai.

Isi liye Imam Bukhari ﷺ ne is hadees se istidlaal karne waale ko 'لا يعلم' (be-ilm) qaraar diya hai. (Juz Raful Yadain Tehqeeqi: 37)

Imam Nawavi is istidlaal ko badd-tareen jahaalat kehte hain. (Al Majma' Sharah al Mohzab: V4 P403)

Mehmood Hasan Deobandi "Aseer e Maalta" farmate hain ke: "*Baaqi aznaab al Khail ki riwayat se jawab dena baroo-e-insaaf durust nahi. Kyounke wo salam ke baare mein hai Sahaba farmate hain ke ham ba-waqt e salam namaz mein ishaara bil yadd bhi karte the, Aap ﷺ ne usko mana farma diya*". (Al Ward ash Shazee Alaa Jaame Tirmizi: P63; Taqareer Shaikh ul Hind: P65)

Muhammad Taqi Usmani Deobandi farmate hain ke: "*Lekin insaaf ki baat ye hai ke is hadees se hanafiyya ka istidlaal mushtaba aur kamzor hai*". (Dars e Tirmizi: V2 P36)

Maaloom hua ke raful yadain qabl ar-ruku wa baad ke khilaaf ek riwayat bhi saabit nahi hai.

Masla e Raful Yadain Aur Tahir ul Qadri Sahab

الحمد لله رب العالمين و الصلوٰة و السلام علىٰ رسوله الأمين, أما بعد:

PHD waale Dr. Muhammad Tahir ul Qadri Saahab ne (Al Minhaaj us Sawi Minal Hadees an-Nabawi) 'المنهاج السوي من الحديث النبوي' ke naam se ek kitab likhi hai. Jis mein *Barailwi Maslak* ko saabit karne ki poori koshish ki hai. Us kitab ke safha 223 par unho'n ne "*Takbeer e Oola Ke Alaawa Namaz Mein Raful Yadain Na Karne Ka Bayan*" ka unwan muqarrar karke raful yadain ke khilaaf 14 riwayaat ma' hawaala pesh ki hain. (P223-229)

Is mazmoon mein in riwayaat par tabsara o tehqeeq pesh e khidmat hai:

Tambeeh: Arbi ibaraat aur bahut si takhribaat ko ikhtisaar ki wajah se hazaf kar diya gaya hai. Sirf riwayat number 12/259 ko ma' arabi ibaarat naql kiya gaya hai.

Tahir ul Qadri Saahab Ke Dalaael

Pehli Daleel (V1 P248)

Hazrat Imran bin Hussain ﷺ ne farmaya: "*Unho'n ne Hazrat Ali ﷺ ke saath Basra mein namaz padhi to unho'n ne hame'n wo namaz yaad karwaadi jo ham Rasool Allah ﷺ ke saath padha karte the. Unho'n ne bataaya ke Aap ﷺ jab bhi uthte aur jhukte to takbeer kaha karte the*". (Bukhari: V1 P271, H851; Al Minhaj as Sawee: P223)

Tabsara:

Hamare nuskhe mein is riwayat ka number 784 hai. Is hadees mein raful yadain karne ya na karne ka koi zikr nahi. Balke sirf yehi masla mazkoor hai ke Rasool Allah ﷺ (sajdo'n se) uthte aur jhukte waqt takbeer kaha karte the. Tamaam Ahle Hadees ka is mas-ale par amal hai. *Walhamdulillah*

Is riwayat mein pehle raful yadain ka bhi koi zikr nahi hai. Usool mein ye masla muqarrar hai ke ek riwayat mein zikr ho aur doosri mein zikr na ho to adm e zikr nafi e zikr ki daleel nahi hota.

Ibne Turkamani (hanafi) likhte hain ke:

Aur jo shakhs zikr na kare uski baat us par hujjat nahi hai, jo zikr kare.

ومن لم يذكر الشيء ليس بحجة علىٰ من ذكره. (Al Jauhar an Naqee: V4 P317)

Ahmad Raza Khan Barailwi likhte hain ke: "*Aur agaahi rakhne waale, agaahi na rakhne waalo'n ki ba-nisbat faislakun hote hain*". *Wallahu Aalam*. (Fataawa Rizwiya: V5 P208 [Raza Foundation, Jaamea Nizamiya Rizwiya, Lahore])

Jis tarah is riwayat ko tabkeer e oola waale raful yadain ke khilaaf pesh karna ghalat hai, usi tarah isey ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ke khilaaf pesh karna bhi ghalat hai. Neez dekhiye, teesri daleel ma' tabsara. (V3 P250)

Doosri Daleel (V2 P249):

Hazrat Abu Salama se riwayat hai ke Hazrat Abu Huraira ﷺ unhe'n namaz padhaaya karte the, wo jab bhi jhukte aur uthte to takbeer kehte. Jab aap namaz se faarigh hue to farmaya: "*Tum Mein se meri namaz Rasool Allah ﷺ se ziyada mushabahat rakhti hai*". (Bukhari: V1 P272, H752; Muslim: V1 P293, H392; Al Minhaj as Sawee: P223)

Tabsara:

Ye riwayat Sahih Bukhari waale hamare nuskhe mein # 785 par hai. Muslim ke Darussalam waale nuskhe mein iska number 867 hai.

Is riwayat mein bhi raful yadain ke na karne ka koi zikr nahi hai, balke (sajdo'n mein) jhukte aur uthte waqt takbeer kehne ka zikr hai. Lihaaza is riwayat ko bhi raful yadain ke khilaaf pesh karna ghalat hai.

Faaeda: Ataa (bin Abi Rabaah) farmate hain ke maine Abu Huraira ﷺ ke saath namaz padhi. Aap (namaz ke liye) takbeer kehte waqt, aur ruku karte waqt (aur ruku se uthete waqt) raful yadain karte the. (Juz Raful Yadain lil-Bukhari tehqeeqi: 22 [Sanad Sahih])

Teesri Daleel (V3 P250):

Hazrat Mutrif bin Abdullah riwayat karte hain: Main aur Hazrat Imran bin Hussain ne Hazrat Ali bin Abi Taalib ﷺ ke peeche namaz padhi, jab

unho'n ne sajda kiya to takbeer kahi, jab sar uthaaya to takbeer kahi aur jab 2 rakato'n se uthe to takbeer kahi. Jab namaz mukammal ho gai to Hazrat Imran bin Hussain ﷺ ne mera haath pakadkar farmaya: "*Unho'n ne mujhe Muhammad Mustafa ﷺ ki namaz yaad karaadi hai*. (Ya farmaya:) Unho'n ne mujhe Muhammad Mustafa ﷺ ki namaz jaisi namaz padhai hai". (Bukhari: V1 P272, H753; Muslim: V1 P295, H393; Al Minhaj as Sawee: P224)

Tabsara:

Qaraeen-e-Kiraam! Anwar Khurshid Saahab ke pesh-karda aasaar-e-tabaeen mein sirf 3 asar (Ibraheem Nakhai, Aamer ash-Saabi aur Abu Ishaq) ba-lihaaz-e-sanad *sahih* hain. Baaqi tamaam aasaar usool-e-mohaddiseen ki raushni mein *zaeef-o-naa-qaabil-e-hujjat* hain. Ye teeno aasaar bhi adm-e-raful yadain qabl ar-ruku wa baad par *nas-e-sareeh* nahi hain. Hanafi-o-Barailwi-o-Deobandi hazraat witr aur eidain mein raful yadain karte hain. Joke in dono’n aasaar ke (bazaahir) khilaaf hai. Agar wo ye kahe’n ke witr aur eidain ki takhsees deegar dalaael se saabit hai to muaddabaana arz hai ke ruku se pehle aur baad waale raful yadain ki takhsees mutawaatir ahadees se saabit hai.

Lihaaza Ahle-Hadees ke khilaaf in dono’n aasaar se istidlaal karna *sahih* nahi hai.

Doosre ye ke jab Nabi ﷺ aur Saahaba Kiraam رضی اللہ عنہم se raful yadain karna *sahih* ahadees se saabit hai to kaun aesa momin hai jo neeche utar kar ek-aadh taabai ke amal ko dekhega.

Anwar Khurshid Saahab aur unki company ki tasalli ke liye chand taabaeen ki *sahih* riwayaat pesh-e-khidmat hain, joke raful yadain ke qaail-o-faail the:

① Muhammad (Ibne Sireen رحمہ اللہ). (Ruku se pehle waala aur baad waala raful yadain karte the. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235 [Sanad Sahih]) ② Abu Qilaaba Basri. (As above [Sanad Sahih]) ③ Wahb bin Munabba. (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P69, H2524 [Sanad Sahih]; At Tamheed: V9 P228l Abdur Razzaq sarah bis samaa indahu) ④ Saalim bin Abdullah al-Madani. (Juz Raful yadain lil Bukhari: P136, H62 [sanad Hasan]) ⑤ Al Qaasim bin Muhammad al-Madani. (As above: 62 [sanad Hasan]) ⑥ Ataa bin Abi Rabah al-Makki. (As above: 62 [sanad Hasan]) ⑦ Makhool ash-Shaami. (As above: 62 [sanad Hasan]) ⑧ Noman bin Abi Ayaash. (Juz Raful

[1] T: Imam Suyuti ne apni kitab Asma-al-Mudalliseen mein zikr kiya hai [RSB]
[2] T: aur Hajjaaj bin Irtaat zaeef hai [RSB]

Yadain: P135, H59 [sanad Hasan]) ⑨ Taawoos. (Sunan al Kubra lil Bayhaqi: V2 P75 [Sanad Sahih]) ⑩ Saeed bin Jubair. (As Above: 75 [Sanad Sahih]) ⑪ Qasim bin Makheemra. (Ruku ke waqt raful yadain ke qaael the. (Juz Raful yadain: 60 [Sanad Sahih]) ⑫ Al Hasan al-Basri. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235, H2435 [Sanad Sahih])

Tark-e-Raful Yadain Aur Ulama

Aakhir mein Anwar Khurshid Saahab ne chand ulama ke hawaale pesh kiye hain, jin se tark-e-raful yadain marwi hai.

① Sufyaan Soori. ② Ishaq bin Abi Israel. ③ Imam Abu Hanifa. ④ Imam Maalik. ⑤ Imam Nawavi. ⑥ Ahle-Madina. ⑦ Ahle-Kufa. ⑧ Ijma-e-Fuqaha.

Halaanke in aqwaal mein se koi ek qaul bhi saabit nahi hai. Siwaae Ishaq bin Abi Israel ya Sufyaan Soori ke.

Qaul 1:


حضرت سفیان ثوری بھی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کے قائل تھے
قال الامام الترمذی " وھو قول سفیان و اھل الکوفۃ "
(ترمذی ج ۱ ص ۵۹)
امام ترمذی فرماتے ہیں کہ اور اسی کے (کہ صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کیا جائے پھر نہیں) قائل ہیں حضرت سفیان ثوری اور اہل کوفہ۔

Imam Tirmizi (joke Sufyaan Soori ki wafaat ke bahut baad paida hue) ne yaha'n sanad bayan nahi ki. Agar kitab Al Ilal ki ibaarat ko madde-nazar rakha jaae to Sufyaan Soori ﷺ ka ye qaul *marfoo* ahadees aur aasaar-e-Saahaba Kiraam ﷺ ke muqaable mein mardood hai.

Qaul 2:


محدث اسحٰق بن ابی اسرائیل بھی صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہی رفع یدین کے قائل تھے
وقال اسحٰق بہ ناخذ فی الصلوٰۃ کلھا
(دار قطنی ج ۱ ص ۲۹۵)
محدث اسحٰق بن ابی اسرائیل فرماتے ہیں کہ ہم بھی اسی کو (کہ رفع یدین ابتداء نماز میں تکبیر تحریمہ کے وقت ہی کیا جائے) اپناتے ہیں تمام نماز میں۔

Ishaq bin Abi Israel agarche *sadooq* raawi hai. Lekin musalmano ke bade imaamo'n mein se nahi hain. Imam Baghwi kehte hain: 'كان ثقة مامونا إلا أنه كان قليل العقل'[1] Imam Abu Zurah ne kaha: 'عندي أنه لا يكذب و حدث بحدث منكر'[2] Imam Ahmad ne kaha: 'واقفي مشئوم إلا أته صاحب حديث كيس'. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V1 P196)

Ek qaleel-ul-aql (kam-aqal) shakhs ka koi kaam karna ya na karna deen-e-islam mein kya wazan rakhta hai?

Qaul 3:

حضرت امام ابوحنیفہؒ کا مسلک

قال محمد السنة ان يكبر الرجل في صلوته كلما خفض وكلما رفع واذا انحط للسجود كبر واذا انحط للسجود الثاني كبر هكذا وفي رفع اليدين في الصلوة هكذا يرفع يديه حذو اذنيه في ابتداء الصلوة مرة واحدة ولا يرفع في شئ من الصلوة بعد ذالك وهذا كله قول ابي حنيفة

(موطا امام محمد ص)

حضرت امام محمدؒ فرماتے ہیں سنت یہ ہے کہ نمازی اپنی نماز میں ہر اٹھتے بیٹھتے تکبیر کہے جب پہلے سجدے میں جائے تو تکبیر کہے جب دوسرے سجدے میں جائے تو تکبیر کہے رہا رفع یدین تو وہ ابتداء نماز میں صرف ایک مرتبہ کانوں تک کرے اس کے بعد نماز میں کسی جگہ بھی رفع یدین نہ کرے اور یہ سب حضرت امام ابوحنیفہؒ کا قول ہے۔

Imam Abu Hanifa ka qaul ke raawi Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibani hai. Iske baare mein Imam Yahya bin Maeen ne apni taareekh (V2 tarjuma: 1770) kaha hai "ليس بشئ", balke unka ek doosra qaul ye hai ke "جهمي كذاب". (Kitab az Zuafa lil-Uqaili: V P52 [Sanad Sahih])

(Lihaaza aise shakhs ki naql ka mohaddiseen ke nazdeek kya muqaam ho sakta hai?) aur agar us naql ko *sahih* bhi tasleem kiya jaae to bhi deobandiya ko mufeed nahi hai. Kyounke is mein witr aur eidain ki takhsees maujood nahi. Jab Imam Abu Hanifa…. ba-shart-e-sehat….. namaz mein kisi jagah bhi raful yadain na karne ke qaael-o-faael the to phir unka naam lene waale hazraat namaz-e-witr aur eidain mein raful yadain kyoun karte hain?

[1] T: Wo siqa aur maamoon the, lekin unki aql mein kuch kami thi [RSB]
[2] T: Mere nazdeek wo jhoot nahi, lekin usne ek munkar waaqia bayan kiya hai [RSB]

Qaul 4:


حضرت امام مالکؒ کا مسلک

(قال) وقال مالك لا اعرف رفع اليدين في شيئ من تكبير الصلوٰة لا في خفض ولا في رفع الا في افتتاح الصلوٰة

(المدونة الكبرىٰ ج ص)

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ میں نہیں جانتا رفع یدین کو نماز کی کسی بھی تکبیر میں نہ جھکتے ہوئے نہ اُٹھتے ہوئے سوائے اول نماز کے۔

Imam Maalik ka hawaala Muwatta se nahi, balke Sahnoon ki Kitab al Mudawwana al-Kubra (1/2 P268 (another edition) P71) se raful yadain ki mukhaalifat mein naql kiya gaya hai. Halaanke Muwatta Imam Maalik mein Imam Maalik raful yadain karne ki hadees laae hain. (Riwayat Abdur Rahman bin al-Qasim: P113, H59) Jab Imam Maalik ki apni kitab mein raful yadain ka suboot maujood hai to phir Sahnoon ke be-sanad hawaala ki kya zaroorat hai?

Sahnoon ki agarche bahut se imaamo'n ne taareef-o-tauseeq ki hai aur wo *sadooq* raawi hain, lekin Imam Abu Yaala al-Khaleeli farmte hain: yaane "*mohaddiseen-e-kiraam uske haafiza par khush nahi hue*". (Al Irshad: V1 P269, tahat: 112)

Tambeeh: Kitab al Mudawwana Sahnoon se ba-sanad-e-sahih saabit nahi hai.

Imam Maalik se darj-e-zel *siqa* raawiyo'n ne ruku se pehle aur baad waala raful yadain naql kiya hai:

① Ash-hab (اشهب). ② Waleed bin Muslim. ③ Saeed bin Abi Mariyam. ④ Abu Musab. ⑤ Ibne Abdul Hakam. ⑥ Ibne Wahb رحمہم اللہ. (Hawaalo'n ke liye dekhiye: Noor-ul-Aynayn: P174)

Balke Imam Ash-hab farmate hain ke Imam Maalik wafaat tak raful yadain karte rahe hain. (At Tamheed: V9 P222)

Imam Abul Abbas al Qurtubi رحمہ اللہ, Imam Khattabi aur Imam Baghwi ne tasreeh ki hai ke Imam Maalik ka aakhri amal raful yadain karna tha. (Tarh

at-Tathreeb: V1P254; Ma-aalim as-Sunan: V1 P193; Sharah as-Sunnah: V3 P23) Mazeed tafseel ke liye dekhiye. (Noor-ul-Aynyn: P173-174)

Qaul 5:


کسی بھی مقام پر رفع یدین کے واجب نہ ہونے پر اجماع

قال النووی " اجمعت الامة علی استحباب رفع الیدین عند تکبیرة الا واختلفوا فیما سواها ..... وا علی انه لا یجب شئی من الرفع"

(نووی شرح مسلم ج ۱ ص ۱۶۸)

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ اس بات پر اجماع ہے کہ تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کرنا مستحب ہے اس کے علاوہ ن اختلاف ہے .....اور اس پر بھی اجماع ہے کہ فع یدین کسی مقام پر بھی واجب نہیں۔

Imam Nawavi raful yadain ke qaael-o-faael hain. Lihaaza unka qaul deobandiya ko mufeed nahi. Doosre ye ke agar takbeer-e-tehrima ke waqt raful yadain koi shakhs jaan boojh kar chod de to is 'mustahab' ke tark par is shakhs par koi gunah hai ya nahi? Chaliye *bismillah* keejiye. Takbeer-e-tehrima, witr aur eidain waala raful yadain apne ghar mein khatam keejiye, baad mein fuqaha-e-mohaddiseen ke khilaaf likhe'n!

Doosro'n ko naseehat, khud miya'n fazeehat!!

Qaul 6:


"المالکیة قالوا رفع الیدین حذو المنکبین عند تکبیرة الاحرام مندوب وفیما عدا ذالک مکروه" (الفقہ علی المذاہب الاربعہ ج ۱ ص ۲۵۰)

مالکیہ کہتے ہیں کہ رفع یدین مونڈھوں تک تکبیر تحریمہ کے وقت مستحب ہے اس کے علاوہ مکروہ ہے۔

Is daawa ki buniyad Sahnoon ki bila-sanad riwayat hai, jiska shuzooz-o-zof ham bayan kar chuke hain, lihaaza ye daawa khatam hai.

Qaul 7:

قال الامام محمد بن نصر المروزی لا نعلم مصرا من الامصار ترکوا باجمعهم رفع الیدین عند الخفض والرفع الا اهل الکوفة۔ (تعلیق الممجد ص۹۱)

امام محمدؒ بن نصر مروزی فرماتے ہیں کہ شہروں میں سے کسی شہر کے متعلق ہم نہیں جانتے کہ وہاں کے رہنے والوں نے اجماعاً سر جھکاتے اور سر اٹھاتے وقت رفع یدین چھوڑ دیا ہو سوائے اہل کوفہ کے۔

قال ابن رشد المالکی فذهب اهل الکوفة ابوحنیفة وسفیان الثوری وسائر فقهائهم الی انه لا یرفع المصلی یدیه الا عند تکبیرة الاحرام فقط۔ (بایۃ المجتہد ۱ ص۷۰)

ابن رشدؒ فرماتے ہیں کہ اہل کوفہ حضرت امام ابوحنیفہؒ سفیان ثوریؒ اور وہاں کے تمام فقہاء اس طرف گئے ہیں کہ نمازی تکبیر تحریمہ کے علاوہ رفع یدین نہ کرے۔

Ahle-kufa ke ijma ke suboot ke liye Muhammad bin Nasar al-Mirwazi رحمۃ اللہ علیہ ki asal kitab pesh kare'n, joke unho'n ne raful yadain ke suboot par likhi hai. Idhar udhar ke be-sanad hawaalo'n ki zaroorat nahi hai. Imam Tirmizi ne ijma ka daawa nahi kiya, balke isbaat-e-raful yadain ki hadees ko sahih kaha hai. Aur mutaaddid Saahaba Kiraam رضی اللہ عنہم-o-Tabaeen-o-Aimmatul Muslimeen رحمہم اللہ ka amal qaraar diya hai.

Doosre ye ke ye saabit kare'n ke hadees-e-Rasool ﷺ ke hote hue Ahle-Kufa ka ijma sharia hujjat hai!? 'ودونه خرط القتاد'

Qaul 8:



ترک رفع یدین پر فقہاء کا اجماع

ثنا ابوبکر بن عیاش قال ما رأیت فقیها قط یفعله یرفع یدیه فی غیر التکبیرة الاولی۔ (شرح معانی الآثار للطحاوی ۱ ص۱۳۶)

حضرت ابوبکر بن عیاشؒ فرماتے ہیں کہ میں نے ہر گز فقیہ کو بھی پہلی تکبیر کے علاوہ رفع یدین کرتے ہوئے نہیں

Anwar Khurshid Saahab ne Abu Bakr bin Ayaash ki riwayat par baaz fuqaha ka ijma bhi saabit karne ki koshish ki hai. (Hadees Aur ahle Hadees: P418)

Arz hai ke baaz fuqaha ka ye baatil ijma agar hujjat hai to phir deobandi hazraat witr aur eidain mein raful yadain kyoun karte hain?

Mutaaddid sahaba masalan Abu Bakr, Umar, Ibne Umar, Ibne Zubair, aur Abu Huraira ﷺ waghairahum aur mutaaddid Tabaeen masalan; Muhammad bin Sireen, Saalim, Abu Bakr, Wahb, Ataa aur Saeed bin Jubair ﷺ raful yadain ke qaael-o-faael the.

Kya ye sab fuqaha ki fehrist se khaarij hain?

Fuqaha ka ye kaesa jaali ijma hai, jisse bade-bade Saahaba Kiraam ﷺ aur jaleel-ul-qadr taabaeen ﷺ waghairahum khaarij hain. إنا لله و إنا اليه راجعون

Ab un chand aimma muslimeen ke hawaale pesh-e-khidmat hain, joke raful yadain ke qaael-o-faael the:

① Imam Maalik. (Sunan Tirmizi: 255) ② Imam Shafai. (Kitab al Umm: V1 P104) ③ Imam Ahmad. (Masaail Ahmad li-Abu Dawood al Sajistani: P23) ④ Imam Ali bin Abdullah al-Madeeni. (Sahih Bukhari: V1 P102) ⑤ Imam Ishaq bin Rahwiya. (Maairfa as Sunan wal Aasaar lil Bayhaqi (qalmi): V1 P225; Juz Raful Yadain: P29, H1) ⑥ Imam Auzaai. (At Tamheed: V9 P226) ⑦ Imam Ibnul Mubaarak. (Taweel Mukhtalif al Hadees li-Ibne Qutaiba: P66 [Sanad Sahih]) ⑧ Muhammad bin Yahya az-Zahli. (Maairfa as Sunan wal Aasaar lil Bayhaqi (qalmi): V1 P225; Juz Raful Yadain: P29, H1) ⑨ Abdur Rahman bin Mahdi. (Juz Raful Yadain: 121 [Sanad Sahih]) ⑩ Abu Al Waleed at-Tayaalsi (Al Mojam li-Ibne Al Eraabi: V2 P410-411) ⑪ Abdullah bin Az Zubair al-Humaidi. (Juz Raful Yadain: P28, H1) ⑫ Yahya bin Maeen. (Juz Raful Yadain: H121) ⑬ Ali bin al-Hasan. (Juz Raful Yadain: P27, H75) ⑭ Abdullah bin Usman. (Juz Raful Yadain: H75) ⑮ Yahya bin Yahya. (Juz Raful Yadain: H75) ⑯ Isa bin Musa. (Juz Raful Yadain: H75) ⑰ Kaab bin Saeed. (Juz Raful Yadain: H75) ⑱ Muhammad bin Salam. (Juz Raful Yadain: H75) ⑲ Abdullah bin Muhammad al-Musnadi. (Juz Raful Yadain: H75) ⑳ Muhammad bin Nasar al Mirwazi. (Muqaddama Ikhtilaaf al Ulama: P15) ㉑ Abu Ahmad al Haakim chand. (Shiaar Ashab-ul-Hadees: P47) ㉒ Imam Bukhari waghairahum ﷺ.

Khulasa ye ke Aimma Muslimeen ki ginti mein bhi Ahlur-Raae hazraat bahut peeche hain. Ek do imaamo'n se (ghair-sareeh) tark-e-raful yadain ka saabit ho jaana raful yadain ke mansookh hone ki daleel nahi ban sakti.

Ajeeb Sharte'n:

Daleel ke maedaan mein tahi-daaman hone ke baad Anwar Khurshid Saahab likhte hain: "*Kisi bhi sahih-o-sareeh hadees se saabit nahi ke aapne ruku waale raful yadain ka hukm diya hai*". (Hadees aur Ahle Hadees: P423)

Khurshid Saahab aur unki party ki khidmat mein moaddibaana arz hai ke Ahle-Hadees ke liye sirf yehi kaafi hai ke ruku se pehle aur baad waala raful yadain, Sahih Bukhari, Sahih Muslim, Sahih Ibne Khuzaima, Sahih Ibne Hibban aur Sahih Ibnul Jarood waghaira kitabo'n mein mutawaatir asaneed ke saath Nabi-e-Kareem ﷺ se saabit hai aur kisi ek riwayat mein bhi ba-sanad-e-sahih uska tark ya naskh qatan saabit nahi hai.

Raha ye ke hukm saabit kare'n to ye ek munaziraana mughalata ke siwa kuch bhi nahi. Deobandi-o-Barailwi hazraat ki ye aadat hai ke agar fe'l saabit ho to qaul ka mutaalaba karte hain, jaesa ke masla raful yadain aur agar qaul saabit ho to fe'l ka mutaalaba karte hain, jaesa ke masla-e-witr. (Rasool-e-Akram ﷺ Ki Namaz Ka Tariqa-e-Namaz: P257) Agar qaul-o-fe'l dono'n saabit ho'n (jaise 'مسئلة إذا أقيمت الصلوٰة فلا صلاة إلا المكتوبة'[1]) to Aasaar-e-Sahaaba رضي الله عنهم pesh karne ki koshish karte hain aur agar Ahle-Hadees Kitab-o-Sunnat-o-Asaar-e-Saahaba Kiraam رضي الله عنهم bhi pesh karde'n. Jaesa masla-e-witr, to ye kehkar rad kar dete hain ke "*Magar un Saahaba Kiraam رضي الله عنهم ka apna ijtihaad tha*". Jo ahadees-e-marfooa-e-kaseera ke muqaable mein hujjat nahi". (Rasool-e-Akram ﷺ Ki Namaz Ka Tariqa-e-Namaz: P259) Ye talaa-ub-bid-deen[2] nahi to aur kya hai?

Is qism ke khud-saakhta mutalabo'n aur baatil sharto'n ki buniyad par Deobandi aur Barailwi hazraat ka ye khayaal hai ke wo aammatul

[1] T: Jab farz namaz khadi ho to uske alaawa doosri namaz nahi hogi [RSB]
[2] T: (تَلَاعُبٌ بِالدِّينِ) Deen ke saath khelna [RSB]

muslimeen ko tehreek-e-Ahle-Hadees ki Kitab-o-Sunnat ki daawat se door hataa denge. Halaanke muaamala uske bar-aks hai. Abhi teen (3) din pehle ki baat hai ke ek deobandi maulwi ne baaz naujawaano'n ko Anwar Khurshid Saahab ki kitab "*Hadees aur Ahle-Hadees*" di. Deobandi naujawaan ye kitab apne gaaou'n ke Ahle-Hadees Aalim janab Rahmat Ilahi Muhammadi Saahab ke paas le aae. Ye gaou'n G. T. Road Gondal Stop, Zila (Atak) ke qareeb hai. Aur iska naam '*Landi*' (Awanabad) hai. Jab Rahmat Ilaahi Muhammadi Saahab ne "*Hadees aur Ahle-Hadees*" ke andar pesh-karda hawaalo'n mein Anwar Khurshid Saahab ki khiyaanate'n saabit kar dee'n to 3 naujawan Ahle-Hadees ho gae aur elaaniya raful yadain ki sunnat par amal shuru kar diya. 'اللهم ثبت أقداهم, آمين'

Ek Makruh Mughaalta:

Anwar Khurshid Saahab ne jo *zaeef-o-mauzoo* ya *sahih ghair-mutaaliq* "dalaael" pesh karke likha hai: "*Lekin mundarja-baala ahadees-o-aasaaar-o-aqwaal-e-aimma, mujtahideen aur ijma-e-ummat ke khilaaf ghair-muqallideen ka kehna hai ke ruku waala raful yadain sunnat-e-muwakkada, sunnat-e-mutawaatira, balke waajib balke farz hai, na karne se namaz naaqis ho jaati hai, balke baatil ho jaati hai… ilkh*". (Hadees Aur Ahle Hadees: P424)

Qaraeen-e-Kiraam!

Aapne dekh liya ke Anwar Khurshid Saahab ne *zaeef-o-mauzoo ya ghair-mutaalliq ahadees* aur isi tarah *zaeef-us-sanad aasaar* aur *ghair-saabit* (siwaae maadoode-chand) aqwaal-o-afaal-e-ulama pesh kiye hain. Jabke hamne *sahih-o-mutawaatir, marfoo ahadees, sahih aasaar-e-sahaaba* ﷺ, *sahih aasaar-e-taabaeen* aur *sahih-o-saabit aqwaal-o-afaal-e-ulama* pesh kiye hain. Aap khud faisla kare'n ke haq kis taraf hai?

① Raful Yadain ka suboot Nabi ﷺ se mutawaatir ahadees se pesh kar diya gaya hai. Aur uska naskh ya tark Nabi ﷺ ki saari zindagi mein kisi ek din, kisi ek namaz mein, balke kisi ek rakat mein bhi saabit nahi hai. Lihaaza agar use Ahle-Hadees ulama ne sunnat-e-muwakkada aur

sunnat-e-mutawaatira likha to us mein naraaz hone ki kya baat hai?

Raful Yadain ka sunnat mutawaatira hona khud deobandi ulama ne bhi tasleem kiya hai. Masalan Anwar Shah Kashmiri Deobandi farmate hain: yaane "*Jaanna chaahiye ke raful yadain ba-lihaaz-e-sanad-o-amal mutawaatir hai, is mein koi shak nahi aur raful yadain mansookh nahi hua (balke) uska ek harf (bhi) mansookh nahi hua*". (Neel-ul-Farqadain: P22) Taqriban yehi ibaarat Hashiya Faiz-ul-Baari (V2 P255), Maarif us-Sunan li-Bannori (V2 P459) mein bhi maujood hai.

Anwar Shah Saahab ki ye gawaahi maamooli gawaahi nahi, balke firqa-e-deobandiya par hamesha ke liye *hujjat-e-qaatia aur al-burhan al-azeem* hai. Kyounke unke nazdeek *maulwi* saahab-e-mazkoor ka bahut bada muqaam hai. Ye *maulwi saahab* wohi shakhsiyat hain, jinho'n ne witr waali hadees ko 'قوي' tasleem karne ke baad 14 saal uska jawab sochne mein laga diye. (Faiz-ul-Baari: V2 P375; Al Urf-ush-Shazi: V1 P107; Maarif-us-Sunan: V4 P264; Dars-e-Tirmizi: V2 P224)

Imam Humaidi رحمه الله waghaira raful yadain ko waajib kehte hain, jaesa ke guzar chuka hai.

Imam Shafai رحمه الله se marwi hai ke kisi shakhs ke liye raful yadain ka tark karna halaal nahi hai. (Tabaqaat ash-Shafaiyya al-Kubra lis-Subki: V1 P242)

Allama Subki us par hashiya likhte hain: "*Ye ibaarat is par sareeh daleel hai ke Imam Shafai raful yadain ko waajib samajhte hain (yaad rahe ke mohaddiseen ke nazdeek farz aur waajib ek hi cheez ke 2 naam hain)*"

Ye wohi *Subki* hain, jinke baare mein *Da Paighambar-e-Khuda* ﷺ *Maunah (Pashto)* ka musannif likhta hai *Shaikh-ul-Islam*. (P403)

Imam Ahmad رحمه الله bhi us shakhs ki namaz ko *naaqis* samajhte hain jo raful yadain nahi karta. (Masaail Ahmad Riwaaya Abu Dawood: P23; Al Manhaj li-Ahmad: V1 P159)

Is qism ke hawaalo'n aur sunnat-e-sahiha mutawaatira ko pesh-e-nazar rakhte hue aur 'صلوا كما رأيتموني أصلي' ke hukm ki buniyaad par agar kisi Ahle-Hadees ne raful yadain ko waajib, farz aur uske tark ko nuqsan-e-salah waghaira likh diya hai to naraaz hone ki kya baat hai?

Baaz ghair-Ahle-Hadees *ulama* ne bhi baghaer-kisi daleel ke raful yadain karne waale ki namaz ko faasid qaraar diya hai. (Maarif-us-Sunan: V2 P451)

Anwar Khurshid Saahab un naam-nehaad muftiyo'n par apna ghussa kyoun nahi utaarte?

Doosre ye ke Anwar Saahab ka kehna '*ghair-muqallideen ka kehna hai… ilkh*' bahut bada makrooh mughalata hai. Kyounke raful yadain ka sunnat hona tamaam shawafe aur hanaabala tasleem karte hain aur amalan bhi us sunnat-e-mutawatira par qaaem-o-daaem hain. Dar-asal Anwar Khurshid Saahab ye mughalata dena chhate hain ke raful yadain ka isbaat sirf Ahle-Hadees '*ghair-muqallideen*' ka maslak hai aur bas!

Ham poochte hain ke kya Shawaafe-o-Hanaabala bhi '*ghair-muqallideen*' ki saff mein shaamil hain? Ye wohi shawaafe hain, jinke saath hanafiyyo'n ne Ray aur Asbahaan mein taweel junge'n ladi hain aur aakhir mein shikast ko apne seene se lagaaya hai. (Mojam al-Baldaan: V1 P209; V3 P117)

(Aap ﷺ Ki Yehi Namaz Thi Hatta Ke Aap ﷺ Is Duniya Se Tashreef Le Gae) 'فما زالت تلك صلوٰة حتى لقي الله تعالىٰ'

Is mazmoon ke aakhir mein Anwar Khurshid Saahab ne 'فما زالت' waali mauzoo riwayat pesh karke Ahle-Hadees ka mazaaq udaaya hai. Ke unke daawa-e-raful yadain ki buniyad ghaaliban yehi riwayat hai. Jis mein Asma bin Muhammad al-Ansari aur Abdur Rahman bin Qurashi dono'n *wazza-o-kazzaab* raawi hain. Halaanke Ahle-Hadees ka daawa ye hai ke Nabi ﷺ se *sahih-o-mutawaatir* ahadees ke saath ruku se pehle aur baad waala raful yadain saabit hai aur uska tark ya naskh qatan saabit nahi.

Hanafi-o-Barailwi-o-Deobandi hazraat jo kuch bhi pesh karte hain ya to wo *zaeef*-o-*mauzoo* hota hai ya phir asal masla se ghair-mutaalliq. Taaham aisi riwayaat bhi maujood hain, jin se Nabi ﷺ ki wafaat tak raful yadain ka suboot milta hai. Jin riwayato'n mein ek raawi bhi *kazzab, wazza* ya *matrook* nahi. Is silsila mein raaqim-ul-huroof ne ek mazmoon likha hai, jise is mazmoon ke aakhir mein mila diya gaya hai.

Imam Ishaq bin Rahwiya ne Uqba bin Amir ﷺ ki is hadees se joke marfoo hukman hai, istidlaal kiya hai ke raful yadain karne waale ko har ungli ke badle ek neki milti hai. (Majma' az Zawaaid: V2 P103; Maarifa as Sunan wal Aasaar lil-Bayhaqi: V1 P562) Ye riwayat marfooan bhi marwi hai. (As Silsilah as Sahihha: V7 P848, H3286)

Is hadees ke hisaab se har Ahle-Hadees ko rozaana sirf 5 farz namazo'n mein 430 nekiya'n milti hain. Jabke hanafi hazraat ko, jinka aqida *sahih* hai. Sirf 50 nekiya'n. Aap khud faisla kare'n ke aakhirat mein aapko rozaana farz namazo'n ke badle sirf 50 nekiya'n chaahiye'n ya 30? Jabke doosri namaze'n iske alaawa hain.

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ۚ

(Surah-al-Anaam: 160)

Jo Shakhs (waha'n) Ek Neki Lekar Aaega To Uske Liya 10 Gunaa (sawaab) Hoga.

Rasool Allah ﷺ Ki Wafaat Tak Raful Yadain Ka Suboot

Namaz shuru karte waqt, ruku se pehle aur ruku ke baad teeno'n muqaamaat par raful yadain karna Rasool Allah ﷺ se tawaatur ke saath saabit hai. (Qatf al-Izhaar al-Mutanaasira lis-Suyuti) Kutub-e-Usool al Hadees mein bhi iska tawaatur ka waazeh tazkirah maujood hai. (At Taqaiyyud wal Eezaah lil-Iraqi: P270)

Mutaaddid ghair-Ahle-Hadees ulama ne bhi raful yadain ka mutawaatir hona tasleem kiya hai. (Neel-ul-Farqadain li-Kashmiri: P22; Maarif as-Sunan li-Bannori: V2 P458-459)

Lihaaza raful yadain ka masla isnaadi dalaael ka mohtaj nahi hai. Iske bawajood log is azim-ush-shaan sunnat mein shukook-o-shubhaat paida karne ki sar-todh kar koshish mein lage hue hain. Is mukhtasar mazmoon mein raaqim-ul-huroof ne in mushakkikeen[1] ke shukook-o-subahat ka izaala karte hue ye saabit kiya haike Nabi ﷺ wafaat tak raful yadain karte rahe hain.

[1] T: (مُشَكِّكِين) mushakkik ki jamaa, shubha karne waale [RKT]

Syedna Abu Huraira ؓ Ka Taaruf

الإمام الفقيه المجتهد الحافظ (الحجة, محبوب المؤمنين) صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم (سيدنا) أبو هريرةالدوسي اليماني (رضي الله عنه) سيد الحفاظ الأثبات. [1]

(Siyaar A'laam an-Nubala: V2 P577)

Aap 7h Ghazwa-e-Khaibar ke mauqe par pyaare Rasool Allah ﷺ ke paas tashreef laae aur Rabi-ul-Awwal 11h (wafaat-e-Rasool ﷺ) tak Aap ﷺ ke paas rahe.

Din raat Aap ﷺ se deen ki taaleem haasil ki. Choonke Syedna Abu Huraira ؓ Nabi ﷺ ke paas Aap ﷺ ke aakhri daur mein rahe hain, lihaaza Syedna Abu Huraira ؓ namaz waghaira ke jo masaail Nabi ﷺ se naql karte hain wo aakhri aur naasikh hain, Syedna Abu Huraira ؓ ki bayan-karda namaz ka koi masla raaqim-ul-huroof ke ilm mein nahi hai, joke mansookh ho. والله أعلم

Syedna Abu Huraira ؓ Aur Raful Yadain

Rasool Allah ﷺ jab namaz ke liye takbeer kehte to apne dono'n haath apne dono'n kaandho'n ke baraabar karte aur jab ruku (ka iraada) karte to isi tarah karte aur jab (ruku ke baad) sajdo'n ke liye khade hote to isi tarah karte aur jab 2 rakate'n padh kar khade hote to isi tarah karte the. (Abu Dawood Ma' Aun al Maabood: V1 P269, H738; Abu Dawood Ma' Bazl al-Majhood: V4 P457-459)

Ye riwayat (Deobandi aur Barailwi usool par) *sahih* hai. Ise Imam Ibne Khuziama ne riwayat kiya hai. (Sahih Ibne Khuziama: V1 P344-345, H694-695) Haafiz ibne Hajar ne Muwaafaqa al-Habr al-Khabar (V1 P409-410) mein ise Ibne Khuzaima ki sanad se riwayat kiya hai aur kaha 'هٰذا حديث صحيح' Haafiz Ibne Abdul Bar ne At Tamheed (V23 P160) mein ise Abu Dawood ki sanad se riwayat kiya hai.

Tambeeh: Is riwayat ki sanad Imam Zohri ki *tadlees* ki wajah se *zaeef* hai,

[1] T: Imam, Faqeeh, Mujtahid, Haafiz (Hujjah, Mahjoob al-momineen) Rasool Allah ﷺ ki sahabi (Syedna) Abu Huraira ad-Doosi al-Yamaani ؓ hifz karne waalo'n ke sardaar aur saabit raawi hain [RSB]

lekin is riwayat ke kai shawaahid maujood hain.

Sanad Ka Taaruf

① Abdul Malik bin Shuaib bin al-Laith. Sahih Muslim waghaira ke raawi hain Imam Nasai ne kaha: *Siqa*. Imam Ibne Hibban waghaira ne *Tauseekh* ki. Haafiz Zahbi (Al Kaashif: V2 P184) aur Haafiz Ibne Hajar (Taqbreeb at-Tehzeeb; 4185) ne kaha *Siqa*. In par koi jarh mere ilm mein nahi hai.

② Shuaib bin al Laith. Aap Sahih Muslim ke raawi hain. Imam Ahmad bin Saaleh aur Khateeb Baghdadi ne kaha: 'كان ثقة' Ibne Hibban aur Ibne Shaheen waghairahuma ne *Tauseekh* ki. Imam Ibne Wahb waghaira ne *taareef* ki.

Haafiz Zahbi ne kaha: "*Aap Siqa Mufti The*". (Al Kaashif: V2 P12)

Haafiz Ibne Hajar ne kaha: 'ثقة نبيل فقيه' [1](At Taqreeb: 2805)

③ Imam Laith bin Saad al-Masri. Aap Sihah Sitta ke markazi raawi aur zabardast qism ke *Siqa* the.

Imam Ahmad, Imam Ibnul Madeeni, Imam Ibne Maeen aur Imam al Ajali (al-Motadil) waghairahum ne kaha: *Siqa.* Haafiz Zahbi ne kaha: 'الإمام الحافظ, شيخ الإسلام و عالم الديارالمصرية' [2] (Siyaar A'laam an-Nubala: V8 P136-137)

Haafiz Ibne hajar ne kaha: "ثقة ثبت فقيه إمام مشهور". (At Taqreeb: 5684)

④ Yahya bin Ayyub al-Gaafqi Abul Abbas al-Misri. Aap Kutub-e-Sitta ke raawi hain. Aimma Sitta ne aapse hujjat padki hai. (Siyaar A'laam an-Nubala: V8 P9)

Imam Ahmad waghaira ne aap par *jarh* ki. Imam Ibne Maeen aur Imam Bukhari waghairahuma ne aapko *Siqa* kaha. Choonke jamhoor mohaddiseen aapki *Tauseekh* karte hain, lihaaza aap *hasan-ul-hadees* hain. Aap is riwayat mein *munfarid* nahi hain. Balke Usman bin al-Hakam al-Jazaami ne bhi yehi riwayat Imam Ibne Juraij se bayan ki hai. (Sahih Ibne Khuzaima: V1 P344)

[1] T: Ek qaabil-e-etimaad, baa-izzat aalim-e-deen [RSB]
[2] T: Imam Haafiz, Shaikh-ul-Islam aur misr ke aalim [RSB]

Usman bin al-Hakam par Imam Abu Haatim ne maamooli *jarh* ki hai. Jabke Imam Ahmad bin Saaleh, Imam Ibne Hibban (As Siqaat: V8 P454) Imam Ibne Khuzaima aur Haafiz Ibne Hajar (بتصحيح حديثه) waghairahum ne iski *Tauseeq* ki hai. Ibne Abi Mariyam inhe'n 'وكان من خيار الناس'[1] kehte hain. (Sahih Ibne Khuzaima) Yaane wo behtareen logo'n mein se the.

Ibne Yunus Misri ne aap ki taareef ki.

⑤ Abdul Malik bin Abdul Aziz bin Juraij. Aap *Kutub-e-Sitta* ke markazi raawi aur zabardast *siqa* imam hain. Imam Ibne Maeen, Ibne Hibban aur Al-Ajali waghairahum ne *Siqa* kaha. Haafiz Zahbi ne kaha: 'ثقة حافظ'. (Siyaar A'laam an-Nubala: V6 P332)

Haafiz ibne Hajar ne kaha 'ثقة فقيه فاضل, وكان يدلس و يرسل'[2] (At Taqreeb: 4193) Haafiz Habibullah Derwi Deobandi ne bhi inhe'n *Siqa* kaha hai. (Noor us Sabah: P222 [second edition])

Usi kitab ke muqaddama (P18) par Derwi Saahab likhte hain: "*Ibne Juraij ek raawi hai, jisne 90 aurto'n se mutaa-o-zina kiya tha*". (Tazkiratul Huffaz liz Zahbi) (Tazkiratul Huffaz: V1 P170-171 tahet 184) par 'وزناء' ke alfaaz qatan maujood nahi hain aur na kisi doosri kitab mein ye ganda lafz maujood hai. Balke ye lafz Derwi Saahab ke *akazeeb-o-iftira-aat* mein se hai.

Raha masla *Mutaa* ka to (ba-shart-e-sehat) ye Ibne Juraij ki ijtihaadi khata thi, jiska unki adaalat-o-siqaahat ke saath koi taalluq nahi hai. Balke ba-qaul Haafiz Ibne Hajar Imam Ibne Juraij apni is ijtihaadi khata se rujoo kar chuke hain. (Fathul Baari: V9 P173)

Lihaaza ek aise masle par Imam Ibne Juraij ko mat-oon karna buri baat hai, jisse wo rujoo aur tauba kar chuke hain.

Ibne Juraij Ki Tadlees Ka Eteraaz

Derwi Saahab ne is riwayat par (Ibne Juraij ki) *tadlees* ka bhi eteraaz kiya hai. (Noor us Subah: 222)

[1] T: Aur wo logo'n mein se behtareen the [RSB]
[2] T: Qaabil-e-etemaad, faqeeh, faazil aur wo tadlees karte the [RSB]

Jawab:

❶ Deobandiya ki taraf se (sirf mukhalifeen ki riwayat par) *tadlees* kiya jaana intihaai sharmnaak harkat hai. Deobandiyo'n ke '*mustanad maulwi*' Zafar Ahmad Thanwi Saahab farmate hain: "*Quroon-e-Salaasa mein hamare nazdeek tadlees aur irsaal muzir nahi hai*". (Elaa as Sunan: V1 P313; V1 P30-137; V2 P125; V3 P24; Qawaaid Fee Uloom al Hadees lit Thanwi: P95)

❷ Sahih Ibne Khuzaima mein Ibne Juraij ke samaa' ki tasreeh maujood hai, lihaaza *tadlees* ka ilzaam asalan baatil hai.

⑥ Imam Ibne Shihaab az-Zohri. Aap kutub-e-sitta ke markazi raawi aur bil-ijma *Siqa* hain.

Haafiz Ibne Hajar ne kaha: 'الفقيه الحافظ متفق عاىٰ جلالته واتقانه وثبته'.[1] (At Taqreeb: 6296)

Aap par baaz munkireen-e-hadees aur nawaasib ke eterazaat ka tafseeli jawab mere mazmoon 'القول الصحيح فيما تواتر في نزول المسيح' mein maujood hain.

Tambeeh: Imam Zohri *mudallis* hain, lihaaza hamari tehqeeq mein ye sanad *zaeef* hai, lekin hanafiyya-o-aal-e-deoband aur aaal-e-barailwi ke nazdeek Imam Zohri ki *tadlees* chandaa'n muzir nahi hai.

Is riwayat ke mutaaddid shawaahid hain, jinke saath ye *hasan* hain. Walhamdulillah.

⑦ Abu Bakr bin Abdur Rahman bin al-Haaris bin Hisham. Kutub-e-Sitta ke markazi raawi 'أحد الفقهاء السبعة' aur bil ittifaaq *siqa* hain. Haafiz Ibne Hajar ne kaha: 'ثقة فقيه عابد' (At Taqreeb: 7976) is riwayat ke mutaaddid shawaahid bhi hain. Masalan:

❶ Ismail bin Ayaash (*zaeef) an (*عن) Saaleh bin Kisaan (*siqa/hijaazi*) an (عن) Abdur Rahman al-Arj (*Siqa*) an (عن) Abu Huraira ﷺ. (Ibne Majah: 860; Ahmad: V2 P132 [sanad Zaeef])

❷ Muhammad bin Musab al Qarqasaani (Zaeef, Zuafa al jamhoor-o-siqa Ibne

[1] T: Faqeeh, hafiz, jiski azmat, mahaarat aur suboot par sab muttafiq hain [RSB]

Qaane waghaira) an (عن) Maalik an (عن) Ibne Shihab az Zohri an (عن) Abi Salma bin Adur Rahman an (عن) Abi Huraira ﷺ... ilkh. (At Tamheed: V7 P79-80; Kitab al Ilal lid Daraqutni) Ye sanad bhi *zaeef* hai.

❸ Amr bin Ali an (عن) Ibne Abi Adi an (عن) Muhammad bin Amr an (عن) Abi Salam an (عن) Abi Huraira ﷺ... ilkh. (Al Ilal lid Daraqutni; At Talkhees al Habeer: V1 P219)

Iski sanad (Amr bin Ali al-Falaas se oopar) *hasan* hai, lekin neeche waali sanad na-maaloom hai. Lihaaza ye riwayat *zaeef-o-mardood* hai.

Iske alaawa aur bhi mutaaddid shawaahid maujood hain, masalan Syedna Abu Huraira ﷺ se ba-sanad-e-sahih raful yadain ka karna saabit hai. (Juz Raful Yadain: 22)

Ye mauqif *sahih shahid* is riwayat ko *hasan* darje tak pohoncha deta hai.

Al Ikhtisaar

Ye riwayat dar asal Imam Zohri ki us hadees ka tatimma[1] aur ikhtisaar hai, jise Imam Nasai ne:

معمر عن الزهري عن أبي بكربن عبد الرحمٰن و أبي سلمة عن أبي هريرة رضي الله عنه.

ki sanad se riwayat kiya hai aur jis mein raful yadain ka zikr nahi hai.

Abu Huraira ﷺ farmate hain: "*Aur us zaat ki qassam jiske haath mein meri jaan hai, main be-shak tum sab mein Rasool Allah ﷺ se mushabahat mein qareeb hu'n, aapki yehi namaz thi, hatta ke aap is duniya se tashreef le gae*". (Sunan Nasai: V1 P173; H1157)

Ise Imam Bukhari (Raaje al-Fatha: V2 P269-272-290) waghaira ne kai sanado'n ke saath Imam Zohri se mukhtasaran aur mutawwalan riwayat kiya hai. Aur Imam Zohri ne samaa' ki tasreeh kardi hai. Sahih Bukhari, Sunan Nasai, Sunan Abu Dawood aur Sahih Ibne Khuzaima ki ahadees ke Majma' se ye saabti hua ke Rasool Allah ﷺ ruku se pehle aur baad raful yadain karte the aur aapka yehi tariqa tha, hatta ke is duniya se tashreef le gae. Agar koi shakhs kahae ye 2 ilaahada hadeese'n hain to iska jawab ye hai

[1] T: (تَتِمَّه)Baqiya, bachaa hua, kisi cheez ka aakhri hissa [FL]

ke Imam Zohri tak ye hadees ek hi hai. Aage Imam Zohri ke shaagirdo'n mein ikhtilaaf hai. Koi ek tukda riwayat karta hai aur koi doosra aur koi dono'n ko jama kar deta hai.


Abu Huraira رضی اللہ عنہ
Abu Bakar bin al Haaris bin Hishaam
Abu Salma bin Abdur Rahman
Ibne Shihaab az Zohri
Saleh bin Abil Aqhdhar waghaira
Isbaat e Raful Yadain waghaira
Ma'amar waghaira
Isbaat e Takbiraat waghaira
Ibne Juraij
Isbaat e Raful Yadain
ما زلت هذه صلاة على فارق الدنيا

Anwar Shah Kashmiri Deobandi farmate hain: "*Aur jaan lo ke ahadees ko tukdo'n-tukdo'n ki shakl mein jama kiya gaya hai, pas ek tukda ek raawi ke paas hota hai aur doosra, doosre ke paas. Lihaaza chaahiye ke ahadees ki tamaam sanade'n (aur matoon) jama karke haasil Majma' par amal kiya jaae aur har tukde ko mustaqil hadees na bana diya jaae*". (Faiz-ul-Baari: V3 P455)

Ahmad Raza Khan Barailwi likhte hain: "*Sad-haa misaale'n iski paaega ke ek hi hadees ko ruwaat bil-maani kis-kis mutanawwe taur se riwayat karte hain. Koi poori, koi ek tukda, koi doosra, koi kisi tarah, koi kisi tarah jama-turq se poori baat ka pata chalta hai*". (Fataawa Rizwiya: V5 P301 [latest edition])

Isi tarah yehi hadees Imam Zohri ke paas kaamil shakl mein maujood thi. Ibne Juraij ne unse ek tukda bayan kiya aur Maamar ne doosra tukda. Saaleh bin Abi al-Akhdar (*zaeef*) waghaira ne baaz tukdo'n ko ek hadees mein jama riwayat kiya. (Ilal al Hadees li-Ibne Abi Haatim: 291)

Lihaaza ek hi hadees ko khwah ma-khwah 2 hadeese'n banana sahih nahi hai. Iski doosri daleel ye hai ke Abu Huraira ﷺ se tark-e-raful yadain qatan saabit nahi hai. Balke Imam Bukhari ne Juz Raful Yadain (H22)

mein unse *sahih sanad* ke saath (ruku ki) takbeer aur (ruku se) sar uthaane ke saath raful yadain riwayat kiya hai.

فال: حدثنا سليمان بن حرب: ثنا يزيد بن إبراهيم عن قيس بن سعد عن عطاء إلخ

① Sulaiman bin Harb kutub-e-sitta ke markazi raawi aur *siqa imam hafiz* the. (At Taqreeeb: 2545)

② Yazid bin Ibrahim kutub-e-sitta ke raawi:

'ثقة ثبت إلا في روايته عن قتاده ففيها لين'. (At Taqreeb: 7684)

③ Qais bin Saad Sahih Muslim waghaira ke raawi aur *siqa* the. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 5577)

④ Ataa bin Abi Rabaah kutub-e-sitta ke markazi raawi aur *siqa faqeeh-e-faazil, kaseer-ul-irsaal* the. (At Taqreeb: 4591)

(Lihaaza ye sanad bilkul sahih hai) is mauqoof riwayat ke mutaaddid shawaahid maujood hain.

'ابن إسحاق عن الأعرج عن أبي هريرة' bhi iska *shahid* (taaeed waali riwayat) hai. (Juz raful Yadain lil Bukhari: 19)

Aur baaz shawaahid aage aarahe hain.

Raawiyo'n ki ye aadat hai ke kabhi hadees mukhtasar bayan karte hain aur kabhi taweel. Lihaaza tamaam asaneed-o-matoon ko pesh-e-nazar rakhna zaroori hai. Masalan yehi riwayat Bukhari (V2 P290 Ma' al Fatah) mein 'شعيب عن الزهرى' Shuaib an Zohri) ki sanad ke saath marwi hai aur us mein 'إني لأقربكم شبهاً بصلاة رسول الله صلى اللع عليه وسلم إن كانت هٰذا لصلاته حتىٰ فارق الدنيا'[1] ke alfaaz hain. P272 par yehi riwayat 'عقيل عن الزهرى' (*Aqeel an Zohri*) ki sanad se hai, jis mein ye alfaaz maujood nahi hain. P269 par Maalik an (*عن*) az Zohri ki sanad ke saath yehi riwayat intihaai mukhtasaran marwi hai, jis mein kai alfaaz masalan 'إن كانت هٰذا لصلاته حتىٰ فارق الدنيا' maujood nahi hain. In asaneed ko ilaahada-ilaahada ahadees qaraar dena sahih nahi hai. Lihaaza Sahih Ibne Khuzaima-o-Sunan Nasai waghaira ki hadees ek hai.

[1] T: Main tum mein se Rasool Allah ﷺ ki namaz se sabse ziyaada mushaaba hoo'n, aur ye unki namaz hai jab tak ke wo duniya se rukhsat hue. [RSB]

‘حتى فارق الدنيا’ (Hatta Ke Aap ﷺ Is Duniya Se Tashreef Le Gae)

Is bahes ke baad Imam Abu Saeed Ahmad bin Muhammad bin Ziyaad: Ibn al-Araabi (d341 h) ki Kitab al-Mojam ke padhne ka ittifaaq hua. Imam Ibn al-Araabi farmate hain: “*(Syedna Abu Huraira ؓ ne) farmaya: Albatta main aapko zaroor Rasool Allah ﷺ ki namaz padhaunga. Us mein na ziyaada karunga aur na kam. Pas unho’n ne Allah ki qasam khaakar kaha ke aapki yehi namaz thi. Hatta ke aap is duniya se tashreef le gae. Raawi ne kaha: Pas main aapki daae’n taraf khada ho gaya, taake dekhu’n ke aap kya karte hain. Pas unho’n ne namaz ki ibtida ki. Allahu Akbar kaha aur apne dono’n haath uthaae, phir ruku kiya, pas aapne Allahu Akbar kaha aur pane dono’n haath uthaae, phir sajda kiya, phir Allahu Akbar kaha. Phir sajda kiya aur Allahu Akabar kaha, hatta ke aap apni namaz se faarigh ho gae. Abu Huraira ؓ ne farmaya: Main Allah ki qasam khakar kehta hu’n, Aap ﷺ ki yehi namaz thi, hatta ke Aap ﷺ duniya se tashreef le gae*”. (Al Mojam: V1 226, H142)

Is riwayat ki sanad ka mukhtasar taaruf pesh-e-khidmat ha:

① Abu Abdul Jabbar Abdullah bin Ma’j al-Falasteeni ka zikr Imam Bukhari ki At Taareekh al-Kabeer (V5 P209) aur Imam Ibne Abi Haatim ki Al Jarh wa Taadeel (V5 P176) mein maujood hai. Ibne Hibban ne ise Kitab us Siqaat (V5 P30) mein zikr kiya hai.

Yaad rahe ke Mojam Ibn al-Arabi mein ghalati se

"عن أبي زرعة بن (عمرو بن جرير) قال: رأيت"

chap gaya hai. Jabke sahih wohi hai jo qalmi nuskha mein hai:

"عن أبي زرعة عن أبي عبد الجبار بن معج قال: رأيت"

aur jaesa ke maine oopar likha hai. (Al Mojam li-Ibn al-Arabi; (another edition: V1 P131, H144) Wahaa’n ‘عن أبي زرعة بن عبد الجبار بن معج’ likha hua hai.

② Abu Zurah Yahya bin Abi Amr as-Seebaani *Siqa* the. (At Taqreeb: 7616)

③ Radeeh bin Atiya ko Ibne Hibban ne *Kitab us Siqaat* mein zikr kiya hai. Marwan bin Muhammad aur Daheem ne kaha: “*Siqa*”.

Ibaad bin Ibaad al-Khawaas (وثقة ابن معين والعجلي والجمهور) ne baaz hadees mein uski mutaaba-at kar rakhi hai. (Musnad Shamiyyeen lit-Tabrani: V2 P35, H868)

④ Sawaar bin Ammarah ko Imam Ibne Maeen waghaira ne *Siqa* kaha. Abu Haatim ne kaha *Sadooq*. Nasai ne kaha: 'ليس به بأس'. Ibne Hibban ne Kitab as Siqaat mein zikr karke kaha: 'ربما خالف'.

Choonke Sawaar-e-mazkoor jamhoor ke nazdeek *siqa* hai, lihaaza us par Haafiz Ibne Hibban ki *jarh mardood* hai.

⑤ Abu Obaidullah Muhammad bin Ahmad bin Asmah ar-Ramli al-Qaazi al-Atroosh ka zikr Haafiz Mizzi ne Sawaar bin Ammaarah ke shaagirdo'n mein (Tehzeeb-ul-Kamaal: (qalmi): V1 P559) aur Haafiz Ibne Asaakir ne Taareekh-e-Dimishq mein Ibn al-Arabi ke ustaado'n mein kiya hai. Mujhe uske halaat nahi mile.

Is qism ka ek raawi Abdur Rahman bin Ahmad al-Arj hai. Jiski *tauseeq* kisi kitab mein bhi nahi milti, iske bawajood Derwi Saahab ke ustaad Sarfaraz Khan Safdar Saahab ne uski riwayat se istidlaal kiya hai. (Taskeen us Sudoor: P326) Abu Obaidullah al Qaazi ki mutaaba-at Musnad Shamiyyeen mein marwi hai.

Imam Tabrani farmate hain: "*Abu Huraira ﷺ ne kaha: Maine aapko zaroor biz-zaroor Rasool Allah ﷺ ki namaz padh kar dikhaunga. Hattal-wasee us mein na ziyaadati karunga aur na kami. Phri aapne Allahu Akbar kaha aur raful yadain kiya. Pas aapne ruku kiya na ye ruku lamba tha na mukhtasar. Phir aapne apna sar uthaaya aur raful yadain kiya. Phir Allahu Akbar kaha (phir uske baad) sajda kiya*". (Musnad Shamiyyeen: V2 P35)

Ibaad bin Ibaad ka tazkira oopar guzar chuka hai, Zakariyya bin Naafe se Yaqoob bin Sufyaan al-Faarsi riwayat karte hain: "*Kaha jaata hai ke Yaqoob ne kaha: Maine taqreeban 1000 ustaado'n se hadees likhi hai, wo sab siqa the. Ibne Hibban ne ise Kitab as-Siqaat mein zikr kiya hai aur kaha:* 'يغرب' lihaaza aise raawi ko shawaahid mein pesh kiya ja sakta hai".

Hussain bin Wahb ke halaat mujhe nahi mile.

Khulaasa: Abu Huraira ؓ se raful yadain aur takbiraat ki baaz riwayaat ki mukhtasar takhreej darj-e-zel hai:



Is tafseel se maaloom hua ka Abu Huraira ؓ se ba-sanad-e-sahih raful yadain ka karna saabit hai aur ye bhi saabit hai ke Abu Huraira ؓ ne Nabi ﷺ ki jo namaz riwayat ki hai wo Aap ﷺ ki aakhri namaz hai, hatta ke Aap ﷺ is duniya se tashreef le gae.

Ikhtitaam: Is kitab mein jin ulamae haq aur aimmatul muslimeen ka zikr aaya hai, in par Allah Ta'ala ki laakho'n karodo'n rehmate'n ho'n. Ameen

Haafiz Zubair Ali Zai

(Tamatul Maraaje 23 Rajab 1427h)



Teen (3) Saathiyo'n Ka Ahle Hadees Hone Ka Elaan

Elaan Ka Matan (Text)

Ham 3-4 dosto'n ne apne gaou'n ke ek naujawaan Maqsood ke zariye Maulwi Saahab se *Hadees aur Ahle-Hadees* kitab mangwaai. Taake apne mazhab ke dalaael Ahle-Hadees hazraat ko dikhaae'n.

Lekin jab ham apne gaou'n ki Masjid Ahle-Hadees ke khateeb Rahmat Ilaahi Muhammadi Saahab ki paas pohonche to muaamal kuch aur ban gaya. Muhammadi Saahab ne asal kitabe'n hadees ki jab hamare saamne rakhee'n to ham hairaan ho gae ke itni khiyaanate'n? Aur us kitab ke musannif ki ye khiyaanate'n hamare liye raah-e-raast ka sabab ban gaee'n aur ham Ahle-Hadees ho gae. 26th May 1996

Dastakhat	Dastakhat	Dastakhat
Bakhshish Ilaahi	Khizar Mahmood	Iftiqaar Ahmad



Jaamia Muhammadiya Masjid Ahle Hadees Ke Imam Ke Khat Ka Aks

Jamia Muhammadi
Masjid Ahl-e-Hadees &
Madarsa Darul-Quran
Wal Hadees Rahmania

[1]

[1] T: Is khat ka computerized text agle safhe par maujood hai. Agar kisi ko asal khat ki clear picture dekhne ki khwaahish ho to wo Noor ul Aynayn ke puraane edition ke page 392 (Pdf file page number) par dekh sakta hai, in sha Allah [RSB}

Usi Khat Ka Computerised Matan (text)

جامع محمدی مسجد اہلحدیث و
مدرسہ دارالقرآن والحدیث رحمانیہ
اختر کالونی عباسیہ روڈ اوچ شریف (بہاولپور)

Jamia Muhammadi
Masjid Ahl-e-Hadees &
Madarsa Darul-Quran
Wal Hadees Rehmania
Akhter Colony Abbasia Road,
Uch Sharif Bahawalpur

محترم جناب فضیلۃ الشیخ ابوالطاہر حافظ زبیر علی زئی حفظہ اللہ

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم وعمل میں برکت عطا فرمائے۔ (آمین)
گزارش ہے کہ ہمارا تعلق ضلع بہاولپور کے شہر (اوچ) سے ہے جو کہ شرک وبدعت کے گھر کے علاوہ مقلدین کا بھی بڑا بول بالا ہے۔ اور جماعت اہلحدیث کی پہلی مسجد زیر تعمیر ہے اور جماعت اہلحدیث کے چند افراد نے جن کی تعداد تقریباً 20 تک ہے۔ بہرحال اپنی استطاعت کے مطابق دین حقہ کی تبلیغ جاری ہے اور مقلدین کی طرف سے فتویٰ بازی بھی شروع ہے بہرحال ہم نے ایک سائل کو رفع الیدین کی احادیث لکھ کر دیں ہیں۔ اور مقلدین کی طرف سے عدم رفع الیدین کا جواب انہوں نے لکھا ہے۔ وہ تحریر آپ کے پاس روانہ خدمت ہے مہربانی کر کے مدلل جواب لکھ کر پیارے رسول ﷺ کی سنت رفع الیدین کو واضح کر دیا جائے ہمارے علاقے میں علماء رہتے ہیں لیکن آپ کی کتاب "نور العینین" نظر سے گزری ہے اور جس کو پڑھ کر میرے والد محترم مولانا حبیب الرحمٰن صاحب جو کہ حنفی تھے اور اب الحمدللہ اسی مسجد میں خطیب ہیں اور انہوں نے مسلک اہلحدیث قبول کر لیا ہے مہربانی کر کے اس تحریر کا جواب جتنی جلدی ہو سکے روانہ کریں تقریباً تیس دن کی مہلت ہے اور جواب مقلدین کو دینا ہے۔
اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے گا مجھے امید ہے کہ آپ اس احسن کام میں تاخیر نہ کرتے ہوئے محمد رسول اللہ ﷺ کی اس سنت سے محبت کا ثبوت دیں گے۔ جواب تقریباً ان کے ڈبل صفحے کا لکھ دیں۔ (جزاک اللہ خیرا)

راقم ذی الدین۔ محمد الرحمٰن بنوچ خطیب جامع مسجد اہلحدیث اوچ شریف ضلع بہاولپور
ذی PP 51824
PP 51621
روڈ 06802

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہم آج 22/10/95 کو اس بات کا اعلان کرتے ہیں کہ ہم نے مسلک اہلحدیث کے دلائل سن لیے ہیں۔ اور یہ دیکھ لیا ہے کہ دیوبندی حضرات جھوٹے ہیں اور انہوں نے مشروطیں منظور کرنے کے بعد مناظرہ سے راہ فرار اختیار کی ہے۔ لہذا ہم آج سے اپنے اہلحدیث ہونے کا اعلان کرتے ہیں۔ اللہ ہمیں ثابت قدم رکھے۔ آمین۔

22/10/95

۱) مختار علی ولد نورالدین برادر تعلقہ قمبر شاہو گھوٹکی

۲) سکندر ولد قیصر خان جاگیرانی۔ گاؤں گل محمد جاگیرانی۔ تعلقہ قمبر ضلع لاڑکانہ سندھ

۳) حاجی محمد عظیم جاگیرانی گاؤں گل محمد جاگیرانی۔ تعلقہ قمبر۔ ضلع لاڑکانہ سندھ 22-10-95 حاجی محمد یٰسین

۴) حاجی محمد مرید ولد قیصر خان جاگیرانی۔ 22/10/95

۵) منیر احمد ولد حاجی محمد مرید بلوچ جاگیرانی۔ منیر احمد جاگیرانی

Imam Sufyaan Soori Aur Tabaqa e Saalisa Ki Tehqeeq

Sawaal: Sufyaan Soori ؒ ki tadlees aur mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke baare mein aap ke nazdeek raajeh qaul kya hai?

(Tanweer Hussain Shah, Haripur)

Jawaab:

Sufyaan Soori ke baare mein raajeh yehi hai ke wo Siqa Imam aur Ameer ul Momineen fil-Hadees hone ke saath saath mudallas bhi hain aur aap zuafa waghaerahum se tadlees karte the, lihaaza aap ki ghair-sahihaen mein mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat, adm e mutaaba-at, adm-e-tasreeh-e-sama' ki soorat mein zaeef o mardood hoti hai. Haafiz Ibne Hajar ؒ ka unhe'n Tabaqa-e-Saniya mein shumaar karna sahih nahi, balke wo Tabaqa-e-Saalisa ke fard hain, jaesa ke Haakim Nishapuri ne unhe'n Tabaqa-e-Saalisa mein zikr kiya hai. (Maarifa Uloom ul Hadees: P106; Jaame at-Tehseel: P99; Noor ul Aynaen (Taba Jadeed): P138)

Haafiz Ibne Hibban ؒ ne farmaya:

Aur aise mudallas raawi jo Siqa o Aadil the, to ham unki ahadees se hujjat nahi pakadte siwaae iske, ke wo tasreeh-e-sama' kare'n jo unho'n ne riwayat kiya hai. Masalan Soori, Amash, Abu Ishaq aur un jaise doosre … .

و أما المدلسون الذين هم ثقات وعدول فإنا لا نحتج بأخبار هم إلا ما بينوا السماع فيما رووا مثل الثوري والأعمش وأبي إسحاق وأضرابهم....

(Al Ehsaan: V1 P90 [Doosra Nuskha: P161])

Yehi tehqeeq raajeh aur sahih hai aur raaqim ul huroof ne ise hi Noor ul Aynaen aur At-Taasees Fee Masla at-Tadlees (Matbooa Mahnaama Al-Hadees: 33) mein ikhtiyaar kiya hai.

Yaad rahe ke Abdur Rasheed Ansaari Saahab ke naam mere ek khat (19/8/1408h) mein Sufyaan Soori ke baare mein ye likha gaya tha ke: "*Tabaqa Saniya ka mudallas hai, jiski tadlees muzir nahi hai*". (Juraabo'n Par Masah: P40)

Meri ye baat ghalat hai. Main usse rujoo karta hoo'n, lihaaza use mansookh o kal-adm samjha jaae.

Aeni Hanafi likhte hain ke:

Aur Sufyaan (Soori) mudalliseen mein se hain aur mudallas ki an (عن) waali riwayat se hujjat nahi pakdi jaati, illa ye ke doosri sanad se samaa' ki tasreeh saabit ho jaae .

و سفيان من المدلسين والمدلس لا يحتج بعنعنته إلا أن يثبت سماعه من طريق آخر.
(Umdatul Qaari: V2 P112)

(11 Moharram 1424h 15 March 2003)

Tambeeh: Ye sawaal o jawaab Mahnaama Shahaadat, Islamabd (April 2003 P39) mein bhi shaaya hua tha. Ahle baet kuch islaah ke saath use dobaara shaaya kiya jaa raha hai. (2 August 2007)

(Mahnaama Al-Hadees, Hazro: 42 P27-29)

Habibullah Derwi Saahab Aur Unka Tariqa-e-Istidlaal

الحمد لِلّٰه رب العالمين والصلٰوة والسلام علٰى رسوله الأمين، أما بعد:

Is mazmoon mein Haafiz Habibullah Derwi Hayati Deobandi Saahab ki baaz matbooa kitabo'n se baaz aisi mauzoo-o-mardood riwayaat ba-hawaala pesh-e-khidmat hain, jin se unho'n ne istidlaal kiya ya bataur-e-hujjat pesh kiya hai. Uske baad Derwi Saahab ke akazeeb aur akhlaaqi kirdaar ke 10-10 namoone darj kiye gae hain, taake Habibullah Derwi Saahab aur unka tariqa-e-istidlaal aam logo'n ke saamne waazeh ho jaae.

① Derwi Saahab likhte hain:

"*Aur Hazrat Imam Shafai رحمہ اللہ jab Hazrat Imam-e-Aazam Abu Hanifa رحمہ اللہ ki qabr ki ziyarat ke liye pohonche to waha'n namazo'n mein raful yadain chod diya tha, kisi ne Imam Shafai رحمہ اللہ se iski wajah poochi to farmaya:*"

Is qabr waale se haya aati hai. استحياءً من صاحب هٰذا القبر.

"*Hazrat Shah Rafiuddin Mohaddis Dehelwi Takmeel-ul-Izhaan: P157 mein is waaqia ko zikr karne ke baad farmate hain:*" 'Ye waaqia is baat ka mushi'r[1] hai ke raful yadain ind ar-ruku waghaira' لعدم التاكيد 'مُشْعِرٌ'

[1] T: (مُشْعِر) Khabar dene waala, bataane waala, zaahir karne waala [RKT]

Imam Shafai ke yaha'n muakkadah na tha'. (Noor-us-Sabaah Fee Tark Raful Yadain Baad al Iftitaah: P29-30 [second edtion 1406])

Is par tabsara karte hue raaqim-ul-huroof ne likha tha:

"*Ye waaqia jaali aur safed jhoot hai. Shah Rafiuddin ka kisi waaqia ko baghaer sanad ke naql kar dena us waaqia ki sehat ki daleel nahi hai. Shah Rafiuddin aur Imam Shafai ke darmiyan kai sau saal ka faasla hai, jis mein musafiro'n ki gardane'n bhi toot jaati hain. Derwi Saahab ki zimmedaari hai ke wo is waaqia ki mukammal aur mufassal sanad pesh kare'n taake raawiyo'n ka sidq-o-kizb maaloom ho jaae. Isnaad deen mein se hain aur baghaer sanad ke kisi ki baat ki zarra baraabar haesiyat nahi hai*". (Noor-ul-Aynaen Fee Mas-ala Raful Yadain: P21 [first edition 1413h])

Abhi tak Derwi Saahab ya unke kisi saathi ne is mauzoo-o-mardood qisse ki koi sanad pesh nahi ki hai. (11 Jamaadil Oola 1427h)

Ye is baat ki daleel hai ke is man-ghadat qisse ki un logo'n ke paas koi sanad maujood nahi hai.

② Derwi Saahab likhte hain:

"*Hazrat Imam Abu Hanifa رحمہ اللہ tark-e-raful yadain par amal karte the aur usko Huzoor ﷺ ki sunnat qaraar dete the aur raful yadain karne waalo ko mana farmate the. Chunache Haafiz Ibne Hajar Lisaan-ul-Meezaan (V2 P322) mein likhte hain*: "*Qutaiba farmate hain ke maine Abu Maqaatil se kehte hue suna ke maine Imam Abu Hanifa ke pehlu mein namaz padhi aur main raful yadain karta raha, jab Imam Abu Hanifa ne salam pehra to kaha Abu Maqaatil shayad ke tu bhi pankho'n waalo'n se hain*". (Noor-us-Sabaah Fee Tark Raful Yadain Baad al Iftitaah: P31)

Abu Maqaatil Hafs bin Salam al-Samarqandi jamhoor mohaddiseen ke nazdeek majrooh hai. Ibne Adee, Ibne Hibban aur Jozjaani waghairahum ne us par jarh ki. (Al Kaamil: V2 P801; Al Majrooheen: V1 P256; Ahwaan ur Rijaal: 374)

Abu Nayeem al-Asbahani ne use Kitab uz Zoafa mein zikr kiya hai. (م52)

Haakim Nishapuri ne kaha:

حدث عن عبيدالله بن عمر و أيوب Is (Abu Maqaatil) ne Obaidullah bin

Umar, Ayyub Sakhtiyani aur Mas-ar waghairahum se mauzoo ahadees bayan ki hain. (Al Madkhal Ilaa as Sahih: P130-131 # 42)

السختياني و مسعر وغيره بأحاديث موضوعة...

Haafiz Zahbi ne kaha:

Wo (sakht) kamzor (raawi) hai. (Diwan az Zoafa: 1050)

واهٍ.

Jamhoor ki is jarh ke muqaable mein Mohaddis Khalili ki tauseeq mardood hai.

Saaleh bin Abdullah (at-Tirmizi) farmate hain ke ham Abu Maqaatil al-Samarqandi ke paas the, to wo wasiyyat-e-luqman, qatl-e-saeed bin jubair aur us jaisi lambi hadeese'n an (عن) Abi Shaddad se bayan karne laga. Abu Maqaatil ke bhatije ne usse kaha: "*Aye chacha! Aap ye na kahe'n ke hame'n Aun ne hadees bayan ki, kyounke aapne ye cheeze'n nahi sunee'n*". Usne kaha: "*Aye bete! Ye accha kalaam hai*". (Kitab-ul-Ilal lit Tirmizi Ma' Sunan: P892 [sanad sahih])

Maaloom hua ke ba-zom-e-khud ache kalaam ke liye Abu Maqaatil sanade'n ghadne se bhi baaz nahi aata tha. Aise kazzab ki riwayat Derwi Saahab bataur-e-istidlaal pesh kar rahe hain!!

③ Derwi Saahab ba-hawaala Ibne Abi Shaiba (V1 P160) likhte hain:

Hazrat Aswad aur Hazrat Alqamah iftitaah-e-salah ke waqt raful yadain karte the aur uske baad raful yadain ke liye na laut-te the.

عن جابر عن الأسود و علقمة أنهما كانن يرفعان أيديهما إذا افتتحا ثم لا يعودان.

Noor-us-Sabaah Fee Tark Raful Yadain Baad al Iftitaah: P47

Is ka raawi Jaabir al-Jofi jamhoor mohaddiseen ke nazdeek majrooh hai. Haafiz Ibne Hajar ne kaha:

Wo zaeef raafzi hai. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 878)

ضعيف رافضي.

Imam Abu Hanifa ne farmaya:

Maine Jaabir Jofi se ziyada jhoota koi

ما رأيت أحدًا أكذب من جابر الجعفي ولا

nahi dekha aur Ataa bin Abi Rabaah se ziyada afzal koi nahi dekha.

أفضل من عطاء بن أبي رباح.

(Al Ilal lit Tirmizi: P891 [sanad hasan])

Ba-zaat-e-khud Habibullah Derwi Saahab likhte hain: "*Jaabir bin Yazeed Jofi bahut jhoota aur shia khabees hai. Magar Ansari Saahab ne us bahut bade jhoote se bhi raful yadain ki riwayat Ar Rasaail P362, 364 wahgaira mein darj kardi hai, kyounke musalmano ko dhoka dena maqsood hai*". (Muqaddama Noor-us-Sabaah [tarqeemi]: P19 (Ye kitab muqaddama tul kitab se pehle hai)

Maaloom hua ke ba-qalam-e-khud jhoote ki riwayat pesh karke Derwi Saahab ne aam musalmano ko dhoka diya hai.

④ Derwi Saahab apne mamdooh Anwar Shah Kashmiri Deobandi (Al Urf ash Shazee (P487)) se naql karte hue likhte hain: "*Hazrat Imam Ahmad bin Hambal se riwayat ki gai hai wo farmate the ke jis masla par Imam Abu Hanifa aur Imam Abu Yusuf aur Imam Muhammad muttafiq ho jaae'n to uske khilaaf koi baat na suni jaae, kyounke Imam Abu Hanifa qiyaas ke ziyada maahir hain…*". (Noor-us-Sabaah: P32)

Kashmiri Saahab aur Derwi Saahab ki pesh-karda ye riwayat mahez be-sanad, be-asal aur man-ghadat hai.

Iske muqable mein Imam Ahmad farmate hain:

Abu Hanifa ki hadees zaeef hai aur uski raae (bhi) zaeef hai.

حديث أبي حنيفة ضعيف ورأيه ضعيف.

(Kitab uz Zoafa lil Uqaili: V4 P285 [sanad sahih])

Imam Ahmad apni mashoor kitab Al Musnad mein Imam Abu Hanifa ka naam lena bhi pasand nahi karte the. (Musnad Ahmad: V5 P257 H23415)

Imam Ahmad se Imam Abu Hanifa ki tauseeq-o-taareef qatan saabit nahi, balke jarh hi jarh saabit hai. Jiski tafseel meri kitab *Al Asaneed as Sahiha Fee Akhbaar al Imam Abi Hanifa* mein darj hai.

Qaazi Abu Yusuf ke baare mein Imam Ahmad farmate hain:

Aur main isse hadees bayan nahi karta.

وأنا لا أحدّث عنه.

(Tareekh-e-Baghdad: V14 P259 [sanad sahih]; Mahnaama al Hadees: Shumara 19: P51)

Muhammad bin al-Hasan ash-Shaibani ke baare mein Imam Ahmad farmate hain:

Main usse koi cheez (bhi) riwayat nahi karta.

لا أروي عنه شيئاً.

(Kitab-ul-Ilal wa Maarifa ar Rijaal lil Imam Ahmad: V2 P258 ت1862; doosra nuskha: 5329)

Imam Ahmad se kisi ne poocha ke ek ilaaqe mein do (2) qism ke log hain. Ek Ashab-ul-Hadees jo riwayate'n to bayan karte hain, magar sahih zaeef ke baare mein kuch nahi jaante. Doosre Ashaab ur Raae, jinki maarifat-e-hadees (bahut) thodi hai. Kisse masla poochna chaahiye? Imam Ahmad ne jawab diya:

Ashab-ul-Hadees se masla poochna chaahiye aur Ashaab ur Raae se nahi poochna chaahiye. Abu Hanifa ki raae se Zaeef-ul-Hadees (raawi) behtar hai.

يسأل أصحاب الحديث ولا يسأل أصحاب الرأي، ضعيف الحديث خير من رأي أبي حنيفة.

(Tareekh-e-Baghdad: V13 P449 (sanad sahih); Al Mahalla laa Ibne Hazam: V1 P68; As Sunnah li Abdullah bin Ahmad: P229)

Derwi Saahab aur tamaam aal-e-deoband se moaddabaana darkhwaast hai ke wo Kashmiri Saahab ki bayan-karda is riwayat ki sahih-o-muttasil sanad pesh kare'n.

⑤ Derwi Saahab likhte hain:

"*Imam Bukhari ke ustad Haafiz Abu Bakr bin Abi Shaiba apne Musannaf V1 P159 mein likhte hain*"

Hazrat Imam Sha'bi pehli takbeer mein raful yadain karte, phir uske baad na karte the. (Noor-us-Sabaah: P45)

عن أشعث عن الشعبي أنه كان يرفع يديه في أول التكبيرة ثم لا يرفعهما.

Is asar ka raawi Ash-at bin Sawaar jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef hai, lihaaza ye riwayat mardood hai.

Derwi Saahab ek riwayat ke baare mein ba-qalam-e-khud likhte hain: "*Phir iski sanad mein Ash-at bin Sawar al-Kindi al-Kufi hai, jo ind al-jamhoor zaeef hai (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V1 P352-354)*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P274-275)

⑥ Derwi Saahab likhte hain:

"*Ibne Juraij ek raawi hai, jisne 90 aurto'n se mutaa-o-zina kiya tha (Tazkiratul Huffaz liz Zahbi)*". (Noor-us-Sabaah: P18 [Muqaddama bi tarqeemi])

Ibne Juraij se ba-sanad-e-sahih 90 aurto'n (ya sirf ek aurat se bhi) mutaa karne ka koi suboot nahi hai.

Tazkiratul Huffaz (V1 P170-171 ت 167) ke saare hawaale be-sanad-o-mardood hain. Zina ka lafz Derwi Saahab ne khud ghad liya hai, jabke uske bar-khilaaf Tazkiratul Huffaz ki be-sanad-o-mardood riwayat mein 'تزوّج' ka lafz hai. (P 170)

Derwi Saahab ne ba-qalam-e-khud "*Mutaa-o-zina*" karne waale Ibne Juraij ko "*siqa*" likha hai. (Noor-us-Sabaah: P22)

Unho'n ne usi kitab mein Ibne Juraij ki riwayat se istidlaal kiya hai. (Noor us Sabaah: P22)

⑦ Derwi Saahab likhte hain:

"*Chunache Imam Bukhari ke ustad Haafiz Abu Bakr bin Abi Shaiba Musannaf V1 P160 mein likhte hain:*"

عن سفيان بن مسلم الجهني قال: كان ابن أبي ليلى يرفع يديه أول شيء إذا كبر.

Hazrat Abdur Rahman bin Abi Laila sirf ibtida mein raful yadain karte the, jab takbeer karte the. (Noor-us-Sabaah: P43)

Arz hai ke Sufyaan bin Muslim al-Johni bilkul naa-maaloom-o-majhool raawi hai, uski tauseeq kahee'n nahi mili. Aen mumkin hai ke ye kitaabat ya tabaa-at ki ghalati ho aur sahih lafz *Sufyaan an Muslim al-Johni* ho. Wallahu alam.

Muslim bin Saalim Abu Farwah al-Johni *sadooq* raawi hai. Lekin Sufyaan (Soori) mashoor mudallis hain, lihaaza us soorat mein bhi Sufyaan ki tadlees ki wajah se ye sanad zaeef-o-mardood hai.

⑧ Musannaf Ibne Abi Shaiba (V1 P160; hamaara nuskha: V1 P236 H2447) ki ek riwayat

‘...عن الحجاج عن طلحة عن خيثمة’ Naql karne se pehle Derwi Saahab jalee khat[1] se likhte hain: “*Hazrat Khaithma-tut-Taabai bhi raful yadain na karte the*”. (Noor-us-Sabaah: P48)

Arz hai ke is sanad mein Hajjaj ghair mutaiyyan hone ki wajah se majhool hai. Agar isse muraad Abu Bakr (bin Ayaash) ka ustad Hajjaj bin Irtaat liya jaae to uske baare mein Derwi Saahab khud likhte hain: “*Kyounke Hajjaj bin Irtaat zaeef aur mudallis aur kaseer-ul-khata aur matrook-ul-hadees hai*”. (Noor-us-Sabaah: P224)

Is ba-qalam-e-khud “*zaeef*” aur “*matrook-ul-hadees*” ki riwayat ko Derwi Saahab ne ba-hawaala Musnad Ahmad: V4 P3 bataur-e-daleel number 19 pesh karke istidlaal kiya hai. (Noor-us-Sabaah: P167-168)

Is tarah ki be-shumar misaale’n is baat ki daleel hai ke jo riwayat Derwi Saahab ki man-pasand hoti hai to wo usse istidlaal karte hain aur jo riwayat unki marzi ke khilaaf hoti hai, to us par jarh kar dete hain.

⑨ Derwi Saahab likhte hain:

“*Aur jab Hazrat Ali ﷺ Kufa tashreef laae aur Hazrat Ibne Masood ki taaleem aur mutaallimeen ko dekha to be-sakhta bol uthe:*”

أصحاب عبدالله سُوج هٰذا القرية.

Hazrat Abdullah ke shaagird to is basti ke chiraagh hain (Tabaqaat Ibne Saad: V6 P4).

(Noor-us-Sabaah: P50-51)

Ye riwayat Tabaqaat Ibne Saad (hamaara nuskha) (V6 P10) , aur Hilyatul Auliya (V4 P170) mein Maalik bin Mighwal an al Qaasim (bin Abdur Rahman) an Ali ﷺ ki sanad se marwi hai.

Qasim ghair mutaiyyan hai. Agar usse Qasim bin Abdur Rahman bin Abdullah bin Masood al-Masoodi ya Qasim bin Abdur Rahman Dimishqi muraad liya jaae to ye riwayat munqata hai, lihaaza mardood hai.

⑩ Syedna Abdullah bin Abbas ﷺ se ek tafseer mansoob hai. Ye saari ki saari tafseer mauzoo aur man-ghadat hai. Uski sanad mein Muhammad bin Marwan as-Suddi aur Muhammad bin as-Saaib al-Kalbi dono kazzaab

[1] T: (جَلی خَط) Waazeh khat, bade fonts mein likha hua [RSB]

raawi hain. (Dekhiye Mahnaama Al Hadees: Shumara 24 P50-54)

Is mauzoo tafseer se Derwi Saahab naql karte hain:

Aajizi-o-inkisaari karne waale jo daae'n aur baae'n nahi dekhte aur na wo namaz mein raful yadain karte hain.	مخبتون متواضعون لا يلتفتون يمينًا ولا شمالًا ولا يرفعون ايديهم فى اصلوٰة.

"*Qaraeen-e-kiraam Hazrat Ibne Abbas ﷺ ka ye fatwa unki marfoo riwwayat ke aen muwaafiq hai, jis mein raful yadain se mana kiya gaya hai*". (Noor-us-Sabaah: P72)

Ye ibaarat hamare nuskha mein P212 par hai.

Is tafseer ke raawi Suddi ke baare mein Derwi Saahab ke mamdooh Sarfarz Khan Safdar Deobandi likhte hain: "*Suddi kazzab aur wazza hai*". (Itmaam-ul-Burhaan: P455)

Sarfarz Khan Saahab mazeed likhte hain: "*Aap log Suddi ki "dum" thaame rakhe'n aur yehi aapko mubarak ho*". (Itmaam-ul-Burhan: P457)

Maaloom hua ke Syedna Ibne Abbas ﷺ se mansoob Sudee ki ye tafseer pesh karke Derwi Saahab ne Sudee kazzab ki "dum" thaamli hai!

(Tambeeh: Syedna Abdullah bin Abbas ﷺ se ye saabit hai ke aap shuru namaz, ruku se pehle aur ruku se sar uthaate waqt raful yadain karte the. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235 H2431 [sanad hasan]) Lihaaza ye mauzoo tafseer riwayat-e-sahabi ke amal muqable mein bhi mardood hai).

Ye 10 riwayaat bataur-e-naoomna pesh ki gai hain, taake aam musalmano ko bhi maaloom ho jaae ke Haafiz Habibullah Derwi Deobandi ne mauzoo-o-mardood riwayaat se istidlaal kiya hai aur man-ghadat riwayaat ko bataur-e-hujjat pesh kiya hai.

Derwi Saahab Ke Das (10) Jhoot

Ab Haafiz Habibullah Derwi Saahab ke 10 sareeh jhoot pesh-e-khidmat hain:

① Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Taa-ham phir bhi jamhoor ke yaha'n wo sadooq aur siqa hai*". (Noor-us-Sabaah: P164)

Derwi Saahab ka ye bayan saraasar jhoot par mabni hai. Iske bar-aks Boosiri farmate hain: 'ضعفه الجمهور' (Zawaaid as Sunan Ibne Majah: H854)

Tahaawi farmate hain:

مضطرب الحفظ جدًا.

Uske haafize mein bahut iztiraab hai.
(Mushkil-ul-Asaar: V3 P226)

Balke Derwi Saahab ke akaabir ulama mein se Anwar Shah Kashmiri Deobandi farmate hain:

فهو ضعيف عندي كما ذهب إليه الجمهور. (Faiz-ul-Baari: V3 P168)

Wo (ibne abi Laila) mere nazdeek zaeef hai, jaisa ke jamhoor ne use zaeef qaraar diya hai.

② Imam Yahya bin Maeen Imam Abu Hanifa ke baare mein farmate hain:

لايكتب حديثه.

Unki hadees na likhi jaae.

(Al Kaamil laa Ibne Adi: V7 P2437 (sanad sahih); doosra nuskha: V8 P236)

Ye qaul Maulana Irshad-ul-Haq Athari ne Tareekh-e-Baghdad (V13 P450) se naql karne ke baad Al Kaamil li-Ibne Adee (V7 P2473) ka hawaala diya hai. (Tazueeh-ul-Kalaam: V2 P633; [tabaa-e-jadeeda: P939])

Iska jawab dete hue Derwi Saahab likhte hain: "*Al Kaamil li-Ibne Adee mein Imam Ibne Maeen ki ye jarh manqool hi nahi, balke Imam-e-Aazam ka tarjuma V7 P2474 se shuru hota hai, ye Athari Saahab ka khaalis jhoot-o-be-imani hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P309)

Halaanke Imam Abu Hanifa ka tarjumah Kaamil Ibne Adee (V7 P2472) se

shuru hota hai, jo shakhs apni aankho'n se dekhna chahta hai wo hamare yaha'n aakar asal kitab dekh sakta hai.

Kaamil Ibne Adee ke muhawwala safhe par Imam Abu Hanifa par Imam Ibne Maeen ki jarh biaenihi manqool hai, lihaaza Derwi Saahab ba-zaat-e-khud jhoot aur …. ke murtakib hain.

③ Zaeef-o-mardood sanad ke saath Kaamil Ibne Adee mein Imam Nazar bin Shameel se marwi hai:

Abu Hanifa matrook-ul-hadees the, siqa nahi the.

كان أبو حنيفة متروك الحديث ليس بثقة

(V7 P2474; nuskha-e-jadeeda: V8 P238)

Ye zaeef-o-mardood qaul Maulana Athari Saahab ne ba-hawaala Kaamil Ibne Adee naql kiya hai. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P628; taba-e-jadeeda: P937)

Iske raawi Ahmad bin Hafs par jarh ki hai. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P628 [taba-e-awwal])

Is hawaale ke baare mein Derwi Saahab likhte hain:

"*Imam Nazar ka ye qaul al Kaamil Ibne Adee mein nahi hai. Ye Maulana Athari Saahab ka khaalis jhoot hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P310 [taba awwal 1423h edition])

Halaanke ye qaul Al Kaamil li-Ibne Adee ke dono nuskho'n mein maujood hai aur uska raawi Ahmad bin Hafs Majrooh hai.

④ Syedna Abdullah bin Masood ﷺ se mansoob ek zaeef riwayat mein aaya hai ke unho'n ne sirf takbeer-e-oola ke saath hi raful yadain kiya. Is hadees ke baare mein Derwi Saahab Maulana Ataullah Haneef Bhojiyaani ﷺ se naqal karte hain:

'ثم لم يعد' jumla ke suboot ke baare mein logo'n ne kalaam kiya hai aur qawi baat ye hai ke ye hadees beshak sahih-o-saabit hai Abdullah bin Masood ke tareeq se….

قوله ثم لم يعد تكلم ناس في ثبوت هٰذا الحديث والقوي أنه ثابت من رواية عبدالله بن مسعود….

(Noor-us-Sabaah: P27 ba-hawaala At Taaliqaat as Salafiyya: V1 P123)

Ye riwayat At-Taaliqaat as-Salafiyya V1 P123 Hashiya: 4 mein ba-hawaala 'س' yaane Hashiya as-Sindhi alaa Sunan Nasai manqool hai aur

yehi ibaarat Hashiya as-Sindhi mein is tarah likhi hui hai. (V1 P158)

Derwi Saahab ne Sindhi ka qaul Bhojiyani ke zimme laga diya hai, jo-ke sareeh jhoot aur khiyaanat hai.

⑤ Derwi Saahab likhte hain:

"*Chunache sahih sanad se saabit hai ke Hazrat Abu Qataada ﷺ ki namaz-e-janaza Hazrat Ali ﷺ ne padhaai hai, dekhiye Musannaf Ibne Abi Shaiba: V4 P116; Sharah Maani-ul-Asaar: V1 P239; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V4 P36; Tareekh-e-Baghdad: V1 P161; Tabaqaat Ibne Saad: V6 P9*". (Noor-us-Sabaah: P209)

Arz hai ke is riwayat ke raawi Musa bin Abdullah bin Yazeed ki Syedna Ali ﷺ se mulaqaat saabit nahi hai.

Imam Bayhaqi ye riwayat naql karne ke baad likhte hain:

وهو غلط. Aur ye ghaalt hai. (Sunan Kubra: V4 P36)

Ghalat riwayat ko sahih sanad keh kar pesh karna bahut bada jhoot hai.

⑥ Derwi Saahab likhte hain:

"*Chunache Imam Abu Haatim, Imam Bukhari ko matrook-ul-hadees qaraar dete hain (Muqaddama Nasbur Raaya: P58)*". (Noor-us-Sabaah: P157)

Muqaddama Nasbur Raaya ho ya Kitab-ul-Jarh wa Taadeel, Kisi kitab mein bhi Imam Abu Haatim ar-Raazi ne Imam Bukhari ko 'متروك الحديث' nahi kaha. 'ثم تركا حديثه' ko 'متروك الحديث' bana dena Derwi Saahab ka siyaah jhoot hai.

Tambeeh: Choonke Abu Haatim ar-Raazi aur Abu zurah ar-Raazi dono ne Imam Bukhari se riwayat ki hai. Dekhiye Tehzeeb-ul-Kamaal (V16 P86-87) lihaaza 'ثم تركا حديثه' waali baat mansookh hai.

⑦ Derwi Saahab likhte hain: "*Dono sanado'n mein al-Auzaai bhi mudallis hai aur riwayat an* (عن) *se hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P313)

Arz hai ke kisi ek mohaddis se bhi saraahatan Imam Auzaai ko mudallis kehna saabit nahi hai.

⑧ Derwi Saahab likhte hain:

"*Lekin iski sanad mein Abu Amr al-Harshi majhool hai aur…*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P273)

Gharz hai ke Abu Amr-o-Ahmad bin Muhammad bin Ahmad bin Hafs bin Muslim an-Nishapuri al-Hameeri al-Harshi ke baare mein Haafiz Zahbi ne kaha: 'الحافظ الإمام الرحال'.

Aur Az Zehli se naql kiya ke:

أبو عمرو حجة.

Abu Amr hujjat hai. ((Tazkiratul Huffaz: V3 P798-799 ت 788))

Aise mashoor imam ko zamana tadween-e-hadees ke baad Derwi Saahab ka majhool kehna baatil aur mardood hai.

⑨ Saeed bin Ayaas al-Jareeri ek raawi hain, jo aakhri umr mein ikhtilaat ka shikaar ho gae the. Unke shaagirdo'n mein ek Imam Ismail bin alae bhi hain, jinke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Jabke uska shaagird yaha'n Ibne Alaeh hai wo qadeem us samaa' nahi*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P162)

Arz hai ke (Ibrahim bin Musa bin Ayyub) al-Ibnaasi (D 802h) farmate hain:

وممن سمع منه قبل التغير شعبة و سفيان الثوري والحماد ان وإسماعيل بن علية....

Aur us (al-Jareer) ke ikhtilaat se pehle Shu'ba, Sufyaan Soori, Hammad bin Zaid, Hammad bin Salama aur Ismail bin Alae … ne suna hai.

(Al Kawaakib un Niraat fee Maarifa Min Akhtalat Minar Ruwaat as Siqaat: P36; Nuskha mohaqqiqah: P183; neez dekhiye Hashiya Nihaya al Aghtibaat Biman Ramee Min ar-Ruwaat bil Ikhtilaat: P129-130)

Lihaaza Derwi Saahab ka bayan jhoot par mabni hai.

⑩ Sajdo'n mein Raful Yadain ki ek zaeef riwayat Saeed (bin Abi Urooba) se marwi hai, jo-ke naasikh ya kaatib ki ghalati se As Sunan as-Sughra lin-Nasai ke nuskho'n mein Shu'ba ban gaya hai.

Uske baare mein Anwar Shah Kashmiri Deobandi farmate hain: "*Shu'ba*

ka Nasai ke andar maujood hona ghalat hai, jaisa ke Fathul Baari ki ibaarat se maaloom hota hai…". (Noor-us-Sabaah: P230)

Uske baad jawab dete hue Derwi Saahab likhte hain: "*Magar Allama Kashmiri ka Haafiz ibne Hajar ke baare mein ye husn-e-zan sahih nahi hai, kyounke jis tarah Shu'ba Nasai mein maujood hain, is tarah Sahih Abu Awaana mein bhi maujood hain. Maaloom hua ke Shu'ba ka zikr na to Nasai mein ghalat aur na Sahih Abu Awaana mein, balke ye Haafiz Ibne Hajar ﷺ ka wahm hai aur Allama Syed Kashmiri ka niraa husn-e-zan hai…*". (Noor-us-Sabaah: P230)

Arz hai ke: 'عن قتادة عن نصر بن عاصم عن مالك بن الحويرث (شعبة)'. (Nasai: 1086)

Waali riwayat, jis mein sajdo'n mein raful yadain ka zikr aaya hai, Musnad Abi Awaana mein is matan ke saath maujood nahi hai. (Musnad Abi Awaana: V2 P94-95)

Lihaaza is bayan mein Derwi Saahab ne Musand Abi Awaana par sareeh jhoot bola hai.

Derwi Saahab ke bahut se akazeeb-o-iftra-aat mein se ye 10 jhoot bataur-e-namoona pesh kiye gae hain.

Derwi Saahab Ki Chand Badd-akhlaaqiyaa'n!

Aaakhir mein Derwi Saahab ke akhlaqi kirdaar ke chand hawaale pesh-e-khidmat hain, jin se unki baatini shakhsiyat ayaan ho jaati hai.

① Jamhoor mohaddiseen ke nazdeek *sadooq* wa *hasan-ul-hadees* raawi aur Imam Abu Hanifa ke ustaad taabai-e-sagheer Muhammad bin Ishaq bin Yasir al-Madani ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Is sanad mein an* (عن) *Abi Ishaq dar-asal Muhammad bin ishaq hai, jo-ke mashoor dalla hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P117)

Har koi jaanta hai ke Punjabi, Pashto aur Urdu zuban mein *dalla* bahut badi gaali hai. Iski wazaahat ke liye lughaat ki taraf rujoo kiya ja sakta hai. Aise gande aur bazaari alfaaz ki tashreeh ke liye mah-naama Al Hadees ke auraaq ijaazat nahi dete.

② Derwi Saahab likhte hain: "*Imam Tirmizi ne Aimma Kiraam ﷺ ke maslak ko khalat-malat kar diya hai. Jiski wajah se Allama Aeni jaisa shakhs bhi patri se utar gaya hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P23)

③ Ameer-ul-Momineen fil-Hadees Imam Bukhari ke baare mein Derwi Saahab mote qalam se likhte hain: "*Hazrat Imam Bukhari Ki be-chaeni*". (Noor-us-Sabaah: P154)

④ Imam Abu Bakr al-Khateeb Baghdadi ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Khateeb Baghdadi ajeeb aadmi hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P153)

⑤ Mashoor siqa Imam Bayhaqi ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Qaraeen-e-Kiraam is ibaarat mein Hazrat Imam Bayhaqi ne zabardast khayaanat ka irtikaab kiya hai…*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P132)

⑥ Mashoor siqa Imam Daraqutni ke baare mein Derwi Saahab ne likha hai: "*Jisse Daraqutni ki asbiyyat-o-na-insaafi zaahir hoti hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P306)

⑦ Mashooor Imam Mohzab aur 'الحافظ الإمام العلامة الثبت' Abu Ali an-Nishapuri ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Abu Ali al-Haafiz zaalim hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P304)

⑧ Abdul Hai Luckhnawi (hanafi) ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Maulana Abdul Hai Luckhnawi ka ibaraat mein tehreef karna aur ahnaaf ko nuqsaan pohonchana aam aadat sharifa hai…*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P46)

⑨ Habib ur Rahman Aazmi (deobandi) ke baare mein Derwi Saahab likhte hain: "*Maulana Habib ur Rahman Aazmi to ajeeb khabt*[1] *mein pade ke…*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P72)

⑩ Mashoor Ahle Hadees aalim Maulana Irshad-ul-Haq Athari hafizahullah ke baare mein Derwi Saahab apni makhsoos zuban mein likhte hain: "*Jisse saabit hua ke Athari Saahab jaanne ke bawajood gandagi ko chaatne ke aadi hain*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P105) Derwi Saahab mazeed likhte hain: "*Athari Saahab Ma'mar* (معمر) *ki dushmani*

[1] T: (خَبْط) Wahem, mughaalata, uljhaao [RKT]

mein (itna) andha ho gaya hai, ke hosh kho baitha hai". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P121)

Asri Saahab ke baare mein ek jagah Derwi Saahab apni "*Sharafat*" ka in alfaaz mein muzaahara karte hain: "*Kaash zaalim insaan tujhe maa ne na jana hota*". (Tauzeeh-ul-Kalaam Par Ek Nazar: P203)

Aap ne Derwi Saahab ki kizb-nawaazi, akazeeb aur "sharifaana" tehreer dekhli hai, jisse Haafiz Habibullah Derwi Hayati Deobandi ka muqaam-o-martaba waazeh ho jaata hai.

وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ.

(11 Jamadil Oola 1427h)

Sarwar-ul-Aynaen Par ek Nazar

Haafiz Nadeem Zaheer

الحمد لِلّٰه رب العالمين والصلٰوة والسلام علٰى رسوله الأمين، أما بعد:

Haal hi mein Haafiz Habibullah Derwi Deobandi ne ustaaz-e-mohtaram Haafiz Zubair Ali Zai hafizahullah ki kitab "*Noor-ul-Aynaen Fee Masla Raful Yadain*" ka jawab dene ki saee-e-laa-haasil[1] ki hai. Kyounke Derwi Saahab ne jin baato'n ko buniyad banaaya hai, wo marju (rujoo-shuda) ya kitaabat ki ghalatiya'n hain. Isse qabl ke ham Derwi Deobandi ki tehreer ka jaaeza le'n, chand baate'n malhooz rakhna zaroori hai:

① Fazeelatush Shaikh Haafiz Zubair Ali Zai hafizahullah ne ba-qaaeda elaan kar rakha hai ke: "*Meri sirf wohi kitab motabar hai, jiske har edition ke aakhri mein meri dastakhat ma' tareekh maujood ho'n, is shart ke baghaer kisi shaya-shuda kitab ka main zimmedaar nahi hoo'n*". (Al Qaul-ul-Mateen Fil Jahar bit Tameen: P12 (first edition Jan 2004); second edition: P19 (Jun 2007); Mahnaama Al Hadees: Shumara 27: P60; Nasar-ul-Baari Fee Tehqeeq Juz al Qiraa-at lil Bukhari: P41 [first edition Apr 2005; second edition Sep 2006])

② Ustaaz-e-mohtaram hafizahullah ne Noor-ul-Aynaen taba jadeed P14 par likha hai: "*Iska yehi jadeed edition motabar hai*", neez raaqim-ul-huroof ne bhi muqaddama-e-kitab mein likha hai ke "*Is edition mein saabiqa tasaamoh*[2] *waghaira ki tasheeh aur baaz ki wazaahat bhi kardi gai hai…. ab yehi edition motabar hai*". (Noor-ul-Aynaen: P12 (taba jadeed); Mahnaama Al Hadees: Shumara 23 P58)

③ Taqriban July 2006 ko Derwi Saahab apne bete aur saathiyo'n ke hamrah Maktaba-tul-Hadees Hazro, Zila Atak aae aur ustaaz-e-mohtaram Hafizahullah se mulaqaat ki, dauran-e-guftagu mein Fazilatush Shaikh Haafiz Zubair Ali Zai (hafizahullah) ne Derwi Saahab se poocha: "*Suna hai ke aapne Noor-ul-Aynaen ka jawab likh rahe hain?*" Derwi Saahab ne kaha: "*Ji haa'n!*", to ustaaz-e-mohtaram ne farmaya: "*Jawab likhte waqt is kitab ke jadeed edition ko pesh-e-nazar rakhe'n, kyounke ab yehi edition motabar hai*".

---

[1] T: (سَعْی لا حاصل) Be-faaeda mehnat, koshish ka natija na milna [RSB]

[2] T: (تَسامُح) Bhool-chook, sahoo [RKT]

Lekin iske bawajood Derwi Saahab ne un tamaam baato'n ko bhi buniyad banaaya jin se baaqaaeda elaan ke zariye rujoo kiya ja chuka hai.

Is amal ke irtikaab se bechaare Derwi apni hi tehreer ki roo se khaain-o-mulabbas[1] thehre.

Derwi ne khud likha hai ke: "*Kitni zabardast jasaarat hai aur khiyaanat-o-talbees hai ke jo risaala mansookh hai, uska musannif is amal se rujoo kar chuka hai, uski tasheer ki jaarahi hai*

Suni Hikaayat Hasti To Darmiyan Se Sunee – Na Ibtida Ki Khabar Hai, Na Intiha Maaloom". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P24)

Maaloom hua ke rujoo-shuda baat ki tasheer Derwi ke nazdeek khiyaanat-o-talbees hai.

Lo Aap Apne Daam Mein Saiyyaad Aagaya!

Ab dekhiye Derwi Saahab kitne bade khaain aur talbees se kaam lene waale hain.

Derwi Saahab likhte hain: "*fa-lihaaza Zubair Ali Zai ka jhoot zaahir ho gayaa ke Haafiz Salahuddin ne Sufyaan Soori ko tabqa saalisa mein shumaar kiya hai*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P240)

Tajziya: Halaanke Ustaaz-e-Mohtaram Haafiz Zubair Ali Zai (hz) ne Noor-ul-Aynaen (3rd edition, March 2004, P123) par do-tok alfaaz mein wazaahat farmai ke: "*Haafiz al Elaai ka yaha'n zikr mera waham tha, sahih ye hai ke ye Imam Haakim ka qaul hai. Alhamdulillah*".

Lekin Derwi Saahab musir hain ke ye Haafiz Zubair Ali Zai ka jhoot hai. Derwi Saahab aap apni tehreer ki roo se khaain-o-mulabbas saabit ho chuke hain.

Tambeeh: Haafiz al Elaai ke qaul se Imam Haakim ka qaul ba-darjaha behtar hai, lihaaza daleel aur ziyada mazboot ho gai hai. Yaad rahe ke Sarfaraz Khan Safdar Deobandi ne Imam Haakim ko ba-hawaala Haafiz

[1] T: (مُلَبَّس) Muzaiyyan, aaraasta [RKT] Yahan mafhoom hai ke khiyaanat aur fareb se aaraasta aur muzaiyyan thehre [RSB]

Zahbi "*Al Imam al Haafiz al Hujjah*" likha hai. Dekhiye Ahsan-ul-Kalaam: V1 P232. Lihaaza Imam Haakim par Derwi ki neesh-zani mardood hai. Ab Derwi Saahab ki ek doosri tehreer ki taraf tawajjo mabzool karaata hoo'n, sahayad ke apne kiye par naadim hokar tauba kar le'n!

Derwi ne likha hai: "*Ghalat-bayani aur talbees gunah hai, usko aap gunah samjhenge to ye marz zaael ho sakta hai, warna ziyada musibat mein mubtala ho jaaoge*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P44)

Derwi Saahab ne mazeed likha hai ke: "*Maulana Zubair Ali Zai farmate hain Sufyaan Soori Ahad-ul-Allaam Ilman-o-Zahidan* 'احد الاعلام علماً و زهداً' *(Al Kashif: V1 P300) Sahih Bukhari-o-Sahih Muslim ka raawi hai (Taqreeb) Tabqa Saniya ka Mudallis hai, jiski tadlees muzir nahi,* 'الا اذا ثبت والله اعلم' *(Tabaqaat-ul-Mudalliseen ka mutaala-a kare'n) (Jurabo'n Par Masah: P40 Jamaa-o-Tarteeb Abdur Rasheed Ansari First Edition)*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P241)

Tajziya: Yaha'n bhi Derwi ne apni saabiqa rawish bar-qarar rakhi, kyounke ustaaz-e-mohtaram hafizahullah is ibaarat se bara-at ka elaan farma chuke hain, jo-ke chapkar logo'n ke yaha'n aam ho chuka hai. Fazeelatush Shaikh Haafiz Zubair Ali Zai hafizahullah likhte hain: "*Sufyaan Soori ke baare mein raajeh yehi hai ke wo mudallis hain aur zoafa waghairahum se tadlees karte the, lihaaza unki ghair sahihain mein mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat, adm-e-mutaaba-at-o-adm-e-tasreeh-e-asma ki soorat mein zaeef-o-mardood hoti hai. Haafiz Ibne Hajar ka unhe tabqa saniya mein shumaar karna sahih nahi, balke wo tabqa salisa ke fard hain*".

Neez Shaikh Saahab likhte hain: "*Yaad rahe ke Abdur Rasheed Ansari Saahab ke naam mere ek khat 19-8-1408h mein Sufyaan Soori ke baare mein ye likha gaya tha: "Tabqa saniya ka mudallis hai, jiski tadlees muzir nahi hai (Jurabo'n Par Masah: P40)" Meri ye baat ghalat hai, main usse rujoo karta hoo'n, lihaaza use mansookh-o-kal-adm samjha jaaega*". (Mahnaama Shahadat, Islamabad: April 2003 Safar 1424h P39)

Derwi Ji! Aapko to apni baat ka bhi paas nahi, "*mansookh-o-kal-adm*" ki tasheer ko khaain-o-talbees samajhte hain aur use khud kar bhi guzarte hain. Talbees ko gunah jaante hain, lekin khud us gunah ko baar-baar

karte hain. Yaha'n Derwi ka hi intikhaab chaspaa'n karne ko mann chaah raha hai. "*Be-haya Baash-o-Har Aa'ncha Khwahi Kun*".[1]

Jis mein birhan ka ghar dooba
Us saawan ko aag lagaado

Derwi Ne Taaruz Number 1: ke tahat likha hai: "*Maulana Zubair Ali Zai Saahab tehreer karte hain, Maulana Sarfaraz Deobandi waghairahum ne bhi Muhammad bin Ishaq ki tauseeq ki hai*". Neez likha hai: "*Is baat ki tardeed behtar hai ke Maulana Zubair Ali Zai Saahab ke qalam se mulahaza farmaai jaae, Maulana Ali Zai Saahab likhte hain gharz jamhoor ulama Muhammad bin Ishaq ko siqa kehte hain, magar sarfaraz and party barabar kazza- kazzab ki rat laga rahi hain*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P247)

Tajziya: Is ibaarat se Derwi Saahab ye taassur dene ki koshish kar rahe hain ke ye Fazilatush Shaikh Hafiz Zubair Ali Zai (hz) ka taaruz hai, halaanke isse to saaf Sarfaraz Khan Safdar ka taaruz maaloom hota hai ke ek jagah Muhammad bin Ishaq ki riwayat se istidlaal karte hain (dekhiye Taskeen us Sudoor: P340 waghaira) aur doosre muqaam (Khazaain us Sunan: Hissa 1 P61; Ahsan-ul-Kalaam: V2 P84) par isi Muhammad bin Ishaq ko kazzab-o-dajjal qaraar dete hain. (Khjazaen us Sunan: Hisa 1 P61; Ahsan-ul-Kalaam: V2 P84)

Ab bataaiye taaruz kiska hai?
Deedah kor ko kya aae nazar kya dekhe

Derwi ne likha hai: "*Maulana Zubair Ali Zai Saahab likhte hain:*"

Jhoot To Wo Log Banaate Hain Jin ko Yaqeen Nahi Allah Ki Baato'n Par Aur Wohi Log Jhoote Hain.

وَالَّذِيْنَ.
(Surah Namal 16: 105)
(Tadad-e-Rakat Qiyaam-e-Ramzan: P36)

"*Ab Maulana Haafiz Zubair ne ye baat Surah-an-Naml 16: 105 se pesh ki hai, jo bilkul jhoot hai, Surah-an-Naml ki kul ayaat 93 hain, to is Surah ki ye 105th aayat kaise ho sakti hai*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2: P248)

Tajziya: Composing ki us ghalati ko Derwi ne jhoot tasawwur kiya hai,

[1] T: 'بِےحیا باش و ھر آنچہ خواھی کن' Be-sharam banoa ur jo chaahe karo [RSB]

halaanke ye sareehan composing ki ghalati hai, jo Nahl ke bajaae Naml likha gaya hai, hamare paas uski qalmi asal maujood hai, us mein bhi Nahl likha hua hai (P1) Doosre ye ke Tadaad-e-Rakat Qiyaam-e-Ramzan ke usi edition mein P46 par yehi aayat ba-hawaala Surah-an-Nahl maujood hai. Teesre ye ke tarjuma ba-hawaala tafseer-e-usmani naql kiya gaya hai aur uska safha bhi darj hai, jo-ke dalaalat karta hai ke ye Surah-an-Nahl hi hai, jo composing ki ghalati se Surah-an-Naml likha gaya. Chauthe ye ke Derwi khud motarif hai ke: "*likhne mein ya padhne mein bhoole se ghalati waaqe ho sakti hai, aisi ghalati to bade-bade hazraat se bhi ho jaati hai*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P43) Paachwee'n ye ke agar composing ki ghalati ko jhoot tasawwur kiya jaae to shayad roo-e-zameen par Derwi se bada kazzab aur koi na ho, apni usi taaza kitab Noor-us-Sabaah: Hissa 2 ko hi dekh le'n, P3 par likha hua hai: *Raful Yadain Ban Sajdatain* 'رفع اليدين بن السجدتين', P5 par 'جابر بن سمره' ke bajaae 'ثمره' likha hua hai. Halaanke ye composing Derwi ne (composer) ke saath baith kar karaai hai. (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P10) Khud paas baethne ke bawajood ghalatiyo'n ka ye aalam hai aur doosro'n ko composing ki ghalati ki wajah se jhoota qaraar de rahe hain!!

Jo Chaahe Aapka Husn-e-Karishma Saaz Kare.

Derwi Ki Jahalate'n

Derwi ne apni kitab (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P49-50) mein taqriban 4 martaba "*Abul Arab*" ko "*Abul Gharab*" likha hai aur apni jahalat ki mazeed wazaahat "*Imam Maghrabi (Abul Gharb)*" likh kar ki hai. Ye Abul Gharb kya hai? Ye aisa parda hai, jo ilm ke zariye se hate ga aur Derwi ke yaha'n ilm ka fuqdaan hai.

Yehi Derwi Saahab apni jahalat ka suboot doosre muqaam par is andaaz se dete hain: "*Allama Zahbi tarjuma Hisham bin Saad mein farmate hain:* 'فالجمهور على انه لا يحتج بهما' *(Meezaan: V4 P296)*". (Tauzeeh-ul-kalaam Par Ek Nazar: P291)

Halaanke sahih Hisham bin Hissaan hai, jise Derwi ne Hisham bin Saad bana diya hai, yaha'n bhi Derwi ka intiqaam yaad aaraha hai.

Gul Gae Gulshan Gae Jangar Dhatoore Reh Gae

Udh Gae Daana Jaha'n Se Be-shuoor Reh Gae

Ise Derwi Saahab ki jahalat kahe'n ya Derwi qaaede ke mutaabiq jhoot, dono soorato'n mein Derwi Saahab ki shakhsiyat pehchaanne mein mushkil na hogi.

Muharrif Kaun?

Derwi ne likha: "*Haafiz Zubair Ali Zai Saahab tehreer karte hain:*"

Hazrat Uqba bin Aamir ne farmaya Namaz mein jo shakhs ishaara karta hai, use har (masnoon) ishara ke badle ek ungli par ek neki ya ek darja milta hai.

عقبة بن عامر الجهنى يقول انه يكتب فى كل اشرة يشيرها الرجل بيده فى الصلوة بكل حسنة او درجة.

(Tabrani Kabeer: V17 P297)

"*Usme ek lafz Ali Zai Saahab kha gae hain, wo tha "بكل" ke baad "اصبعين".*
(Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P250-251)

Tajziya: Derwi Saahab ki mazkoora ibaarakat ka tajziya darj-e-zel hai:

① Noor-ul-Aynaen ke pehle 3 edition mein lafz 'اصبع' composing ki ghalati se reh gaya tha. Hamare paas Noor-ul-Aynaen ka qalmi asal maujood hai. Use mein 'اصبع' ka lafz maujood hai, alhamdulillah, neez tarjuma mein 'اصبع' ka tarjuma ungli kiya gaya hai. Isse bhi maaloom hota hai ke ye composing ki ghalati hai. Jo shakhs composing ki ghalati ko tehreef ya jhoot qaraar de, wo ahmaq-tareen hai. Is silsila mein saabiqa safhaat par kaafi kuch likha ja chuka hai.

② Alaawa-azee'n Noor-ul-Aynaen ke jadeed edition (P182) mein iska izaala bhi kar diya gaya hai, lekin iske bawajood Derwi ka ise tehreef zaahir karna, uske apne qaul ke mutaabiq khiyaanat-o-talbees hai. Derwi Saahab ne is composing ki ghalati ko tehreef bana diya hai. Lekin apne deobandiyo'n ki tehrifaat se sarf-e-nazar kar jaate hain! Jinho'n ne na quran-e-majeed ka lihaaz rakha aur na ahadees hi ka. Derwi Saahab! Surah Nisa ki ayat 59, Musannaf Ibne Abi Shaiba aur Sunan Abu Dawood mein tehreef karne waale kaun hain?

Hame'n Yaad Hai Sab Zara-zara
Tumhe'n Yaad Ho Ke Naa Yaad Ho

Derwi Ki Tehreef

Derwi ne likha hai: "*Usme ek lafz Ali Zai Saahab kha gae hain, wo tha 'بکل' ke baad 'اصبعین' yaane har-do ungliyo'n ke ishare par ek neki ya darja milta hai. Ab do (2) ungliyo'n ka ishaara kaise hoga*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P251)

Tajziya: Hadees mein 'اصبع' ka lafz hai. Dekhiye Mojam-ul-Kabeer (V17 P297) waghaira, lekin Derwi ne apne mafaad ki khaatir lafz-e-'اصبع' ko 'اصبعین' bana diya jo saraasar tehreef hai aur phir badi dhitaai se uska tarjuma bhi yaane "*har-do ungliyo'n ke ishare*" kiya hai.

Ham Ilzam Unko Dete The Qusoor Apna Nikal Aaya

Jab dalaael saath na de rahe ho'n, to phir Derwi jaise shakhs isi tarah ki harkaat se apni awaam ko tifl tasalliyaa'n[1] dete hain! Balke poori millat-e-deobandiya isi tariqa par karband hai.

Derwi Saahab Aur Ibne Lahya

Derwi Saahab likhte hain: "*Iski sanad mein Abdullah bin Lahya ek raawi hai jo sakht zaeef-o-mudallis-o-mukhtalat-ul-hadees hai*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P252)

Derwi Saahab ne Ibne Lahya ko "*sakht zaeef*" likha hai. Jis bina par bechare apno'n ke hi ataab ki zadd mein aagae, chunache Syed Mehdi Hasan Shahjahanpuri Deobandi Ibne Lahya ki ek riwayat ke baare mein likhte hain: "*pas tareeq-e-mazkoor ko zaeef kehna zaeefo'n ka kaam hai*". (Majma' Rasaail V1 P323; Elaa as Sunan az Zafar Ahmad Thanwi Deobandi: V1 P445-448)

Ye hai Derwi Deobandi par Shahjahanpuri Deobandi ka fatwa! Yaane Shahjahanpuri ke nazdeek Derwi Saahab zaeef hain.

Ghar Ko Aag Lag Gai Ghar Ke Chiragh Se

[1] T: Aesi tasalli dena jo baccho'n ko di jaati hain [RSB]

Khalat-e-Mabhas Aur Hat-Dharmi

Ustaaz-e-Mohtaram hafizahullah ne Hadees-e-Uqba bin Aamir ؓ ke mafhoom ke tahat Imam Ahmad bin Hambal aur Imam Ishaq bin Rahwiya ؒ ke aqwaal naql kiye, taake awaam par waazeh ho jaae ke un aimma kiraam ke nazdeek bhi is hadees se muraad ruku ko jaate aur uthte waqt raful yadain hai. Lekin Derwi ne khalat-e-mabhas[1] se kaam lete hue likha ke "*Imam Ahmad bin Hambal -o-Imam Ishaq bin Rahwiya ki be-sanad qaul se Hazrat Uqba ؓ ke asar ko raful yadain ind ar-ruku par fit karna sahih nahi, kyounke un do (2) imamo'n-o-Hazrat Uqba ؓ ke darmiyan saekdo'n saalo'n ka faasla hai*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P254)

Tajziya: Halaanke ye qaul hadees ki diraayat (sharah) mein pesh kiye gae hain, na ke riwayat mein aur un dono qaulo'n ki sanade'n sahih hain, lekin Derwi Saahab apne jhoot ko chupaane ke liye apni aadat se majboor aur hat-dharmi ka shikaar hain.

Mazkoora ibaarat ka faisla Derwi ki hi tehreer se ba-asaani ho sakta hai. Chunache Derwi ne likha hai: "*Haafiz Ibne Hajar Hazrat Uqba ؓ ke asar ko takbeer-e-ehraam ke waqt maante hain, jabke ye hazraat raful yadain ind ar-ruku par fit kar rahe hain*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P251)

Ji Derwi Saahab! Kya Haafiz Ibne Hajar ki mulaqaat Syedna Uqba bin Amir ؓ se saabit hai? Kya aap ye qaul muttasil sanad ke saath bayan kar rahe hain? Kya aap ko ab Ibne Hajar aur Syedna Uqba ؓ ke darmiyan saikdo'n saalo'n ka faasla nazar nahi aaya?

Be-hayaa Baash Wahar Aanche Khwaahi Kun

Yaad rahe ke Haafiz Ibne Hajar ka hadees-e-Uqba ؓ ko mazkoora baab ke tahat bayan karne se fazeelat-e-raful yadain maqsood hai, na ke takbeer-e-ehraam ke saath takhsees! Kyounke khud Haafiz Ibne Hajar ne is riwayat ko At-Talkhees-ul-Habeer (V1 P220) mein raful yadain ind ar-ruku wa baad ki bahes mein naql kiya hai.

[1] T: (خَلْطِ مَبْحَث) Ghalati se ya mughalate ke liye mauzoo (topic) se hat jaane ya use uljha dene ka amal [RKT]

Derwi Ki Khiyaanat

Derwi ne likha hai: "*Allama Zahbi ka Rujoo: Siyaar A'laam an-Nubala: V10 P267 mein ek riwayat naql karne ke baad farmate hain:*"

Aaram ne ye baat us waqt kahi jab iska aql zaael ho gaya tha.

ان عارماً قال هذا وقد زال عقله.

(Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P260)

Tajziya: Mazkoora ibaarat mein Derwi ne bahut badi khiyaanat ka irtikaab kiya hai, kyounke ye ibaarat Allama Zahbi ki hai hi nahi, lekin Derwi ne ise Allama Zahbi ke saath jod diya, joke bahut badi khiyaanat hai.

Derwi Saahab jis ibaarat ko Allama Zahbi ki ibaarat qaraar de rahe hain wo Abu Obaid al-Aajiri ki ya Abu Dawood se mansoob hai. Dekhiye Tehzeeb-ul-Kamaal (V17 P155) aur Sawalaat Abu Obaid al-Aajiri (Qalmi 4/ alwarqa 11; Al Jaame Fee al Jarh wa Taadeel: V3 P67)

Qaraeen-e-Kiraam! Jo shakhs khaain, mulabbas aur mohrif ho, uska deen mein kya muqaam hoga? Aur uski tehreer ki kya haesiyat hogi? Iska faisla ab aap behtareen tariqe se kar sakte hain.

Derwi jaise hazraat jo itne safhaat siyaah kar daalte hain sirf is liye ke awaam mein apni "*daawa-dol*" saakh ko bahaal rakh sake'n ya phir "*Badnaam Na Honge To Kya Naam Na Hoga"* ke usool par amal-paera hain. 'اللهم اهد هم' (Aye Allah unhe'n hidaayat ataa farma).

Derwi Ka Sahih Bukhari Par Hamla

Derwi ne likha hai: "*Abu an Noman Muhammad bin Fadhal as-Sadoosi ki munkar raiwayaat khud Bukhari Shareef mein maujood hain*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P256)

Derwi Saahab qeel-o-qaal ke zariye se Sahih Bukhari ki sehat ko mashkook banaana chahte hain. Lekin Derwi ke is amal ne Derwi ko hi mashkook bana diya hai.

Dono Aalam Se Dil-e-Muztar Tujhko Kho Diya
Ho Gai Iski Badaulat Aabro Paani Teri

Aal-e-deoband ke tasleem shuda buzurg Shah Waliullah Dehelwi

farmate hain: "*Sahih Bukhari aur Sahih Muslim ke baare mein tamaam mohaddiseen muttafiq hain ke un mein tamaam muttasil aur marfoo ahadees yaqinan sahih hain. Ye dono kitabe'n apne musannifeen tak bit-tawaatur pohonchti hain. Jo unki azmat na kare wo bidati hai jo musalmano ki raah ke khilaaf chalta hai*". (Hujjatulla al-Baaligha: V1 P134 (Arabic); V1 P242 (Urdu) Tarjuma Abdul Haq Haqqani)

Maaloom hua ke Derwi Shah Waliullah ke nazdeek bidati hai aur musalmano ki raah ke khilaaf chalta hai. Aur to aur Derwi ne to apne ustad ka sar bhi sharam se jhukaa diya hai, kyounke unke ustad Sarfaraz Khan Safdar Deobandi likhte hain: "*Aur ummat ka is par ijma-o-ittifaaq hai ke Bukhari-o-Muslim dono ki tamaam riwayate'n sahih hain*". (Haashiya Ahsan-ul-Kalaam: V1 P187; another edition: V1 P234)

Idhar Derwi Saahab hain jo-ke apne ustaz se baghawat karte hue Sahih Bukhari ki ahadees ko mukar saabit karne par tuley hue hain. Is silsila mein mazeed kuch likhe ke bajaae sirf yehi kahoo'nga ke:

Aap Hi Apni Adaao'n Par Zara Ghaur Kare'n
Ham Agar Arz Kare'nge To Shikayat Hogi

Haafiz Habibullah Derwi Saahab ne Syedna Jaabir bin Samrah ﷺ waali riwayat ko bhi bataur-e-daleel pesh kiya hai, balke kitab ke title par bhi use naql kiya hai. Ilmi bahes se qata-nazar ham is natije par pohonche hain ke is riwayat ko bataur-e-daleel pesh karke Derwi Saahab ne apne aapko ruswa aur apne akaabir ki nazar mein mazeed gira diya hai. Shah Waliullah Dehelwi aur Shahjahanpuri ke fatwe ki zadd mein to pehle hi aachuke hain. Ab mazeed fatwe mulahaza keejiye:

① Mahmood Hasan Deobandi farmate hain: "*Baaqi* (اذناب خیل) *aznaab khail ki riwayat se jawab dena ba-roo-e insaaf durust nahi kyounke wo salam ke baare mein hai*". (Al Ward ash Shazee Alaa Jaame Tirmizi: P63)

② Muhammad Taqi Usmani Deobandi farmate hain: "*Lekin insaaf ki baat ye hai ke is hadees se hanafiyya ka istidlaal mushtaba aur kamzor hai*". (Dars-e-Tirmizi: V2 P36)

In tehreero'n se pata chalta hai ke Mahmood Hasan Deobandi aur Taqi Usmani ke nazdeek Derwi Saahab insaaf ke qareeb bhi nahi phatake balke parle darje ke be-insaaf shakhs hain.

Lateefa: Derwi ne Syedna Jaabir bin Samrah ﷺ waali riwayat ke silsila mein Taqi Usmani se khat kitabat ki aur bahteere[1] doore-daalne ki koshish ki ke apne mauqif se rujoo kar le'n lekin Taqi Usmani ne jaahil Derwi ki tehreer ko qaabil-e-iltifaat hi nahi jaana aur apne saabiqa mauqif par date rahe. Jiska Derwi Saahab in alfaaz mein izhaar karte hain: "*Magar Maulana Muhammad Taqi Usmani ne hasb-e-waada na rujoo farmaya aur na us khat ka jawab inaayat kiya*". (Noor-us-Sabaah: Hissa 2 P328)

Bechaara Derwi iske siwa kya keh sakta hai ke:

Aankh Pur-nam Hai Aur Us Par Jigar Jalta Hai
Kya Tamaasha Hai Ke Barsaat Mein Ghar Jalta Hai

Akaabir deobandiya ke baad deegar ulama kiraam ke fatwe bhi mulahaza kare'n:

③ Imam Bukhari رحمه الله farmate hain:

Jiske paas ilm mein se thoda sa hissa bhi hai, to wo is riwayat se (tark-e-raful yadain par) hujjat nahi pakadta.

ولا يحتج بهذا من له حظ من العلم.
((Juz Raful Yadain: 37))

④ Allama Nawavi Shaareh Sahih Muslim ne farmaya: "*Is hadees se ruku ko jaate aur ruku se sar uthaate waqt raful yadain ke na karne par istidlaal karne waala jahaalat-e-qabiha ka murtakib hai aur baat ye hai ke ind ar-ruku raful yadain karna sahih-o-saabit hai, jiska radd nahi ho sakta*". (Al Majma' Sharah al Mohzib: V3 P403)

⑤ Haafiz Ibnul Mulaqqin ne farmaya: "*Is hadees se (tark-e-raful yadain par) istidlaal intihaai buri jahalat hai*". (Al Badar-ul-Muneer: V3 P485)

Maaloom hua ke Imam Bukhari, Allama Nawavi aur Haafiz Ibnul Mulaqqin teeno ke nazdeek Derwi Saahab be-ilm aur parle darje ke jaahil hain.

Tambeeh: Mahnaama Al Hadees: 27 P20-31 mein Habibullah Derwi Saahab ke das (10) jhoot baa-hawaala naql karke qaaraeen ki adaalat mein pesh kiye jaa-chuke hain jinka jawab abhi tak Derwi par qarz hai.

[1] T: (بَہُتیرے) Bohot, bohot kuch, many [RKT]

Aakhir mein arz hai ke raaqim-ul-huroof ne Derwi Saahab ki us tehreer par sar-saree nazar daali hai, jisse awaam kaafi hadd tak Derwi ko pehchan gae honge. ‘ان شاء الله’

(Mahnaama Al Hadees Hazro: 41 P48-58)

Syedna Abu Huraira ؓ Aur Raful Yadain

Imam Abu Tahir Muhammad bin Abdur Rahman al-Mukhallas ne farmaya:

حدثنا يحيى قال: حدثنا عمرو بن علي قال: حدثنا ابن أبي عدي عن محمد بن عمرو عن أبي سلمة عن أبي هريرة أنه كان يرفع يديه في كل خفض و رفع و يقول: أنا أشبهكم صلاة برسول الله صلى الله عليه وسلم.

Abu Salama (bin Abdur Rahman bin Auf ؒ) se riwayat hai ke Abu Huraira ؓ har (ruku ke liye) jhukte waqt aur har (ruku se) uthte waqt raful yadain karte the aur farmate: Maine tum sabse ziyada Rasool Allah ﷺ ki namaz ke mushaaba ho’n. (Al Mukhlasiyaat: V2 P139 H1229 [sanad hasan])

Yahya se muraad Imam Yahya bin Muhammad bin Saaed hain aur unse ye riwayat Imam Daraqutni ne bhi Kitab-ul-Elal (V9 P283) mein bayan ki hai.

Tambeeh: Bracketo’n mein ruku ka izaafa Juz Raful Yadain lil Bukhari (H22) aur (Sahih Bukhari: H736) waghairahuma ki ahadees-e-sahiha ko madde-nazar rakh kar kiya gaya hai. Neez yaad rahe ke Syedna Abu Huraira ؓ ki wohi namaz thi jo Rasool Allah ﷺ ki aakhri namaz thi.

Aur Syedna Abu Huraira ؓ namaz mein ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the.

Ataa bin Abi Rabaah ؒ se riwayat hai ke maine (Syedna) Abu Huraira ؓ ke saath namaz padhi hai, wo raful yadain karte the jab takbeer kehte aur jab ruku karte (aur jab ruku se uthte). (Juz Raful Yadain: H22 [sanad sahih])

Is riwayat ki sanad bilkul sahih hai aur bracket ke alfaaz doosre qalmi nuskhe se liye gae hain. (Raful Yadain ke masle par tafseel ke liye dekhiye: Noor-ul-Aynaen Fee Asbaat Mas-ala Raful Yadain)

Zawaaid 2

Is Baab Ke Tahat Raful Yadain Aur Usool-e-Hadees (Masla-e-Tadlees) Ke Saath Mutaalliqa Baaz Mufeed Mazameen Ka Izaafa Kar Diya Gaya Hai.

Imam Sufyaan Soori Ki Tadlees Aur Tabaqa-e-Saniya?

(Ye mazmoon asal mein Faisal Khan Barailwi ki kitab: "*Raful Yadain Ke Mauzoo Par… Noor-ul-Aynaen Ka Muhaqqiqaana Tajziya*" ke jawab mein likha gaya hai.

الحمد للّٰه رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ رسوله الأمين، أما بعد:

Haafiz Ibne Hajar al Asqalani ؒ ne Imam Sufyaan bin Saeed as-Soori ؒ ko mudalliseen ke tabaqa-e-saniya mein zikr kiya hai. (Tabaqaat-ul-Mudalliseen: 51/1,2; Al Fathul Mubeen: P39)

Haafiz Ibne Hajar ki ye tehqeeq kai lihaaz se ghalat hai, jiski fil-haal 30 daleele'n aur hawaale pesh-e-khidmat hain:

① Imam Abu Hanifa ne Aasim an (عن) Abi Razeen an (عن) Ibne Abbas ki sanad se ek hadees bayan ki, ke murtad ko qatl nahi kiya jaaega. (Sunan Daraqutni: V3 P201 H3422; Al Kaamil li-Ibne Adee: V7 P2472; Sunan Kubra lil-Bayhaqi: V8 P203; Kitab ul-Umm lish-Shafai: V6 P167; Musannaf Ibne Abi Shaiba: V10 P140 H28985 waghaira)

Imam Yahya bin Maeen ؒ ne farmaya: "*Abu Hanifa par uski bayan-karda ek hadees ki wajah se (Sufyaan) Soori nukta-cheeni karte the jise Abu Hanifa ke alaawa kisi ne bhi Aasim an* (عن) *Abi Razeen (ki sanad) se bayan nahi kiya*". (Sunan Daraqutni; V3 P200 H3420 [sanad sahih])

Imam Abdur Rahman bin Mahdi ne farmaya: "*Maine Sufyaan (Soori) se murtad ke baare mein Aasim ki hadees ka poocha to unho'n ne farmaya: Ye riwayat siqa se nahi hai*". (Al Intiqa li-Ibne Abdul Barr: P148 [sanad sahih])

Ye wohi hadees hai, jise khud Sufyaan Soori ne an (عن) Aasim an (عن) Abi Razeen an (عن) Ibne Abbas ki sanad se bayan kiye to unke shaagird, Imam Abu Aasim (Zahack bin Mukhlad an-Nabeel) ne kaha: "*Ham ye samajhte hain ke Sufyaan Soori ne is hadees mein Abu Hanifa se tadlees ki hai, lihaaza maine dono sanade'n likhdi hain*". (Sunan Daraqutni: V3 P201 H3423 [sanad sahih])

Isse maaloom hota hai ke Imam Sufyaan Soori apne nazdeek ghair-siqa (zaeef) raawi se bhi tadlees karte the. Haafiz Zahbi ne likha hai: "*Wo (Sufyaan Soori) zaeef raawiyo'n se tadlees karte the... ilkh*". (Meezaan-ul-Etidaal: V2 P169; Siyaar A'laam an-Nubala: V7 P242-247)

Usool-e-hadees ka ek mashoor qaaeda hai ke jo raawi zaeef raawiyo'n se tadlees kare to uski an (عن) waali riwayat zaeef hoti hai. Haafiz Zahbi ne likha hai:

ثم إن كان المدلّس عن شيخه ذاتدليس عن الثقات قلا بأس، وإن كان ذاتدليس عن الضعفاء فمردود.

Phir apne ustaaz se tadlees karne waala agar siqa raawiyo'n se tadlees kare to (uski riwayat mein) koi harj nahi hai aur agar zaeef raawiyo'n se tadlees kare to (uski riwayat) mardood hai.

(Al Muwaaqaza Fee Ilm Mustalah al Hadees liz Zahbi: P45; Ma' Sharah Kifaaya al Hifzah: P199)

Abu Bakr as-Seerfi (Muhammad bin Abdullah al-Baghdadi ash-Shafai (d 330h)) ne apni Kitab ud Dalaael mein kaha:

كل من مظهر تدليسه عن غير الثقات لم يقبل خبره حتى يقول: حدثني أوسمعت.

Har wo shakhs jiski, ghair-siqa raawiyo'n se tadlees zaahir ho jaae to uski hadees qubool nahi ki jaati illa ye ke wo haddasani ya sametu kahe/yaane samaa' ki tasreeh kare.

(An-Nukat liz Zarkashi: P186; At Tabsara wat Tazkirah Sharah al Fiya al Iraqi: V1 P183-184)

Usool-e-hadees ke is qaaede se saaf saabit hai ke Imam Sufyaan Soori (apne tarz-e-amal ki wajah se) tabaqa-e-saniya ke nahi balke tabaqa-e-saalisa ke mudallis the.

② Imam Ali bin Abdullah al-Madeeni ne farmaya: "*Log Sufyaan (Soori) ki hadees mein Yahya al-Qattaan ke mohtaaj hain, kyounke wo Misrah bis Samaa riwayaat bayan karte the*". (Al Kifayat lil Khateeb: P362 [sanad sahih]; Ilmi Maqalaat: V1 P264)

Is qaul se do (2) baate'n saabit hoti hain:

Awwal: Sufyaan Soori se Yahya bin Saeed al-Qattaan ki riwayat Sufyaan ke samaa' par mahmool hoti hai.

Duwwam: Imam Ibn al-Madeeni Imam Sufyaan Soori ko tabaqa-e-oola ya Saniya mein se nahi samajhte the, warna Yahya al-Qattaan ki riwayat ka mohtaaj hona kya hai?!

③ Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan ne farmaya: “*Maine Sufyaan (Soori) se sirf wohi kuch likha hai, jis mein unho’n ne haddasani aur haddasana kaha, siwaae do (2) hadeeso’n ke*”. (Kitab-ul-Ilal wa Maarifa ar Rijaal li-Imam Ahmad: V1 P207 ت 1130 [sanad sahih]; [another edition]: V1 P242 # 318)

Aur wo do (2) hadeese’n darj-e-zel hain:

سفيان عن سماك عن عكرمة و مغيرة عن إبراهيم (وان كان من قوم عدولكم) قالا: هو الرجل يسلم فى دار الحرب فيقتل فليس فيه دية فيه كفارة.

Sufyaan ne Simaak se, Simaak ne Ikrima se aur Mughira ne Ibrahim se riwayat ki (agarche ye tumhari quam ke udool mein se hain) ke unho’n ne kaha: Wo shakhs jo daar-ul-harb mein islam qubool karta hai, agar wo qatl kar diya jaae to uski diyyat nahi hai. Us mein kaffaara hai.

Yaane, Ikrima aur Ibrahim Nakhai ke do (2) aasaar jinhe’n oopar zikr kar diya gaya hai, unke alaawa Yahya al-Qattaan ki Sufyaan Soori se har riwayat samaa’ par mehmool hai. Yahya al-Qattaan ke qaul se saabit hua ke wo Sufyaan Soori ko tabaqa saniya se nahi samajhte the warna hadeese’n na likhne ka kya faaeda?

④ Haafiz Ibne Hibban al-Basti ne farmaya: “*Wo mudallis raawi jo siqa aadil hain, ham unki sirf in marwiyaat se hi hujjat pakadte hain, jin mein wo samaa’ ki tasreeh kare’n. Masalan Sufyaan Soori, Amash aur Abu Ishaq waghairahum, jo ke zabardast siqa imam the… ilkh*”. (Al Ihsaan bi Tarteeb Sahih Ibne Hibban: V1 P90; [another edition V1 P161]; [another edition all in 1 Volume: P36]; Ilmi Maqalaat: V1 P266)

Maaloom hua ke Haafiz Ibne Hibban, Sufyaan Soori aur Amash ko tabaqa saniya mein se nahi, balke tabaqa saalisa mein se samajhte the.

Haafiz Ibne Hibban ne mazeed farmaaya: “*Wo siqa raawi jo apni ahadees mein tadlees karte the, masalan Qataada, Yahya bin Abi Kaseer, Amash, Abu Ishaq, Ibne Juraij, Ibne Ishaq, Soori aur Hasheem, baaz aiqaat apne jis shakhs se ahadees suni thee’n, wo riwayat bataur-e-tadlees bayan kar dete. Jise unho’n ne zaeef-o-na-qaabil-e-hujjat logo’n se sunaa tha. Lihaaza jab tak mudallis agarche siqa hi ho. Ye na kahe:* ‘حدثني يا سمعت’ *(yaane jab tak samaa’ ki tasreeh na kare), uski*

khabar (hadees) se hujjat pakadna jaaez nahi hai". (Al Majrooheen: V1 P92; Ilmi Maqalaat: V1 P267)

Is gawaahi se do (2) baate'n zaahir hain:

Awwal: Haafiz Ibne Hibban, Sufyaan Soori waghaira mazkureen ki wo riwayaat hujjat nahi samajhte the, jin mein samaa' ki tasreeh na ho.

Duwwam: Haafiz Ibne Hibban ke nazdeek Sufyaan Soori waghaira mazkureen-e-baala zaeef raawiyo'n se bhi baaz aiqaat tadlees karte the.

⑤ Haakim Nishapuri ne mudalliseen ke pehle tabaqa ka zikr kiya, jo siqa raawiyo'n se tadlees karte the, phir unho'n ne doosri jins (tabaqa-e-saniya) ka zikr kiya, phir unho'n ne teesri jins (tabaqa-e-saalisa) ka zikr kiya, jo majhool raawiyo'n se tadlees karte the. (Maarifa Uloom-ul-Hadees: P103, 104, 105)

Haakim Nishapuri ne Imam Sufyaan bin Saeed as-Soori ko mudalliseen ki teesri qism mein zikr karke bataaya ke wo majhool raawiyo'n se riwayat karte the. (Maarifa Uloom-ul-Hadees: P106 Fakhra: 253)

Is ibaarat ko Haafiz al Elaai ne darj-e-zel alfaaz mein bayan kiya hai:

من يدلس عن أقوام مجهولين لا يدرى من هم كسفيان الثوري.

Aur teesre wo majhool na-maaloom logo'n se tadlees karte the, jaise Sufyaan Soori. (Jaame-ut-Tehseel Fee Ahkaam-ul-Maraseel: P99)

Ye arz kar diya gaya hai ke zaeef raawiyo'n se tadlees karne waale ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat mardood hoti hai.

Tambeeh: Sahihain mein mudalliseen ki tamaam riwayaat samaa' ya mutaaba-at-o-shawaahid par mahmool hone ki wajah se sahih hain. Walhamdulillah.

⑥ Fakhra Number 1 mein Imam Abu Aasim an-Nabeel ka qaul guzar chuka hai, jisse ye saabit hota hai ke wo apne ustaad Imam Sufyaan Soori ko tabaqa-e-oola ya saniya mein se nahi samajhte the. Warna unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko samaa' par mahmool karte.

⑦ Imam Sufyaan Soori ne apne ustaaz Qais bin Muslim al-Jadli al-Kufi se

ek hadees bayan ki, jiske baare mein Imam Abu Haatim ar-Raazi ne farmaya:

Main nahi samajhta ke Soori ne ise Qais se suna hai, main ise mudallis (yaane tadlees shuda) samajhta hoo'n.

ولا أظن الثوري سمعه من قيس، أراه مدلسًا.
(Ilal-ul-Hadees: V2 P254 H2255)

Maaloom hua ke Imam Abu Haatim ar-Raazi, Imam Sufyaan Soori ko tabaqa saniya mein se nahi, balke tabaqa saalisa mein se samajhte the.

⑧ Tabaqa saalisa ke mashoor mudallis Imam Hasheem bin Basheer al-Wasiti se Imam Abdullah bin Mubarak ne kaha: "*Aap kyou'n tadlees karte hain, halaanke aapne (bahut kuch) suna bhi hai? To unho'n ne kaha: Do (2) bade (bhi) tadlees karte the, yaane Amash aur (Sufyaan) Soori*". (Al Ilal-ul-Kabeer lit Tirmizi: V2 P966 [Sanad Sahih]; At Tamheed: V1 P25; Ilmi Maqalaat: V1 P275)

Imam Ibn al-Mubaarak ne Hasheem par koi radd nahi kiya, ye dono to tabaqa saniya ke mudallis hain, aur aap tabaqa saalisa ke mudallis hain. Balke unka khamosh rehna is baat ki taraf ishara hai ke unho'n ne Hasheem ki tarah Sufyaan Soori aur Amash ka mudallis hona tasleem kar liya tha. Doosre alfaaz mein wo Sufyaan Soori aur Amash ko bhi tabaqa saalisa mein se samajhte the, warna Hasheem ka radd zaroor karte.

⑨ Ye haqiqat hai ke Imam Hasheem bin Basheer tabaqa saalisa ke mudallis the, aur ye bhi saabit hai ke wo Sufyaan Soori aur Amash ko apni tarah mudallis samajhte the lihaaza saabit ho gaya ke Sufyaan Soori aur Amash dono Hasheem ke nazdeek tabaqa-e-oola ya tabaqa saniya ke mudallis nahi the.

⑩ Imam Yaqoob bin Shaiba رحمہ اللہ ne farmaya:

Pas agar ghair-siqa se tadlees kare ya usse jis se us ne nahi suna to usne tadlees ki hadd ko paar (uboor) kar liya, jiske baare mein (baaz) ulama ne rukhsat di hai.

فأما من دلّس عن غير ثقة و عمن لم يسمع منه فقد جاوز حدالتدليس الذي رخص فيه من رخص من العلماء.
(Al Kifaaya lil Khateeb: P361-362 [sanad sahih]; Al Nukat lil Zarakshi: P188)

Imam Yaqoob in Shaiba ke is qaul se do (2) baate'n saabit hoti hain:

Awwal: Zaeef raawiyo'n se tadlees karne waale ki ghair-misrah-bis-sama'[1] riwayat mardood hai.

Duwwam: Mursal aur munqata riwayat mardood hai.

Choonke Sufyaan Soori ka zaeef raawiyo'n se tadlees karna saabit hai, lihaaza is qaul ki raushni mein bhi unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat mardood hai.

⑪ Allama Nawavi Shafai ne Sufyaan Soori ke baare mein kaha:

منها ان سفيان رحمه الله تعالىٰ من المدلسين وقال فى الرواية الأولىٰ عن علقمة والمدلس لا يحتج بعنعنته بالإتفاق إلا ان ثبت سماعه من طريق آخر.

Aur in mein se ye faaeda bhi hai ke Sufyaan (Soori) رحمہ اللہ mudalliseen mein se the aur unho'n ne pehli riwayat mein 'عن علقمة' kaha aur mudallis ki an (عن) waali riwayat bil ittifaaq hujjat nahi hoti, illa ye ke doosri sanad mein samaa' ki tasreeh saabit ho jaae.

(Sharah Sahih Muslim: Darsi Nuskha: V1 P136 تH277; Doosra nuskha: V3 P178, Baab Jawaz as Salawaat Kullaha Biwazu-e-Wahed)

Maaloom hua ke Allama Nawavi Haafiz Ibne Hajar ki tabaqaati taqseem ko tasleem nahi karte the balke Sufyaan Soori ko tabaqa-e-saalisa ka mudallis samajhte the. Jinki an (عن) waali riwayat zaeef hoti hai. Illa ye ke samaa' ki tasreeh ya motabar mutaaba-at saabit ho.

⑫ Aeni Hanafi ne kaha: "*Aur Sufyaan (Soori) mudalliseen mein se the aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti hoti, illa ye ke uski tasreeh-e-samaa doosri sanad se saabit ho jaae*". (Umdatul Qaari: V3 P112; Noor-ul-Aynaen: P136 [Latest Edition]; Mahnaama Al Hadees, Hazro: 66 P27)

⑬ Ibn al-Turkamani Hanafi ne ek riwayat par jarh karte hue kaha:

فيه ثلاث علل: الثوري مدلس و قد عنعن.
(Al Jauhar un Naqee: V8 P262)

Is mein teen (3) illate'n (wajah zof) hain: Soori mudallis hain aur unho'n ne ye riwayat an (عن) se bayan ki hai.

[1] T: Aesi riwayat (hadees) jis mein ye waazeh nahi hai ke raawi ne kisse suna hai [RSB]

Maaloom hua ke Ibn al-Turkamani ke nazdeek Sufyaan Soori tabaqa-e-saalisa ke mudallis the aur unka an-ana 'عنعنة' illat-e-qaadiha hai.

⑭ Kirmani Hanafi ne Sharah Sahih Bukhari mein kaha: "*Beshak Sufyaan (Soori) mudalliseen mein se hain aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti illa ye ke doosri sanad se samaa' ki tasreeh saabit ho jaae…*". (Sharah al Kirmani: V3 P62 ت H214)

⑮ Qastalani Shafai ne kaha: "*Sufyaan (Soori) mudallis hain aur mudallis ka an-ana 'عنعنة' qaabil-e-hujjat nahi hota, illa ye ke uske samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Irshad us Saari Sharah Sahih Bukhari: V1 P286; Noor-ul-Aynaen: P136 [Taba Jadeed])

⑯ Haafiz Zahbi ka ye usool fakhra number 1 mein guzar chuka hai ke zaeef raawiyo'n se tadlees karne waale ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat mardood hoti hai, lihaaza saabit hua ke Haafiz Zahbi ke nazdeek Sufyaan Soori ki an (عن) waali riwayat mardood hoti hai aur ye ke wo tabaqa-e-saalisa ke mudallis the.

⑰ Imam Yahya bin Maeen ne Sufyaan Soori ko tadlees karne waale (mudallis) qaraar diya. (Kitab al Jarh wa Taadeel: V4 P224 [sanad sahih]; Al Kifaaya: P361 [sanad sahih])

Imam Yahya bin Maeen se mudallis ke baare mein poocha gaya ke kya uski riwayat hujjat hoti hai ya jab wo haddasna-o-akhbarna kahe to? Unho'n ne jawab diya:

Wo jis (riwayat) mein tadlees kare (yaane an (عن) se riwayat kare to) wo hujjat nahi hoti… ilkh.

لا يكون حجة فيما دلس.

(Al Kifaaya lil Khateeb: P362 [sanad sahih])

⑱ Haafiz Ibne Salaah ash-Shahrzori ash-Shafai ne Sufyaan Soori, Sufyaan bin Uyayna, Amash, Qataada aur Hasheem bin Basheer ko mudalliseen mein zikr kiya phir ye faisla kiya ke mudallis ki ghair-misrah-bis-sama' riwayat qaabil-e-qubool nahi hai. (Uloom-ul-Hadees: P99; Al Qaiyyid Wal Izaah lil Iraqi: 'نوع': 12)

⑲ Haafiz Ibne Kaseer ne Ibne Salaah ke qaaeda mazkoora ko barqaraar rakha aur ibaaraat-e-mazkoora ko ikhtisaar ke saath naql kiya. (Ikhtisaar uloom-ul-Hadees Ma' Taaliqaat Albani: V1 P174)

⑳ Haafiz Ibn al-Mulaqqin ne bhi Ibn al-Salaah ki ibaarat-e-mazkoora ko naql kiya aur koi jarh nahi ki. (Al Muaqna' Fee Uloom-ul-Hadees: V1 P157-158)

㉑ Maujooda daur ke mashoor aalim aur zahbi-ul-asr Allama Shaikh Abdur Rahman bin Yahya al-Moallami al-Yamani al-Makki رحمہ اللہ ne tark-e-raful yadain waali riwayat:

عم عاصم بن كليب عن عبدالرحمٰن الأسود عن علقمة عبدالله بن مسعود رضي الله عنه.

Aasim bin Kaleeb ne Abdur-Rahman bin al-Aswad se riwayat ki aur Abdur-Rahman ne Alqama se, jo ke Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ hain.

Ko maalool qaraar dete hue pehli illat ye bayan ki ke Sufyaan (Soori) tadlees karte the aur kisi sanad mein unke samaa' ki tasreeh nahi hai. (Dekhiye At Tankeel Bimaa Fee Taneeb al Kausari Minal Abateel: V2 P20)

Tambeeh: Allama Yamaani رحمہ اللہ ki is baat ka jawab aaj tak koi nahi de saka, na kisi ne is hadees mein Sufyaan Soori ke samaa' ki tasreeh saabit ki aur na motabar mutaaba-at pesh ki hai. Ye log jitna bhi zor lagaa le'n tark-e-raful yadain waali riwayat an (عن) se hi hai.

Yaad rahe ke is silsila mein Kitab-ul-Ilal lid Daraqutni ka hawaala be-sanad hone ki wajah se mardood hai.

㉒ Maujooda daur ke ek mashoor aalim Shaikh Abdul Aziz bin Abdullah bin Baaz رحمہ اللہ ne Sufyaan Soori ko mudallis qaraar diya aur ghair sahihain mein unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko maalool qaraar diya. (Ahkam-o-Masaail lil-Haafiz Abdul Mannan Noorpuri: V1 P245)

In dalaael-o-ibaaraat ke baad aal-e-taqleed (Aal-e-Deoband-o-Aal-e-Barailwi) ke baaz hawaale pesh-e-khidmat hain:

㉓ Sarfaraz Khan Safdar Deobandi Kadmangi ne ek riwayat par Sufyaan Soori ki tadlees ki wajah se jarh ki hai. (Khazaain us Sunan: V2 P77)

㉔ Muhammad Shareef Kotalwi Barailwi ne Sufyaan Soori ki ek riwayat par jarh karte hue kaha: "*Aur Sufyaan ki riwayat mein tadlees ka shuba hai*". (Fiqh-ul-Faqhiya: P134)

㉕ Master Ameen Okadwi Deobandi ne ek riwayat par Sufyaan Soori ki

tadlees ki wajah se jarh ki. (Majma' Rasaail: V3 P331 [old edition]; Tajalliyaat-e-Safdar: V5 P470)

㉖ Muhammad Abbas Rizwi Barailwi ne likha hai: "*Yaane Sufyaan mudallis hai aur ye riwayat unho'n ne Aasim bin Kaleeb se an (عن) ke saath ki hai aur usool-e-mohaddiseen ke tahat mudallis ka an-ana 'عنعنة' ghair maqbool hai, jaisa ke aage in sha Allah bayan hoga*". (Munazare Hi Munazare: P249)

Maaloom hua ke Rizwi waghaira ke nazdeek Sufyaan Soori tabaqa-e-saalisa ke mudallis the.

㉗ Sher Muhammad Mamaati Deobandi ne Sufyaan Soori ki ek riwayat ke baare mein likha hai: "*Aur yaha'n bhi Sufyaan Soori mudallis an-ana 'عنعنة' se riwayat karta hai*". (Aaina Taskeen us Sudoor: P92)

Sarfaraz Safdar par radd karte hue Sher Muhammad mazkoor ne kaha: "*Maulana Saahab khud hi izraah-e-karam insaaf farmae'n ke jab Zohri aise mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat sahih tak nahi ho sakti to Sufyaan bin Saeed Soori aise mudallis ki riwayat kyounke sahih ho sakti hai jabke Sufyaan Soori bhi yaha'n an-ana se riwayat kar rahe hain*". (Aaina Taskeen us Sudoor: P90)

Maaloom hua ke Sher Muhammad Mamaati ke Sufyaan Soori aur Imam Zohri dono tabaqa-e-salaasa ke mudallis the.

㉘ Nemwi Taqleedi ne Sufyaan Soori ki bayan-karda ameen wali hadees par ye jarh ki ke Soori baaz aiqaat tadlees karte the aur unho'n ne ise an (عن) se bayan kiya hai. (Asaar as Sunan: P194 ت H384)

㉙ Muhammad Taqi Usmani Deobandi ne Sufyaan Soori par Shu'ba ki riwayat ko tarjeeh dete hue kaha: "*Sufyaan Soori رحمہ اللہ apni jalaalat-e-qadr ke bawajood kabhi-kabhi tadlees bhi karte hain…*". (Dars-e-Tirmizi: V1 P521)

㉚ Hussain Ahmad Madani Tandawi Deobandi Congressi ne aameen wali riwayat ke baare mein kaha: "*Aur Sufyaan tadlees karta hai…. Ilkh*". (Taqreer-e-Tirmizi [Urdu]: P391 [Tarteeb: Muhammad Abdul Qadir Qasmi Deobandi])

Is tarah ke aur bhi bahut se hawaale hain, masalan:

Ahmad Raza Khan Barailwi ne Shareek bin Abdullah al-Qazi (Tabaqa-e-Saniya: V2 P56) ke baare mein (bataur-e-razamandi) likha ke: "*Tehzeeb-ut-Tehzeeb mein kaha ke Abdul Haq Ashbili ne farmaya: Wo Tadlees kiya karta tha aur Ibn al-Qattaan ne farmaya: Wo tadlees mein mashoor tha*". (Fataawa Rizwiya: V24 P239)

Maaloom hua ke Ahmad Raza Khan ke nazdeek tabaqaat ki taqseem sahih nahi hai.

Tambeeh: Mohaddiseen-e-kiraam ka mashoor qaaeda hai ke sahihain mein mudalliseen ka an-ana 'عنعنة' (an (عن) kehna) samaa' par mahmool hai.

Us par radd karte hue Ahmad Raza Khan ne kaha: "*Ye mahez andhi taqleed hai, agarche ham husn-e-zan ke munkar nahi taa-ham takhmeen (atkal pacchu se kuch kehna) bilkul saaf bayan karne ki tarah nahi ho sakta*". (Fataawa Rizwiya: H24 P239)

Arz hai ke ye andhi taqleed aur takhmeen nahi, balke ummat ke sahihain ko talqi-bil-qubool ki wajah se jaleel-ul-qadar ulama ne ye qaaeda bayan kiya hai ke sahihain mein mudalliseen ka an-ana samaa' (yaa mutaaba-at) par mahmool hai. (Tafseel ke liye dekhiye Riwayaat-ul-Mudalliseen Fee Sahih Bukhari az Dr. Awaad Hussain al Khalaf; Riwayaat-ul-Mudalliseen Fee Sahih Muslim az Awaad Hussain al Khalaf (Ye dono kitabe'n Dar-ul-Bashaair, Beirut Lebanon se shaaya hui hain)

In dalaael-e-mazkoora aur aal-e-taqleed ke hawaalo'n se saabit hua ke Haafiz Ibne Hajar Asqalani ka Imam Sufyaan Soori ko mudalliseen ke tabaqa-e-Saniya mein zikr karna ghalat hai aur sahih sirf ye hai ke wo (Sufyaan Soori رحمۃ اللہ علیہ) tabaqa saalisa ke mudallis the, jinki an (عن) waali riwayat ghair sahihain mein adm-e-sama' aur motabar mutaaba-at ke baghaer zaeef hoti hai.

Tambeeh: Hamari is bahes se qatan ye kasheed na kiya jaae ke ham tabaqa-e-saalisa ke alaawa mudalliseen ke an (عن) aali riwayaat ko hujjat samajhte hain, balke mazkoora dalaael se un logo'n ki ghalat-fehmi door karna maqsood hai. Jo Imam Sufyaan Soori رحمۃ اللہ علیہ ko tabaqa Saniya ka mudallis keh kar unki an (عن) waali riwayat ko sahih qaraar dene par musir hain. Mazeed dalaael aur tauzeeh aainda safhaat par mulaahaza farmae'n.

Haafiz Ibne Hajar Ki Tabaqaati Taqseem

Baaz log Haafiz Ibne Hajar Asqalani ki Tabaqaat-ul-Mudalliseen ki tabaqaati taqseem par ba-zid hain. Unki khidmat mein arz hai ke Haafiz Ibne Hajar ne Sufyaan Soori aur Sufyaan bin Uyayna dono ko ek hi tabaqa (tabaqa-e-saniya) mein oopar neeche zikr kiya hai.

Sufyaan bin Uyayna ne ek hadees:

Rasool Allah ﷺ ne farmaya: 3 Masjido'n ke alaawa etekaaf nahi hota, Masjid-e-Haraam, Masjid-e-Nabawi ﷺ aur Masjid-e-Aqsa: Baet-ul-Muqaddas.

عن جامع بن أبي راشد عن أبي وائل قال حذيفة... أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا اعتكاف إلا فى المساجد الثلاثة: المسجد الحرام و مسجد النبي صلى الله عليه وسلم و مسجد بيت المقدس.

Sharah Mushkil-ul-Asaar lit Tahaawi: V7 P201 H2771; Sunan Kubra lil Bayhaqi: V4 P316; Siyaar A'laam an-Nubala liz Zahbi: V15 P81 Imam Zahbi ne kaha: Sahih Ghareeb Aal! Mojam-ul-Ismaili: 326

Sufyaan bin Uyayna se ise 3 raawiyo'n: Mahmood bin Adam al-Mirwazi, Hisham bin Ammaar aur Muhammad al-Farj ne riwayat kiya hai aur ye sab sadooq (sacche raawi) the.

Jaame bin Abi Rashid siqa faazil the. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 887 'وهو من رجال الستة')

Abu Waael Shaqeeq bin Salama siqa the. (Taqreeb-ut-Tehzeeb: 2816 'وهو من رجال الستته وممن المخضرمين')

Ye riwayat Sufyaan bin Uyayna ki tadlees (an (عن)) ki wajah se zaeef hai. Jo log Sufyaan bin Uyayna ke an-anah 'عنعنة' ko sahih samajhte hain. Ya Haafiz Ibne Hajar ke tabaqa-e-saniya mein mazkureen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ki hujjiyat ke qaael hain. Unhe'n chaahiye ke wo 3 masaajid-e-mazkoora ke alaawa har masjid mein etekaaf jaaez hone ka inkaar kar de'n. Deedah-baeed!

Shaikh Albaani Aur Tabaqaati Taqseem

Shaikh Muhammad Nasiruddin Albani ﷺ ka tadlees ke baare mein ajeeb-o-ghareeb mauqif tha. Wo Sufyaan Soori aur Amash waghairahuma ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko sahih samajhte the, jabke Hasan Basri (Jo Ibne Hajar ke nazdeek *tabqa saniya* ke hain V2 P40) ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko zaeef qaraar dete the. (Dekhiye Irwa-ul-Ghaleel: V2 P288 H505)

Balke Shaikh Albani ne Abu Qilaaba (Abdullah bin Zaid al-Jarmi/jo Ibne Hajar ne nazdeek tabaqa oola ke hain V1 P15) ki saari mua'n-a'n (مُعَنْعَن) hadees par haath saaf kar liya. Albani ne kaha:

إسناده ضعيف لعنعنة أبي قلابة وهو مذكور بالتدليس.

Iski sanad Abu Qilaaba ke an-ana ki wajah se zaeef hai aur wo (Abu Qilaaba) taldees ke saath makzoor hai. (Hashiya Sahih Ibne Khuzaima: V3 P268 ت H2043)

Haafiz Ibne Hajar ne Hasan bin Zakwan (V3 P70), Qataada (V3 P92), aur Muhammad bin Ajlaan (V3 P89), waghairahum ko tabaqa saalisa mein zikr kiya hai, jabke Shaikh Albani un logo'n ki ahadees mua'n-a'n (مُعَنْعَن) ko hasan ya sahih kehne se zara bhi nahi thakte the. (Sahih Abu Dawood: V1 P33 H8; Sunan Abu Dawood bi-tehqeeq Albani: 11 [Riwaaya Al Hasan bin Zakwan]; As Sahiha: V4 P202 H1647 [riwaaya Qataada]; As Sahiha: V3 P101 H1110 [riwaaya Ibne Ajlaan])

Maaloom hua ke Albani Saahab kisi tabaqati taqseem-e-mudalliseen ke qaael nahi the, balke wo apni marzi ke baaz mudalliseen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko sahih aur marzi ke khilaaf baaz mudalliseen (ya abriya min at-tadlees 'ابرياء من التدليس'[1]) ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko zaeef qaraar dete the. Is silsila mein unka koi usool ya qaaeda nahi tha, lihaaza tadlees ke masle mein unki tehqiqaat se istidlaal ghalat-o-mardood hai.

Maulana Abdur Rahman Mubarakpuri ﷺ (Ahle Hadees) ne Ibrahim Nakhai (tabaqa saniya V2 P35) ki an (عن) waali riwayat par jarh ki aur kaha: "*Iski sanad mein Ibrahim Nakhai mudallis hain, Haafiz (Ibne Hajar) ne unhe'n tabaqaat-ul-mudalliseen mein Sufyaan Soori ke tabaqa mein*

[1] T: Tadlees se paak [RSB]

zikr kiya hai aur unho'n ne ise Aswad se an (عن) ke saath riwayat kiya hai, lihaaza Nemwi ke nazdeek ye asar kis tarah sahih ho sakta hai?" (Ibkaar-ul-Minan: P214 (mutarjiman); doosra nuskha bi-tehqeeq Ibne Abdul Azeem: P436)

Isse maaloom hua ke ahle hadees ulama ke nazdeek bhi ye tabaqaati taqseem qattai aur zaroori nahi hai, balke dalaael ke saath usse ikhtilaaf kiya ja sakta hai.

Aal-e-Taqleed Aur Tabaqaati Taqseem

Aeni, Kirmani, Qastalaani aur Nawavi waghairahum ke hawaale guzar chuke hain, ke wo Haafiz Ibne Hajar ke tabaqa saniya ke mudalliseen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat par bhi jarh karte the, lihaaza saabit hua ke ye log Haafiz Ibne Hajar Asqalani ki tabaqaati taqseem ke qaael nahi the, warna aisa kabhi na karte.

Nemwi taqleedi ne Saeed bin Abi Urooba (Tabaqa Saniya V2 P50) ko kaseer-ut-tadlees qaraar de kar kaha ke: "*Usne ye riwayat an (عن) se bayan ki hai*". (Asaar as Sunan ka Hashiya: P186 tahat H550)

Sarfaraz Khan Safardar Taqleedi Deobandi Kadmangi ne Abu Qilaaba (Tabaqa Oola V1 P15) ko ghazab ka mudallis qaraar de kar unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat par jarh ki hai. (Ahsanul Kalaam: [second edition] V2 P111; doosra nuskha: V2 P127)

Muhammad Shareef Kotalwi Barailwi, Abbas Rizwi Barailwi aur Ameen Okadwi Deobandi waghairahum ke hawaale is mazmoon mein guzar chuke hain.

Saabit hua ke Aal-e-Taqleed bhi ye tabaqaati taqseem sahih tasleem nahi karte. Ye ilaahada baat hai ke jab faaeda aur marzi ho to baaz log tabaqaat-ul-mudalliseen ke tabaqaat se istidlaal bhi kar lete hain aur agar marzi ke khilaaf ho to un tabaqaat ko pas-e-pusht phenk dete hain.

Faaeda: Imam Shafai ne ye usool samjhaaya hai ke jo shakhs sirf ek dafa bhi tadlees kare to uski wo riwayat maqbool nahi hoti, jis mein samaa' ki tasreeh na ho. (Ar Rasaail: P379-380)

Baaqi Aimma-e-Salaasa (Maalik, Ahmad aur Abu Hanifa) se is usool ke

khilaaf kuch bhi saabit nahi hai, lihaaza jo log Aimma-e-Arba aur 4 mazaahib ke hi bar-haq hone ka aqeeda rakhte hain, ghaur kare'n ke tadlees ke masle mein Aimma-e-Arba ko chodkar wo kis raaste par ja rahe hain?!

Baaz Shubaat Ke Jawabaat

Imam Sufyaan Soori ki tadlees ke silsila mein baaz-un-naas baaz eterazaat aur shubhaat bhi pesh karte rehte hain, unke muskit aur dandaan-e-shikan jawabaat darj-e-zel hain:

① Agar koi kahe ke: "*Aap Haafiz Ibne Hajar waghaira ki Tabaqaat-ul-Mudalliseen ki tabaqaati taqseem se muttafiq nahi hain, jaisa ke aapne Mahnaama Al Hadees: 33 P55 waghaira mein likha hai aur doosri taraf aap kehte hain ke Sufyaan Soori aur Amash ko tabaqa saniya mein zikr karna ghalat hai aur sahih ye hai ke ye dono tabaqa saalisa ke mudalliseen mein se the. Kya ye iztiraab nahi hai?*".

Iska jawab ye hai ke hamare nazdeek, jin raawiyo'n par tadlees ka ilzaam hai, unke sirf do (2) tabaqa hain:

Tabaqa Oola: Wo, jin par tadlees ka ilzaam baatil hai aur tehqeeq se saabit ho chuka hai ke wo mudallis nahi the, masalan Imam Abu Qilaaba aur Imam Bukhari waghairahuam (aise raawiyo'n ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat sahih hoti hai)

Tabaqa Saniya: Wo, jin par tadlees ka ilzaam sahih hai aur unka tadlees karna saabit hai. Masalan Qataada, Sufyaan Soori, Amash aur Ibne Juraij waghairahum.

Aise raawiyo'n ki har mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (Sahih Bukhari aur Sahih Bukhari ke alaawa doosri kitabo'n mein) adm-e-mutaaba-at aur adm-e-shawaahid ki soorat mein zaeef hoti hai. Chaahe unhe'n Haafiz Ibne Hajar waghaira ke tabaqa-e-oola mein zikr kiya gaya ho ya tabaqa saniya mein.

Ye to hui hamari asal tehqeeq aur doosri taraf jab maine kisi raawi masalan Imam Sufyaan Soori aur Amash waghairahuma ko tabaqa

saalisa mein zikr kiya hai to ye saraahat un logo'n ke liye bataur-e-ilzaam ki gai hai, jo murawwaja[1] tabaqati taqseem par kulliyatan yaqeen rakhte hain. Balke us taqseem ka andha-dhund difaa bhi karte hain. Doosre lafzo'n mein us sarahat ka ye maqsad hai ke agar aap murawwaja tabaqaati taqseem ko qattai aur yaqeeni samajhte hain to phir sun le'n! ke ye raawi tabaqa oola ya saniya mein se nahi, balke tabaqa saalisa mein se hain aur yehi raajeh hai, lihaaza ye iztiraab nahi, balke ek hi baat hai, jise do (2) ibaarato'n mein bayan kar diya gaya hai.

② *Agar Koi kahe ke aapne kai saal pehle khud ek dafa Sufyaan Soori ko tabaqa saniya mein likh diya tha.* (Juraabo'n Par Masah: P40 [mein aapka khat nawishta 19-8-1408h])

To iska jawab ye hai ke kaafi arsa pehle main ye elaan bhi shaaya kara chuka hoo'n ke "*Meri ye baat ghalat hai, main isse rujoo karta hoo'n, lihaaza ise mansookh-o-kal-adm samjha jaae…*" (Mahnaama Shahaadat Islamabad [April 2003]; Juz Raful Yadain: P26)

Lihaaza mansookh aur rujoo-shuda baat ka eteraaz baatil hai. (Neez dekhiye Mahnaama Al Hadees: 42: P28 [واللفظ له])

③ Agar koi ye kahe ke: "*Aapne sirf Haakim Nishapuri par etemaad karke Sufyaan Soori ko tabaqa saalisa mein zikr kiya hai*".

To iska jawab ye hai ke ye baat ghalat hai, balke maine mutaaddid dalaael (masalan zaeef raawiyo'n se tadlees karne) ki roo se Sufyaan Soori ko tabaqa saalisa mein zikr kiya hai aur unme se 20 se ziyaada dalaael to isi mazmoon mein maujood hain, jo aapke haatho'n mein hai.

Isi tarah Haafiz Ibne Hibban, Aeni Hanafi aur Ibn al-Turkamani Hanafi waghairahum ke nazdeek Sufyaan Soori tabaqa saalisa mein se the. Jaisa ke is mazmoon mein ba-hawaala saabit kar diya gaya hai.

Tambeeh: Agar kisi mohaddis ka koi qaul bataur-e-taaeed pesh kiya jaae to baaz chaalaak qism ke log us mohaddis ke doosre aqwaal pesh karke ye propaganda shuru kar dete hain ke aap un aqwaal ko kyou'n nahi maante.

[1] T: (مُرَوَّجَه) Murawwaj, jo raaej ya jaari ho [RKT]

Arz hai ke Rasool Allah ﷺ ki har baat hamesha waajib-ut-taseleem aur haq hai, lekin aap ke alaawa kisi doosre shakhs ko ye ikhtiyaar haasil nahi ke uski har baat hamesha waajib-ut-tasleem aur haq ho, balke dalaael ke saath us ummati shakhs se ikhtilaaf kiya ja sakta hai aur aisa karna jurm nahi hai. Lihaaza Haakim Nishapuri waghaira ko doosre muqaamaat par agar ghalatiyaa'n lagi ho'n to unse ikhtilaaf karna har saahib-e-faham musalman ka haq hai.

④ Agar koi kahe ke "*Haakim waghaira ne Sufyaan Soori ki bahut se riwayato'n ko sahih qaraar diya hai. Masalan dekhiye: Ek shakhs ki kitab: Raful Yadain ke mauzu par… Noor-ul-Aynaen Ka Mohaqqiqaana Tajziya*". (P: 41-42)

To uska jawab ye hai ke ye tasheeh muqarrar-shuda qaaede se aur usool-e-hadees ke khilaaf hone ki wajah se ghalat ya tasaahul hai.

Yaad rahe ke Haakim waghaira par mutasaahil[1] hone ka ilzaam hai. Masalan dekhiye Haafiz Zahbi ka risaala 'ذكر من يعتمد قوله فى الجرح والتعديل' aur deegar kutub.

⑤ Agar koi kahe ke "*Aapne Imam Shafai رحمہ اللہ par tadlees ke masle mein etemaad kiya hai, halaanke unka qaul jamhoor ke khilaaf hai!*"

To Jawaban arz hai ke Imam Sahfai ka ye faisla ke mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat zaeef aur ghair-maqbool hoti hai, jamhoor ke khilaaf nahi, balke jamhoor mohaddiseen ke muwaafiq hai. Jis par hamara ye mazmoon bhi gawaah hai. Jis mein 20 se ziyaada hawaale sirf Sufyaan Soori ke baare mein pesh kar diye gae hain. Aur usool-e-hadees ki kitabe'n bhi uski muaiyyid[2] hain, ulama-e-tehqeeq-o-takhreej aur ikhtilaafi masaail par likhne waalo'n ki tehreero'n se bhi yehi saabit hota hai.

⑥ Agar koi kahe ke "*Imam Shafai ne khud apni kitabo'n mein mudalliseen masalan Sufyaan bin Uyayna aur Sufyaan Soori se mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayate'n li hain*".

[1] Mutasaahl T: (مُتَساہِل) Tasaahul (ghaflat, be-parwaai) ya susti karne waala [RKT]
[2] T: (مُؤَيِّد) Taaeed karne waala, madadgaar, muaawin, himaayati [RKT]

Iska jawab ye hai ke mujarrad[1] riwayat lena ya bayan karna tasheeh nahi hoti, lihaaza jo shakhs ise tasheeh samajh baetha hai to wo apni islaah kar le.

Bataur-e-faaeda arz hai ke Sufyaan bin Uyayna se Imam Shafai ki tamaam riwayaat samaa' par mahmool hain. (An Nukat liz Zarakshi: P189; Al Fath-ul-Mubeen: P42)

Sufyaan Soori se Imam Shafai ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ka ye matlab hargiz nahi ke Imam Shafai in riwayaat ko sahih samajhte the. Hamara matlab ye hai ke kitab-ul-Umm waghaira se Imam Shafai ki wo riwayat ma' mukammal sanad-o-matan pesh kare'n. Jis mein Sufyaan Soori ka tafarrud[2] hai, riwayat mua'n-a'n (مُعَنْعَن) hai aur Imam Shafai ne use sanad-e-sahih ya sanad-e-hasan farmaya hai. Agar aisa nahi to phir ye eteraaz baatil hai.

⑦ Agar koi kahe ke "*Sufyaan Soori ki bahut si riwayaat kutub-e-hadees mein an (عن) ke saath maujood hain, masalan Sahih Bukhari, Sahih Muslim, Sahih Ibne Khuzaima, Sahih Ibne Hibban, Sunan Abu Dawood, Sunan Tirmizi, Musnad Ahmad aur Musand Abi Yaala waghaira*:".

To iska jawab ye hai ke kutub-e-hadees ke 3 tabaqaat hain:

Awaal: Sahih Bukhari aur Sahih Muslim.

In dono kitabo'n ko ummat ki talqi-bil-qubool haasil hai, lihaaza in do (2) kitabo'n mein mudalliseen ki riwayat sama', mutaaba-at aur shawaahid-e-motabara ki wajah se sahih hain.

Duwwam: Sahih Ibne Khuzaima aur Sahih Ibne Hibban waghairahuma:

In kitabo'n ko talqi-bil-qubool haasil nahi, lihaaza unke saath ikhtilaaf kiya ja sakta hai. Masalan Sahih Ibne Khuzaima mein seene par haath baandhne waali riwayat sirf Sufyaan Soori ke an (عن) ki wajah se zaeef hai aur Momil bin Ismail par jamhoor mohaddiseen ba-shamool Imam Yahya bin Maeen ki tauseeq ke baad eteraaz mardood hai. Dekhiye mera mazmoon: Isbaat-ut-Taadeel Fee Tauseeq Momil bin Ismail. (Ilmi

[1] T: (مُجَرَّد) Sirf, mahez, akela, tanha [RKT]
[2] T: (تَفَرُّد) Infiraadiyat, oneness [RKT]

Suwwam: Sunan Abu Dawood, Sunan Tirmizi, Musnad Abi Yaala aur Musnad Ahmad waghaira.

In kitabo'n ke musannifeen ne apni kitabo'n ke baare mein sahih hone ka daawa nahi kiya, lihaaza in kitabo'n mein mujaarrad riwayaat ki bina par ye kehna ghalat hai ke saahib-e-kitab ne is riwayat ko sahih qaraar diya hai.

Ek shakhs ne in kitabo'n mein se baaz riwayaat ki takhreej karke ye daawa kar diya hai ke ye riwayate'n unke nazdeek sahih hain, halaanke ye daawa bilkul jhoot hai.

Inhi kitabo'n mein Abu Hanifa ki mustadal[1] bahut se riwayaat maujood hain, to kya wo shakhs ye tasleem karta hai ke ye tamaam riwayate'n in kitabo'n ke musannifeen ke nazdeek sahih hain?

⑧ Baaz-un-naas ne Imam Shafai aur jamhoor mohaddiseen ke khilaaf ye qaaeda banaaya hai ke agar raawi kaseer-ut-tadlees ho to uski mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat zaeef hogi aur agar qaleel-ut-tadlees ho to uski riwayat sahih hogi.

Arz hai ke ye qaaeda ghalat hai, jaisa ke is mazmoon ke 20 se ziyaada hawaalo'n se saabit hai.

Imam Ibn al-Madeeni ka qaul ke log Sufyaan Soori ki riwayato'n mein Yahya bin Saeed al-Qattaan ke mohtaaj hain, iski waazeh daleel hai ke Sufyaan Soori kaseer-ut-tadlees the, warna logo'n ka mohtaaj hona kaisa hai? Ghaaliban yehi wajah hai ke Saudi Arab ke aalim Musfir bin Gharamullah ad-Dameeni ne likha hai:

Aur Sufyaan Soori ki tadlees bahut ziyaada hai.

وتدليسه كثير.

(At Tadlees Fil Hadees: P266)

Tambeeh: Musfir mazkoor ka Ahle Hadees ya ghair-muqallid hona saraahatan saabit nahi hai. Allah hi jaanta hai ke unka kya maslak hai?

[1] T: (مُستَدَل) Jis par daleel pesh ki gai ho, jo saabit ho, suboot ko pohoncha hua, mudallal [RKT]

Abu Zurah Ibn al-Iraqi ne kaha:

Sufyaan Soori tadlees ke saath mashoor hain.

مشهور بالتدليس.
(Kitab-ul-Mudalliseen: P21)

⑨ Agar koi kahe ke Haafiz al Elaai waghaira ne Sufyaan Soori ko tabaqa saniya mein likha hai, jinki tadlees imamo'n ne mohtamil (qaabil-e-bardaasht) qaraar diya hai. (Jaame-ut-Tehseel: P113)

To iska jawab ye hai ke Haafiz al Elaai ne Zohri (V3 P102), Hameed-ut-Taaweel (V3 P71), Ibne Juraij (V3 P83) aur Hasheem bin Basheer (V3 P111) ko bhi usi tabaqa-e-saniya mein Soori ke saath zikr kiya hai. Halaanke un sabko Haafiz Ibne Hajar ne tabaqa saalisa mein zikr kiya hai. Imam Daraqutni رحمۃ اللہ علیہ se Ibne Juraij ki tadlees (mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat) ke baare mein poocha gaya to unho'n ne farmaya:

Unki tadlees (an (عن) waali riwayat) se ijtinaab karna (yaane sakhti se bachna) chaahiye, kyounke unki tadlees wahshat-naak hai, wo sirf majrooh se hi tadlees karte the.

يتجنب تدليسه فإنه وحش التدليس، لا يدلّس إلا فيما سمعه من مجروح.
(Sawalaat al Hakam lid Daraqutni: P265)

Imam Ahmad bin Saaleh al-Misri ne farmaya ke "*Agar Ibne Juraij samaa' ki tasreeh na kare'n to us (riwayat) ki koi parwaah nahi hai*". (Tareekh Usman bin Saeed ad Daarmi: P10)

Hasheem bin Basheer ke baare mein Ibne Saad ne kaha:

Jis mein wo samaa' ki tasreeh na kare'n to wo kuch cheez nahi hai.

ومالم يقل فيه أخبرنا فليس بشيئ.
(Tabaqaat Ibne Saad: V7 P313)

Maaloom hua ke jis tarah Ibne Juraij aur Hasheem ko tabaqa saniya mein zikr karna ghalat hai, usi tarah Sufyaan Soori, Sufyaan bin Uyayna aur Amash ko bhi tabaqa saniya mein zikr karna ghalat hai.

⑩ Agar koi kahe ke ek shakhs ne aapki kitab: "*Noor-ul-Aynaen ke radd mein ek kitab: Mohaqqiqaana Tajziya likhi hai*".

To iska jawab ye hai ke us kitab mein saahib-e-kitab ne tark-e-raful yadain waali riwayat mein Sufyaan Soori ke samaa' ki tasreeh pesh nahi ki aur na motabar mutaaba-at saabit ki hai. Us kitab mein Sufyaan Soori

ki tadlees (mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat) ka difaa karne ki nakaam koshish ki gai hai, jo-ke hamare is tehqeeqi mazmoon ki roo se baatil hai.

Us shakhs ne hadees ki kitabo'n mein se Sufyaan Soori ki bahut se mua'n-a'n (مُعَنْعَن) marwiyaat pesh karke ye taassur dene ki koshish ki hai ke mohaddiseen-e-kiraam Sufyaan Soori ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko hujjat samajhte the, halaanke ye taassur baatil hai aur is tarah ki marwiyaat kutub-e-ahadees se har mudallis raawi ki pesh ki ja sakti hain. Jinhe'n na barailwi hazraat tasleem karte, na Deobandi aur na hanafi hazraat tasleem karte hain. Aisa tareeq-e-kaar kabhi ikhtiyaar nahi karna chaahiye, jiski wajah se tamaam mudalliseen ki tamaam mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat sahih qaraar di jaae'n aur ilm-e-tadlees fuzool ho jaae.

Ek shakhs ne Imam Daraqutni ki kitab Al Ilal (V5 P171, 173 #804) se Abu Bakr an-Nahshali aur Abdullah bin Idrees ki mutaaba-at saabit karne ki koshish ki hai. Halaanke ye hawaala bilkul be-sanad hone ki wajah se mardood hai aur duniya ki kisi kitab mein sahih ya hasan-lizaatihi sanad ke saath Abu Bakr an-Nahshali ya Abdullah bin Idrees ki riwayat-e-mazkoora mein lafzi ya maanawi (mafhooman) mutaaba-at saabit nahi hai.

Baaz-un-naas ne likha hai: "*Imam Daraqutni رحمہ اللہ ne* 'حديث به الثورى عنه' *ke lafz likhe. Jisse Imam Sufyaan Soori رحمہ اللہ se seegha-e-tahdees saabit hote hain…*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P92)

Ye istidlaal do (2) wajah se mardood hai:

❶ Imam Daraqutni ki paedaaish se bahut arsa pehle Imam Sufyaan Soori faut ho gae the, lihaaza ye qaul be-sanad hai.

❷ 'حديث به الثورى عنه' ka matlab ye hai ke Soori ne isse hadees bayan ki hai, lihaaza isse samaa' kaha'n saabit ho gaya? Isme samaa' ki tasreeh hi nahi, lekin bbaaz-un-naas saabit karne ki koshish kar rahe hain. SubhanAllah!

Ek shakhs ne Imam Sufyaan Soori ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) hadees ke 10 shawahid banaane ki koshish ki hai, jin mein Number 1-9 tak sab

mauqoof-o-maqtoof[1] riwayaat aur zaeef-o-mardood hain. Ibrahim Nakhai mudallis the, lihaaza Syedna Ibne Masood ؓ se (jo unki paedaaish se pehle wafaat paa gae the) unki har riwayat mardood hai. Chaahe unho'n ne ek jamat (majhuleen) se hi suna ho.

Abdur Razzaq, Hammad bin Abi Sulaiman, Ibne Uyayna, Sufyaan Soori aur Ibrahim Nakhai sab mudallis the, lihaaza unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat mardood ke hukm mein hain. Aakhri riwayat mein Muhammad bin Jaabir jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef tha. Hammad aur Ibrahim dono mudallis the aur riwayat mua'n-a'n (مُعَنْعَن) hai.

Mukhtasar ye ke sab shawahid mardood hain aur baat Sufyaan Soori ki tadlees mein hi phasi hui hai.

Ab aakhir mein saahib-e-Mohaqqiqaana Tajziya (Faisal Khan Barailwi) ke 5 jhoot baa-hawaala aur radd pesh-e-khidmat hain:

① Syedna Abdullah bin Masood ؓ ki taraf mansoob riwayat-e-mazkoora ke baare mein us shakhs ne Tahawi Hanafi ki kitab Sharah Maani-ul-Aasaar (V1 P154 & V1 P224) se tasheeh naql ki (Mohaqqiqaana Tajziya: P122) halaanke Tahaawi ne us riwayat ko saraahatan sahih nahi kaha, lihaaza ye Tahawi par jhoot hai.

② Riwayat-e-mazkoora ke baare mein us shakhs ne Haafiz Ibne Hajar ki kitab Ad Diraaya (V1 P150) se naql kiya: *"Sahih"*. (Mohaqqiqaana Tajziya: P123)

Ye kaala jhoot hai.

③ Riwayat-e-mazkoora ke baare mein us shakhs ne Maulana Ataullah Haneef ؒ ki Taaliqaat-e-Salafiyya (Mohaqqiqaana Tajziya: P122 P123) se naql kiya: "*Sahih*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P125)

Maulana Ataullah ne is hadees ko qatan sahih nahi kaha, balke Abul Hasan Sindhi ka hashiya naql karke 'س' ka harf likh diya hai. (Taaliqaat-e-Salafiyya: P123 Hashiya 4) Lihaaza ibaarat-e-mazkoora mein saahib-e-tajziya

[1] T: (مَوقُوف) Multawi, mansookh, aarzi ya mustaqil taur par tark ya mansookh [RKT]; T: (مقطوف) Akhaz karda, nikaala hua, Is context mein is lafz ka mafhoom hoga ke: Ye kisi aur jagah (hadees) se uthaaya gaya hai aur is mein mumkina taur par tabdeeli ya ikhtisaar maujood hai [RSB]

ne Maulana Ataullah Haneef Bhojiyani رحمہ اللہ par jhoot bola hai.

④ Saahib-e-Mohaqqiqaana Tajziya ne kaha: ke "*Imam Shafai رحمہ اللہ ka baad waala qaul bhi yehi hai ke un dono hazraat se (Hazrat Ali رضی اللہ عنہ aur Hazrat Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ) tark-e-raful yadain saabit hai*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P107)

Ye bilkul kaala jhoot hai.

⑤ Saahib-e-Tajziya ne kaha: "*Zubiar Ali Zai Saahab Imam Bazzaar رحمہ اللہ par jarh karte hain aur unki tauseeq ke qaael nahi hain. Lihaaza unka qaul kaise pesh kar sakte hain*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P115)

Ye jhoot hai kyounke mere nazdeek Imam Bazzaar siqa-yakhtai aur sadooq hasan-ul-hadees hain aur mutaaddid muqaamaat par main ne unki bayan-karda ahadees ko sahih qaraar diya hai. (Masalan dehkhiye Ilmi Maqalaat: V1 P112)

Mahnaama Al Hadees: 23 Main bhi aakhri mein Khateeb Baghdadi aur Abu Awaana waghairahuma se mohaddis Bazzaar ka siqa-o-sadooq hona naql kiya gaya hi. (Dekhiye P30)

Unke alaawa us shakhs ke aur bhi bahut se jhoot hain, masalan Musnad Ahmad mein mujarrid riwayaat ki wajah se Imam Ahmad bin Hambal se "*ahtaj behi* احتج به" naql karna waghaira. (Dekhiye Mohaqqiqaana Tajziya: P122)

Us shakhs ki jahalaten bhi bahut ziyaada hain. Masalan:

Ko samaa' par mahmool karna. حدث به الثوری عنه.
(Mohaqqiqaana Tajziya: P92)

Aur ye kehna ke "*Waise bhi summa laa-yaud ke baghaer bhi ahnaaf ka daawa saabit hota hai*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P119)

Halaanke is zaeef riwayat mein 'ثم لا یعود' aur uske mafhoom ki ziyaadat baatil saabit ho jaae to barailwiyo'n, deobandiyo'n ka daawa aur uski buniyad hi khatam ho jaati hai, saari imaarat dhadaam se gir jaati hai aur bhatta baith jaata hai.

Khulaasa at-Tehqeeq: Hamare is mudallal aur tehqeeqi mazmoon mein saabit kar diya gaya hai ke Syedna Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ ki taraf se

mansoob tark-e-raful yadain waali riwayat mein Sufyaan Soori mudallis hain, jo tabaqa saalisa ke mudallis hain, lihaaza unki ye mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat zaeef-o-mardood hai.

Duniya ke kisi kitab mein riwayat-e-mazkoora mein Imam Sufyaan Soori ke samaa' ki tasreeh maujood nahi, aur na koi motabar mutaaba-at kahee'n maujood hai.

Ahle imaan ko chaahiye ke zid-o-enaad ko chodkar haq ko tasleem kare'n aur usi mein dono jahano'n ki kaamyaabi hai.

وما علينا إلا البلاغ

Sep 12th, 2009 – 21st Ramzan 1430h

Tark-e-Raful Yadain Ki Sab Riwayaat Zaeef-o-Mardood Hain

Is mazmoon mein wo zaeef, mardood, mauzoo aur be-asal riwayaat ma' radd aur taarikeen ke shubhaat ke jawabaat pesh-e-khidmat hain, jinhe'n baaz log tark-e-raful yadain ya mansookhiyat-e-raful yadain waghaira ke liye pesh karte rehte hain:

① Syedna Abdullah bin Masood ﷺ ki taraf mansoob riwayat:

Alqama se riwayat hai ke (Syedna) Abdullah bin Masood ﷺ ne farmaya: "*Kya main tumhe'n Rasool Allah ﷺ ki namaz na padhaau'n? Phir unho'n ne namaz padhi aur dono haath nahi uthaae siwaae pehli dafa ke*". (Sunan Tirmizi, Imam Tirmizi ne kaha Hadees hasan; Al Mahalla li-Ibne Hazm, Imam Hazm ne kaha 'إن هذا الخبر صحيح'; Sunan Abu Dawood; Noor-ul-Aynaen Fee Masla Raful Yadain: P129-130)

Is riwayat ki sanad do (2) wajah se zaeef hai:

Awwal: Imam Shafai waghaira jamhoor mohaddiseen ne ise ghair saabit-o-zaeef waghaira qaraar diya hai. (Kitab-ul-Umm: V7 P201; Ilal-ul-Hadees li-Ibne Abi Haatim: H258; Sunan Tirmizi: H256; At Tamheed li-Ibne Abdul Barr: V3 P220 waghaira)

Duwam: Iske raawi Imam Sufyaan Soori ؒ siqa hone ke saath mudallis bhi the. (Kitab al Jarh wa Taadeel: V4 P225; Kitab-ul-Mudalliseen) Ye riwayat an (عن) se hai aur kisi sanad mein samaa' ki tasreeh nahi hai.

Usool-e-hadees ka mashoor masla hai ke mudallis raawi ki an (عن) waali riwayat zaeef hoti hai. (Kitab ar Risaalah li-Imam Shafai: P380; Muqaddama Ibne Salaah: P99)

Agar koi kahe ke Haafiz Ibne Hajar ne Sufyaan Soori ko tabaqa saniya (mudalliseen ke doosre tabaqa) mein zikr kiya hai to uska jawab ye hai: Sahih ye hai ke Imam Sufyaan Soori tabaqa saalisa (mudalliseen ke teesre tabaqa) ke mudallis the. Iske suboot ke liye 11 hawaale pesh-e-khidmat hain:

❶ Haakim Nishapuri ne Haafiz Ibne Hajar se pehle unhe'n (Imam Sufyaan Soori ko) *Al Jins us Saalis* yaane tabaqa saalisa mein zikr kiya hai. (Maarifa Uloom-ul-Hadees: P106)

❷ Aeni Hanafi ne kaha: Aur Sufyaan mudalliseen mein se the aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke uski tasreeh samaa' doosri sanad se saabi tho jaae. (Umdatul Qaari: V3 P112)

Maaloom hua ke Aeni Hanafi ke nazdeek Sufyaan Soori tabaqa saalisa mein se the.

❸ Ibn al-Turkamani Hanafi ne ek riwayat par jarh karte hue kaha: Soori mudallis hain aur unho'n ne an (عن) se riwayat bayan ki hai. (Al Jauhar un Naqi: V8 P262)

Ibn al-Turkamani ke nazdeek Sufyaan Soori ki an (عن) waali riwayat (illat-e-qaadiha se) maalool hai.

❹ Kirmani ne kaha: "*Sufyaan mudalliseen mein se the aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke doosri sanad se samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Sharah Sahih Bukhari az Kirmani: V3 P62)

❺ Qastalaani ne kaha: "*Sufyaan mudallis hain aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke doosri sanad se samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Irshad us Saari: V1 P286)

❻ Salaahuddin al Elaai ne kaha: "*Sufyaan Soori majhool logo'n se tadlees karte the*". (Jaame-ut-Tehseel Fee Ahkaam ur Maraseel: P99)

❼ Haafiz Zahbi ne kaha: "*Wo (Sufyaan Soori) zaeef raawiyo'n se tadlees karte the... ilkh*". (Meezaan-ul-Etidaal: V2 P169)

Jo mudallis raawi ghair siqa raawiyo'n se tadlees kare, to uski sirf wohi riwayat maqbool hoti hai, jis mein samaa' ki tasreeh kare. (An Nukat liz Zarakshi: P184; Sharah Alfiya al Iraqi: At Tabsara wat Tazkirah: V1 P183-184)

❽ Sarfaraz Khan Safdar Deobandi ne ek riwayat par Sufyaan Soori ki tadlees ki wajah se jarh ki hai. (Khazaainus Sunan: V277)

❾ Master Ameen Okadwi Deobandi ne ek riwayat par Sufyaan Soori ki tadlees ki wajah se jarh ki hai. (Majma' Rasaail [old edition: V3 P331]; Tajalliyaat-e-Safdar: V5 P470)

❿ Muhammad Shareef Kotalwi Barailwi ne Sufyaan Soori ki ek riwayat par jarh karte hue kaha: "*Aur Sufyaan ki riwayat mein tadlees ka shuba*

hai". (Fiqh-ul-Faqhiya: P134)

⓫ Muhammad Abbas Rizwi Barailwi ne likha hai: "*Yaane Sufyaan mudallis hai aur ye riwayat unho'n ne Aasim bin Kaleeb se an (عن) ke saath ki hai aur usool-e-mohaddiseen ke tahat mudallis ka an-anah 'عنعنة' ghair-maqbool hai, jaisa ke aage in sha Allah bayan hoga*". (Munazare Hi Munazare: P249)

Is tafseel se maaloom hua ke Imam Sufyaan Soori رحمہ اللہ (tabaqa saalisa ke) mudallis the, lihaaza ghair sahihain mein unki an (عن) waali riwayat zaeef hoti hai. Illa ye ke samaa' ki tasreeh saabit ho ya motabar mutaaba-at mil jaae. Yaad rahe ke riwayat-e-mazkoora mein Sufyaan Soori ki mutaaba-at ba-sanad-e-sahih muttasil saabit nahi hai. Neez dekhiye mera mazmoon: "*Imam Sufyaan Soori Ki Tadlees Aur Tabaqa Saniya?*".

Tambeeh: Syedna Ibne Masood رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob ek riwayat mein aaya hai ke: "*Maine Nabi ﷺ, Abu Bakr aur Umar رضی اللہ عنہم ke saath namaz padhi hai, wo shuru namaz mein takbeer-e-tehrima ke siwa haath nahi uthaate the*". (Sunan Daraqutni: V1 P295)

Is riwayat ka raawi Muhammad bin Jaabir al-Yamani jamhoor ke nazdeek zaeef hai.

تفرد به محمد بن جابر وكان ضعيفاً.
(Majma' Zawaaid: V5 P191)

Aur Imam Daraqutni ne bhi is raawi ko zaeef kaha hai, lihaaza ye riwayat mardood hai.

Syedna Ibne Masood رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob ek aur riwayat (Jaame-ul-Masaneed: V1 P355) kai wajah se baatil-o-mardood hai:

❶ Abu Muhammad Abdullah bin Muhammad bin Yaqoob al-Harthi al-Bukhari kazzaab hai. (Meezaan-ul-Etidaal: V2 P496; Lisaan-ul-Mizaan: V3 P348-349)

Iska ustaad Raja bin Abdullah an-Nahshali *majhool* hai aur baaqi sanad bhi mardood hai. (Noor-ul-Aynaen: P42-43)

Syedna Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ se tark-e-raful yadain mauqoofan bhi saabit nahi hai.

② Syedna Baraa bin Aazib ؓ ki taraf mansoob riwayat:

Syedna Baraa bin Aazib ؓ se riwayat hai ke Nabi ﷺ shuru namaz mein kaano'n ki luoo'n tak raful yadain karte the, phir aap dobaara (raful yadain) nahi karte the. (Sharah Maani-ul-Asaar lit Tahaawi; Sunan Abu Dawood waghairahuma)

Is riwayat ka buniyadi raawi Yazeed bin Abi Ziyaad al Qurashi al-Hashmi al-Kufi hai, jo-ke jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef tha. Haafiz Ibne Hajar Asqalani ne kaha:

Aur jamhoor uski hadees ko zaeef kehte hain. (Hadee us Saari: P459) — والجمهور على تضعيف حديثه.

Boosiri ne kaha:

Aur jamhoor ne use zaeef kaha hai. (Zawaaid Ibne Majah: 2116) — وضعفه الجمهور.

Is riwayat ki doosri sanad mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila hai, jo-ke jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef tha. Anwar Shah Kashmiri Deobandi ne kaha: "*Pas wo mere nazdeek zaeef hai, jaisa ke jamhoor ka mazhab hai*". (Faiz-ul-Baari: V3 P168)

Boosiri ne kaha:

Ise jamhoor ne zaeef kaha hai. (Zawaaid Ibne Majah: 2116) — وضعفه الجمهور.

Tark-e-Raful Yadain waali riwayat: 'أبو حنيفة عن الشعبي قال: سمعت البراء بن عازب' ki sanad se marwi hai.s (Musnad Abu Hanifa li-Abi Nayeem al-Asbahani: P156)

Is riwayat ke saare raawi: Abul Qasim bin Balwiya as-Saboori, Bakr bin Muhammad bin Abdullah al-Habaal ar-Raazi, Ali, Ali bin Muhammad bin Rooh bin Abi al-Harsh al-Maseesi, Muhammad bin Rooh aur Rooh bin Abi al Harshi, sab majhool hain, lihaaza ye sanad mardood hai. (Archives Multaqa Ahlul Hadees: 4 V1 P926)

③ Ibaad bin az-Zubair (?) Ki Taraf Mansoob Riwayat:

Ibaad bin az-Zubair se marwi hai ke "*Rasool Allah ﷺ jab namaz shuru farmate the, to ibtida-e-namaz mein raful yadain karte the, phir namaz*

mein kahee'n bhi raful yadain nahi karte the, hatta ke aap namaz se faarigh ho jaate". (Khilaafiyaat lil Bayhaqi ba-hawaala Nasbur Raaya: V1 P404)

Ye riwayat kai wajah se mardood hai:

❶ Muhammad bin Ishaq (raawi) naa-maaloom hai.

❷ Hafs bin Ghayas mudallis the. (Tabaqaat Ibne Saad: V6 P390)

Unhe'n tabaqa-e-oola mein zikr karna ghalat hai aur sahih ye hai ke wo tabaqa saalisa ke mudallis the. Ye riwayat an (عن) se hai, lihaaza zaeef hai.

❸ Ibaad bin az-Zubair naa-maaloom hai aur usse Ibaad bin Abdullah bin az-Zubair muraad lena be-daleel hai.

❹ Agar ba-farz-e-muhaal Ibaad se muraad Ibne Abdullah az-Zubair hote to ba-farz-e-muhaal un tak sanad sahih hoti to bhi ye riwayat munqata-o-mursal hone ki wajah se zaeef hai.

Faaeda: Syedna Abdullah bin az Zubair se Nabi ﷺ ki wafaat ke baad raful yadain karna saabit hai. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P [sanad sahih-o-rijaal siqaat])

④ Syedna Abdullah bin Abbas Aur Syedna Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہم Ki Taraf Mansoob Riwayate'n:

In dono sahabiyo'n se marwi hai ke Nabi ﷺ ne farmaya: "*Raful Yadain 7 muqaamaat par kiya jaae: Namaz ke shuru mein, baitullah ki ziyarat ke waqt, safa-o-marwa par, arafaat aur muzdalifa mein wuqoof ke baad aur jamaraat ko kankariyaa'n maarte waqt*". (Sharah Maani-ul-Asaar; Kashf-ul-Astaar)

Iski sanad mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef hai. Dekhiye Hadees # 2.

Syedna Ibne Abbas رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob ek aur riwayat (Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabrani: V11 P452) mein hai, jo Ataa bin as-Saaeb raawi ke ikhtilaat ki wajah se zaeef hai. (Al Kawaakib un Niraat: P61; Majma' az Zawaaid: V3 P297)

Aur ye saabit nahi hai ke ye riwayat unho'n ne ikhtilaat se pehle bayan

ki thi, lihaaza ye riwayat zaeef hai.

Al Mojam-ul-Kabeer lit Tabrani (V11 P385) ki riwayat mein ‘لا ترفع الأيدي إلا في سبع مواطن....’ ke alfaaz aae hain. Ye riwayat bhi Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila (zaeef ind al-jamhoor) ki wajah se zaeef hai.

Syedna Ibne Abbas ﷺ ki taraf mansoob ek be-sanad aur mauzoo riwayat (Badaae us Sanaae lil Kasani: V1 P207) mein hai ke “*Ashra-e-mubasshara raful yadain nahi karte the, magar sirf shuru namaz mein*”. Ye bhi mardood riwayat hai.

Baaz log Tafseer Ibne Abbas naami kitab se ek riwayat pesh karte hain ke, “*Aur namaz mein apne haath nahi uthaate*”. (Tanweer-ul-Qiyaas: P212)

Us kitab ki sanad mein Muhammad bin Marwan as-suddi kazzaab, Muhammad bin Saaeb al-Kalbi kazzaab aur Abu Saaleh Baazaam zaeef hain. (Noor-ul-Aynaen: P238-246) Lihaaza ye saari tafseer mauzoo aur man-ghadat hai.

Tambeeh: Syedna Ibne Abbas ﷺ se saabit hai ke aap ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235 [sanad hasan])

Syedna Abdullah bin Abbas ﷺ se tark-e-raful yadain qatan saabit nahi hai.

Syedna Ibne Umar ﷺ bhi ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Sahih Bukhari: 739 [sanad sahih])

Syedna Abdullah bin Umar ﷺ se tark-e-raful yadain saabit nahi hai.

Mujahid se riwayat hai ke “*Maine Ibne Umar ﷺ ke peeche namaz padhi, pas Aap namaz mein sirf pehli takbeer ke waqt raful yadain karte the, uske baad namaz mein kisi jagah raful yadain nahi karte the*”. (Musannaf Ibne Abi Shaiba; Sharah Maani-ul-Asaar lit Tahaawi)

Ye riwayat Abu Bakr bin Ayaash (sadooq hasan-ul-hadees yakhtai) ke wahm ki wajah se zaeef hai. Imam Ahmad bin Hambal ne farmaya: “*Ye baatil hai*”. (Masaail Ahmad Riwaaya Ibne Haani: V1 P50)

Imam Ibne Maeen ne farmaya: "*Abu Bakr (bin Ayaash) ki Hussain se riwayat uska wahm hai, us riwayat ki koi asal nahi hai*". (Juz Raful Yadain: 16; Nasbur Raaya: V1 P392)

Mohaddiseen ki is jarh ke muqaable mein kisi mustanad mohaddis ya Imam (min al-mutaqaddimeen) se riwayat-e-mazkoora ko sahih qaraar dena saabit nahi hai.

Abdul Aziz bin Hakeem se riwayat hai ke maine dekha: "*Ibne Umar ﷺ apne haatho'n ko kaano'n ke muqaabil tak takbeer-e-oola ke waqt uthaate aur uske siwa kisi mauqa mein haath na uthaate the*". (Muwatta Muhammad bin Hasan Farqad ash-Shaibani)

Ye riwayat do (2) wajah se mardood hai.

❶ Ibne Farqad jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh hai, uski tauseeq mardood hai.

❷ Muhammad bin Aabaan bin Saaleh jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh raawi hai.

⑤ Syedna Ali ﷺ Ki Taraf Mansoob Riwayat:

Syedna Ali ﷺ se riwayat hai ke Nabi ﷺ namaz ke shuru mein raful yadain karte the, phir dobaara nahi karte the. (Al Ilal li-Imam Daraqutni: V4 P107)

Ye riwayat Al Ilal al-Wardah lid Daraqutni mein be-sanad hai. Abdur Raheem bin Salman tak koi sanad mazkoor nahi hai aur be-sanad riwayat mardood hoti hai.

Sarfaraz Khan Safdar Deobandi ne kaha: "*Aur Imam Bukhari رحمہ اللہ ne apne istidlaal mein unke asar ki koi sanad naql nahi ki aur be-sanad baat hujjat nahi ho sakti*". (Ahsan-ul-Kalaam: V1 P327; another edition: P403)

⑥ Syedna Abdullah bin Umar ﷺ Ki Taraf Mansoob Riwayat:

Zaid bin Aslam se marwi hai ke Abdullah bin Umar ﷺ ne kaha: "*Ham Rasool Allah ﷺ ke saath Makkah mein shuru namaz aur ruku ke waqt raful yadain karte the, phir jab Nabi ﷺ ne Madina ki taraf hijrat ki, to aapne namaz mein ruku waala raful yadain tark kar diya aur ibtidaa*

waale raful yadain par saabit qadam rahe". (Akhbaar-ul-Fuqaha wal Mohaddiseen: P214 ت 378)

Ye riwayat kai wajah se mauzoo aur baatil hai?

Awwal: Iske raawi Usman bin Muhammad bin Khasheesh al-Qirwaani ke baare mein Haafiz Zahbi ne kaha:

Wo kazzab (bahut jhoota) tha. (Al Mughni Fee az Zoafa: V2 P50 ت 4059) كان كذابًا.

Duwwam: Akhbaar-ul-Fuqaha naami kitab ke aakhri mein likha hua hai ke kitab mukammal ho gai… aur ye (takmeel) Shaban 483h mein hui hai. (P293)

Akhbaar-ul-Fuqaha ke musannif Muhammad bin Haaris al-Qirwaani 361h mein faut hue the, lihaaza maaloom hua ke kitab ka naasikh majhool hai, jo musannif ki wafaat ke 122 saal baad guzra hai. Majhool ki riwayat mardood hoti hai.

Suwwam: Usman bin Sawaada ki Hafs bin Maisara se mulaqaat ya muaasarat saabit nahi hai. (Tafseel ke liye dekhiye Noor-ul-Aynaen: P205-211)

Syedna Ibne Umar ﷺ ki taraf mansoob ek be-sanad riwayat (Nasbur Raaya: V1 P404) mein ba-hawaala Khilaafiyaat lil Bayhaqi mazkoor hai. Uski mukammal muttasil sanad na-maaloom hai aur Haakim Nishapuri ne farmaya: "*Ye riwayat baatil, mauzoo hai*". (Nasbur Raaya: V1 P404)

⑦ Ek Be-sanad Riwayat:

Mulla Kaasaani waghaira baaz Hanafi Fuqaha ne baghaer kisi sanad ke ek riwayat bayan ki hai ke, "*Nabi ﷺ ne apne baaz sahaba ko ruku se pehle aur ruku se sar uthaate waqt raful yadain karte dekha to farmaya: Kya wajah hai ke main tumhe'n dekhta hoo'n, tumne us tarah haath uthaae hue hain jaise sarkash ghodo'n ki dume'n hoti hain? Namaz mein sukoon karo*". (Badaae us Sanaae: V1 P207)

Ye riwayat be-sanad hone ki wajah se mauzoo-o-mardood hai.

⑧ Syedna Anas bin Maalik ﷺ Ki Taraf Mansoob Ek Riwayat:

Kaseer bin Abdullah se riwayat hai ke maine Anas bin Maalik ﷺ ko farmate hue suna ke Nabi ﷺ ne mujhse farmaya: "*Beta jab tu namaz ke liye aae to qibla-rukh hoja, raful yadain kar aur takbeer-e-tehrima keh aur qirat kar jaha'n se karna chaahe phir jab tu ruku mein jaae to dono hatheliya'n ghutno'n par rakh… ilkh*". (Al Kaamil Fee Zoafa ur Rijaal li-Ibne Adee: V6 P2086)

Is riwayat ka raawi Kaseer bin Abdullah Abu Hashim al-Abli sakht zaeef-o-matrook tha. Imam Bukhari ne farmaya:

Wo Anas se munkar hadeese'n bayan karta tha.	منكر الحديث عن أنس.

(Al Kaamil li-Ibne Adi: P2085; Kitab uz Zoafa lil Bukhari: 506)

Imam Nasai ne kaha: 'متروك الحديث'. (Al Kaamil li-Ibne Adee: P2085; Kitab uz Zoafa lil Bukhari: 506)

Haakim ne Syedna Anas ﷺ se uski bayan-karda riwayaat ko mauzoo qaraar diya hai. (Tehzeeb-ut-Tehzeeb: V8 P418; doosra nuskha: P374)

Doosre ye ke is mauzoo riwayat mein tark-e-raful yadain ki saraahat nahi, balke adm-e-zikr hai, aur adm-e-zikr har jagah nafi-e-zikr ki daleel nahi hota. (Al Jawahar un Naqee: V4 P317)

Baaz-un-naas Al Mudawwana al-Kubra (V1 P69), hadees-e-Abi Maalik al-Ashari ﷺ (Musnad Ahmad: V5 P243), aur Hadees-e-Abu Huraira ﷺ (Sunan Abu Dawood; At Tamheed: V9 P215) waghaira pesh karte hain. Jin mein tark-e-raful yadain ka naam-o-nishaan nahi hota. Lihaaza ghair mutaalliqa aur adm-e-zikr waali riwayat pesh karna ghalat hai.

⑨ Tehrifaat

Baaz log Musnad Humaidi aur Musnad Abi Awaana se Syedna Ibne Umar ﷺ ki taraf mansoob karke do (2) hadeese'n pesh karte hain aur tark-e-raful yadain saabit karne ki koshish karte hain, halaanke un dono kitabo'n ke puraane qalmi nuskho'n mein ye hadeese'n tark-e-raful yadain ke saath nahi, balke isbaat-e-raful yadain ke saath likhi hui hain. Lihaaza baaz-un-naas ki in tehrifaat se baa-khabar rahe'n aur tafseel ke

liye dekhiye Noor-ul-Aynaen. (P68-81)

⑩ Zaeef Aasaar Aur Baaz Fawaaed:

Baaz log marfoo ahadees ke muqaable mein zaeef-o-ghair-saabit aasaar pesh karte hain, masalan:

❶ Syedna Ibne Masood ﷺ ki taraf mansoob asar munqata hone ki wajah se mardood hai. Ibrahim Nakhai ki paedaaish se pehle Syedna Ibne Masood ﷺ faut ho gae the.

❷ Syedna Umar ﷺ ki taraf mansoob asar Ibrahim Nakhai (siqa mudallis) ki tadlees ki wajah se zaeef hai, jo shakhs use sahih samajhta hai wo asar-e-mazkoor mein Ibrahim Nakhai ke samaa' ki tasreeh pesh kare.

❸ Khulafa-e-Rashideen ﷺ ki taraf mansoob asar Muhammad bin Jaabir (zaeef) ki wajah se zaeef hai. Dekhiye yehi mazmoon ki Hadees # 1.

Badaae us Sanaae lil Kasaani (V1 P207 'عن علقمه الخ') waala asar be-sanad hone ki wajah se mauzoo hai.

❹ Syedna Ali ﷺ ki taraf mansoob asar ba-ittifaaq-e-mohaddiseen zaeef-o-ghair-saabit hai. Kisi mohaddis ne use sahih nahi kaha. Us par mohaddiseen ka ittifaaq hai aur ijma sharai hujjat hai.

❺ Baaz log Muhammad bin al-Hasan bin Farqad ash-Shaibani ki taraf mansoob *Al Muwatta* aur *Al Aasaar* se baaz aasaar pesh karte hain. Jinki sanad sahih nahi aur khud Ibne Farqad bhi jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh hai. Ye kitabe'n bhi usse ba-sanad-e-sahih saabit nahi hain.

❻ Baaz log sajdo'n mein raful yadain waali riwayaat pesh karte hain, halaanke sajdo'n mein raful yadain kisi ek riwayat se bhi saabit nahi aur Sahih Bukhari mein likha hua hai: "*Aur aap sajda karte aur sajde se uthte waqt raful yadain nahi karte the*". (H738 Tafseel ke liye dekhiye Noor-ul-Aynaen: P189-194)

❼ Baaz log Syedna Jaabir bin Samra ﷺ waali hadees (Sahih Muslim se) pesh karte hain, halaanke us hadees ka talluq ruku waale raful yadain se

nahi, balke tasshahud mein salaam ke waqt haatho'n se ishaara karne se hai. (Dars-e-Tirmizi: V2 P36; Al Ward ush Shazi: P63; At Talkhees-ul-Habeer: V1 P221)

❽ Baaz log ye kehte hain ke Sahaba Ikraam ﷺ baghlo'n mein buth lekar aate the, to is wajah se raful yadain kiya jaata tha.

Ye bilkul jhoot aur man-ghadat baat hai, jiska koi suboot hadees ki kisi kitab mein nahi hai.

❾ Baaz-un-naas ye kehte hain ke Nabi ﷺ pehle raful yadain karte the aur baad mein use matrook ya mansookh qaraar diya tha.

Magar iski koi sanad ya daleel hadees ki kisi kitab mein nahi hai.

❿ Baaz log jamhoor mohaddiseen ke nazdeek majrooh raawiyo'n ki tauseeq pesh karne ki koshish karte hain, halaanke jamhoor ki jarh ke muqaable mein tauseeq mardood hai, illa ye ke khaas aur aam ka masla ho to phir khaas muqaddam hota hai.

Sarfaraz Khan Safdar Deobandi ne likha hai: "*Baae'n-hama ham ne tauseeq-o-taz-eef mein jamhoor aimma-e-jarh-o-taadeel aur aksar aimma-e-hadees ka saath aur daaman nahi choda. Mashoor hai ke: "Zubaan-e-khalq ko naqqarah-e-khuda samjho"*. (Ahsan-ul-Kalaam: V1 P40)

⓫ Baaz log shiyyo'n ki kitab: "*Musnad Zaid*" aur kharjiyyo'n ki kitab "*Musnad ar Rabee bin Habib*" ke hawaale pesh karte hain, halaanke ye dono ghair saabit aur baatil kitabe'n hain. Ghair saabit kitabo'n ka hawaala pesh karna mardood hota hai.

Isbaat-e-raful yadain qabl az-ruku wa baad az-ruku ke dalaael ke liye Sahih Bukhari-o-Sahih Muslim waghairahuma ka mutaala-a kare'n.

وما علينا إلا البلاغ

July 11th, 2009

Tark-e-Raful Yadain Ki Hadees Aur Mohaddiseen-e-Kiraam Ki Jarh

(Ye mazmoon Faisal Khan Barailwi ki kitab: "Raful Yadain Ke Mauzoo Par… Mohaqqiqaana Tajziya" ke jawab mein likha gaya hai)

Syedna Abdullah bin Masood ﷺ ki taraf mansoob, Imam Sufyaan Soori ﷺ (mudallis) ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (tark-e-raful yadain waali) riwayat ko jamhoor mohaddiseen ne zaeef-o-maalool qaraar diya hai. Tafseel ke liye dekhiye meri kitab Noor-ul-Aynaen Fee Masla Raful Yadain. (P130-134 [taba jadeed])

Baaz logo'n ne aaj kal ke daur mein in tazeefi aqwaal mein tashkeek paeda karne ki koshish ki hai, lihaaza in mushakikeen ke shukook-o-shubhaat ke jawabaat darj-e-zel hain:

① Imam Abdullah bin Mubarak ﷺ ne kaha: "*Ibne Masood ﷺ ki (taraf mansoob ye) hadees saabit nahi hai*". (Snan Tirmizi: H256; Noor-ul-Aynaen: P130)

Baaz-un-naas ne is jarh ko Sufyaan Soori waali hadees se hataane ki koshish ki hai, halaanke mohaddiseen-e-kiraam ne ise Sufyaan Soori ki hadees se mutalliq hi qaraar diya hai. (Noor-ul-Aynaen: P130)

Ek shakhs ne ye mughalata dene ki koshish ki hai ke Imam Ibn al-Mubaarak se is jarh ka raawi Sufyaan bin Abdul Maalik, unka qadeem shaagird hai aur khud mutakhkhir shaagird Suwaid bin Nasr ki riwayat mein Ibn al-Mubaarak ne ye hadees bayan ki thi, lihaaza ye jarh qadeem aur marjooh hai.

Arz hai ke (sahihain ke alaawa) aam (غير مشترط بالصحة) ghair mushtarat bis-sehha kitabo'n mein mujarrad riwayat karna kisi hadees ki tasheeh nahi hota. Masalan:

❶ Musnad Ahmad (V4 P253) mein ek riwayat hai:'من باع الخمر فليشقص الخنازير'[1] iske raawi Umar bin Bayaan ke baare mein Imam Ahmad bin Hambal se poocha gaya to unho'n ne farmaya:

[1] T: Jo shakhs sharaab bechta hai, use suwaro'n ko bhi zibah karna chaahiye [RSB]

Main usey nahi jaanta. (Kitab-ul-Ilal wa Maarifa ar Rijaal: V2 P7 # 1366) لا أعرفه.

❷ Musnad Ahmad (V6 P71) mein *Duwaid an (عن) Abi Sahal an (عن) Sulaiman bin Ruman… ilkh* ek riwayat hai, jiske baare mein Imam Ahmad ne farmaya:

Ye munkar hadees hai. (Al Muntakhab Minal Ilal lil Khalaal: P44 H5) هذا حديث منكر.

❸ Saalim an (عن) Sauban ki riwayat mein aaya hai ke: ‘استفيموا لقريش ما استقاموالكم’.[1] (Musnad Ahmad: V5 P277)

Iske baare mein Imam Ahmad ne farmaya:

Sahih nahi hai, Salim bin Abi al-Jaad ne Sauban se mulaqaat nahi ki. ليس بصحيح، سالم بن أبي الجعد لم يلق ثوبان.

(Al Sunnah lil Khalaal: 82 [sanad hasan]; Al Muntakhab Minal Ilal lil Khalal: P162 H82)

Is tarah ki doosri misaalo’n ke liye dekhiye Haafiz Ibn al-Qaiyyim ki Kitab *Al Furoosiya*. Lihaaza Imam Ibn al-Mubaarak ka Suwaid bin Nasr ki riwayat mein is hadees ko bayan karna is hadees ki tasheeh nahi hai aur na kisi khayaali mauhoom rujoo ki daleel hai.

Zeli hanafi ne Ibn al-Qattaan (al-Faasi) ki kitab *Al Waham wal Ilaihaam* se naql kiya hai ke:

Tirmizi ne Ibn al-Mubaarak se naql kiya ke unho’n ne kaha: Wakee ki hadees sahih nahi hai. (Nasbur Raaya: V1 P395) ذكر الترمذي عن ابن المبارك أنه قال: حديث وكيع لا يصح.. إلخ.

Isse maaloom hua ke Ibn al-Mubaarak ki jarh usi riwayat par hai, jise Imam Wakee ne Sufyaan Soori se bayan kiya tha, lihaaza baaz-un-naas ka is jarh ko Tahawi waali riwayat par fit kar dena ghalat hai.

Agar koi kahe ke *Mughalataai Hanafi, Ibne Daqeeq al-Eid Maliki Shafai, Aeni Hanafi, Ibn al-Turkamani Hanafi aur Ibn al-Qattaan al-Faasi al-*

[1] T: Quraish ke saath husn-e-sulook karo jab tak wo tumhare saath husn-e-sulook karte rahe’n [RSB]

Maghribi waghairahum ne Imam Ibn al-Mubaarak ki is jarh ke jawabaat diye hain. To arz hai ke ye saare jawabaat mardood aur baatil hain.

② Imam Shafai رحمہ اللہ ne tark-e-raful yadain ki ahadees ko radd kar diya hai ke ye saabit nahi hain. (Kitab-ul-Umm: V7 P201; Noor-ul-Aynaen: P131)

Agar koi kahe ke ye mubham alfaaz ki jarh hai, jiski koi haesiyat nahi hai. To arz hai ke ye baaz-un-naas ke nazdeek mubham hokar radd hogi, hamare nazdeek do (2) wajah se ye jarh maqbool hai.

Awwal: Ye usool-e-hadees ke mutabiq hai, kyounke mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (an (عن) waali) riwayat zaeef hoti hai.

Duwwam: Ye jamhoor mohaddiseen ke mutaabiq hai.

Agar koi kahe ke Ibn al-Turkamani ne hadees-e-mazkoor ke baare mein Tahawi ki tasheeh naql ki hai, to arz hai ke Tahawi ne (baqaul-e-Ibn al-Turkamani) Al Radd Ala al-Karabesi (naami kitab) mein Syedna Ali رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob mauqoof riwayat ko sahih qaraar diya hai. (Al Jauhar un Naqi: V2 P79)

Lihaaza Syedna Ibne Masood رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob is riwayat ke baare mein unki tasheeh saabit nahi hai. Yaad rahe ke Syedna Ali رضی اللہ عنہ ki riwayat ko Tahawi ka sahih kehna jamhoor mohaddiseen ke khilaaf hone ki wajah se ghalat hai.

Ek shakhs (Faisal Khan Barailwi) ne likha hai: "*Ke Imam Shafai رحمہ اللہ ka baad waala qaul bhi yehi hai ke un dono hazraat se (Hazrat Ali رضی اللہ عنہ aur Hazrat Abdullah bin Masood رضی اللہ عنہ tark-e-raful yadain saabit hai*". (Raful Yadain Ke Mauzoo Par… Mohaqiqaana Nazar: P107)

Arz hai ke ye us shakhs ka kaala jhoot hai.

Faaeda: Muhammad bin Abdul Baqi az-Zarqaani ne Syedna Ibne Masood رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob hadees ke baare mein Muwatta Imam Maalik ki Sharah mein kaha:

Aur Shafai ne ise radd kar diya ke beshak ye saabit nahi hai.	و رده الشافعي بأنه لم يثبت. (V1 P158)

Jo log 4 imamo'n ko maanne ka daawa karte hain aur ye kehte hain ke 4 mazahb bar-haq hain, unki khidmat mein arz hai ke jis hadees ko Imam Shafai aur Imam Ahmad (do (2) imam) ne zaeef waghaira qaraar de kar radd kar diya ho aur baaqi do (2) imamo'n mein se kisi ek se bhi is hadees ko sahih kehna saabit na ho to aap log kis tarah is riwayat ko pesh karte hain?

Agar himmat hai to Imam Abu Hanifa se tark-e-raful yadain waali is hadees ka sahih hona ba-sanad-e-sahih saabit kar de'n!!

③ Imam Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ ne Sufyaan Soori ki riwayat-e-mazkoora par kalaam kiya hai. (Masaail Ahmad Riwayat Abdullah bin Ahmad: V1 P240 Fakhra: 326; Noor-ul-Aynaen: P131)

Agar koi kahe ke Imam Ahmad ne raawiyo'n par koi kalaam nahi kiya to arz hai ke unho'n ne riwayat par kalaam karke use radd kar diya aur raful yadain ke amal ko ikhtiyaar kiya hai. Imam Abu Dawood ne farmaya: "*Maine (Imam) Ahmad ko dekha hai, wo ruku se pehle aur baad mein shuru namaz ki tarah kaano tak raful yadain karte the aur baaz aiqaat shuru namaz waale raful yadain se zara neeche (yaane kandho'n tak)*".

Ahmad se kaha gaya: "*Ek shakhs raful yadain ke baare mein Nabi ﷺ ki ye ahadees sunta hai, aur phir bhi raful yadain nahi karta to kya uski namaz poori ho jaati hai?*" Aap ne farmaya: "*Poori namaz hone ka to mujhe ilm nahi hai, haa'n wo fee-nafsihi naaqis namaz waala hai*". (Masaail Abu Dawood: P33; Noor-ul-Aynaen: P179-180)

Agar Imam Ahmad tark-e-raful yadain waali riwayat ko zaeef-o-mardood na samjhte to tark-e-raful yadain waali namaz ko naaqis kabhi na kehte.

Doosre ye ke Imam Ahmad bin Hambal رحمہ اللہ ke ilm mein tark-e-raful yadain waali namaz ka poora hona nahi tha, goya aap aisi namaz ko mashkook aur khilaaf-e-sunnat samajhte the.

Agar koi kahe ke (mutakhkhireen mein se) Qazi Shawkani ne kaha hai: "*Musnad Ahmad ki har hadees maqbool hai*". (Neel-ul-Autaar: V1 P20)

To arz hai ke Qazi Shawkani ki ye baat hai aur *hanafiyya* aur *aal-e-*

taqleed ko bhi tasleem nahi hai.

Musnad Ahmad (V5 P322,316) ki ek hadees ka khulaasa ye hai ke "*Subha ki namaz ke baad Nabi ﷺ ne apne muqtadiyo'n se farmaya: Surah-al-Fatiha ke alaawa kuch na padho, kyounke jo shakhs Surah-alFatiha nahi padhta uski namaz nahi hoti*". (Al Kawaakib ud Durriya: P58)

Ye riwayat wohi hai, jo Fatiha Khalf al-Imam mein *hanafiyya* aur *aal-e-taqleed* ke tamaam "dalaael"-o-subhaat ko khatam kar deti hai aur is riwayat se taqleediyo'n ko bahut chidh hai, lihaaza kabhi Muhammad bin Ishaq bin Yasaar par jarh karte hain aur kabhi Makhool ki tadlees ka register khol baethte hain.

Ham poochte hain ke agar Musnad Ahmad ki har hadees maqbool hai to ye hadees kyou'n ghair-maqbool hai?

Agar koi kahe ke Noor-ul-Aynaen mein Imam Ahmad ke silsila mein Juz Raful Yadain ka hawaala pesh karna ilmi ziyadati aur tehreef hai to arz hai ke ye motariz[1] ba-zaat-e-khud muharraf aur ilmi ziyaadati ka murtakib hai.

Agar koi kahe ke "*Imam Ahmad ko is hadees ke jaariheen mein shumar karna ghalat aur mardood hai*". To arz hai ke kyou'n? Kya wo tark-e-raful yadain waali is riwayat ko sahih kehte the? SubhanAllah!

④ Riwayat-e-mazkoora ke baare mein Imam Abu Haatim ar Raazi ne farmaya: "*Ye khataa (ghalat) hai… ilkh*". (Al Ilal-ul-Hadees: V1 P96 H258; Noor-ul-Aynaen: P131)

Agar koi kahe ke Abu Haatim mutashaddid muta-annit[2] the aur jarh chand wujuhaat ki bina par sahih nahi hai! To arz hai ke ye jarh kai lihaaz se sahih hai, masalan:

Awwal: Jamhoor mohaddiseen ke mutaabiq hai, lihaaza tashaddud ka yaha'n sawal hi paeda nahi hota.

[1] T: (مُعْتَرِض) Eteraaz karne waala, rok-tok karne waala [RKT]
[2] T: (مُتَعَنِّت) Aesa shakhs jo apne nazaryaat ya aara par sakhti se qaaem ho aur doosre nazariyaat ko quboll na karne waala ho [RSB]

Duwwam: Sufyaan Soori mudallis the, aur is riwayat ki kisi sanad mein unke samaa' ki tasreeh maujood nahi hai.

Agar koi kahe ke Abu Haatim ar-Raazi ne Syedna Abu Humaid as-Saadi ﷺ ki isbaat-e-raful yadain waali riwayat par jarh ki hai to ye jarh kyou'n qubool nahi hai?

Arz hai ke Syedna Abu Humaid ﷺ ki riwayat ko jamhoor mohaddiseen ne sahih qaraar diya hai aur usool-e-hadees ki roo se bhi sahih hai, lihaaza us par agar Abu Haatim رحمه الله ne koi jarh ki hai to jamhoor ke khilaaf hone ki wajah se qaabil-e-qubool nahi hai. Rahi Sufyaan Soori waali mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat to us par jarh usool-e-hadees aur jamhoor mohaddiseen ki muwafaqat ki wajah se maqbool hai.

Agar koi kahe ke Abu Haatim ar-Raazi ne Sufyaan ki tadlees ka eteraaz nahi uthaaya to arz hai ke unho'n ne riwayat-e-mazkoora ko khata qaraar diya hai aur riwayat par mohaddiseen ki jarh naql karne mein yehi hawaala kaafi-o-shaafi hai.

⑤ Imam Daraqutni ne tark-e-raful yadain waali riwayat-e-mazkoora ko ghair mehfooz qaraar diya. (Kitab al Ilal: V5 P173; Noor-ul-Aynaen: P131)

Agar koi kahe ke Imam Daraqutni ne is hadees ke baare mein (wa isnaadahu sahih… ilkh) 'وإسناده صحيح.. إلخ' kaha hai. (Kitab al Ilal: V5 P172)

To arz hai ke Imam Daraqutni ne Abdullah bin Idrees an (عن) Aasim bin Kaleeb waali riwayat ko 'وإسناده صحيح' kaha hai. (Kitab al Ilal: V5 P172) Aur is riwayat mein dobaara raful yadain na karne ka koi zikr nahi hai.

Unho'n ne iske baad Soori waali riwayat ko:

Ghair mehfooz (zaeef) qaraar diya hai. (Kitab al Ilal: V5 P172-173)	ليست بمحفوظة.

Lihaaza ye kehna ke Imam Daraqutni tark-e-raful yadain waali hadees ko sahih kehte the, ghalat hai.

Agar koi ye kahe ke ahnaaf ka daawa 'ثم لا يعود' ke baghaer bhi saabit aur mehfooz hai to arz hai ke in alfaaz ya is mafhoom ki nafi ke baghaer ye daawa sire se hi khatam hai, lihaaza na saabit hai aur na mehfooz hai.

⑥ Imam Ibne Hibban ne tark-e-raful yadain waali riwayat-e-mazkoora ko zaeef aur baatil qaraar diya. (Noor-ul-Aynaen: P131)

Iske jawab mein baaz-un-naas ne 3 eteraaz kiye hain:

Awwal: Jarh mubham hai.

Arz hai ke ye jarh usool-e-hadees aur jamhoor mohaddiseen ke mutaabiq hai, lihaaza maqbool hai.

Duwam: Haafiz Ibne Hajar aur Haafiz Ibne Hibban ke darmiyan sanad maujood nahi hai.

Arz hai ke ye kitab se riwayat hai aur kitab se riwayat usool-e-hadees ki roo se jaaez hai.

Suwam: Haafiz Ibne Hibban se kitab us Salaah manqool nahi hai.

Arz hai ke Haafiz Ibne Hibban ki Kitab us Salaah (صفة الصلوٰة، وصف الصلوٰة بالسنة) ka zikr darj-e-zel kitabo'n mein maujood hai:

Al Badar-ul-Muneer li-Ibn al-Mulaqqin. (V1 P283, V2 P472, V3 P494 waghaira)

Tarh-ut-Tathreeb Fee Sharah at-Taqreeb li-Abi Zurah Ibn al-Iraqi. (V1 P102)

Tehzeeb us Sunan li-Ibn al-Qaiyyim. (V1 P368 H719)

Ithaaf-ul-Mahrah li-Ibne Hajar Asqalani. (V1 P235 H83 waghaira)

At Talkhees-ul-Habeer. (V1 P216-217 H323-324)

Mojam-ul-Baldaan li-Yaqoot al-Hamawi. (V1 P418)

Mughni al-Mohtaaj Ilaa Maarifa Maani-ul-Alfaaz al Minhaj lil-Khateeb Ash-Sharbani. (V1 P261 [ba-hawaala Maktaba Shamela] waghaira)

Balke Haafiz Ibne Hibban ne apni Sahih Ibne Hibban mein apni kitab: Sifat as Salaah ka alaahada zikr kiya hai. (Al Ihsaan: V5 P184 H1867; Doosri nuskha: H1864)

In hawaalo'n ke bawajood kisi laa-ilm shakhs ka ye qaul: "*Meri tehqeeq mein Haafiz Ibne Hibban رحمۃ اللہ علیہ se kitab us salah manqool nahi hai*". Kya haesiyat rakhta hai?!

⑦ Imam Abu Dawood ne Sufyaan Soori ki tark-e-raful yadain waali hadees ke baare mein farmaya: "*Ye hadees sahih nahi hai*". (Sunan Abu Dawood: H748; mulakhkhasan Noor-ul-Aynaen: P131-312)

Baaz deobandiyo'n aur barailwiyo'n ne is jarh ke suboot mein shak-o-shuba daalne ki koshish ki thi, jiska muskit jawab Noor-ul-Aynaen mein de diya gaya hai.

Agar koi shakhs ye kahe ke "*Imam Zahbi ﷺ ne apni kitab, "At Tanqeeh Kitab-ut-Tehqeeq Fee Ahadees Taaleeq" par Imam Abu Dawood ﷺ ki is jarh ke alfaaz naql nahi kiye…*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P21)

To arz hai ke Haafiz Zahbi ka *At-Tanqeeh* (V1 P218) mein ye jarh naql na karna iski daleel nahi ke Imam Abu Dawood se ye alfaaz saabit hi nahi hain.

Yaad rahe ke Haafiz Ibne Abdul Haadi ne Imam Abu Dawood ki is jarh ko apni kitab *At-Tanqeeh* (V1 P278) mein naql kar rakha hai, aur adm-e-zikr par isbaat muqaddam hota hai.

Agar koi shakhs Mughalataai ke hawaale se ye kahe ke Abu Dawood ki is jarh ko Ibn al-Abd (qadeem shaagird) ne naql kiya hai.

To arz hai ke Mughalataai ka siqa hona maaloom nahi hai, balke jaleel-ul-qadr huffaz-e-hadees ne us par jarh ki hai. (Noor-ul-Aynaen: P87 [jadeed edition])

Doosre ye ke is jarh ko Haafiz Ibne Abdul Barr ne Kitab-ut-Tamheed mein naql kiya hai aur Al Maktaba ash Shamila ke mutaabiq unho'n ne Imam Abu Dawood ki marwiyaat ko darj-e-zel raawiyo'n se bayan kiya hai:

❶ Muhammad bin Bakr at-Tamaar (Ibne Daasah) aam riwayaat isi raawi se hain, goya ke Ibne Abdul Barr ne Sunan Abu Dawood unhi se riwayat ki hai. Wallahu Aalam.

❷ Ibn al-Arabi

❸ Ismail bin Muhammad as Safaar

Baaz aqwaal-e-maqtooah[1] ke doosre raawi bhi hain, jinka hamari is tehqeeq se koi talluq nahi hai. Mujhe Ibn al-Abd (raawi) ki ek riwayat bhi At Tamheed mein nahi mili, jise unho'n ne Abu Dawood se bayan kiya ho.

Maaloom hua ke Haafiz Ibne Abdul Barr ne Imam Abu Dawood se jo jarh naql ki hai, wo Ibn al-Abd ki sanad se nahi hai. Lihaaza baaz-un-naas ka ye kehna ke Imam Abu Dawood ne Syedna Abdullah bin Masood ﷺ ki hadees par jarh se rujoo kar liya tha, baatil aur mardood hai.

Agar ek riwayat ya qaul baaz nuskho'n mein maujood na ho aur baaz ya ek nuskhe mein maujood ho to phir ye tehqeeq ki jaati hai ke ye nuskha qaabil-e-etemaad hai ya nahi? Agar qaabil-e-etemaad hona saabit ho jaae to phir siqa ki ziyaadat ke usool se is riwayat ya qaul ko maujood tasleem kiya jaata hai. Imam Abu Dawood ki jarh ko Ibn al-Jauzi, Ibne Abdul Barr, Ibne Abdul Haadi, aur Ibne Hajar Asqalani waghairahum mutaadid ulama ne naql kiya hai, lihaaza is jarh ke suboot mein koi shak-o-shuba nahi hai.

⑧ Haafiz Ibne Hajar ne Sufyaan Soori waali hadees tark-e-raful yadain ke baare mein likha hai ke:

وقال أحمد بن حنبل وشيخه يحي بن آدم: هو ضعيف.

Ahmad bin Hambal aur unke ustaad Yahya bin Adam ne kaha: Wo (hadees) zaeef hai. (At Talkhees-ul-Habeer: V1 P222 H328)

Agar koi kahe ke jarh ke alfaaz naql kare'n, to arz hai ke hamne alfaaz naql kar diye hain. (Al Badar-ul-Muneer: V3 P492)

⑨ Mashoor siqa-o-sadooq, hasan-ul-hadees yakhtai Mohaddis Al Bazzaar ne hadees-e-tark par jarh ki. (At Tamheed: V9 P220-221; Noor-ul-Aynaen: P133)

Ye zaroori nahi hai ke jis wajah se Mohaddis Bazzaar ne jarh ki thi, ham bhi us wajah se 100 feesad muttafiq ho'n, lekin ye baat to saabit hai ke unho'n ne riwayat-e-mazkoora par jarh ki hai, lihaaza wo is riwayat ke

[1] T: (اقوال مقطوعه) Munqata aqwaal [RSB]

jaariheen mein se hain.

Baaz-un-naas ne mere baare mein ye jhoot bola hai ke main Mohaddis Bazzaar ki tauseeq ka qaael nahi hoo'n. Yaqinan unhe'n ek din is jhoot ka hisaab dena padega. In sha Allah.

⑩ Tark-e-Raful Yadain ki zaeef-o-mardood riwayaat 'ثم لا يعود' waghaira is mafhoom ke alfaaz se marwi hain, jinhe'n Muhammad bin Waddah ne zaeef kaha. (At Tamheed: V9 P221; Noor-ul-Aynaen: P133)

Agar koi kahe ke Muhammad bin Waddah ne sirf 'ثم لا يعود' ke alfaaz waali riwayaat ko zaeef kaha tha, doosri riwayaat ko nahi, to arz hai ke Ibne Waddah se kisi ek aisi riwayat ki tasheeh ya tehseen naql kar de'n, jisse tark-e-raful yadain saabit hota ho!

Agar na kar sake'n to arz hai ke alfaaz jo bhi ho'n, unke nazdeek tark-e-raful yadain ki tamaam riwayaat zaeef hain. Agar koi kahe ke falaa'n shakhs maara gaya, doosra kahe: Flaa'n shakhs qatl ho gaya. To kya alfaaz ki tabdeeli se mafhoom mein farq hai? kuch to ghaur kare'n!

⑪ Imam Bukhari ne elaan kiya ke ulama ke nazdeek tark-e-raful yadain ka ilm Nabi ﷺ se saabit nahi hai. (Juz Raful Yadain: P40)

Aur Mazeed farmaya: "*Aur Nabi ﷺ ke Sahaba mein se kisi ek se bhi ye saabit nahi ke wo raful yadain nahi karte the… ilkh*". (Juz Raful Yadain: P72)

Isi tarah unho'n ne Sufyaan Soori waali riwayat par kalaam kiya aur Ibn Idrees ki riwayat ko mehfooz qaraar diya. (Juz Raful Yadain: P32-33)

Aisi tasrihaat waghaira ko madde-nazar rakhte hue Allama Nawavi Shafai waghaira ne kaha ke Bukhari ne is riwayat ko zaeef qaraar diya hai. (Al Majmu Sharah al Mohzib: V3 P403)

Agar koi kahe ke aapne Imam Bukhari ki jarh naql nahi ki, lihaaza Imam Bukhari ka naam jaariheen mein naql karna ghalat aur baatil hai!

To moaddabaana arz hai ke kya Imam Bukhari ko tark-e-Raful Yadain ki riwayat kث musahhiheen[1] mein shaamil karna chaahiye (!) aur ye bhi

[1] T: (مُصَحِّحِينَ) Mohaddiseen jo hadees ki sehat ki jaanch karte hain [RSB]

bataae'n ke unho'n ne Juzz Raful Yadain kyou'n likhi thi?!

⑫ Ibn al-Qattaan al Faasi ne riwayat-e-mazkoor ki ziyaadat (dobaara na karne ko) khata qaraar diya. (Nasbur Raaya: V1 P395; Noor-ul-Aynaen: P133)

'ثم لايعود' waghaira alfaaz-e-tark ke baghaer (Imam Abdullah bin Idrees ki) mutlaq hadees agar sahih ho to usse *hanafiyya* aur *aal-e-taqleed* ko kya faaeda pohonchta hai?

Maaloom hua ke jaariheen mein Ibn al-Qattaan al-Faasi ka naam sahih hai.

⑬ Abdul Haq Ashbili ne riwayat-e-mazkoora ke baare mein farmaya: "*Ye sahih nahi hai*". (Al Ahkaam-ul-Wusta: V1 P367; Noor-ul-Aynaen: P133)

Agar koi kahe ke ye jarh mubham hai, to arz hai ke ye jarh do (2) wajah se bilkul sahih hai:

Awwal: Riwayat-e-mazkoora Sufyaan Soori ke an (عن) ki wajah se zaeef hai.

Duwam: Ye jarh jamhoor mohaddiseen ke mutabiq hai, lihaaza ise jarh mubham keh kar radd kar dena ghalat aur baatil hai.

⑭ Tark-e-Raful Yadain waali riwayat-e-mazkoora ko Haafiz Ibne Hajar ke ustaad Ibn al-Mulaqqin ne zaeef kaha. (Al Badar-ul-Muneer: V3 P492; Noor-ul-Aynaen: P133)

Jamhoor mohaddiseen ke mutabiq is jarh ko baaz-un-naas ka jarh-e-mubham keh kar radd kar dena ghalat hai.

⑮ Haakim Nishapuri ne 'ثم لم يعد' ke alfaaz ko ghair mehfooz (yaane zaeef) qaraar diya. (Al Khilaafiyaat lil Bayhaqi (ba-hawaala) Al Badar-ul-Muneer: V3 P493; Mukhtasar al Khilaafiyaat lil Bayhaqi taaleef Ibne Farah al-Ishbili: V1 P378-379)

Baaz-un-naas ne jhoot bolte hue kaha: "*Haafiz Ibn al-Qaiyyim رحمہ اللہ ne deegar ulama-e-kiraam aur Imam Haakim رحمہ اللہ ke tamaam eterazaat naql karke uska tafseeli radd likha hai*". (Mohaqqiqaana Tajziya: P120)

Halaanke Haafiz Ibn al-Qaiyyim ne likha hai ke Rasool Allah ﷺ se Namaz mein ruku se pehle aur baad mein raful yadain se mana waali saari

ahadees baatil hain, un mein se koi bhi sahih nahi hai. Masalan hadees-e-Ibne Masood ﷺ... : 'فصلّى فلم يرفع يديه إلا فى أول مرة... إلخ'. (Al Manaar-ul-Muneef: P137, fakhra: 309-310)

⑯ Allama Nawavi (Shafai) ne riwayat-e-mazkoora ke baare mein kaha: "*Is hadees ke zaeef hone par (Tirmizi ke alaawa tamaam mutaqaddimeen ka) ittifaaq hai*". (Khulaasa Al Ahkaam: V1 P354 H180; Noor-ul-Aynaen: P133)

Baaz-un-naas ne likha hai ke: "*Imam Nawavi رحمۃ اللہ علیہ ka ye daawa-e-ijma sahih nahi, jabke jamhoor mohaddiseen-e-kiraam is hadees ki tasheeh ke qaael hain*".

Arz hai ke ye baat bilkul jhoot hai. Mutaqaddimeen mein se Imam Tirmizi ke alaawa kisi ek mohaddis se riwayat-e-mazkoora ki tasheeh saraahatan saabit nahi hai.

⑰ Haafiz Ibn al-Qaiyyim ne Daarmi se naql kiya ke unho'n ne riwayat-e-mazkoora ko zaeef qaraar diya. (Tehzeeb us Sunan: V2 P449; Doosra nuskha: V1 P368) Mujhe ye hawaala baa-sanad-e-saheen nahi mila. (Noor-ul-Aynaen: P133)

Jo log kitabo'n se be-sanad hawaale pesh karte rehte hain, masalan kutub-e-fiqa se Imam Abu Hanifa ke hawaale to unki shart par darj-e-baala hawaala pesh karna sahih hai.

⑱ Haafiz Ibn al-Qaiyyim aur Nawavi ne Mohaddis Bayhaqi se naql kiya ke unho'n ne is riwayat ko zaeef qaraar diya. (Tehzeeb us Sunan: V2 P449; Sharah al Mohzab: V3 P403) Mujhe ye hawaala bhi baa-sanad-e-sahih nahi mila. (Noor-ul-Aynaen: P133)

Waise asal kitab *Al Khilaafiyaat* dekhne ke baad hi is hawaale ko check kiya ja sakta hai, lekin afsos hai ke ye kitab abhi tak kaamil haalat mein shaaya nahi hui. Neez dekhiye fakhra number 17.

⑲ 'ثم لا يعود' (waghaira) alfaaz ke saath tark-e-raful yadain ki jo hadees marwi hai, Imam Muhammad bin Nasar al-Mirwazi ne in alfaaz ki taz-eef par khaas tawajjo di. (Bayan-ul-Waham wal Ehaam: V3 P365-366)

Aur zaahir hai ke chaar-paai par jis taraf bhi leta jaae, kamar darmiyan mein hi rehti hai. Agar koi kahe ke Imam Muhammad bin Nasar al-

Mirwazi ka naam jaariheen mein sahih nahi hai, to arz hai ke kyoun? Kya wo tark-e-raful yadain ki riwayat-e-mazkoora ko sahih kehte the? Hawaala pesh kare'n?

⑳ Ibne Qadaama al-Maqdisi ne tark-e-raful yadain walai riwayat-e-mazkoora ko zaeef kaha. (Al Mughni: V1 P295 Masla: 690; Noor-ul-Aynaen: P134)

Unke alaawa doosre hawaale bhi talash kiye ja sakte hain, masalan jo log sukoot ko razamandi ki daleel samajhte hain, unke nazdeek wo ulama bhi is riwayat ke jaariheen mein shaamil hain, jinho'n ne riwayat-e-mazkoora par jarh naql karke sukoot kiya hai. Masalan Saahib-e-Mishkat waghaira.

Un jaariheen mein se agar baaz ke naam khaarij kar diye jaae'n, tab bhi ye jamhoor mohaddiseen-o-ulama the, jo riwayat-e-mazkoora ko alfaaz-e-tark ke saath zaeef-o-ghair mehfooz waghaira samajhte the.

Unke muqaable mein sirf Imam Tirmizi ka hasan kehna aur 5th sadee ke Haafiz Ibne Hazm ka sahih kehna do (2) wajah se ghalat hai:

Awwal: Jamhoor ke khilaaf hai.

Duwam: Usool-e-hadees ke khilaaf hai.

Usool-e-hadees ka ye masla hai ke ghair sahihain mein mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat zaeef hoti hai. Bahut se ulama ne Imam Tirmizi aur Haafiz Ibne Hazm dono ko mutasaahl bhi kaha hai.

Masalan dekhiye Zikr Min Yatamad Qaulah Fee al Jarh wa Taadeel liz Zahbi (P159 ya P2), Al Mutakallimoon Fir Rijaal lil-Sakhaawi (P137), aur meir kitab Tauzeeh-ul-Ahkaam (V1 P572-582).

Mutaaddid barailwi-o-Deobandi "ulama" ne bhi Imam Tirmizi ko mutasaahl qaraar diya hai aur Haafiz Ibne Hazm se to unhe'n khaas dushmani hai.

Taajjub hai ke usool-e-hadees aur jamhoor mohaddiseen ke khilaaf sirf Tirmizi ki tehseen aur Ibne Hazm ki tasheeh ko yaha'n qubool kiya jaata hai! Kya koi hai, jo insaaf kare?

Raful Yadain Qabl ar-Ruku wa Baad ke masle par tafseel ke liye Imam Bukhari ki kitab "*Juz Raful Yadain*" aur meri kitab "*Noor-ul-Aynaen Fee Isbaat Masla Raful Yadain*" ka mutaala-a kare'n. In sha Allah haq waazeh ho jaaega.

وما علينا إلا البلاغ

Sep 17th, 2009

Syedna Abu Bakr Siddiq ﷺ Aur Namaz Mein Raful Yadain

الحمد للّٰه رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ رسوله الأمين و رضي الله عن أصحابه أجمعين و رحمة الله علىٰ التابعين ومن تبعهم بإحسان إلىٰ يوم الدين، أما بعد:

Ahle Sunnat yaane Ahle Hadees ka namaz mein raful yadain ke baare mein daawa darj-e-zel hai:

Syedna Muhammad ur Rasool Allah ﷺ shuru namaz, ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the aur us raful yadain ka mansookh ya mamnoo hona ya aakhri umr mein matrook hona kisi sahih-o-maqbool hadees se saabit nahi hai.

Is daawa ki taaeed mein bahut se dalaael hain, jin mein se baaz ka meri kitab "*Noor-ul-Aynaen Fee Isbaat Masla Raful Yadain*" mein mutaala-a kiya ja sakta hai. Fil-haal

فعليكم بسنتي و سنة الخلفاء الراشدين المهديين...

Ko madde-nazar rakhte hue Syedna Abu Bakr Siddiq ﷺ ki bayan-karda ek azeem ush shaan hadees ka tarjuma, tehqeeq aur mafhoom pesh-e-khidmat hai. Jisse raful yadain ka musalsal aur ghair munqata amal hona saabit hai.

Mashoor Alim Imam Bayhaqi ﷺ (d 458h) ne farmaya:

أخبرنا أبو عبدالله الحافظ: ثنا أبو عبدالله محمد بن عبدالله الصفار الزاهد إملاءً من أصل كتابه. قال قال أبو إسماعيل محمد بن إسماعيل السُّلَمي: صليت خلف أبى النعمان محمد بن الفضل فرفع يديه حين افتتح الصلوٰة و حين ركع وحين رفع رأسه من الركوع.

Hame'n Abu Abdullah al-Haafiz ne khabar (hadees) bayan ki. (kaha:) hame'n Abu Abdullah Muhammad bin Abdullah Asfaar az-Zaahid ne apni asal kitab se imlaa[1] karate hue hadees bayan ki. Unho'n ne kaha: Abu Ismail Muhammad bin Ismail as-Sulami ne farmaya: Maine Abu an-Noman Muhammad bin al-Fazl ke peeche namaz padhi to unho'n ne raful yadain kiya jab namaz shuru ki aur jab ruku kiya aur jab ruku se sar uthaaya.

فسألته عن ذلك فقال: صلّيت خلف حماد بن زيد فرفع يديه حين افتتح الصلوٰة وحين ركع وحين رفع رأسه من الركوع.

Phir maine unse uske baare mein poocha to unho'n ne farmaya: Maine Hammad bin Zaid ke peeche namaz padhi to unho'n ne raful yadain kiya jab namaz shuru ki aur jab ruku kiya aur jab ruku se sar uthaaya.

فسألته عن ذلك فقال: صلّيت خلف أيوب السختياني فكان يرفع يديه إذا افتتح لاصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع.

Phir maine unse uske baare mein poocha to unho'n ne farmaya: maine Ayyub Sakhtiyani ke peeche namaz padhi to wo raful yadain karte the jab namaz shuru karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate.

فسألته فقال: رأيت عطاء بن أبي رباح يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع.

Phir maine unse uske baare mein poocha to unho'n ne farmaya: Maine Ataa bin Abi Rabaah ko dekha, wo raful yadain karte the jab namaz shuru karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate.

فسألته فقال: صلّيت خلف عبدالله بن الزبير

Phir maine unse uske baare mein poocha to unho'n ne farmaya: Maine

[1] T: (إمْلا) Tehreer, alfaaz ya ibaarat bol kar likhwaane amaal [RKT]

Abdullah bin Zubair ﷺ ke peeche namaz padhi to wo raful yadain karte the jab namaz shuru karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate.

فكان يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع.

Maine unse uske baare mein poocha to Abdullah bin Zubair ﷺ ne farmaya: Maine Abu Bakr Siddiq ﷺ ke peeche namaz padhi to wo raful yadain karte the, jab namaz shuru karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate.

فسألته فقال عبدالله بن الزبير: صلّيت خلف أبي بكر الصديق رضي الله عنه فكان يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع.

Aur Abu Bakr ﷺ ne farmaya: Maine Rasool Allah ﷺ ke peeche namaz padhi, to aap raful yadain karte the jab namaz shuru karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate.

وقال أبوبكر: صلّيت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فكان يرفع يديه إذا افتتح الصلوٰة وإذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع. رواته ثقات..

(Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P73)

Haafiz Zahbi ne farmaya:

Iske raawi siqa hain.

رواته ثقات.

(Al Mohzb Fee Ikhtisaar as Sunan al Kabeer: V2 P49 H1943; another edition: V1 P522 H2257)

Haafiz Ibne Hajar Asqalani ne farmaya:

Aur iske raawi siqa hain. (At Talkhees-ul-Habeer: V1 P219 H328)

ورجاله ثقات.

Arz hai ke is hadees ki sanad usool-e-hadees aur asma ur rijaal ki roo se bilkul sahih hai. Is hadees ke tamaam raawiyo'n ke mukhtasar aur jaame haalaat darj-e-zel hain:

① Imam Abu Bakr Ahmad bin al Hussain al Bayhaqi ﷺ (d 458h)

Unke siqa-o-sadooq hone par ijma hai aur unke baare mein mohaddiseen-e-kiraam ki 10 gawahiya'n pesh-e-khidmat hain:

❶ Haafiz Abul Hasan Abdul Ghafir bin Ismail al Farsi (d 529h) ne farmaya:

الإمام الحافظ الفقيه الأصولي الدّين الورع، واحد زمانه فى الحفظ و فرد أقرانه فى الإتقان والضبط.

Imam, haafiz, faqeeh, usooli, dindaar, parhezgaar, hifz mein yaktaa-e-rozgaar aur apne zamane mein zabt-o-itqaan (siqaahat) mein yakta-o-tanha.

(Al Haalaqa al Oola Min Tareekh Nisabur, Al Muntakhab Minas Siyaaq: P127 ت231)

❷ Ibn al-Jauzi (d 597h) ne kaha:

وكان واحد زمانه فى الحفظ والإتقان، حسن التصنيف.

Wo apne zamane mein haafize aur itqaan (siqa-o-mutqin[1] hone) mein akele the, acchi kitabe'n likhne waale the.

(Al Muntazim: V16 P97 wafiyaat 458h)

❸ Abul Qasim Zaahir bin Tahir bin Muhammad al-Shahaami (d 533h) ne farmaya: 'الشيخ الإمام الحافظ أبوبكر أحمد بن الحسين بن علي البيهقي رحمة الله'[2]

❹ Abu Saad Abdul Kareem bin Muhammad bin Mansoor as Sam-aani (d 526h) ne kaha:

كان إمامًا فقيهًا حافظًا جمع بين معرفة الحديث وفقهه وكان تتبع نصوص الشافعي وجمع كتابًا فيها.

Wo imam faqeeh haafiz the, unho'n ne maarifat-e-hadees aur fiqh-ul-hadees jama Karli aur shafai ke aqwaal ekatthe karke un mein ek kitab likhi thi. (Al Ansaab: V1 P438 Baihaq)

❺ Ibne Nuqta Baghdadi (D 629h) ne kaha:

الحافظ الإمام.

Haafiz, Imam. (At Taqaiyyid: V1 P147 tarjumah: 157)

❻ Yaqoot al-Hamawi (d 626h) ne kaha:

وهو الإمام الحافظ الفقيه في أصول الدين، الورع، أوحد الدهر فى الحفظ والإتقان مع

Aur wo imam, haafiz, usool-e-deen mein faqeeh, parhezgaar, mazboot deendari ke saath apne zamaane

[1] T: (مُتْقِن) Tehqeeq o justaju karne waala, thos ilm waala, kaam mein maahir [RKT]

[2] T: Shaikh, Imam Haafiz Abu Bakr Ahmad bin Hussain bin Ali Bayhaqi رحمۃ اللہ علیہ [RSB]

mein haafiz aur siqa hone mein akele (yaane be-misaal) the.

الدين المتين.
(Mojam-ul-Baldaan: V1 P538 Baihaq)

❼ Muarrikh Ibne Khalkaan (D 681h) ne kaha:

Faqeeh shafai haafiz kabeer mashoor, apne zamane mein akele aur funoon mein apne saathiyo'n par muqaddam the.

الفقيه الشافعي الحافظ الكبير المشهور، واحد زمانه وفرد أقرانه فى الفنون.
(Wafiyaat-ul-Ayaan: V1 P75)

Tambeeh: Shafai ka matlab *muqallid* hona nahi hai, jaisa ke aage aaraha hai. In sha Allah.

❽ Haafiz Zahbi ne farmaya:

Wo haafiz allama siqa faqeeh, shaikh-ul-islam hain. (Siyaar A'laam an-Nubala: V18 P163)

هو الحافظ العلامة الثبت الفقيه، شيخ الإسلام.

❾ Haafiz Ibne Kaseer (d 774h) ne farmaya:

Wo siqaahat, hifz aur tasneef mein apne zamane mein yakta-o-tanha the, faqeeh mohaddis (aur) usooli the.

وكان واحد زمانه فى الإتقان والحفظ والتصنيف، فقيهًا محدّثًا أصوليًا.
(Al Bidaaya wan Nihaaya (nuskha mohaqqiqa): V13 P165 wafiyaat 458)

❿ Haafiz Ibne Nasiruddin ad-Dimishqi رحمہ اللہ ne farmaya:

Wo apne zamane mein yakta-o-tanha aur hifz, itqaan, siqa aur qaabil-e-etemaad hone mein apne saathiyo'n mein akele (be-misaal) the aur wo khurasaan ke shaikh hain.

كان واحد زمانه وفرد أقرانه حفظًا واتقانًا وثقة وعمدة وهو شيخ خراسان.....
(Shazraat uz Zahab: V304-305)

Imam Bayhaqi par riwayat-e-hadees mein kisi qism ki koi jarh nahi, lihaaza unke siqa hone par ijma hai.

Agar koi kahe ke "*Imam Bayhaqi to Imam Shafai ke muqallid the*" to iska jawab ye hai ke Imam Bayhaqi, Imam Shafai ke muqallid nahi the aur uski 10 daleele'n pesh-e-khidmat hain:

① Imam Bayhaqi ne Qazi ke baare mein likha hai:

فإنه غير جائز له أن يقلّد أحدًا من أهل دهره.. إلخ.

Pas beshak uske liye jaaez nahi hai ke wo apne zamane waalo'n mein se kisi ek ki taqleed kare. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V10 P113)

Jab qazi ke liye apne zamane ki taqleed najaaez hai to saabiqa zamane waale ulama ki taqleed ba-darja-e-oola najaaez hai aur ye maaloom hai ke Imam Bayhaqi Qazi ke darje se afzal the.

② Imam Bayhaqi ne sahih sanad ke saath Syedna Abdullah bin Masood ﷺ ka fatwa naql kiya ke:

لا تقلّدوا دينكم الرجال.

Aur apne deen mein mardo'n ki taqleed na karo.

(Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P10; Deen Mein Taqleed ka Masla: P35)

Is fatwe ki mukhalifat Imam Bayhaqi se unki kisi kitab mein saabit nahi hai, lihaaza ye ho hi nahi sakta ke is hukman marfoo hadees ke muqaable mein wo taqleed karte honge.

③ Imam Bayhaqi ne Syedna Umar ﷺ ka hukm *hasan li-zaatihi* sanad ke saath naql kiya ke kitabullah ke muqaable mein logo'n ki taraf iltifaat na karo. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V10 P115)

Bayhaqi se is Farooqi fatwe ki mukhalifat saabit nahi hai.

④ Imam Bayhaqi bahut bade aalim the aur aalim ka muqallid hona muhaal hai, kyounke muqallid to jaahil hota hai. Sarfarz Khan Deobandi ne likha hai: "*Aur taqleed jaahil hi ke liye hai*". (Al Kalaam-ul-Mufeed Fee Asbaat-ut-Taqleed: P234)

⑤ Imam Bayhaqi se ye qatan saabit nahi ke unho'n ne farmaya ho: "*Main muqallid hoo'n*".

⑥ Imam Bayhaqi ke kisi shaagird se unke baare mein ye saabit nahi ke "*Mere ustaaz muqallid the*".

⑦ Kisi aalim ko shafai qaraar dena uske muqallid hone ki daleel nahi hai. Masalan Abu Bakr al-Qafaal ash-Shafai, Abu Ali ash-Shafai aur Qazi

Hussain ash-Shafai se marwi hai ke unho'n ne farmaya:

Ham shafai ke muqallid nahi hain, balke hamare raae unki raae ke muwaafiq ho gai hai. لسنا مقلّدين للشافعي، بل وافق رأينا رأيه.

(Taqriraat ur Raafai: V1 P11; At Taqreer wat Tahbeer: V3 P453; Deen Mein Taqleed Ka Masla: P46)

⑧ Imam Bayhaqi ne faramaya ke *"maine har ek ke aqwaal ko kitab-o-sunnat aur aasaar par pesh kiya hai, phir (Imam) Shafai ko itteba (yaane itteba-e-kos) mein sabse ziyaada paaya hai…".* (Maarifa as Sunan wal Aasaar: V1 P125-126; Makhtoota: P28-29)

Maaloom hua ke Bayhaqi ne Shafai ke aqwaal ko apne ijtihaad ke saath tarjeeh di.

⑨ Imam Bayhaqi ne Imam Ibne Abi Haatim ki kitab Adaab us Shafai wa Manaaqibiha se Imam Shafai ka qaul naql kiya:

Aur meri taqleed na karo. (Manaaqib ash Shafai lil Bayhaqi: V1 P473) ولا تقلدوني.

Ye kis tarah ho sakta hai ke is qaul ke bawajood Imam Bayhaqi taqleed karte?

⑩ Taqleed ki bidat chauthi (4th) sadee hijri mein shuru hui. (A'laam al Muwaqqieen li-Ibn al-Qaiyyim: V2 P208; Ar Radd Ala Min Akhlad Ilal Ardh: P133; Deen Mein Taqleed Ka Masla: P32)

Imam Bayhaqi ka bidat-e-taqleed mein mubtala hona saabit nahi, balke unho'n ne apni kitab mein (agar namaz 4 ya 3 rakat waali ho to) do (2) rakat se qiyaam par raful yadain ka baab likh kar Imam Shafai ki taqleed ke par-khacche udaa diye hain: 'باب رفع اليدين عندا لقيام من اركعتين'. (Sunan Kubra lil Bayhaqi: V2 P136)

② Abu Abdullah al-Haafiz (Al-Haakim Nishapuri, Saahib Al Mustaadrak)

Darj-e-zel mohaddiseen-o-ulama se aapki tauseeq-o-taareef saabit hai:

❶ Khateeb Baghdadi. ❷ Ibn al-Jauzi. ❸ Zahbi. ❹ Ibne Kaseer. ❺ Abu Saad as Sam-aani. ❻ Haafiz Ibne Hajar. ❼ Abdul Ghafir bin Ismail al-Faarsi. ❽ Abdul Wahhab bin Ali as Subki. ❾ Abul Khair Muhammad bin Muhajjad al Jazri ❿ Bayhaqi

Unke muqaable mein Haafiz Muhammad bin Tahir al-Maqdisi ki jarh mardood hai.

Tambeeh: Imam Haakim par Ibn al-Falki ki taraf mansoob jarh: (Yamil Ilaa al-Tashaiyyo) 'يميل إلى التشيع'[1] aur Shaikh-ul-Islam Abu Ismail al-Harwi ki taraf mansoob jarh: "*Hadees mein imam aur rafzi khabees*". Un dono ulama se baa-sanad-e-sahih saabit nahi, lihaaza ye jarh 3 wajah se mardood hai.

① Baa-sanad saabit nahi hai.

② Jamhoor ki tauseeq ke khilaaf hai.

③ Haakim ki kitabo'n mein masalan Mustaadrak waghaira se ye zaahir hai ke wo shia nahi, balke sunni the.

Tafseeli hawaalo'n ke liye dekhiye meri kitab Tauzeeh-ul-Ahkaam. (Fataawa Ilmiya: V1 P572-578; Al Mustaadrak: V3 P80 qabl H4477; wa min manaaqib Ameer-ul-Momineen Umar bin Khattab رضی اللہ عنہ)

Master Ameen Okadwi Deobandi ne Imam Haakim ke baare mein likha hai ke: "*Jisko tazkiratul huffaz mein rafzi khabees likha hai*". (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P259)

Arz hai ke Okadwi ki ye jarh 4 wajah se mardood aur baatil hai:

① Tazkiratul Huffaz liz Zahbi mein Muhammad bin Tahir al-Maqdisi se manqool hai ke maine Abu Ismail al-Ansari se Haakim ke baare mein poocha to unho'n ne farmaya:

ثقة فى الحديث، رافضي خبيث. Wo hadees mein siqa the, raafzi khabees the. (Tazkiratul Huffaz: V3 P1045962 ت)

Ye jarh Muhammad bin Taahir se ba-sanad-e-sahih saabit nahi hai.

② Ye jarh jamhoor ki tauseeq ke muqaable mein hone ki wajah se mardood hai.

③ Haakim ne Syedna Umar رضی اللہ عنہ, Syedna Mugheera bin Shu'ba رضی اللہ عنہ aur Syedna Abu Sufyaan رضی اللہ عنہ ke fazaael-o-manaaqib likhe hain aur ye mumkin

[1] T: Shieeyyat ki taraf maail the [RSB]

hi nahi ke koi shia in sahaba ki fazilat ka qaael ho. Balke shia to un sahaba ko bura kehte hain. (al ayazbillah)

④ Okadwi ke ustaad aur hayati deobnadiyo'n ke "*imam*" Sarfaraz Khan Safdar Deobandi ne Imam Haakim ke baare mein likha hai ke: "*Ye wohi imam hain, jin ko Al Haakim kehte hain aur jin ki kitab Mustaadrak shaaya ho chuki hai, Allama Zahbi* ؒ *likhte hain ke wo Al Haafiz Al Kabeer aur Imam-ul-Mohaddiseen the (Tazkiratul Huffan: V3 P227)*". (Ahsan-ul-Kalaam: V1 P104; doosra nuskha: V1 P134-135)

Okadwi party ki khidmat mein arz hai ke agar jamhoor mohaddiseen ki tehqeeq aap log nahi maante to apne khud-saakhta "*imam ahle sunnat*" ki tehqeeq hi maan le'n!

③ Imam Abu Abdullah Muhammad bin Abdullah bin Ahmad az-Zaahid as-Safaar al-Asfahani ؒ ki tauseeq-o-taareef mein 10 mohaddiseen-o-ulama se pesh-e-khidmat hai:

❶ Bayhaqi ne riwayat-e-mazkoora mein unhe'n siqa kaha.

❷ Haakim ne unki bayan-karda ek hadees ko 'صحيح على شرط الشيخين' *sahih alaa shart-ash-shaikhain* keh kar unki tauseeq kardi. (Al Mustaadrak: V1 P30 H82)

Haakim ne Tareekh Nishapur mein unhe'n apne zamane mein Khorasaan ka mohaddis (aur) mujaab-ud-daawah qaraar diya, yaane aapki duae'n qubool hoti thee'n. (Al Ansaab: V3 P544)

❸ Zahbi ne unhe'n siqa kaha aur farmaya: 'الشيخ الإمام المحدث القدوة'. (Siyaar A'laam an-Nubala: V15 P437)

❹ Haafiz Ibne Hajar Asqalani ne unhe'n *siqa* kaha.

❺ Abu Naeem al Asbahani ne kaha:

أحد العباد.

Wo ibadat guzaar logo'n mein se ek the. (Akhbaar Asbahaan: V2 P71)

❻ Abu Saad as Sam-aani ne farmaya:

وكان زاهدًا حسن السيرة ورعًا كثير الخير. (Al Ansaab: V3 P544)

Aur wo zahid, acchi seerat waale, parhezgar (aur) bahut neki karne

waale the.

❼ Ibn al-Jauzi ne unhe'n Khorasaan ka mohaddis aur mujaab-ud-daawa qaraar diya. (Al Muntazim: V14 P83 ت 2527, Wafiyaat 339h)

❽ Haafiz Ibne Kaseer ne unhe'n Khorasaan ka mohaddis-e-asr aur mujaab-ud-daawa (yaane mustajaab-ud-daawaat) qaraar diya hai. (Al Bidaaya wan Nihaaya: V12 P184)

❾ Ibn al-Aseer al-Jazri (d 630h) ne farmaya:

كان زاهدًا حسن السيرة ورعًا.

Wo zahid, acchi seerat waale parhezgaar the. (Al Lubaab Fee Tehzeeb-ul-Ansaab: V2 P51)

❿ Salaahuddin Khalil bin Aibak as-Safdi (d 764h) ne unhe'n Khorasan ka mohaddis-e-asr qaraar diya. (Al Waafi al Wafiyaat: V3 P256 ت 1629)

Aap ne apne ustaaz Abu Ismail as-Sulami se hadees sunee hai. (Al Mustaadrak: V1 P117 H403)

Aur aapka mudallis hona bhi saabit nahi, lihaaza ye hadees muttasil aur sahih hai.

Tafseel ke liye dekhiye ustaaz-e-mohtaram Maulana Faiz-ur-Rahman as-Soori رحمہ اللہ ka hashiya bar Jilaa-ul-Aynaen bi Takhreej Riwayaat Juz Raful Yadain: P18

Faaeda: Muhammad bin Abdullah al-Asfaar agarche mutaaba-at ke mohtaaj nahi, lekin arz hai ke Abdullah bin Yahya bin Mehran bin Khalid bin Usman bin Abdullah al-Harshi: Ibn Abi Zakariya al-Qazi رحمہ اللہ ne beaenihi yehi hadees: 'ثنا أبو إسماعيل محمد بن إسماعيل الترمذي'

Keh kar unki mutaaba-at taamah kar rakhi hai. Dekhiye Muntaqa Hadees Abil Hasan Ahmad bin Ibrahim bin Abdawiya al-Abdawi an-Nishapuri, yaane Juz al Abdawi (H24), Majma' Ajza Hadeesiya Tehqeeq Mashoor bin Hasan. (V2 P316)

④ Abu Ismail Muhammad bin Ismail bin Yusuf as-Sulami at-Tirmizi رحمہ اللہ ki tauseeq jamhoor mohaddiseen se saabit hai, jis mein se 10 hawaale

darj-e-zel hain.

❶ Unke baare mein Imam Daraqutni ne farmaya: 'ثقة صدوق' *Siqa Sadooq*. (Sawalaat Al Haakim an Nisapuri lid Daraqutni: 526)

❷ Haafiz Ibne Hibban ne unhe'n Kitab us Siqaat mein zikr kiya. (V9 P122)

❸ Khateeb Baghdadi ne farmaya:

Aur aap samajhdaar, siqa (aur) ahle sunnat ke mazhab ke saath mashoor the.

وكان فهمًا متقنًا مشهورًا بمذهب السنة.
(Tareekh Baghdad: V2 P42)

❹ Haakim Nishapuri ne Muhammad bin Ismail as-Sulami ki bayan-karda hadees ko 'صحيح الإسناد' kaha. (Al Mustaadrak: V1 P72 H244 'ووافقه الزهبی')

❺ Haafiz Abu Awaana ne unse apni Sahih Abi Awaana mein bahut si riwayate'n bayan kee'n. Masalan dekhiye Sahih Abi Awaana. (V1 P302 H676; V2 P312 H1818)

❻ Abu Saad as Sam-aani ne kaha: 'فقيه عالم ثقه صدوق...'. (Al Ansaab: V1 P461 Tirmizi)

❼ Haafiz Zahbi ne farmaya: 'الإمام الحافظ الثقة'. (Siyaar A'laam an-Nubala: V13 P242)

Aur Ibne Abi Haatim ki jarh naql karke farmaya:

Unki tauseeq aur imamat par haal mustahkam (yaane qattai faisla) ho chuka hai.

انبرم احال علىٰ توثيقه و إمامته.
(Siyaar A'laam an-Nubala: V13 P243)

❽ Haafiz Ibne Hajar Asqalani ne farmaya:

Siqa Haafiz hain, Abu Haatim (yaane Ibne Abi Haatim) ka qaul unke baare mein waazeh nahi hua hai.

ثقة حافظ لم يتضح قول أبي حاتم فيه.
(Taqreeb-ut-Tehzeeb: 5738)

❾ Ibne Nasiruddin Dimishqi ne farmaya: 'ثقة متقن'. (Shazraat uz Zahab: V2 P176)

❿ Muhammad bin Ali bin Ahmad ad-Dawoodi (d 945h) ne kaha: (Siqa haafiz) 'ثقة حافظ إلخ'. (Tabaqaat-ul-Mufassireen: P373 ت 464)

Is azeem-ush-shaan tauseeq ke muqaable mein Imam Abdur Rahman

bin Abi Haatim ar-Raazi ne kaha:

Maine isse Makkah mein suna aur unho'n ne is mein kalaam kiya hai.

سمعت منه بمكة وتكلموا فيه.
(Al Jarh wa Taadel: V7 P191)

Ye jarh 4 wajah se mardood-o-baatil hai:

① Un mein kalaam karne waale (jaariheen) na-maaloom yaane majhool hain aur majhool ki jarh ka koi etebaar nahi hota.

② Un mein kya kalaam kiya gaya tha? Maaloom nahi, yaane jarh naa-maaloom hai.

③ Ye jarh jamhoor mohaddiseen ki tauseeq ke khilaaf hai.

④ Ulama-e-kiraam masalan Haafiz ibne Hajar waghaira ne is jarh ko radd kar dia aur Haakim Nishapuri ne farmaya:

Abu Haatim (ar-Raazi) ne un par koi kalaam nahi kiya.

لم يتكلم فيه أبو حاتم.
(Sawalaat al Haakim lid Daraqutni: 175)

Jab Imam Ibne Abi Haatim ke waalid Imam Abu Haatim ne Imam Muhammad bin Ismail as-Sulami par koi jarh nahi ki to phir majhool jaariheen ki majhool jarh ka kya etebaar hai?

Faaeda: Khateeb Baghdadi ne Muhammad bin Ismail as-Sulami at-Tirmizi ke baare mein farmaya:

Aur unse Abu Isa at-Tirmizi aur Abu Abdur Rahman an-Nasai dono ne bhi apni apni sahih kitabo'n mein riwayat ki hai.

و روى عنه أيضًا أبو عيسى الترمذي وأبو عبدالرحمٰن النسائي في صحيحيهما.
(Tareekh Baghdad: V2 P42435 ت)

Maaloom hua ke wo Imam Tirmizi aur Imam Nasai dono ke nazdeek sahih-ul-hadees siqa the.

⑤ Imam Abu an-Noman Muhammad bin al-Fadhl as-Sadoosi al-Basri: Aaram (عارم) ﷺ ko kai mohaddiseen ne siqa sadooq qaraar diya, jin mein se 10 hawaale darj-e-zel hain:

❶ Abu Haatim ar-Raazi: 'ثقة' aur farmaya: Jab Aaram tujhe hadees bayan kare'n to us par mohr lagaado.

❷ Muhammad bin Muslim bin Waarah ne farmaya: ‘الصدوق المأمون’. (Al Jarh wa Taadeeel: V8 P58)

❸ Imam Ajali ne farmaya:

Basri siqa, nek aadmi… aur aap siqa the, ashaab-ul-hadees mein shumaar kiye jaate the.

بصري ثقة رجل صالح… وكان ثقة يعد من أصحاب الحديث.

(Maarifa as Siqaat/At Tareekh: 806 *tarjuma* Aram)

❹ Imam Muhammad bin Yahya az-Zehli ﷺ ne farmaya:

Wo badd-akhlaaqi se door the, siqa sadooq musalman the.

وكان بعيدًا من العرامة ثقة صدوقًا مسلمًا.

(Muntaqa Ibn al-Jarood: 198)

❺ Imam Nasai ne farmaya:

Aur wo ikhtilaat se pehle siqa raawiyo’n mein se ek the.

وكان أحد الثقات قبل أن يختلط.

(Sunan Kubra lin Nasai: 9593)

❻ Haakim Nishapuri ne farmaya: ‘حافظ ثقة’. (Al Mustaadrak: V1 P100 H341)

❼ Mohaddis Khalili Qazooni ne farmaya:

Phir unke baad siqa raawiyo’n mein se Abu an-Noman Aaram, unki hadees par etemaad kiya jaata hai.

ثم من بعدهم من المتقنين أبو النعمان عارم، معتمد في حديثه.

(Al Irshad Fee Maarifa Ulama al Hadees: V2 P498213 ت)

❽ Uqaili ne kaha:

Pas jisne Aaram se (unke) ikhtilaat se pehle suna, to wo musalmano ke siqa raawiyo’n mein se ek hain aur un par kalaam to ikhtilaat ke baad par hi hai.

فمن سمع من عارم قبل الإختلاط فهو أحد ثقات المسلمين وإنما الكلام فيه بعد الإختلاط.

(Kitab uz Zoafa: V4 P134; doosra nuskha: P1278)

❾ Imam Bukhari ne Sahih Bukhari mein Abu an-Noman se bahut si riwayate’n bayan kee’n jo uski daleel hai ke wo Imam Bukhari ke nazdeek siqa-o-sadooq aur sahih-ul-hadees the.

❿ Imam Muslim ne Sahih Muslim mein Abu an-Noman as-Sadoosi se

hadeese'n bayan kee'n, jo unki taraf se Abu an-Noman ki tauseeq hai.

Agar koi kahe ke "*Abu an-Noman aakhri umr mein ikhtilaat ka shikar ho gae the, lihaaza ye hadees zaeef hai*", to arz hai ke ye eteraaz 5 wajah se mardood hai:

① Haafiz Zahbi ne Abu an-Noman ke baare mein farmaya:

Mashoor siqa, kaha jaata hai ke wo aakhri mein ikhtilaat ka shikar ho gae the.

ثقة شهير، يقال: اختلط بآخره.
(Maarifa ar Ruwaat al Mutakallim Fehim Bimaa Laa Yujab ar Rad: P169)

Aur farmaya:

Wo apni wafaat se pehle taghaiyyur (ikhtilaat) ka shikaar hue to koi hadees bayan nahi ki.

تغير قبل موته فما حدّث.
(Al Kaashif: V3 P795 ت 197)

Jab ikhtilaat ke baad Imam Abu an-Noman ne koi hadees bayan hi nahi ki to phir eteraaz kaisa?

② Abu an-Noman ko ikhtilaat kaisa hua tha? Iski tashreeh mein Abu Haatim ar-Raazi ka qaul pesh-e-khidmat hai:

Aur unki aql zaael ho gai thi. (Al Jarh wa Taadeel: V8 P59)

و زال عقله.

Jiski aql zaael ho jaae wo pagal hota hai, lihaaza agar ek siqa raawi aakhri umr mein pagal ho gae the to wo marfoo-ul-qalam[1] hain, Allah Ta'ala ke yaha'n wo kisi qism ke mujrim nahi.

Jo shakhs pagal ho jaae wo hadeese'n bayan nahi karta aur na koi hosh-mand shakhs kisi pagal se hadeese'n sunta hai, lihaaza hadees-e-mazkoor par ikhtilaat ka eteraaz ghalat hai.

③ Siqa Haafiz Imam Abu Ismail as-Sulami ne farmaya ke: "*Maine Abu an-Noman ke peeche namaz padhi*", aur ye is baat ki daleel hai ke Abu an-Noman us waqt ikhtilaat ka shikar nahi hue the, aur na pagal hue the, balke logo'n ko namaz padhate the. Pagal ke peeche wohi namaz padhta

[1] T: (مَرْفُوع القَلَم) Wo shakhs jiska gunaah qaabil e giraft na ho, jiska jurm baaz-purs ke qaabil na ho [RKT]

hai jo khud pagal ho.

④ Imam Bayhaqi ne 'رواته ثقات' *ruwaat siqaat* keh kar aur is hadees se istidlaal karke ye gawaahi dedi hai ke is hadees ke raawi ek doosre se riwayat karne mein siqa hain. Lihaaza saabit hua ke yaha'n ikhtilaat ka eteraaz mardood hai.

⑤ Imam Abdur Razzaq ne farmaya: "*Makkah waalo'n ne shuru namaz mein raful yadain, ruku ke waqt aur ruku se sar uthaate waqt (raful yadain) Ibne Juraij se liya. Unho'n ne Ataa (bin Abi Rabaah) se, Ataa ne Ibne az-Zubair ﷺ se aur Ibne az-Zubair ne Abu Bakr Siddiq ﷺ se, unho'n ne Nabi ﷺ se liya hai*". (Al Ausat laa Ibn al-Munzir: V3 P147 H1388 [sanad sahih]; doosra nuskha: V3 P304 H1383)

Uqaili ke naana Abu Khalid Yazid bin Muhammad bin Hammad al-Uqaili al-Makki رحمہ اللہ ne farmaya: "*Maine Basra mein Abu an-Noman Aaram se ziyaada acchi namaz padhne waala koi nahi dekha aur log kehte the: Unho'n ne Hammad bin Zaid se namaz seekhi aur Hammad ne Ayyub se seekhi thi…ilkh*". (Kitab az Zoafa: V4 P122; doosra nuskha: 1277-1278)

Faaeda: Tahir-ul-Qadri Saahab ne bhi Abu an-Noman par ikhtilaat ke ilzaam ka zabardast jawab diya hai. Dekhiye Kitab: Aqeeda-e-Tawassul (Matbua Minhaj-ul-Quran, Lahore: P232-234).

⑥ Hammad bin Zaid sahihain ke buniyad raawi, bahut bade imam, faqeeh aur bil-ijma siqa the. Unhe'n Ibne Saad, Ajali, aur Ibne Hibban waghairahum ne siqa kaha, balke Imam Yahya bin Maeen ne farmaya:

Ayyub se riwayat mein Hammad bin Zaid se ziyaada siqa koi nahi hai.

ليس أحد في أيوب أثبت من حماد بن زيد.
(Kitab al Jarh wa Taadeel: V3 P139 [sanad sahih])

Ye riwayat bhi Ayyub Sakhtiyani se hi hai.

⑦ Ayyub bin Abi Tamima Sakhtiyani رحمہ اللہ sahihain ke buniyadi raawi, bahut bade imam, faqeeh aur bil-ijma siqa the. Unhe'n Imam Yahya bin Maeen, Ibne Saad, Abu Haatim ar-Raazi aur Ibne Hibban waghairahum ne siqa qaraar diya.

⑧ Imam Ataa bin Abi Rabaah al-Makki jaleel-ul-qadar taabai, sahihain

ke buniyadi raawi, bahut bade imam, faqeeh aur bil-ijma siqa the. Unhe'n Ibne Saad, Ajali, Abu Zurah ar-Raazi, aur Ibne Hibban waghairahum ne siqa qaraar diya.

Faaeda: Ek aur riwayat se bhi saabit hai ke Ataa bin Abi Rabaah رحمہ اللہ ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Juz Raful Yadain: 62 [sanad hasan])

⑨ Syedna Abdullah bin az-Zubair رضی اللہ عنہ mashoor Sahabi aur jaleel-ul-qadar imam the.

Faaeda: Abu az-Zubair رحمہ اللہ se riwayat hai ke mein Ibne Umar aur Abdullah bin az-Zubair رضی اللہ عنہم dono ko dekha, wo ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Kitab-ul-Athram ba-hawaala At Tamheed: V9 P217 [sanad al athram sahih])

Syedna Ibne Zubair رضی اللہ عنہ se tark-e-raful yadain kisi riwayat meinb hi saabit nahi hai.

⑩ Syedna Abu Bakr Siddiq رضی اللہ عنہ khalifa-e-awwal, ameer-ul-momineen aur yaqinan jannati hain.

Tambeeh: Syedna Abu Bakr Siddiq رضی اللہ عنہ se tark-e-raful yadain kisi sahih ya maqbool riwayat se saabit nahi hai. Muhammad bin Jaabir al-Yamaani waali riwayat zaeef, mardood aur baatil hai.

Muhammad bin Jaabir ko jamhoor mohaddiseen ne zaeef qaraar diya. (Majma' az Zawaaid: V5 P191)

Khulaasa at-Tehqeeq: Is tehqeeq se saabit hua ke Syedna Abu Bakr Siddiq رضی اللہ عنہ ki bayan-karda musalsal raful yadain waali hadees ba-lihaaz-e-usool-ul-hadees wa asma-ur-rijaal aur ba-lihaaz-e-sanad-o-matan bilkul sahih hai.

Hadees ki tashreeh:

Is hadees aur uski tashreeh se darj-e-zel baate'n saabit hain:

❶ Rasool Allah ﷺ shuru namaz, ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the

❷ Rasool Allah ﷺ ke baad Syedna Abu Bakr Siddiq ؓ ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the.

❸ Syedna Abu Bakr ؓ ke baad Syedna Abdullah bin Zubair ؓ ruku se pehle aur baad raful yadain karte the.

❹ Syedna Ibne Zubair ؓ ke baad Imam Ataa bin Abi Rabaah ؒ ruku se pehle aur baad raful yadain karte the.

❺ Imam Ataa ke baad Imam Ayyub Sakhtiyani ruku se pehle aur baad raful yadain karte the.

❻ Imam Ayyub Sakhtiyani ke baad Imam Hammad bin Zaid ruku se pehle aur baad raful yadain karte the.

❼ Imam Hammad bin Zaid ke baad Imam Bukhari ke mashoor ustaad Imam Abu Noman as-Sadoosi (d 224h) ruku se pehle aur baad raful yadain karte the.

Maaloom hua ke khair-ul-quroon ke behtareen daur mein Rasool Allah ﷺ se lekar teesri sadee hijri tak ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain par ahle sunnat ke jaleel-ul-qadar imamo'n aur siqa rawiyaan-e-hadees ka musalsal aur ghair-munqata amal raha hai. Lihaaza raful yadain ko mansookh, mamnoo ya matrook samajhna ghalat aur baatil hai. Agar raful yadain mansookh hota to Syedna Abu Bakr Siddiq ؒ Rasool Allah ﷺ ki wafaat ke baad ya aapki zindagi ke aakhri zamaane mein bhi raful yadain na karte. Unho'n ne Rasool Allah ﷺ ke peeche aakhri namaze'n padhi thee'n, balke aapke musalle par aakhri namaz padhaai bhi thee'n. Kya unhe'n raful yadain ke mansookh ya matrook hone ka ilm na ho saka tha? Agar raful yadain mansookh ya matrook hota to Syedna Abu Bakr ؓ ke baad unke nawaase Syedna Ibne Zubair ؓ kabhi raful yadain na karte. Unho'n ne namaz apne naana se seekhi thi aur naana bhi wo no Nabi-e-Kareem ﷺ ke baad sabse afzal hain.

❽ Mohaddiseen-e-Kiraam mein se kisi ne bhi is hadees ko *zaeef* nahi kaha.

❾ Jo log raful yadain ke mansookh ya matrook hone ke qaael hain, wo

qiyaamat tak aisi koi hadees musalsal pesh nahi kar sakte jisse ye saabit hota ho ke Nabi ﷺ ne aakhir mein raful yadain tark kar diya tha. Phir aapke sahabi ne raful yadain tark kar diya, phir sahabi ke shaagird taabai ne raful yadain tark kar diya. Phir is taabai ke shaagird taba-taabai ne raful yadain tark kar diya tha… Ilkh.

❿ Ye hadees is baat par faisla-kun hai ke raful yadain aakhir mein na to matrook hua tha aur na mansookh hua tha.

Is Sahih Hadees Par Baaz-un-naas Ke Eterazaat Aur Unke Jawabaat

❶ Ek shakhs ne Imam Bayhaqi ke baare mein likha hai ke: "*Jo Imam Shafai رحمہ اللہ ke muqallid hain aur ahnaaf ke khilaaf sakht taassub rakhte the aur taqleed-e-Imam Shafai رحمہ اللہ mein itne sakht the ke Abu Muhammad al-Juwaini jaise azeem mohaddis ne jab Imam Shafai رحمہ اللہ ki taqleed chodkar khud ijtihaad ka iraada farmaya to Imam Bayhaqi ne unhe'n khat likh kar mana kiya ke aapke liye taqleed-e-Imam Shafai رحمہ اللہ ko chodna hargiz jaaez nahi (Tabaqaat ush Shafaiya)*". (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P384)

In jhoote etirazaat ke alat-tarteeb jawabaat darj-e-zel hain:

① Imam Bayhaqi muqallid nahi the, balke bahut bade aalim the. Dekhiye yehi mazmoom (tarjuma Hadees ke baad) fakhra 1.

② Imam Bayhaqi *ahnaaf* ke khilaaf kisi qism ka taassub nahi rakhte the.

③ Imam Bayhaqi ne Abu Muhammad al-Juwaini ko taqleed chodne se hargiz mana nahi kiya, balke unho'n ne baaz shafaiyya par radd kiya, jo Kitab-ul-Mutaqaddimeen ko "*taqleedan*" le lete the. (Tabaqaat ush Shafaiyya lil Subki: V3 P104 Tarjuma Abdullah bin Yusuf al Juwaini)

Aur farmaya:

Aur main talab-e-hadees mein ijtihaad (khoob mehnat) karta hoo'n. واجتهادي في طلبه.

(Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P385)

Imam Bayhaqi ne ye nahi farmaya ke: "*Taqleed-e-Imam Shafai ko*

chodna hargiz jaaez nahi", lihaaza *Tajalliyaat-e-Safdar* waale ne sareeh jhoot bola hai.

Imam Bayhaqi ne to Abu Muhammad al-Juwaini ki bayan-karda baaz zaeef riwayaat par radd kiya aur unhe'n tehqeeq ki targheeb di.

❷ Baaz-un-naas ne Imam Haakim ko *raafzi khabees* aur *ghaali shia* likha hai. (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P385)

Ye dono ilzaamaat baatil hain, jaisa ke tehqeeq riwaayat-e-hadees fakhra number 2 ke tahat guzar chuka hai.

❸ Baaz-un-naas ne likha hai: "*Doosre raawi as-Safaar ka samaa' aap uske ustaad as-Sulami se saabit na kar sakte the, agar himmat hai to karke dikhaao*". (Tajaliyaat-e-Safdar: V2 P259)

Arz hai ke, Abu Abdullah Muhammad bin Abdullah as-Safaar ne farmaya: 'ثنا أبو إسماعيل محمد بن إسماعيل...' (Al Mustaadrak: V1 P117 H403)

Samaa' saabit ho gaya, lihaaza eteraaz baatil hai.

❹ Baaz-un-naas ne likha hai: "*Phir ye Sulami khud mutakallim-feeh raawi hai*". (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P259)

Arz hai ke, Sulami رحمہ اللہ ko 10 se ziyada mohaddiseen ne siqa-o-sadooq qaraar diya, lihaaza un par majhool jaariheen ki majhool jarh mardood hai. Dekhiye yehi mazmoon tauseeq rawiyaan-e-hadees fakhra number 4.

❺ Abu Nayeem Al Fadhal bin Dakeen al-Kufi رحمہ اللہ 218h ya 219h mein faut hue. (Tehzeeb-ul-Kamaal: V6 P35)

Imam Abu Ismail as-Sulami ne farmaya:

ثنا الفضل بن دكين. — Hame'n Fadhal bin Dakeen ne hadees bayan ki.

(Kitab-ul-Asma was Sifaat lil Bayhaqi: P180-181; doosra nuskha: P235 Baab Maa Jaa Fee Isbaat Sifat al Basar war Riwaayah)

Maaloom hua ke 218h mein Abu Ismail samajhdar naujawan the.

Muhammad bin al-Fadhal as-Sadoosi 223h ya 224h mein faut hue.

(Taqreeb-ut-Tehzeeb: 6226)

Imam Abu Haatim ar-Raazi ne farmaya:

فمن كتب عنه قبل سنة عشرين و مأتين فسماعه جيد.

Jisne un (Abu Noman) se 220h se pehle likha hai, to uska samaa' accha hai. (Al Jarh wa Taadeel: V8 P59)

Jo taalib-e-ilm 218h mein hadeese'n padh raha tha, kya wo 220h se pehle Abu Noman ki majlis mein nahi pohonch sakta tha? Maaloom hua ke Sulami ka Abu Noman se samaa' unke ikhtilaat se pehle ka hai.

Neez dekhiye tauseeq rawiyaan-e-hadees fakhra:5

❻ Baaz-un-naas ne kaha: "*Goya use bhi saari zindagi mein ek hi aadmi raful yadain karne waala mila*". (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P260)

Arz hai ke ye baat bila-daleel hai aur adm-e-zikr nafi-e-zikr ki daleel nahi hota.

Doosre ye ke agar Hammad bin Zaid رحمہ اللہ ko tark-e-raful yadain ki koi sahih hadees kisi raawi se pohonchti to wo use zaroor bayan karte aur kabhi haq na chupaate. Unka tark-e-raful yadain waali koi hadees bayan na karna is baat ki daleel hai ke wo 179h tak Basra mein tark-e-raful yadain ka naam-o-nishaan tak nahi tha.

❼ Baaz-un-naas ne likha hai ke: "*Aur maine usse poocha ye kya hai? Usse maaloom hua ke doosri sadee ke nisf awwal mein saari duniya mein sirf Basra mein hi ek shakhs raful yadain karne waala tha*". (Tajalliyaat-e-Safdar: V2 P260)

Unho'n ne ye nahi poocha tha ke ye kya hai? Balke iska matlab

فسألته عن ذلك.

Maine unse uske baare mein poocha.

Iska matlab hai ke Hammad bin Zaid ne apne itminaan aur riwayat-e-hadees mehfooz karne ke liye apne ustaad se unke amal ki daleel poochi thi, daleel poochna koi jurm nahi hai aur na iski daleel hai ke baaqi saare log uske bilkul ulat chal rahe the.

Shaagird ka apne ustaad se sawal karna is baat ki qatan daleel nahi, ke

us zamane mein tamaam musalmano ka us masle ke khilaaf amal tha, ya ye ke ye masla ajeeb aur niraala hai.

Is baat ki fil-haal 3 daleele'n pesh-e-khidmat hain:

① Syedna Abdullah bin Umar ﷺ ne apne walid Syedna Umar ﷺ se mauzo'n par masah ke baare mein sawal kiya tha. (Sahih Bukhari: H202)

Kya iska ye matlab hai ke unke zamaane mein tamaam sahaba-o-taabaeen ya aam ulama mauzo'n par masah ke qaael nahi the? Hargiz ye matlab nahi, lihaaza "*tajalliyaati*" munkir-e-hadees ka eteraaz baatil hai.

② 4 rakat waali namaz mein 22 takbeere'n hoti hain, jab Syedna Abu Huraira ﷺ ne namaz mein 22 takbeere'n kahee'n to Ikrima taabai ne Syedna Ibne Abbas ﷺ ke paas jaakar Syedna Abu Huraira ﷺ par eteraaz kiya tha. (Sahih Bukhari: H788; Al Hadees, Hazro: 66 P21-22)

③ Abu Hamza az-Zubee (الضبعی) ﷺ ne Hajj-e-Tamatto kiya tha, phir Syedna Ibne Abbas ﷺ se masla poocha tha. (Sahih Muslim: H1244; Darussalam edition: H3015)

Kya masla poochne ki wajah se hajj-e-tamatto bhi mamnoo, matrook ya mansookh ho jaaega?

Maaloom hua ke ye usool hi baatil hai ke poochne ya daleel maangne ka matlab ye hota hai ke logo'n ka us masle par amal nahi tha!!

Baaz-un-naas ne Maimoon Makki (majhool) waghaira ki zaeef-o-mardood riwayate'n pesh karke Syedna Abu Bakr Siddiq ﷺ ki sahih hadees ka jawab dene ki koshish ki hai, jo-ke usoolan baatil aur mardood hai.

وما علينا إلا البلاغ

May 29th, 2010

Syedna Jaabir bin Samra ؓ Ki Hadees Aur Tasshahud Mein Ishare Se Salam

Az: Maulana Muhammad Idress Zafar Hafizahullah

Tameem bin Tarafa ؒ se riwayat hai ke (Syedna) Jaabir bin Samra ؓ ne farmaya: "*Rasool Allah ﷺ hamare paas tashreef laae to farmaya: Kya baat hai ke main tumhe'n haath uthaae hue dekhta ho'n jaisa ke shareer ghodo'n ki dume'n hain? Namaz mein sukoon ikhtiyaar karo! Phir aap bahar tashreef laae to dekha ke ham mukhtalif halqo'n mein bikhre hue hain to Aap ﷺ ne farmaya: Kya wajah hai ke main tumhe'n juda-juda dekh raha hoo'n? Phir Aap ﷺ dobaara tashreef laae to farmaya: Tum us tarah safe'n kyou'n nahi banaate, jis tarah fariste apne Rabb ke saamne safe'n banaate hain? Aap ﷺ ne farmaya: Wo (farishte) pehli safo'n ko poora karte hain aur safo'n mein khoob milkar khade hote hain*".

"*Obaidullah bin al-Qubaita ؒ se riwayat hai ke (Syedna) Jaabir bin Samrah ؓ ne farmaya: Jab ham Rasool Allah ﷺ ke saath namaz padhte to ham Assalamualaikum wa Rahmatullah, Assalamualaikum wa Rahmatullah kehte aur unho'n ne (Syedna Jaabir bin Samrah ؓ) ne daae'n aur baae'n taraf apne haath se ishaara kiya. To Rasool Allah ﷺ ne farmaya: Tum haatho'n se kya ishaara karte ho, jaise shareer ghodo'n ki dume'n hain? Tum mein se har aadmi ke liye yehi kaafi hai ke apni raan par haath rakhe phir daae'n aur baae'n taraf apne bhai par salam keh de*".

Ibn al-Qubaita ؒ se hi riwayat hai ke Jaabir bin Samra ؓ ne farmaya: "*Maine Rasool Allah ﷺ ke saath (yaane aapke peeche) namaz padhi, to ham salaam ke waqt apne hatho'n ke saath assalamualaikum, assalamualaikum kehte the. Phir Rasool Allah ﷺ ne hame'n dekha to farmaya: Tumhe'n kya hua hai, ke tum apne hatho'n se ishaara karte ho, jaise shareer ghodo'n ki dume'n hain? Jab tum mein se koi shakhs salaam phere to apne saathi ki taraf chehra kare aur haath se ishaara na kare*". (Sahih Muslim: V1 P181 H430-431; Darussalam edition: 968-971)

Tameem bin Tarafa ki doosri riwayat mein aaya hai ke (Syedna) Jaabir bin Samra ؓ ne farmaya: "*Nabi-e-Kareem ﷺ apne sahaba ke paas*

tashreef laae to farmaya: Kya wajah hai ke main tumhe juda-juda dekh raha hoo'n? Aur wo (sahaba) baethe hue the". (Musnad Ahmad: V5 P93 H20874 [sanad sahih]; Al Mausooah al Hadeesiyyah: V34 P446)

Ek hi sahabi se dono shaagirdo'n (Tameem bin Tarafa aur Obaidullah bin al-Qubaita) ki riwayat ek hi hadees hai aur isse tark-e-raful yadain ka masla kasheed karna kai wajah se ghalat hai. Masalan:

① Zamaana-e-tadween-e-hadees mein mohaddiseen-e-kiraam mein se kisi ek mohaddis ne bhi is hadees ko tark-e-raful yadain ke istidlaal mein naql nahi kiya aur unke muqaable mein baaz fuqaha-e-ahlur raae ka koi etebaar nahi hai.

② Mohaddiseen ne is hadees ko tasshahud ke waqt salam ke baare mein zikr kiya hai. Masalan

❶ Imam Shafai ﷺ. (Kitaab-ul-Umm: V1 P122 'باب السلام فى الصلوٰة')

❷ Abu Dawood ﷺ. (Sunan Abu Dawood: qabl H998-999 'باب فى السلام')

❸ Nasai ﷺ. (Al Mujtaba: qabl H1185 'باب السلام بالأيدي فى الصلوٰة'; Al Mujtaba: qabl H1319 'باب موضع اليدين عند السلام'; Al Mujtaba: qabl H1327 'باب السلام باليدين'; Sunan Kubra lin Nasai: V1 P353 qabl H1107 'السلام بالأيدي فى الصلوٰة'; Sunan Kubra: V1 P1394 qabl H1249 'السلام باليدين')

❹ Ibne Khuzaima ﷺ.

(Sahih Ibne Khuzaima: V1 P361 H733 'باب الزجر عن الإشارة باليد يمينًا وشمالاً عند السلام من الصلوٰة'

Sahih Ibne Khuzaima: V3 P103 qabl H1708

'باب نية المصلى بالسلام من عن يمينه إذا سلم عن يمينه ومن عن شماله إذا سلم عن يساره')

❺ Abdur Razzaq ﷺ. (Musannaf Abdur Razzaq: V2 P220 H3135 'باب التسليم')

❻ Abu Awaana Yaqoob bin Ishaq ﷺ. (Musnad Abi Awaana: V2 P38-240 qabl H1626 'بيان الدليل على أن لاتسليمة الواحدة غير كافية في جماعة من تسليم التشهد حتى يسلّم تسليمتين... إلخ')

❼ Bayhaqi ﷺ. (Sunan Kubra: V2 P181 'باب كراهة الإيماء باليد عند التسليم من الصلاة')

❽ Baghwi ﷺ. (Sharah as Sunnah: V3 P206 qabl H696 'باب التسليم فى الصلاة')

❾ Abu Nayeem al-Asbahani ﷺ. (Al Musnad al Mustakhraj Alaa Sahih al Imam Muslim: V2 P54 H962 'باب الكراهية أن يضرب الرجل بيديه عن يمينه و عن شماله فى الصلاة')

❿ Abdul Haq al-Ishbeeli ﷺ. (Al Ahkaam ush Shariyya al Kubra: V2 P283 [maktaba shamela] 'باب كيفية السلام من الصلاة وكم يسلّم؟')

Unke alaawa baaz hanafi hazraat ne bhi is hadees par isi qism ke abwaab baandhe hain. Masalan:

⓫ Tahawi ﷺ. (Sharah Maani-ul-Asaar: V1 P268-269 'باب السلام فی الصلاۃ کیف ھو؟')

⓬ Ibne Farqad Shaibani. (Kitab-ul-Hujjah: V1 P145 'إن صح سند الكتاب إليه' 'باب التشهد والسلام والصلاة على النبي صلى الله عليه وسلم')

③ Mohaddiseen-e-Kiraam aur Ulama-e-Azzaam ne saraahat ki hai ke is hadees ka taalluq raful yadain ke saath nahi, balke tasshahud ke waqt salam se hai. Masalan:

❶ Ameer-ul-Momineen fil-Hadees Imam Bukhari ﷺ (d 256h) ne farmaay:

Ye riwayat to sirf tasshahud ke baare mein hai, qiyaam ke baare mein nahi hai. Baaz log (namaz mein) doosre logo'n ko (haatho'n ke ishaare se) salaam kehte the, to Nabi ﷺ ne tasshahud mein haath uthaane se mana farma diya. Jiske paas ilm ka thoda sa bhi hissa hai, wo is riwayat se (tark-e-raful yadain par) hujjat nahi pakadta. Ye baat (tamaam ulama-e-hadees mein) mashoor hai, us mein koi ikhtilaaf nahi hai.

فإنما كان هذا فى التشهد لا فى القيام، كان يسلّم بعضهم علىٰ بعض فنهى النبي صلى الله عليه وسلم عن رفع الأيدي فى التشهد ولا يحتج بهذا من له حظ من العلم، هذا معروف مشهور لا اختلاف فيه.
(Juz Raful Yadain: 37 P61-62)

❷ Is hadees ki tashreeh mein Haafiz Ibne Hibban ne apni tabweeb ke zariye se farmaya:

Ye ke logo'n ko to namaz mein ruku ke raful yadain (se mana) ke bajaae salaam ke ishaare ke waqt sukoon ka hukm diya gaya tha.

... بأن القوم إنما أمروا باسّكون فى الصلوٰة عند الإشارة بالتسليم دون رفع اليدين عند الركوع.
(Al Ehsaan bi Tarteeb Sahih Ibne Hibban: V5 P199 qabl H1877; doosra nuskha: 1880)

❸ Haafiz Ibne Abdul Barr Andalusi (d 463h) ne farmaya:

Baaz mutakhkhireen ne kufiyo'n aur

وقد احتج بعض المتأخرين للكوفيين ومن

raful yadain ke baare mein unke ham-mazhab logo'n ke liye us hadees se hujjat pakdi hai, jo hame'n bayan ki... (phir unho'n ne Syedna Jaabir bin Samra ﷺ ki hadees ba-sanad-e-Tameem bin Tarafa zikr ki aur farmaya:) Aur usme (unke liye) koi hujjat (daleel) nahi hai. Kyounke Rasool Allah ﷺ ne to unhe'n us fe'l se roka hai, jo aap khud nahi karte the, kyounke ye muhaal hai ke aap unhe'n us fe'l se mana karte, jise aapne unke liye khud jaari farmaya tha aur aapne (baaz) logo'n ko haatho'n ke saath abas (fuzool) kaam karte hue dekha aur raful yadain ke baghaer doosre muqaamaat par haath uthaate dekha to unhe'n isse mana farma diya.

ذهب مذهبهم في رفع اليدين بما حدثنا... وهذا لا حجة فيه لأن الذي نهاهم عنه رسول الله صلى الله عليه وسلم غير الذي كان يفعله لأنه محال أن ينهاهم عما سن لهم وإنما رأى أقوامًا يعبثون بأيديهم ويرفعونها في غير مواضع الرفع فنها هم عن ذلك.

(At Tamheed Limaa Fil Moaafi al Muwatta Minal Maani wal Asaneed: V9 P221)

❹ Allama Nawavi رحمه الله ne kaha:

Rahi Jaabir bin Samra ﷺ ki hadees to un (logo'n) ka isse hujjat pakadna bahut ajeeb cheezo'n mein se hai aur sunnat se jahaalat ki aqsaam mein se badd-tareen qism hai, kyounke ye hadees ruku se pehle aur baad waale raful yadain ke baare mein waarid (aur mutaalliq) nahi. Lekin wo (mumaaniat se pehle sahaba) namaz mein haalat-e-salaam ke waqt haath uthaate the aur dono taraf unke saath ishaare karte the, is tarah se

و أما حديث جابر بن سمرة فاحتجاجهم به من أعجب الأشياء وأقبح أنواع الجهالة بالسنة لأن الحديث لم يرد رفع الأيدي فى الركوع و الرفع منه ولكنهم كانوا يرفعون أيديهم في حالة السلام من الصلاة ويئيرون بها إلى الجانبين يريدون بذلك السلام علىٰ من عن الجانبين، و هذا لا خلاف فيه بين أهل الحديث ومن له أدنىٰ اختلاط بأهل الحديث.

(Al Majmu Sharah al Mohzab: V3 P403)

wo dono taraf apne qareebi saathiyo'n ko salaam kehne ka iraada karte the aur usme mohaddiseen aur jiska ahle hadees (mohaddiseen) se maamooli taalluq ho, koi ikhtilaaf nahi hai.

❺ Ibne Syed un Naas al Yamari (d 734h) ne farmaya:

Aur rahi hadees Jaabir bin Samra ﷺ to uska takbeer ke waqt raful yadain se koi taalluq nahi hai. Lekin use un logo'n ke radd mein zikr kiya gaya hai jo namaz mein haalat-e-salaam ke waqt apne haath uthaate the aur dono taraf salaam pherte hue apne saathiyo'n ki taraf ishara karte the, lihaaza unhe'n usse mana kar diya gaya.

و أما حديث جابر بن سمرة فلا تعلق له برفع اليدين فى التكبير ولكنه ذكر للرد علىٰ قوم كانوا يرفعون أيديهم في حالة السلام من الصلوٰة و يشيرون بها إلى الجانبين مسلّمين علىٰ من حولهم فنهوا عن ذلك.

(An Nafah ash Shazee Sharah Jaame Tirmizi: V4 P398)

❻ Haafiz Ibn al-Mulaqqin (d 804h) ne kaha:

Is hadees se istidlaal intihaai buri jahaalat hai, jise Syedna Rasool Allah ﷺ ki sunant ke saath rawa rakha gaya hai. Kyounke ye hadees ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ke baare mein waarid nahi hui. Wo to namaz ki haalat-e-salaam mein hatho'n se ishaara karte the… is mein ahle hadees (mohaddiseen) ke darmiyan koi ikhtilaaf nahi aur jis shakhs ka hadees ke saath zarra baraabar talluq hai, wo bhi tasleem karta hai (ke ise raful yadain qabl ar-ruku wa baad ke khilaaf pesh karna ghalat hai).

من أقبح الجهالات لسنة سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم لأنه لم يرد في رفع الأيدي فى الركوع والرفع منه وإنما كانوايرفعون أيديهم في حالة السلام من الصلوٰة… وهٰذا لا (اختلاف) فيه بين أهل الحديث ومن أدنى اختلاط بأهله.

(Al BAdar-ul-Muneer: V3 P485)

❼ Haafiz Ibne Hajar Asqalani رحمہ اللہ ne kaha:

Makhsoos muqaam par makhsoos haalat mein raful yadain yaane ruku se pehle aur baad waale raful yadain ki mumaaniat ki is hadees mein koi daleel nahi, kyounke ye taaweel hadees se mukhtasar hai.

ولا دليل فيه علىٰ منع الرفع على الهيئة المخصوصة فى الموضع المخصوص وهو الركوع والرفع منه، لأنه مختصر من حديث طويل.

(At Talkhees-ul-Habeer: V1 P221 H328)

❽ Ali bin Abi al-Izz al-Hanafi (d 792h) ne farmaya:

Aur (Syedna) Jaabir bin Samra رضی اللہ عنہ ki hadees se jo istidlaal kiya gaya hai… qawee nahi hai… aur ham ye bhi tasleem nahi karte ke namaz mein sukoon ke hukm se ruku se pehle aur baad waale raful yadain ki nafi hoti hai. Kyounke sukoon ke hukm se namaz mein harkat ka qatan tark kar dena murad nahi, balke namaz ke mukhalif harkat se mana muraad hai. Iski daleel ye hai ke ruku aur sujood ke liye harkat mashroo (balke zaroori) hai, takbeer-e-iftitaah, takbeer-e-qunoot, aur takbiraat-e-eidain mein raful yadain (kiya jaata) hai. Phir agar kaha jaae ke ye cheeze'n daleel se (is hadees ke maz-oom istidlaal se) khaarij hain to kaha jaaega: Is tarah ruku se pehle aur baad waala raful yadain is (hadees ke maz-oom istidlaal) se kharij hai. Pas maaloom ho gaya ke isse muraad salaam ke waqt haath se ishaara hai. Wallahu Aalam.

وما استدل به من حديث جابر بن سمرة رضي الله عنه... لا يقوي... وأيضًا فلا نسلّم أن الأمر بالسكون فى الصلوة ينا فى الرفع عند الركوع و الرفع منه لأن الأمر بالسكون ليس المراد منه ترك الحركة فى الصلوة مطلقًا بل الحركة النافية للصلاة بدليل شرع الحركة للركوع والسجود ورفع اليدين عند تكبيرة الافتتاح وتكبيرة القوت وتكبيرات العيدين، فإن قيل: خرج ذلك بدليل، قيل: وكذلك خرج الرفع عندالركوع والرفع منه بدليل فعلم أن المراد منه الإشارة بالسلام باليد والله أعلم.

(Al Tambeehiya Alaa Mushkilaat al Hidaaya: V2 P570-571)

❾ Ibn al-Jauzi (d 597h) ne farmaya:

Baaz ashaab-e-Abi Hanifa (yaane baaz hanafiyya) ne is hadees ke saath ruku se pehle aur ruku se sar uthaate waqt raful yadain ki mumaaniat ki daleel pakdi hai aur us mein unke liye koi daleel nahi hai, kyounke in do (2) hadeeso'n ke baad (Sahih Muslim mein) mufssar (tafseel se) marwi hai.

وقد احتج بعض أصحاب أبي حنيفة بهذا الحديث في منعهم رفع اليدين فى الركوع و عندالرفع منه وليس لهم فيه حجة لأنه قد روي مفسرًا بعد حديثين.

(Al Mushkil Min Hadees as Sahihain laa Ibn al-Jauzi: V1 P295 H429, 522 (Al Maktaba Shamela))

❿ Haafiz Ibne Taimiya رحمۃ اللہ علیہ ne Syedna Jaabir bin Samra رضی اللہ عنہ ki hadees bayan karne ke baad uski sharah mein farmaya:

Aur logo'n mein is (hadees se saabit-shuda baato'n) ki ittiba ke sabse ziyada haqdaar ahle hadees (mohaddiseen aur hadees par amal karne waale yaane mohaddiseen ke awaam) hain aur jo shakhs ye gumaan karta hai ke is (hadees) mein haath uthaane ki mumaaniat se muraad ruku se pehle aur baad waala raful yadain hai aur wo use us par mahmool karta hai to us shakhs ne ghalati ki hai.

وأحق الناس باتباع هذا: هم أهل الحديث من ظن أن نهيه عن رفع الأيدي هو النهي عن رفعها إلىٰ منكبه حين الركوع وحين الرفع منه وحمله علىٰ ذلك فقد غلط.

(Al Qawaaid un Nooraniya al Fiqhiya li-Ibne Taimiya: V1 P47; Majma' Fataawa: V22 P561; Jilaa-ul-Aynaen lish Shaikh Abi Muhammad Badiuddin Shah Rashadi al Qawaaid an (عن, naqlah an (رحمۃ اللہ علیہ Sindhi Nooraniya: P48)

Iske baad Ibne Taimiya ne bataaya ke sarkash ghoda to daae'n aur baae'n taraf dum hilaata hai aur ye aisi harkat hoti hai jis mein sukoon nahi hota. Raha ruku se pehle aur baad waale raful yadain ka masla to uske mashroo (shariayt-e-muhammadiya alaa sahaba as-salaatu wa-salaam mein saabit) hone par musalmano ka ittifaaq hai. Lihaaza is hadees se wo kaise mamnoo ho sakta hai? (Majma' Fataawa: V22 P562)

★ Abul Abbas Ahmad bin Umar bin Ibrahim al-Qurtubi (d 656h) ne is hadees ki sharah mein kaha:

Wo namaz mein salaam ke waqt

كانوا يشيرون عند السلام من الصلاة

بأيديهم يمينًا و شمالاً و تشبيه أيديهم بأذناب الخيل الشمس تشبيه واقع، فإنها تحرّك أذنابها يمينًا وشمالاً. فلما رأهم علىٰ تلك الحالة أمرهم بالسكون فى الصلاة وهذا دليل على أبي حنيفة في أن حكم الصلاة باق على المصلي إلىٰ أن يسلّم، ويلزم منه: أنه إن أحدث في تلك الحالة. أعني في حالة الجلوس الأخير للسلام. أعاد الصلاة.

(Al Mufham Limaa Ashkal Min Talkhees Kitab Muslim: V2 P61 ت (H340-341)

apne haatho'n ke saath daae'n aur baae'n taraf ishare karte the aur unke haatho'n ko sarkash ghodo'n ki dumo'n se tashbeeh dena haqiqat (yaane sahih) hai. Kyounke wo (sarkash ghode) apni dumo'n ko daae'n aur baae'n taraf harkat dete hain, pas jab aap ne unhe'n us haalat mein dekha to namaz mein sukoon karne ka hukm diya aur ye Abu Hanifa ke khilaaf daleel hai ke namazi par salam pher lene tak namaz ka hukm baaqi rehta hai aur is hadees se ye bhi laazim aata hai ke agar is haalat, yaane salaam waale aakhri tasshahud mein wazu toot jaae to namaz dobaara padhni padegi.

④ Bahut se hanafi aur hanafiyat ki taraf mansoob firqo'n ke ulama ne bhi apne qaul ya fe'l se ye saraahat ki hai ke is hadees ka taalluq ruku waale raful yadain se nahi, balke tasshahud ke waqt salaam se hai. Masalan:

❶ Ali bin Ali bin Abi al-Izz al-Hanafi رحمه الله ka qaul fakhra # 3 ki shaq # 8 ke tahat guzar chuka hai.

❷ Abul Hasan Muhammad bin Abdul Haadi as-Sindhi (d 1138h) ne Syedna Jaabir bin Samra رضي الله عنه ki hadees ki sharah mein kaha:

وبهذه الرواية تبين أن الحديث مسوق للنهى عن رفع الأيدي عند السلام اشارة إلى الجانبين ولا دلالة فيه على النهي عن الرفع عند الركوع وعند الرفع منه.

(Hashiya as Sindhi Alaa Sunan Nasai: V1 P176 Kitab us Sahoo)

Aur is riwayat se waazeh ho gaya ke ye hadees salaam ke waqt haath uthaakar dono taraf ishara karne se mumaaniat ke baare mein bayan ki gai hai aur is mein ruku se pehle aur baad waale raful yadain ki mumaaniat ki koi daleel nahi hai.

Abul Hasan as-Sindhi ki hanafiyat ke liye dekhiye Sunan Nasai. (Tarqeem Abdul Fattah Abi Ghadda al Hanafi: V1 P ‘ح’ qabl P1)

❸ Mahmood Hasan Deobandi ne kaha: “*Baaqi aznaab khail ki riwayat se jawab dena ba-roo-e-insaaf durust nahi. Kyounke wo salaam ke baare mein hai ke Sahaba ﷺ farmate hain ke ham ba-waqt-e-salaam namaz mein ishara bil-yadd bhi karte the, aap ne mana farma diya*”. (Taqareer Shaik-ul-Hind Tarteeb Abdul Hafeez Balyaawi: P65)

Isi ibaarat ka doosra hawaala: Al Ward ush-Shazee Alaa Jaame Tirmizi. (Jamaa Asghar Hussain Deobandi: P63)

❹ Ashraf Ali Thani Deobandi ne kaha: “*Muslim ki hadees* (Maali araakum raf-ee aydeekum… ilkh) ‘مالی اراکم رافعی ایدیکم الخ’ *mein Maulana Muhammad Yaqoob Saahab رحمہ اللہ ne farmaya ke isse raful yadain haalat-e-salaam mein muraad hai aur ye hanafiyya ko ziyaada mufeed hai, kyounke haalat-e-salaam mein min-wajh daakhil aur min-wajh khaarij hai…*”. (Malfuzaat-e-Hakeem-ul-Ummat: V26 P397; Al Kalaam-ul-Hasan: V2 P276)

Tambeeh: Iske baad Yaqoob Nanotwi ka jo falsafa mazkoor hai, wo sahih aur mutawaatir ahadees ke muqaable mein hone ki wajah se mardood hai.

❺ Muhammad Taqi Usmani Deobandi ne Syedna Jaabir bin Samra رضی اللہ عنہ waali hadees ke baare mein kaha: “*Lekin insaaf ki baat ye hai ke is hadees se hanafiyya ka istidlaal mushtaba aur kamzor hai, kyounke Ibn al-Qibitya ki riwayat mein salaam ke waqt ki jo tasreeh maujood hai uski maujoodgi mein zaahir aur mutabaadir*[1] *yehi hai ke Hazrat Jaabir رضی اللہ عنہ ki ye hadees rifaa ind as-salam* ‘رفع عند السلام’ *hi se mutalliq hai aur dono hadeeso’n ko alag-alag qaraar dena jab ke dono ka raawi bhi ek hai aur matan bhi qareeb-qareeb hai bo’d*[2] *se khaali nahi, haqiqat yehi hai ke hadees ek hi hai aur rifaa ind as-salam* ‘رفع عند السلام’ *se mutaalliq, Ibn al-Qibtiya ka tareeq mufassal hai aur doosra tareeq mukhtasar-o-mujmal. Lihaaza doosre tareeq ko pehle tareeq par hi mahmool karna chaahiye, shaayad yehi wajah hai ke Hazrat Shah Saahab Noorullah ne is hadees ko hanafiyya ke dalaael mein zikr nahi kiya*”. (Dars-e-Tirmizi, Tarteeb

[1] T: (مُتَبادِر) Zehen mein jald aane waala, wo baat jiski taraf zehen fauran muntaqil ho [RKT]
[2] T: (بُعْد) Faasla, doori, farq, masaafat [RKT]

Rasheed Ashraf Saifi Deobandi: V2 P36-37)

Shah Saahab se muraad Anwar shah Kashmiri Deobandi hain aur ibaarat-e-mazkoora mein unki kitab Neel-ul-Farqadain ki taraf ishaara hai.

❻ Mughalatai Hanafi ne kaha:

Aur raha baaz hanafiyya ka Sahih Muslim se Jaabir bin Samra ﷺ ki hadees se istidlaal: Mujhe kya hai ke main tumhe'n haath uthaae hue dekhta hoo'n, jaisa ke sarkash (ghodo'n ki) dume'n hain, to (ye) sahih nahi hai. Kyounke ye baat haalat-e-salaam ke baare mein hai. Jaisa ke Bukhari waghaira ne zikr kiya hai.

وأما استدلال بعض الحنفية بحديث جابر بن سمرة من عند مسلم: مالى أراكم رافعي أيديكم كأنها أذناب شمس، فليس بصحيح لأنهم إنما كان ذلك حالة السلام فيما ذكره البخارى وعيره.

(Sharah Sunan Ibne Majahh lil Mughalatai: V1 P1474 (Shamela); doosra nuskha: V2 P81)

Sharah Sunan Ibne Majah lil Mughalatai ka teesra nuskha meri maalumaat ke mutaabiq Idaara al-Uloom al-Athariya (Faislabad) ke kutub khane mein maujood hai aur Maktaba Ibne Abbas se 2008 mein pehli dafa (first edition) chapa hai. Chauta nuskha Maktaba Nazaar Mustafa al-Baaz (Makkah, Riyadh) ne pehli dafa 1999 (1419h) mein Kamil Awaidha ki tehqeeq se shaaya kiya tha. [ز ع] (T: (زع) Zubair Ali Zai)

❼ Tahawi Hanafi ne is hadees ko tark-e-raful yadain ke dalaael mein zikr nahi kiya. (Sharah Maani-ul-Asaar: V1 P222-228 ' باب التكبير للركوع والتكبير للسجود والرفع من الركوع 'هل مع ذلك رفع أم لا؟')

Balke namaz mein salaam waale baab mein zikr kiya hai. (Dekhiye yehi mazmoon fakhra # 2 Shaq # 11)

Maaloom hua ke Tahawi ke nazdeek is hadees ko tark-e-raful yadain ke masle mein pesh karna sahih nahi hai.

❽ Muhammad Abid bin Ahmad Ali as-Sindhi ne kaha:

Rahi hadees: Kya hai ke main tumhe'n haath uthaae hue dekhta hoo'n… ilkh. To us hadees ke saath

أما حديث: مالي أراكم رافعي أيديكم إلخ فلا يليق الاستدلال لهذا الحديث في نفي

rafa (yadain) ki nafi par istidlaal munaasib nahi hai, lihaaza is baat ko samajh le'n.

الرفع فافهم.

(Al Muwahib-ul-Lateefah (ba-hawaala) Mir-ah tul Mafateeh: V3 P18; doosra nuskha: V2 P257)

Muhammad Abid Sindhi ki hanafiyat ke liye dekhiye Hadaaiq-ul-Hanafiyya. (P490)

❾ Ameer Ali Hanafi ne kaha:

Isi tafseer par mohaddiseen ka ijma hai aur salaam namaz ka ikhtitaam hai. Baaz logo'n ne us meein naza (ikhtilaaf) kiya aur kaha: Balke is hadees mein ruku se pehle aur baad waale raful yadain se mana kiya gaya hai… ilkh.

أجمع المحدثون على هذا التأويل والسلام من تتمة الصلوة، نازع بغض الناس فيه فقال: بل هذا النهي عن رفع اليدين فى الصلاة عند الركوع والرفع منه...إلخ.

(Hashiya Sahih Muslim: V1 P182 (Nool Kishor, Luckhnow edition), ba-hawawala Mir-ah tul Mafateeh: V3 P18; doosra nuskha: V2 P257)

Baaz logo'n ne Ameer Ali ke hanafi hone ka inkaar kiya hai, lekin Sher Muhammad Deobandi (Mamati) ne kaha: "*Hazrat Maulana Syed Ameer Ali hanafi farmate hain ke…".*. (Aaina Taskeen us Sudoor: P199; doosra nuskha: P206)

(Muhammad Idress Zafar Saahab ne kaha:) Muhammad Hasan Qalandarani Barailwi ne kaha: "*Hazrat Allama Maulana Ameer Ali Hanafi* ﷺ *mutarjim Fataawa Aalamgiri aur mutarjim Tafseer Muwahib ur Rahman*". (Ghaebaana Namaz-e-Janaza Ki Sharai Haesiyat: P17)

❿ Raful Yadain ko mansookh samajhne waale Abid-ur-Rahman Siddiqi Kandhalwi (taqleedi) ne Syedna Jaabir bin Samra ﷺ ki hadees ki sharah mein kaha: "*(Faeda) yaane salam ke waqt haath uthaane ki haajat nahi, banda mutarjim kehta hai ke in ahadees se aajkal ke dastoor ki bhi tardeed hoti hai, ke jab mulaqaat ke waqt salam karte hain, to haath zaroor uthaate hain*". (Sahih Muslim Mutarjim: V1 P404 [Quran Manzil, Muqaabil Maulwi Musafir Khana, Karachi edition])

Is mazmazmoon mein zikr-shuda hawaalo'n ka khulaasa darj-e-zel hai:

Jin mohaddiseen-e-kiraam aur ulama-e-hanafiyya ne is hadees ko salam aur tasshahud ke abwaab mein zikr kiya hai, unke naam darj-e-zel hain:

Shafai, Abu Dawood, Nasai, Ibne Khuzaima, Abdur Razzaq, Abu Awaana, Bayhaqi, Baghwi, Abu Nayeem al-Asbahani, Abdul Haq Ishbili, Tahawi Hanafi aur Ibne Farqad Shaibani Hanafi. (Dekhiye fakhra # 2)

Darj-e-zel mohaddiseen-e-kiraam aur ulama-e-azzaam ne ye saraahat ki hai ke is hadees ka taalluq raful yadain ke saath nahi, balke tasshahud ke waqt salam se hai:

Bukhari, Ibne Hibban, Ibne Abdul Barr, Nawavi, Ibne Syed un-Naas, Ibn al-Mulaqqin, Ibne Hajar Asqalani, Ali bin Abi al-Izz al-Hanafi, Ibn al-Jauzi aur Ibne Taimiya. (Dekhiye Fakhra # 3)

Abul Abbas Ahmad bin Umar al-Qurtubi ne bhi is hadees ko tasshahud waale salaam se mutaalliq qaraar diya hai.

Darj-e-zel hanafi aur hanafiyat ki taraf mansoob ulama ne ye saraahat ki hai, ya unke kalaam se ye ishaara milta hai ke is hadees ka taalluq salaam se hai aur raful yadain se uska koi talluq nahi hai:

Ali bin Abi al-Izz al-Hanafi, Abul Hasan Muhammad bin Abdul Haadi as-Sindhi, Mahmood Hasan Deobandi, Muhammad Yaqoob Nanotwi, Muhammad Taqi Usmani, Mughalatai Hanafi, Tahawi, Muhammad Abid Sindhi, Ameer Ali Hanafi, Aur Abid-ur-Rahman Siddiqi Kandhalwi Taqleedi. (Dekhiye Fakhra # 4)

Tees (30) se ziyaada in Ahle Hadees aur Ghair Ahle Hadees jamhoor ulama ke muqaable mein Qudoori (At Tajreed: V2 P519-520 fakhra # 2223), Zeli, Aeni, aur baaz mutakhkhireen aal-e-taqleed ka is hadees ko raful yadain ke khilaaf pesh karna ghalat aur mardood hai.

⑤ Nabi-e-Kareem ﷺ se raful yadain qabl ar-ruku wa baad ka suboot ahadees-e-sahiha mutawaatira se hai aur kisi ek sahih hadees se bhi ye saabit nahi ke aapne tasshahud mein salaam ke waqt apne haatho'n se dono taraf ishaara kiya ho aur na ye saabit hai ke aapne apne amal shareer ghodo'n ki dume'n hilne se tashbeeh di hai. Lihaaza jo log aisi tashbeeh dene ki jurat karte hain, wo Aap ﷺ ki gustaakhi ke murtakib hain.

⑥ Imam Abu Hanifa se ye qatan saabit nahi ke unho'n ne tark-e-raful yadain ke masle par Syedna Jaabir bin Samra رضی اللہ عنہ ki hadees se istidlaal

kiya ho, lihaaza aisa istidlaal karne waale Imam Abu Hanifa ke baaghi aur mukhaalif hain.

⑦ Syedna Jaabir bin Samra ﷺ ki bayan-karda hadees ki kisi sanad mein ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ki saraahat nahi, lihaaza mufassar ke muqaable mein ghair-mufassar ko pesh karna ghalat hai.

⑧ Baaz aal-e-taqleed is baat par ba-zid hain ke is hadees se namaz mein har raful yadain ki mumaaniat saabit hoti hai, to arz hai ke aap jaise log takbeer-e-tehrima, takbeer-e-wirt, aur takbiraat-e-eidain mein kyou'n raful yadain karte hain?

Agar un muqaamaat par raful yadain ki takhsees daleel se saabit hai to phir ruku se pehle aur baad waale raful yadain ki takhsees bhi yaqeeni aur qattai sahih dalaael se saabit hai. Lihaaza aap log waha'n kyou'n nahi maante?

⑨ Khair-ul-Quroon (300h tak) mein se kisi ek siqa-o-sadooq sunni aalim se is hadees ke saath tark-e-raful yadain par istidlaal saabit nahi, lihaaza khair-ul-quroon ke ijma ke muqaable mein shar-ul-quroon waale baaz ulama aur baaz ahle taqleed ki kya haesiyat hai?

⑩ Sarkash ghodo'n ki dume'n haalat-e-sarkashi mein oopar neeche nahi, balke daae'n baae'n hilti hain, jaisa ke Qurtubi aur Ibne Taimiya ki tashreeh se saabit hai aur is baat ka mushahada ab bhi sarkash ghodo'n ko dekh kar kiya ja sakta hai, lihaaza hadees-e-mazkoor ko ruku se pehle aur baad waale raful yadain ke khilaaf pesh karna aqlan bhi baatil hai.

⑪ Musnad Ahmad mein Syedna Jaabir bin Samra ﷺ ki riwayat mein aaya hai ke 'وهم قعود' aur wo baethe hue the. (V5 P93 [sanad sahih])

Raful Yadain haalat-e-qiyaam mein ruku se pehle aur baad mein hota hai, haalat-e-'قعود' (yaane haalat-e-tasshahud) mein nahi hota, lihaaza is hadees se aal-e-taqleed ka istidlaal asalan baatil-o-mardood hai.

وما علينا إلاّ البلاغ

Muhammad Idrees Zafar (hafizahullah)
Sep 21st, 2010

Usool-e-Hadees Aur Mudallis Ki An (عن) Waali Riwayat Ka Hukm

Usool-e-hadees ka mashoor-o-maroof masla hai ke *mudallis raawi* (yaane jiska mudallis hona saabit ho) ki an (عن) waali riwayat naa-qaabil-e-hujjat yaane zaeef hoti hai.

Is silsila mein mohaddiseen-e-kiraam, ulama-e-hadees aur deegar ulama ke 40 hawaale ma' suboot pesh-e-khidmat hain:

① Imam Abu Abdullah Muhammad bin Idrees Shafai ﷺ (d 204h) ne farmaya:

فقلنا: لا نقبل من مدلّس حديثًا حتى يقول فيه: حدثني أو سمعت.

Pas hamne kaha: Ham kisi mudallis se koi hadees qubool nahi karte, hatta ke wo haddasani ya sametu kahe, yaane samaa' ki tasreeh kare.

(Kitab ur Rsiaalah: P53 (Matba al Kubra al Ameeriya Bi Bulaaq (1321h edition), tehqeeq Ahmad Shakir: 1035)

Kitab ar-Risaala, usool-e-fiqa aur usool-e-hadees balke usool-e-deen ki qadeem aur azeem ush shaan kitabo'n mein se hai aur mutaaddid ulama ne uski shurooh likhi hain.

② Imam Abdur Rahman bin Mahdi ﷺ (d 198h) Kitab ar-Risaala ko pasand karte the. (At Tuyuriyaat: V2 P761 H681 [sanad sahih])

Saabit hua ke Abdur Rahman bin Mahdi ke nazdeek bhi *mudallis* ki an (عن) waali riwayat qaabil-e-qubool nahi hai.

③ Imam Ahmad bin Hambal ﷺ (d 241h) Kitab ar-Risaala se raazi the. (Kitab al Jarh wa Taadeel: V7 P204 [sanad sahih]; Imam Shafai Aur Masla-e-Tadlees: Fakhra # 2)

Aur farmate the ke ye unki sabse acchi kitabo'n mein se hai. (Tareekh-e-Dimishq li-Ibne Asaakir: V54 P291 [sanad sahih])

④ Imam Ishaq bin Rahwiya ﷺ (d 238h) bhi Kitab ar-Risaala se muttafiq the. (Imam Shafai Aur Masla-e-Tadlees: Fakhra # 3)

⑤ Imam Ismail bin Yahya al-Mazni ﷺ (d 264h) bhi Kitab ar-Risaala ke

muaiyyad[1] the. (Muqaddama ar Risala: P73; Riwaaya Ibn al Kafaani: 54 [sanad hasan])

⑥ Mashoor mohaddis Abu Bakr al-Bayhaqi ﷺ (d 458) ne Imam Shafai ka mazkoora kalaam (fakhra # 1) naql kiya aur us par sukoot ke zariye se uski taaeed farmai. (Maarifa as Sunan wal Aasaar: V1 P76; An Nukat lil Zarakshi: P191)

⑦ Sahih Muslim ke musannif Imam Muslim ﷺ (d 261h) ne farmaya:

و إنما كان تفقد من تفقد منهم سماع رواة الحديث ممن روى عنهم. إذا كان الراوي ممن عرف بالتدليس فى الحديث وشهر به فحينئذ يبحثون عن سماعه في روايته و يتفقدون ذلك منه، كي تنزاح عنهم علة التدليس.

(Muqaddama Sahih Muslim: P22 [Darussalam edition])

Jisne bhi rawiyaan-e-hadees ka samaa' talaash kiya hai, to usne us waqt talaash kiya hai jab raawi-e-hadees mein tadlees ke saath maaroof (maaloom) ho aur uske saath mashoor ho to us waqt riwayat mein iska samaa' dekhte hain aur talaash karte hain, taake raawiyo'n se tadlees ka zof door ho jaae.

Is ibaarat ki tashreeh mein Ibne Rajab Hambali ﷺ ne likha hai:

و هذا يحتمل أن يريد به كثرة التدليس في حديثه ويحتمل أن يريد (به) ثبوت ذلك عنه وصحته فيكون كقول الشافعي.

(Shraha Ilal at-Tirmizi: V1 P354)

Aur is mein ehtemaal hai ke isse hadees mein kasrat-e-tadlees muraad ho, aur (ye bhi) ehtemaal hai ke isse tadlees ka suboot muraad ho, to ye Shafai ke qaul ki tarah hai.

Arz hai ke isse dono muraad hain, yaane agar raawi kaseer-ut-tadlees ho to bhi uski mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (apni shuroot ke saath) zaeef hoti hai aur agar raawi se (ek dafa hi) tadlees saabit ho jaae to phir bhi uski mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (apni shuroot ke saath) zaeef hoti hai. Saabit hua ke Imam Muslim ke nazdeek mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (an (عن) waali) riwayat hujjat nahi hai.

⑧ Khateeb Baghdadi ﷺ (d 463h) ne farmaya:

وقال آخرون: خبر المدلس لا يقبل إلا أن

Aur doosro'n ne kaha: Mudallis ki khabar (riwayat) maqbool nahi hoti,

[1] T: (مُؤَيَّد) Jis ki taaeed ki jaae, jis ki himaayat ki jaae [RKT]

illa ye ke wo wahm ke ehtemaal ke baghaer sareeh taur par tasreeh-bis-sama' ke saath bayan kare. Agar wo aisa kare to uski riwayat maqbool hai aur hamare nazdeek yehi baat sahih hai.

يورده على وجه مبين غير محتمل لإيهام فإن أورده على ذلك قُبِلَ، وهذا هو الصحيح عندنا.

(Al Kifaaya Fee Il mar Riwaaya: P361)

Al Kifaaya usool-e-hadees ki mashoor aur mustanad kitabo'n mein se hai.

⑨ Haafiz Ibne Hibban al-Basti رحمہ اللہ (d 354h) ne farmaya:

Pas jab tak mudallis, agarche siqa ho, haddasani ya sametu na kahe (yaane samaa' ki tasreeh na kare) to uski riwayat se hujjat pakadna jaaez nahi hai aur ye Abu Abdullah Muhammad bin Idrees Shafai رحمہ اللہ ki asal (buniyadi usool) hai aur hamare asaatiza ka usool hai, jinho'n ne is mein unki ittiba (yaane muwaafaqat) ki hai.

فما لم يقل المدلّس وإن كان ثقة: حدثني أو سمعت فلا يجوز الإحتجاج بخبره وهذا أصل أبي عبدالله محمد بن إدريس الشافعي رحمه الله، ومن تبعه من شيوخنا.

(Kitab al Majrooheen: V1 P92; doosra nuskha: V1 P86)

Neez dekhiye Sahih Ibne Hibban. (Al Ehsaan: V1 P161; doosra nuskha: V1 P90)

Haafiz Ibne Hibban ne mazeed farmaya:

Pas mudallis jab tak apne ustaaz se samaa' ki tasreeh na kare to uski us riwayat se hujjat pakadna jaaez nahi hai, kyounke ye pata nahi ke shaayad usne kisi zaeef insaan se suna ho, jiske maaloom ho jaane se khabar (riwayat) baatil ho jaati hai. Pas mudallis agarche siqa ho, apni riwayat mein sametu ya haddasani na kahe to iski riwayat se hujjat pakadna jaaez nahi hai.

فإن المدلس مالم يبين سماع خبره عمن كتب عنه لا يجوز الإحتجاج بذلك الخبر، لأنه لا يدرى لعله سمعه من إنسان ضعيف يبطل الخبر بذكره إذا وقف عليه و عرف الخبر به، فمالم يقل المدلس في خبره وإن كان ثقة: سمعت أو حدثني، فلا يجوز الإجتجاج بخبره.

(Kitab us Siqaat: V1 P12)

⑩ Haafiz Ibne Salaah as-Shahrzori Shafai (d 643h) ne kaha:

والحكم بأنه لا يقبل من المدلّس حتى يبين، قد أجراه الشافعي رضي الله عنه فيمن عرفناه دلّس مرة. والله أعلم.

(Muqaddama Ibne Salaah Ma' at-Taqiyyid wal Izaah lil Iraqi: P99; doosra nuskha: P161)

Aur hukm (faisla) ye hai ke mudallis ki riwayat tasreeh-e-sama' ke baghaer qubool na ki jaae, isey Shafai رحمہ اللہ ne us shakhs ke baare mein jaari farmaya hai, jisne hamari maalumaat ke mutabiq sirf ek dafa tadlees ki hai. Wallahu aalam.

Muqaddama Ibne Salaah ya uloom-ul-hadees (Maarifa Anwa Ilm-ul-Hadees) usool-e-hadees ki mashoor-o-maroof kitab hai aur use talqi bil-qubool haasil hai. Masalan dekhiye Al Haqaaiq lin Nawavi: V1 P108, Al Manhal ur Rawee li-Ibne Jaamea: P26, Ikhtisaar Uloom-ul-Hadees li-Ibne Kaseer: V1 P95-96 aur At Taqaiyyud wal Ezaah: P11, Nuzhatun Nazr li-Ibne Hajar: P5-6 aur Al Bahar uz Zi-zakhar lis Suyuti: V1 P235 waghaira.

⑪ Allama Yahya bin Sharf an-Nawavi (d 677h) ne farmaya:

فما رواه بلفظ محتمل لم يبين فيه السماع فمرسل... وهذا الحكم جار فيمن دلّس مرة.

(At Taqreeb lin Nawavi Fee Usool-ul-Hadees: P9 نوع 12; Tadreeb ur Raawi lis Suyuti: V1 P229-230)

Pas wo (mudallis raawi) aise lafz se riwayat bayan kare, jis mein ehtemaal ho, samaa' ki tasreeh na ho to wo mursal hai... aur ye hukm uske baare mein jaari hai jo ek dafa tadlees kare.

Mursal ke baare mein Nawavi ne kaha:

ثم المرسل حديث ضعيف عند جماهير المحدثين...

(At Taqreeb lin Nawavi: P79 نوع)

Phir (ye ke) mursal zaeef hadees hai, jamhoor mohaddiseen ke nazdeek.

⑫ Haafiz Ibne Abdul Barr (d 463h) ne farmaya:

وكذلك من عرف بالتدليس المجتمع عليه وكان من المسامحين فى الأخذ عن كل أحد، لم يحتج بشيء مما رواه حتى يقول: أخبرنا أو سمعت.

(At Tamheed Limaa Fee al Muwatta Min

Aur isi tarah jo shakhs us tadlees ke saath maaloom ho jaae, jis par ijma hai (ke wo tadlees hai) aur wo un narmi karne waalo'n mein se ho jo har ek se riwayat le lete hain, usne jo bhi riwayat bayan ki, us mein se kisi

ke saath bhi hujjat nahi pakdi jaaegi, illa ye ke wo akhbarna ya sametu kahe yaane samaa' ki tasreeh kare.

al Maani wal Asaneed: V1 P17)

Isse saabit hua ke zaeef raawi se riwayat karne waale mudallis ki ghair masrah bis samaa' (an (عن) waali) riwayat Haafiz Ibne Abdul Barr ke nazdeek hujjat nahi, yaane zaeef hai.

Hamare ilm ke mutabiq tamaam saabit-shuda mudalliseen mein se koi ek mudallis bhi aisa nahi, jo zaeef raawi se riwayat bayan nahi karta tha.

Tambeeh: Haafiz Ibne Hibban waghaira ka ye daawa ke "*Sufyaan bin Uyayna sirf siqa se tadlees karte the*" kai wajah se ghalat hai. Masalan:

❶ Ye qaaeda kulliya nahi, balke baaz aiqaat Sufyaan bin Uyayna ﷺ ghair-siqa se bhi tadlees ka lete the.

❷ Sufyaan bin Uyayna jin siqa raawiyo'n se tadlees karte the, un mein se baaz ba-zaat-e-khud mudallis the aur unka sirf siqa se tadlees karne ka koi suboot nahi, lihaaza yaha'n tadlees par tadlees ka shuba hai.

❸ Sufyaan bin Uyayna zaeef raawiyo'n se bhi riwayate'n bayan karte the, masalan unke asaatiza mein Ali bin Zaid bin Jadd-aan (zaeef raawi) bhi hain.

Haafiz Ibne Abdul Barr ne mazeed farmaya:

إلا أن يكون الرجل معروفًا بالتدليس فلا يقبل حديثه حتى يقول: حدثنا أو سمعت، فهذا لا أعلم فيه أيضًا خلافًا.

(At Tamheed: V1 P13)

Siwaae iske, ke (agar) aadmi tadlees ke saath mashoor ho to uski hadees qubool nahi ki jaati. Illa ye ke wo haddasana ya sametu kahe (yaane samaa' ki tasreeh kare) uske baare mein mujhe koi ikhtilaaf maaloom nahi hai.

Haafiz Ibne Abdul Barr ne mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (an (عن) waali) riwayat ke maqbool hone ki 3 sharte'n bayan farmai hain, jin par ijma hai.

❶ Tamaam raawi aadil, yaane siqa-o-zaabit ho'n.

❷ Har raawi ki apni ustaaz se mulaqaat saabit ho.

❸ Tamaam raawi tadlees se baree ho'n. (At Tamheed: V1 P12)

⑬ Abu Bakr as Seerfi (d 330h) ne Kitab ar-Risaala lish Shafai ki Sharah Kitab ud Dalaael wal A'lam mein farmaya:

كل من ظهر تدليسه عن غير الثقات لم يقبل خبره حتى يقول: حدثني أو سمعت.

Har wo shakhs jiski tadlees ghair-siqa raawiyo'n se zaahir ho jaae to uski riwayat qubool nahi ki jaati, Illa ye ke wo haddasani ya sametu kahe, yaane samaa' ki tasreeh kare.

(An Nukat Alaa Muqaddama Ibne Salaah liz Zarakshi: P184; Imam Shafai (rh) Aur Masla-e-Tadlees: P11-12)

⑭ Haafiz Zahbi ne mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (jis mein an-an (عن، عن) ho) ke baare mein faramaya:

ثم بتفدير تيقن اللقاء يشترط أن لايكون الراوي عن شيخه مدلّسًا فإن لم يكن حملناه على التصال. فإن كان مدلسًا فالأظهر أنه لا يحمل على السماع. ثم إن كان المدلس عن شيخه ذاتدليس عن الثقات فلا بأس وإن كان ذا تدليس عن الضعفاء فمردود.

Phir agar mulaqaat ka yaqeen ho to us haalat mein shart ye hai ke raawi apne ustaaz se mudallis (tadlees karne waala) na ho, pas agar wo na ho to ham use (an (عن) waali riwayat ko) ittisaal par mahmool karte hain. Pas agar wo mudallis ho to zaahir yehi hai ke wo samaa' par mahmool nahi hai. Phir agar apne ustaaz se mudallis aisa ho jo siqa raawiyo'n se tadlees karta tha, to koi harj nahi aur agar wo zaeef raawiyo'n se tadlees karta tha to (iski an (عن) waali riwayat) mardood hai.

(Al Mauqzah liz Zahbi Ma' Kifaayatul Hifzah lis Saleem bin Eid al Hilaali: P199 (bi-tehqeeq) Haatim bin Airf al Aufi: P132; nuskha Abi Ghada Abdul Fattah: P45)

Yaha'n bataur-e-faaeda arz hai ke siqa raawiyo'n se tadlees karne waalo'n ki misaal (duniya-e-tadlees mein) sirf Sufyaan bin Uyayna hain aur unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat bhi do (2) wajah se zaeef hai, jaisa ke fakhra # 12 mein bayan kar diya gaya hai.

Haafiz Zahbi ke darj-e-baala bayan se ye saaf zaahir hai ke unke nazdeek

Sufyaan bin Uyayna ke alaawa tamaam mudalliseen masalan Sufyaan Soori aur Sulaiman al-Amash waghairahuma ki an (عن) waali riwayaat se (apni sharaaet ke saath) zaeef-o-mardood hain.

⑮ Haafiz Ibne Hajar Asqalani ne farmaya:

وحكم من ثبت عن التدليس إذا كان عدلاً، أن لا يقبل منه إلا مصرح فيه بالتحديث على الأصح.

Sahih-tareen baat ye hai ke jis raawi se tadlees saabit ho jaae, agarche wo aadil (siqa) ho to uski sirf wohi riwayat maqbool hoti hai, jis mein wo samaa' ki tasreeh kare.

(Nuzhatun Nazar Sharah Nukhbatul Fikr: P66; Ma' Sharah Mulla Ali al Qadri: P419)

⑯ Imam Bukhari رحمہ اللہ ne ek riwayat par kalaam karte hue farmaya:

ولم يذكر قتادة سماعًا من أبي نضرة في هذا.

Aur Qataada ne Abu Nazrah se is riwayat mein apne samaa' ka zikr nahi kiya. (Juz al Qiraa-at lil Bukhari: P104)

Maaloom hua ke Imam Bukhari ke nazdeek mudallis ka samaa' ki tasreeh na karna sehat-e-hadees ke manaafi hai.

⑰ Imam Sha'ba رحمہ اللہ (d 160h) ne apne mudallis ustaad Qataada رحمہ اللہ ke baare mein farmaya: "*Main Qataada ke mu'n ko dekhta rehta, jab aap kehte: Maine suna hai, ya falaa'n ne hame'n hadees bayan ki, to main use yaad kar leta aur jab wo kehte: falaa'n ne hadees bayan ki to main use chod deta tha*". (Taqaddama Al Jarh wa Taadeel: P169 [sanad sahih])

Isse maaloom hua ke Imam Sha'ba رحمہ اللہ bhi mudallis ki samaa' ke baghaer waali riwayat hujjat nahi samajhte the. (Dekhiye Ilmi Maqalaat: V1 P261-262)

⑱ Imam Ibne Khuzaima رحمہ اللہ (d 311h) ne ek riwayat par jarh karte hue use maalool (yaane zaeef) qaraar diya aur farmaya: "*Doosri baat ye hai ke Amash mudallis hain (aur) unho'n ne Habib bin Abi Saabit se apne samaa' (sunne) ka zikr nahi kiya… likh*". (Kitab-ut-Tauheed: P38; Ilmi Maqalaat: V3 P220)

Isse saabit hua ke Imam Ibne Khuzaima bhi Mudallis ki an (عن) waali riwayat ko maalool yaane zaeef samajhte the.

⑲ Haafiz Ibn al-Mulaqqin (d 804h) ne bhi tadlees ke baare mein Haafiz

Ibne Salaah ke hukm ko bar-qarar rakha aur koi mukhalifat nahi ki. (Al Maqna Fee Uloom-ul-Hadees: V1 P158 aur Fakhra # 10)

⑳ Haafiz Ibne Kaseer (d 774h) ne tadlees ke baare mein Imam Shafai ka qaul naql kiya aur uski koi mukhalifat nahi ki. (Ikhtisaar Uloom-ul-Hadees: V1 P174 نوع 12)

㉑ Haafiz al Iraqi (d 806h) ne Ibne Salaah ka qaul:

مالم يبين فيه المدلس التصال حكمه حكم المرسل.

Agar mudallis apni riwayat mein ye waazeh na kare ke usne kis se suna hai, to uski haesiyat mursal ki tarah hogi.

Zikr kiya aur is par koi radd nahi kiya. (At Taqaiyyud wal Ezaah: P99)

Aur Iraqi ne farmaya:

وصححوا وصل معنعن سمل من دلسة راويه واللقا علم.

Aur unho'n (mohaddiseen) ne is mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko mausoolan sahih qaraar diya, jo raawi ki tadlees (an (عن)) se mehfooz ho (aur ustaad shaagird ki) mulaqaat maaloom ho.

(Al Fiyah al Iraqi sher: 136; Fathul Mughees Sharah al Fiya tul Hadees: V1 P163)

Iraqi ne mazeed farmaya:

ولأ كثرون قبلوا ما صرحا ثقاتهم وصله و صححا.

Aur jamhoor ne siqa mudallis raawiyo'n ki un riwayato'n ko sahih qaraar diya hai, jin mein wo samaa' ki tasreeh kare'n aur dono (Khateeb-o-Ibne Salaah) ne is qaul ko sahih qaraar diya hai.

(Al Fiaytul Hadees lil Iraqi Ma' Fathul Mughees: V1 P179)

㉒ Shareef Jarjaani yaane Ali bin Muhammad bin Ali al Hussaini (d 816h) ne mudallis raawi ke baare mein kaha:

والأصح التفصيل: فما رواه بلفظ محتمل لم يبين فيه السماع فحكمه حكم المرسل وأنواعه.

Aur sahih ye hai ke isme tafseel hai: Pas wo aise alfaaz se riwayat bayan kare jis mein samaa' waazeh na ho, ehtemaal ho to uska hukm mursal aur uski aqsaam ka hukm hai.

(Risaala Fee Usool-ul-Hadees: P91; Ad Dibaaj-ul-Mazhab Ma' Sharah at-Tabrezi: P41)

Mursal zaeef riwayat hoti hai, jaisa ke Imam Muslim, Imam Tirmizi aur jamhoor mohaddiseen ka faisla hai. Jarjaani ne mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke baare mein kaha:

والصحيح أنه متصل إذا أمكن اللقاء مع الراءة عن التدليس.

Aur sahih ye hai ke wo muttasil hai, ba-sharte-ke mulaqaat mumkin ho aur raawi tadlees se baree ho.

(Risaala Fee Usool-ul-Hadees: P78; Ad Dibaaj-ul-Mazhab Ma' Sharah at-Tabrezi: P28)

㉓ Badaruddin Muhammad bin Ibrahim bin Jamaah (d 733h) ne mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke baare mein kaha:

والصحيح الذي عليه جماهير العلماء والمحدثين والفقهاء والأصوليين انه متصل إلا أمكن لقاؤهما مع براء تهما من التدليس.

(Al Minhal ur Rawee Fee Mukhtasar Uloom-ul-Hadees an Nabawi: P54)

Aur ye sahih hai, jis par jamhoor ulama, mohaddiseen, fuqaha aur usool ke maahireen (muttafiq) hain ke wo muttasil hai. Ba-sharte-ke mulaqaat mumkin ho aur ustaad shaagird dono tadlees se baree ho'n.

Isse saabit hua ke Qazi ibne Jamaah mudallis ke an-ane (عنعنے) ko sehat-e-hadees ke manaafi samajhte the.

㉔ Hussain bin Abdullah at-Taibi (d 743h) ne usool-e-hadees waale risaale mein Imam Shafai ؒ ka usool darj farmaya aur koi tardeed nahi ki, lihaaza wo is masle mein Imam Shafai se muttafiq the. (Al Khulaasa Fee Usool-ul-Hadees: P72)

㉕ Suyuti ne mua'n-a'n (مُعَنْعَن) ke baare mein kaha:

ومن روى بعن وأن فاحكم بوصله إن اللقاء يعلم ولم يكن مدلّسا.

(Alfiyah lis Suyuti Ma' Sharah Ahmad Shakir: P28-29)

Aur jo an (عن) se riwayat byaan kare to uske muttasil hone ka faisla karo, ba-sharte-ke mulaqaat maaloom ho aur wo mudallis na ho….

Suyuti ne mudallis ke baare mein kaha:

والمرتضىٰ قبولهم إن صرحوا بالو صل قالأكثر هذا صححوا.

(Alfiyah lis Suyuti: P31)

Aur agar wo samaa' ki tasreeh kare'n to unki riwayat maqbool hai, jahmoor ne use sahih qaraar diya

hai.

㉖ Umar bin Raslaan al-Balqeeni (d 805h) ne Muqaddama Ibne Salaah ki sharah mein tadlees ke baare mein Imam Shafai ka qaul naql kiya aur koi mukhalifat nahi ki, lihaaza ye unki taraf se usool-e-mazkoor ki muafaqat hai. (Mahasin al Istilaah: P235)

㉗ Ibrahim bin Musa bin Ayuub al-Abnaasi (d 802h) ne bhi Imam Shafai ke mazkoora usool ko naql kiya aur koi mukhalifat nahi ki, lihaaza ye unki taraf se usool-e-mazkoor ki taaeed hai. (Ash Shazee al Fiyaah: V1 P177)

㉘ Aeni ne kaha: "*Aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke uski tasreeh-e-sama' doosri sanad se saabit ho jaae*". (Umdatul Qaari: V3 P112; Al Hadees, Hazro 66: P27) aur kaha:

Aur is par inka ittifaaq hai ke mudallis jab an (عن) kahe to hujjat nahi hai, illa ye ke doosri sanad se ye saabit ho jaae ke wo hadees us shakhs ne (apne ustaaz) se suni hai.

وقد اتفقوا علىٰ أن المدلس إذا قال: عن، لا يحتج به إلا أن يثبت من طريق آخر أنه سمع ذلك الحديث من ذلك الشخص.

(Sharah al Kirmani li Sahih Bukhari: V3 P62 ت H214)

㉙ Kirmani ne kaha: "*Aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke doosri sanad se samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Sharah al Kirmani li Sahih Bukhari: V3 P62 ت H214)

㉚ Qastalaani ne kaha: "*Aur mudallis ka an-ana 'عنعنة' qaabil-e-hujjat nahi hota, illa ye ke uske samaa' ki tasreeh saabit ho jaae*". (Irshad us Saari Sharah Sahih Bukhari: V1 P286)

㉛ As Sabt Ibn al-Ajmi ne kaha:

Aur sahih ye hai ke isme tafseel hai... aur agar wo (mudallis) aise alfaaz bayan kare jin mein ehtemaal ho to uska hukm mursal ka hukm hai.

والصحيح التفصيل... وإن أتى بلفظ يحتمل فحكمه حكم المرسل.

(At Tibbiyeen li-Asma-ul-Mudalliseen: P12)

Yaane mudallis ki ghair-masrah-bis-sama' riwayat mursal (munqata) ki tarah hai, yaad rahe ke jamhoor mohaddiseen ke nazdeek mursal riwayat munqata hone ki wajah se zaeef-o-mardood hoti hai.

㉜ Ibn al-Qattaan al-Faasi ne kaha:

Aur Amash ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (an (عن) waali) riwayat inqitaa bayan karne ka nishaana aur hadaf hai, kyounke mudallis hain.

و معنعن الأعمش عرضة لتبين الإنقطاع فإنه مدلس.

(Bayan al Waham wal Ilhaam: V2 P435 H441)

Maaloom hua ke mudallis ki an (عن) waali riwayat ko Ibn al-Qattaan munqata samajhte the.

㉝ Muhammad bin Fuzail bin Ghazwaan (d 195h) ne farmaya: "*Mughaira (bin Muqsim) tadlees karte the, pas ham unse sirf wohi riwayat likhte jis mein wo haddasana Ibrahim kehte the*". (Musnad Ali bin al Jaad: V1 P430 H663 [sanad hasan]; doosra nuskha: 644)

Maaloom hua ke Muhammad bin Fuzail bhi Mudallis ki ghair-masrah-bis-sama' yaane mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko zaeef-o-mardood samajhte the.

㉞ Ibne Rasheed al-Fehri (d 721h) ne kaha:

Magar jo tadlees ke saath maroof (yaane maaloom) ho to ye maaloom ho jaana uske liye kaafi hai ke uski hadees mein tawaqquf kiya jaae, illa ye ke muaamala waazeh ho jaae/yaane tasreeh-e-sama' saabit ho jaae.

أمّا من عرف بالتدليس فعمرفته بذلك كافية فى التوقف في حديثه حتى يتبين الأمر.

(As Sunan al Ibyeen: P66)

㉟ Imam Yaqoob bin Shaiba رحمہ اللہ (d 262h) ne farmaya:

Pas jo shakhs ghair siqa se tadlees kare, aur usse jisse usne nahi suna to us shakhs ne tadlees ki hadd mein tajaawuz kar liya, jiske baare mein ulama ne ijaazat di thi.

فأما من دلّس عن غير ثقة وعمن لم يسمع هو منه فقد جا وزحد التدليس الذي رخص فيه من رخص من العلماء.

(Al Kifaaya: P362 [sanad sahih])

Maaloom hua ke Yaqoob bin Shaiba ke nazdeek mudallis ki an (عن) waali riwaya taur isi tarah mursal-khafee dono zaeef-o-ghair-maqbool hain.

㊱ Sakhaawi-e-Iraqi ke qaul 'أثتبه بمره' ki tashreeh mein kaha:

وبيان ذلك أنه بثبوت تدليسه مرة صار ذلك هو الظاهر من حاله في معنعناته كما إنه ثبوت اللقاء مرة صار الظاهر من حاله السماع، وكذا من عرف بالكذب في حديث واحد صار الكذب هو الظاهر من حاله وسقط العمل بجميع حديثه مع جواز كونه صادقًا في بعضه.

(Fathul Mughees Sharah al Fiyah tul Hadees: V1 P193)

Aur iski tashreeh ye hai ke uski ek dafa tadlees ke suboot se uski (tamaam) mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat mein uska zaahir haal yehi ban gaya (ke wo mudallis hai) jaisa ke ek dafa mulaqaat ke suboot se (ghair mudallis ka) zaahir haal ye hota hai ke usne (apne ustaad se) suna hai aur isi tarah agar kisi aadmi ka (sirf) ek hadees mein jhoot maaloom ho jaae to uska zaahir haal yehi ban jaata hai (ke wo jhoota hai) aur uski tamaam ahadees par amal saaqit ho jaata hai, is jawaz ke saath ke wo apni baaz riwayaat mein saccha ho sakta hai.

Do (2) ahem daleele'n bayan karke Sakhaawi ne Imam Shafai ki taaeed kardi aur un logo'n mein shaamil ho gae jo mudallis ki an (عن) waali riwayat nahi maante, chaahe usne saari zindagi mein sirf ek dafa tadlees ki ho.

㊲ Abdul Rauf al-Munaawi (sufi) ne kaha:

وعنعنه المعاصر محمولة على السماع عند المتقدمين كمسلم وادعى فيه الإجماع وبخلاف غير المعاصر فإنها تكون مرسلة أو منقطعة وشرط حملها على السماع ثبوت المعاصرة إلا من المدلس فإنها غير محمولة على السماع.

(Al Yewaqiyat Waladar Rafee Sharah Tuqbah Ibne Hajar: V1 P210 (Al Maktaba Shamela)

Mutaqaddimeen masalan (Imam) Muslim ke nazdeek muaasir ki an (عن) waali riwayat samaa' par mahmool hoti hai aur unho'n (Muslim) ne isme ijma ka daawa kiya hai aur uske bar-khilaaf ghair-muaasir ki riwayat mursal ya munqata hoti hai aur usko samaa' par mahmool karne ki shart muaasarat (ham asr hone) ka suboot hai, siwaae mudallis ke uska an-ana 'عنعنه' samaa' par mahmool nahi hai.

㊳ Zakariya al Ansari (d 926h) ne Iraqi ka qaul 'والشافعي أثبته بمرة' naql kiya aur uski koi mukhalifat nahi ki. (Fathul Baaqi b-sharah Al Fiyah al Iraaqi: P169-170)

㊴ Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan ne farmaya: "*Maine Sufyaan (soori) se sirf wohi kuch likha hai jis mein wo haddasani ya haddasana kehte the…*". (Kitab-ul-Ilal wa Maarifa ar Rijaal li-Imam Ahmad: V1 P207 ت 1130 [sanad sahih]; Imam Shafai aur Masla-e-Tadlees: P15)

㊵ Ibn al-Turkamani (hanafi) ne ek riwayat par jarh karte hue likha hai: "*Isme 3 illate'n (wajah zof) hain: Soori mudallis hain aur unho'n ne ye riwayat an (عن) se bayan ki hai…*". (Al Jauhar un Naqi: V8 P262; Al Hadees, Hazro: 67 P17)

Usool-e-hadees, shurooh-e-hadees, mohaddiseen-e-kiraam aur deegar ulama ki mazkoora tasrihaat se saabit hua ke mudallis raawi ki an (عن) (عن) waali riwayat zaeef-o-mardood hoti hai.

Jis tarah baaz usool-o-Qawaaid mein takhsisaat[1] saabit ho jaane ke baad aam ka hukm umoom par jaari rehta hai aur khaas ko umoom se bahar nikaal liya jaata hai, usi tarah is usool ki bhi kuch takhsisaat saabit hain, jo darj-e-zel hain:

❶ Sahihain (Sahih Bukhari, Sahih Muslim) mein tamaam mudalliseen ki tamaam riwayaat samaa' ya motabar mutaaba-at-o-shawaahid par mahmool hain.

❷ Mudallis ki agar motabar mutaaba-at ya qawi shaahid saabit ho jaae to tadlees ka eteraaz khatam ho jaata hai, jis tarah ke zaeef raawi ki riwayat ka koi motabar mutaabe ya qawi shahid mil jaae to zof khatam ho jaata hai.

❸ Baaz mudalliseen ki riwayaat baaz shaagirdo'n ki riwayat mein (jaisa ke daleel se saabit hai) samaa' par mahmool hoti hain, masalan Sha'ba ki Qataada, Amash aur Abu Ishaq al-Subee se riwayat, Shafai ki Sufyaan bin Uyayna se riwayat aur Yahya bin Saeed al-Qattaan ki Sufyaan Soori se riwayat samaa' par mahmool hoti hai.

❹ Baaz mudalliseen baaz shuyookh se tadlees nahi karte the, masalan

[1] T: (تَخْصِيص) Makhsoos karna, makhsoos hona, khaas karna [RKT]

Ibne Juraij, Ataa bin Abi Rabaah se aur Hasheem Hussain se tadlees nahi karte the. Lihaaza aisi mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat bhi samaa' par mahmool hain.

❺ Isi tarah agar koi baat daleel se saabit ho jaae to wo bhi qaabil-e-qubool hai.

Inke alaawa saabit-shuda mudalliseen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) ((عن) waali) riwayat (apni sharaaet ke saath) zaeef hoti hain.

Khaas ko aam par muqaddam karne aur takhsees ki chand misaale'n darj-e-zel hain:

❶ Baaz raawi siqa hote hain, lekin jab wo apne kisi khaas ustaado'n se riwayat bayan kare'n to wo riwayat zaeef hoti hai, masalan Sufyaan bin Hussain siqa hain, lekin Imam Zohri se unki riwayat zaeef hoti hai.

❷ Baaz raawi zaeef hote hain, lekin jab wo apne kisi khaas ustaad se riwayat kare'n to ye riwayat *hasan* hoti hai (jiski sareeh daleel mohaddiseen-e-kiraam se saabit hoti hai) masalan Abdullah bin Umar al-Umari zaeef hain, lekin Naafe se unki riwayat *hasan* hoti hai.

❸ Baaz raawiyo'n ki riwayaat unke ikhtilaat ki wajah se zaeef hoti hain, lekin baaz shaagirdo'n ke baare mein ye saraahat mil jaati hai ke unho'n ne apne ustaaz ke ikhtilaat se pehle hadeese'n suni thee'n, lihaaza ye riwayate'n sahih hoti hain, masalan Ataa bin as-Saaib se Imam Sha'ba ki riwayat sahih hoti hai.

❹ Mursal riwayat zaeef hoti hai, lekin Sahaba Ikraam ki tamaam mursal riwayaat sahih hain aur us par ahle sunant ka ijma hai.

❺ Zaeef riwayat sahih-o-hasan shawahid-o-mutaaba-at ke saath sahih-o-hasan ban jaati hai.

Jis tarah usool-e-hadees aur asma ur rijaal mein mazkoora takhsisaat par amal kiya jaata hai aur khaas daleel ke muqaable mein aam daleel ko pesh nahi kiya jaata, usi tarah tadlees ke masle mein bhi saabit-shuda takhsisaat par amal kiya jaata hai aur khaas daleel ke muqaable mein aam daleel ko pesh nahi kiya jaata.

Tambeeh: Ye kisi daleel se saabit nahi hai ke Amash aur Sufyaan Soori waghairahuma ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat sahih hain aur Abu az-Zubair, Hasan Basri aur Zohri waghairahum ki riwayaat zaeef hoti hain!

Is silaila mein Haafiz Ibne Hajar Asqalani رحمہ اللہ ki tabaqaati taqseem kai wajah se ghalat hai. Masalan:

❶ Ye tabaqaati taqseem jamhoor mohaddiseen ke usool-e-tadlees ke khilaaf hai.

❷ Ye taqseem khud Haafiz Ibne Hajar ki Sharah Nukhba al-Fikr ke usool ke khilaaf hai.

❸ Ye taqseem khud Haafiz Ibne Hajar ki At Talkhees-ul-Habeer (V1 P19) ke khilaaf hai.

❹ Ahle Hadees aur Hanafi, balke Barailwi aur Deobandi sab is tabaqaati taqseem par muttafiq nahi hain.

Is mazmoon mein mazkureen ke naam alat-tarteeb darj-e-zel hain.

Ibn al-Turkamani (40)	Ibne Salaah (10)
Ibn al-Ajmi (31)	Ibn al-Qattaan al Faasi (32)
Ibn al-Mulaqqin (10)	Ibne Jaamea (23)
Ibne Hibban (9)	Ibne Hajar Asqalani (15)
Ibne Khuzaima (18)	Ibne Rasheed al Fehri (34)
Ibne Abdul Barr (12)	Ibne Kaseer (20)
Ibnaasi (27)	Abu Bakr As Seerfi (13)
Ahmad bin Hambal (3)	Ishaq bin Rahwiya (4)
Ismail bin Yahya al Maznee (5)	Bukhari (16)
Bilqeeni (26)	Bayhaqi (6)
Khateeb Baghdadi (8)	Zahbi (14)
Zakariya al Ansari (38)	Sakhaawi (36)
Suyuti (25)	Shafai (1)

Shareef Jarjaani (22)	Sha'ba (17)
Taibee (24)	Abdur Rahman bin Mahdi (2)
Iraqi (21)	Aeni (28)
Qastalaani (30)	Kirmaani (29)
Muhammad bin Fuzel bin Ghazwaan (33)	Muslim (7)
Manaawi (37)	Nawavi (11)
Yahya bin Saeed al-Qattaan (39)	Yaqoob bin Shaiba (35)

Aug 30th, 2010

Imam Shafai رحمه الله Aur Masla-e-Tadlees

الحمد لله رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ رسوله، أما بعد:

Riwayat-e-hadees mein tadlees, yaane *tadlees fil-isnaad* ke baare mein mohaddiseen-e-kiraam ka mashoor maslak-o-mazhab ye hai ke jis raawi se sanad mein tadlees karna saabit ho, to uski an ((عن) waali) riwayat zaeef hoti hai.

Masalan Shaikh Irshad-ul-Haq Athari Saahab ne likha hai: "*Aur mohaddiseen ka is par ittifaaq hai ke Qataada رحمه الله mudallis hai, jaisa ke aainda iski tafseel aarahi hai aur is par bhi ittifaaq hai ke mudallis ka an-ana (عنعنه)* moojib-e-*zof hai. Lihaaza uski sanad ko sahih kehna mahel-e-nazar hai*". (Tauzeeh-ul-Kalaam: V1 P130; doosra nuskha: P137)

Athari Saahab ne mazeed farmaya: "*Aur ye tae-shuda usool hai ke mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat qubool nahi*". (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P765; doosra nuskha: 1030)

Mohtaram Athari Saahab ne kai mudallis raawiyo'n ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) ((عن) waali) riwayat par jarh ki aur in riwayaat ko ghair-sahih qaraar diya. Masalan:

① Abu az Zubair al-Makki. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P558; doosra nuskha: 889)

② Qataada bin Da-aamah (دعامه). (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P283; doosra nuskha: 688)

③ Sulaiman bin Mahran al-Aamash. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P765; doosra nuskha: 1030)

④ Ibrahim bin Yazeed an-Nakhai. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P758-759; doosra nuskha: 1026)

⑤ Muhammad bin Ajlaan. (Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P331; doosra nuskha: 725)

Un mein se Ibrahim Nakhai aur Sulaiman al-Amash dono Haafiz Ibne Hajar Asqalani ki tabaqaati taqseem ke mutaabiq tabaqa saniya mein se the. (Al Fathul Mubeen: V2 P35; V2 P55)

Haafiz Ibne Hajar ki ye tabaqaati taqseem sahih nahi hai aur na use talqi-bil-qubool haasil hai. (Al Hadees, Hazro: 67 P21-23)

Tadlees ke baare mein mufassal tehqeeq ke liye dekhiye meri kitab: Tehqeeqi, Islaahi aur Ilmi Maqalaat. (V1 P251-290; V3 P218-223 & P612-614)

Mudallis raawi kaseer-ut-tadlees ho ya qaleel-ut-tadlees, saari zindagi mein usne sirf ek dafa tadlees-ul-isnaad ki ho aur uska usse rujoo-o-takhsees saabit na ho, ya motabar mohaddiseen-e-kiraam ne use mudallis qaraar diya ho to Sahih Bukhari aur Sahih Muslim ke alaawa doosri kitabo'n mein aise mudallis ki ghair-masrah-bis-samaa aur mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat zaeef hoti hai. Illa ye ke uski motabar mutaaba-at, takhsees-e-riwayat ya shaahid saabit ho. Takhsees-e-riwayat ka matlab ye hai ke baaz shuyooq se mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat sahih ho ya uske baaz talaamizah ki riwayaat samaa' par mahmool ho'n.

Yehi wo usool hai jis par Abu Hanifa, Hanafi, Shafai, Maliki, Hambali, Deobandi, Barailwi aur deegar log fareeq-e-mukhaalif ki riwayaat par jarh karte rahe hain aur kar rahe hain. Lekin asr-e-haazir mein baaz jadeed ulama masalan Hatim ash-Shareef al-Aufi waghaira ne baaz *shaaz* aqwaal lekar kaseer-ut-tadlees aur qaleel-ut-tadlees[1] ka shosha[2] chod diya hai. Jisse unho'n ne usool-e-hadees ke is mashoor masle ko torpedo[3] maar kar gharq karne ki koshish ki hai. Hamare is mazmoon mein un baaz-un-naas ka radd pesh-e-khidmat hai:

① Imam Abu Abdullah Muhammad bin Idrees Shafai رحمہ اللہ (d 204h) ne farmaya:

ومن عرفناه دلّس مرة فقد أبان لنا عورته فى روايته. (ar-Risaala: 1033)

Jiske baare mein hame'n maaloom ho gaya ke usne ek dafa tadlees ki hai to usne apni poshida baat hamare saamne zaahir kardi.

Iske baad Imam Shafai رحمہ اللہ ne farmaya:

[1] T: Ziyaada tadlees karne waale aur kam tadlees karne waale [RSB]

[2] T: (شوشَه) Fitna-angez baat, anokhi baat jo bahes o mubaahasa ya jhagde ka baais ban jaae [RKT]

[3] T: A cigar-shaped self-propelled underwater missile designed to be fired from a ship or submarine or dropped into the water from an aircraft and to explode on reaching a target.

فقلنا: لا تقبل من مدلّس حديثًا حتى يقول فيه: حدثني أوسمعت.

Pas ham ne kaha: Ham kisi mudallis se koi hadees qubool nahi karte, hatta ke wo haddasani ya sametu kahe. (ar-Risaala: 1035)

Imam Shafai ke bayan-karda is usool se maaloom hua ke jis raawi se saari zindagi mein ek dafa tadlees karna saabit ho jaae to uski an (عن) waali riwayat qaabil-e-qubool nahi hoti.

Ek ghaali Hambali Ibne Rajab (d 795h) ne likha hai:

ولم يعتبر الشافعي أن يتكرر التدليس من الراوي ولا أن يغلب علىٰ حديثه، بل اعتبر ثبوت تدليسه ولو بمرة واحدة.

(Sharah Ilal at-Tirmizi: V1 P353 [Darul Malaah lit Taba wan Nashar edition])

Aur Shafai ne iska etebaar nahi kiya ke raawi baar-baar tadlees kare aur na unho'n ne uska etebaar kiya hai ke uski riwayaat par tadlees ghalib ho, balke unho'n ne raawi se suboot-e-tadlees ka etebaar kiya hai aur agarche (saari zindagi mein) sirf ek martaba hi ho.

Imam Shafai is usool mein akele nahi, balke jamhoor ulama unke saath hain. Lihaaza Zarkashi ka: 'وهو نص غريب لم يحكمه الجمهور'[1]. (An-Nukat: P188) Kehna ghalat hai. Agar koi shakhs us par ba-zid hai ke is manhaj aur usool mein Imam Shafai ﷺ akele the, ya jamhoor ke khilaaf the(!) to wo darj-e-zel hawaalo'n par thande dil se ghaur kare:

② Imam Abu Qudaid Obaidullah bin Fadhaala an-Nasai (Siqa Maamoon) se riwayat hai ke (Imam) Ishaq bin Rahwiya ne farmaya: "*Maine Ahmad bin Hambal ki taraf likh kar bheja aur darkhwast ki, ke wo meri zaroorat ke mutaabiq (Imam) Shafai ki kitabo'n mein se (kuch) bheje'n. To unho'n ne mere paas Kitab ar-Risaala bheji*". (Kitab al Jarh wa Taadeel: V7 P204 [sanad sahih]); Taareekh-e-Dimishq li-Ibne Asaakir: 54 P291-292; Manaaqib ush Shafai lil-Bayhaqi: V1 P234 [sanad sahih])

Is asar se maaloom hua ke Imam Ahmad bin Hambal ﷺ Kitab ar-Risaala se raazi (muttafiq) the aur tadlees ke is masle mein unki taraf se Imam Shafai par radd saabit nahi. Lihaaza unke nazdeek bhi mudallis ki an (عن)

[1] T: Ye ek ajeeb nas (daleel) hai jis par ahle ilm ka ittifaaq nahi hai [RSB]

waali riwayat zaeef hai, chaahe qaleel-ut-tadlees ho ya kaseer-ut-tadlees.

Imam Abu Zurah ar-Raazi رحمہ اللہ ne kaha: "*Ahmad bin Hambal ne Shafai ki kitabo'n mein nazar farmai thi, yaane unhe'n ba-ghaur padha tha*". (Kitab al Jarh wa Taadeel: V7 P204 [sanad sahih])

Imam Ahmad bin Hambal ne apne shaagird Abdul Malik bin Abdul Hameed al-Maimooni se kaha:

انظر في كتاب الرسالة فإنه من أحسن كتبه.

Kitab ar-Risaala dekho! Kyounke ye unki sabse acchi kitabo'n mein se hai.

(Taareekh-e-Dimishq li-Ibne Asaakir: V54 P291 [sanad sahih])

Tambeeh: Is tasreeh ke muqaable mein Imam Ahmad ka qaul (mujhe maaloom nahi) Sawalaat-e-Abi Dawood (P199) se pesh karna be-faaeda aur marjooh hai.

Masaail al Imam Ahmad (Riwaaya Abi Dawood) (P322) se istidlaal karte hue ek shakhs ne likha: "*Magar iske bawajood Imam Ahmad رحمہ اللہ ne Hasheem ke an-ana (عنعنه) par tawaqquf bhi kiya hai*".

Arz hai ke agar Imam Hasheem (jinhe'n tadlees karne mein mazaa aata tha) ka an-ana (عنعنه) muzir nahi tha, to unki an (عن) waali riwayat mein tawaqquf karne ka kya matlab tha? Kisi riwayat mein tawaqquf karna iski daleel hai ke wo riwayat qaabil-e-hujjat nahi hai. Kya kisi sahih hadees ke baare mein bhi sahih kehne se tawaqquf kiya ja sakta hai?!

Ulama-e-kiraam jab kisi riwayat ko mudallis ke an-ane (عنعنہ) ki wajah se zaeef kehte hain to asal wajah ye hoti hai ke raawi mudallis hai aur riwayat-e-mazkoora mein samaa' saabit nahi hai. Jab samaa' saabit ho jaae to fauran rujoo kiya jaata hai aur riwayat ko baghaer kisi tawaqquf ke sahih tasleem kar liya jaata hai.

Faaeda: Imam Ishaq bin Rahwiya ne kaha ke (Imam) Ahmad bin Hambal ne Kitab ar-Risaala ke baare mein farmaya:

هذا كتاب أعجب به عبدالرحمٰن بن مهدي.

Ye kitab Abdur Rahman bin Mahdi ko pasand thi. (At Tauwairiyaat: V2 P761 H681 [sanad sahih])

③ Imam Ishaq bin Rahwiya ﷺ ke paas Imam Shafai ki kitab ar-Risaala pohonchi, lekin unho'n ne tadlees ke is masle par koi radd nahi farmaya, jaisa ke kisi riwayat se saabit nahi hai. Lihaaza maaloom hua ke wo tadlees ke masle mein Imam Shafai ﷺ ke muwaafiq the.

④ Imam Ismail bin Yahya al Muzani ﷺ ne farmaya:

كتبتُ كتاب الرسالة منذ زيادة علىٰ أربعين سنة وأنا أقرأه وأنظر فيه ويقرأ عليّ فما من مرة قرأت أو قرئ عليّ إلا استفدت منه شيئًا لم أكم أحسنه.

Maine 40 saal se ziyada arse pehle Kitab ar-Risaala (naql karke) likhi aur main use padhta hoo'n, us mein (ghaur-o-fikr ke saath) dekhta hoo'n aur mere saamne padhi jaati hai. Phir har baar padhne ya padhe jaane se mujhe aisa faaeda milta hai, jaise maine pehle acchi tarah nahi samajhta tha.

(Muqaddama ar-Risaala: P73; Riwaayah Ibn Al Akfaani: P54 [sanad hasan]); Taareekh-e-Dimishq: V54 P292; Manaaqib ash Shafai lil-Bayhaqi: V1 P236 [ba-hawaala Alaabri al Aasmi])

40 saal padhne padhaane ke bawajood Imam Muzani ko tadlees ke mazkoora masle ka ghalat hona maaloom nahi hua, jaisa ke kisi sahih riwayat mein unse saabit nahi. Lihaaza zaahir yehi hai ke wo bhi ek martaba tadlees karne waale raawi ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko sahih nahi samajhte the.

⑤ Imam Shafai ki Kitab ar-Risaala mein tadlees waale makzura qaul ko mashoor mohaddis Bayhaqi ne naql karke koi jarh nahi ki, balke khamoshi ke zariye se taaeed farmai. (Maarifa as-Sunan wal Aasaar: V1 P76)

Maaloom hua ke Imam Bayhaqi ka bhi yehi maslak hai.

Muhammad bin Abdullah bin Bahadur az-Zarakshi (d 794h) ne kaha:

وقد حكم البيهقي بعدم قبول قول من دلّس مرة. إلخ. (An Nukat Alaa Muqaddama Ibne Salaah: P191)

Jo shakhs ek dafa tadlees kare to uske baare mein Bayhaqi ne ye faisla kiya ke uski riwayat mua'n-a'n (مُعَنْعَن) ghair maqbool hai.

⑥ Khateeb Baghdadi ne Imam Shafai ke qaul-e-mazkoor ko riwayat kiya aur koi radd nahi kiya. (Al Kifaaya Fee Ilm ar-Riwaaya: P292)

Balke tadlees ke baare mein 'الغالب على حديثه لم تقبل رواياته'[1] wala qaul naqal karke Khateeb ne farmaya:

Aur doosro'n ne kaha: Mudallis ki khabar (riwayat) maqbool nahi hoti, illa ye ke wo wahm ke ehtimaal ke baghaer sareeh taur par tasreeh bis-samaa ke saath bayan kare, agar wo aisa kare to uski riwayat maqbool hai aur hamare nazdeek yehi baat sahih hai.

وقال آخرون: خبر المدلس لا يقبل إلا أن يورده على وجه مبين غير محتمل لإيهام فإن أورده على ذلك قبل، وهذا هو الصحيح عندنا.

(Al Kifaaya: P361)

⑦ Ghaali Shafai Haafiz Ibne Salaah ash-Shahrzori (d 643h) ne kaha:

Aur hukm (faisla) ye hai ke mudallis ki riwayat tasreeh-e-sama' ke baghaer qubool na ki jaae, ise Shafai رحمۃ اللہ علیہ ne us shakhs ke baare mein jaari farmaya hai, jisne hamari maalumaat ke mutaabiq sirf ek dafa tadlees ki hai. Wallaahu Aalam.

والحكم بأنه لا يقبل من المدلّس حتى يبين، قد أجراه الشافعي رضي الله عنه فيمن عرفناه دلّس مرة. والله أعلم.

(Muqaddama Ibne Salaah Ma' at-Taqaiyyud wal Ezaah: P99; doosra nuskha: P161)

Maaloom hua ke Imam Shafai ki tarah Ibne Salaah bhi ek dafa tadlees karne waale mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko sehat-e-hadees ke manaafi samajhte the.

Ibne Salaah ke is qaul ko usool-e-hadees ki baad waali kitabo'n mein bhi naqal kiya gaya hai aur tardeed nahi ki gai, lihaaza use jamhoor ki talqi-bil-qubool haasil hai.

⑧ Allama Yahya bin Sharf an-Nawavi (d 677h) ne mudallis ke baare mein farmaya:

Pas wo (mudallis raawi) aise lafz se riwayat bayan kare jis mein ehtimaal ho, samaa' ki tasreeh na ho to wo mursal (yaane ghair maqbool/zaeef)

فما رواه بلفظ محتمل لم يبين فيه السماع فمرسل... وهذا الحكم جار فيمن دلّس مرة.

(At Taqreeb lin Nawavi Fee Usool-ul-Hadees: P9 ' 12; Ma' Tadreeb ur-نوع'

[1] T: Uski ziyaada-tar hadeese'n qubool nahi ki gaee'n [RSB]

hai… aur ye hukm uske baare mein jaari hai, jo (sirf) ek dafa tadlees kare.

Raawi lis Suyuti: V1 P229-230; doosra nushqa: P201)

Maaloom hua ke Imam Shafai ki tarah Nawavi bhi mudallis ki an (عن) waali riwayat ko zaeef-o-mardood samajhte the, chaahe usne saari umr mein sirf ek dafa hi tadlees ki ho.

⑨ Mashoor Sufi Haafiz Sirajuddin Umar bin Ali bin Ahmad al-Ansari: Ibnul Mulaqqin (d 804) ne Ibne Salaah ka qaul:

والحكم بأنه لا يقبل من المدلّس حتى يبين، أجراه الشافعي فيمن عرفناه دلّس مرة.[1]

Naql kiya aur koi radd nahi kiya. Lihaaza ye unki taraf se Imam Shafai aur Ibne Salaah dono ki muwaafaqat hai. (Al Muqna Fee Uloom-ul-Hadees: V1 P158 tehqeeq Abdullah bin Yusuf al-Jadee)

⑩ Mashoor siqa mohaddis-o-mufassir Haafiz Ibne Kaseer ad-Dimishqi رحمۃ اللہ علیہ (d 774h) ne tadlees ke baare mein Imam Shafai ka qaul naql kiya aur koi jarh ya mukhalifat nahi ki. (Ikhtisaar uloom-ul-Hadees: V1 P17 نوع 12)

⑪ Haafiz Abu al-Fadhal Abdur Raheem bin al-Hussain al-Iraqi al-Athari رحمۃ اللہ علیہ (d 806h) ne farmaya:

والشافعي أثبته بمرة.

Aur Shafai ne (tadlees ko) uske liye saabit qaraar diya hai, jo ek dafa (tadlees) kare.

(Al Fiyah al Iraqi Ma' Taaleeqat ash Shaikh Muhammad Rafeeq al-Athari: P32 sher 160)

Maaloom hua ke is masle mein Iraqi bhi Imam Shafai ke muwaafiq the.

⑫ Mashoor Sufi Sakhawi (d 902h) ne iraqi ke qaul 'أثبته بمرة' ki tashreeh mein kaha:

وبيان ذلك انه بثبوت تدليسه مرة صار ذلك هو الظاهر من حاله في معنعناته كما إنه ثبوت اللقاء مرة صار الظاهر من حاله

Aur uski tashreeh ye hai ke iski ek dafa tadlees ke suboot se uski (tamaam) mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat mein uska zaahir haal yehi

[1] T: Aur ye faisla ke mudallis ki riwayat us waqt tak qubool nahi ki jaaegi jab tak wo waazeh na kare. Imam Shafai ne is par amal kiya hai jab hame'n maaloom hua ke usne ek baar tadlees ki hai [RSB]

ban gaya (ke wo mudallis hai) jaisa ke ek dafa mulaqaat ke suboot se (ghair mudallis ka) zaahir haal ye hota hai ke usne (apne ustaad se) suna hai aur isi tarah agar kisi aadmi ka (sirf) ek hadees mein jhoot maaloom ho jaae to uska zaahir haal yehi ban jaata hai (ke wo jhoota hai) aur uski tamaam ahadees par amal saaqit ho jaata hai, is jawaz ke saath wo apni baaz riwayaat mein saccha ho sakta hai.

السماع، وكذا من عرف بالكذب في حديث واحد صار الكذب هو الظاهر من حاله وسقط العمل بجميع حديثه مع جواز كونه صادقًا في بعضه.

(Fathul Mughees Sharah al Fiyah al Hadees: V1 P193)

Do (2) ahem daleele'n bayan karke Sakhawi ne Imam Shafai ki taaeed kardi aur un logo'n mein shaamil ho gae jo mudallis ki an (عن) waali riwayat nahi maante, chaahe usne saari zindagi mein sirf ek dafa tadlees ki ho.

⑬ Zakariya bin Muhammad al-Ansari (d 926h) ne bhi Iraqi ke mazkoora qaul (Fakhra # 11) ko naql karke uski daleel bayan ki aur koi mukhalifat nahi ki. (Fathul Baaqi bi-Sharah Al Fiya al Iraqi [tehqeeq Haafiz Sanaullah az Zahedi: P169-170])

Maaloom hua ke is masle mein wo bhi Imam Shafai رحمہ اللہ se muttafiq the.

⑭ Jalaluddin Suyuti (d 911h) ne bhi Imam Shafai ka qaul naql karke koi mukhalifat nahi ki, lihaaza unki taraf se taaeed hai. (Tadreeb ur-Raawi: V1 P230)

Balke Suyuti ne 'ولو بمرة وضح'[1] keh kar tadlees ko saraahatan jarh qaraar diya hai. (Al Fiyah as Suyuti Fee Ilm-ul-Hadees: P31 [tehqeeq Ahmad Muhammad Shakir])

⑮ Haafiz Ibne Hibban al-Basti (d 354h) ne farmaya:

Teesri qism: wo siqa mudalliseen jo riwayaat mein tadlees karte the, masalan Qataada, Yahya bin Abi Kaseer, Amash, Abu Ishaq, Ibne Juraij, Ibne Ishaq, Soori Hasheem aur

الجنس الثالث: الثقات المدلسون الذين كانوا يدلسون فى الأخبار مثل قتادة و يحيى بن أبي كثير والأعمش وأبو إسحاق وابن

[1] T: Agarche ek baar hi wazaahat kar de [RSB]

جريج وابن إسحاق والثوري وهشيم ومن أشبههم ممن يكثر عددهم من الأئمة المرضيين وأهل الروع فى الدين كانوا يكتبون عن الكل ويروون عمن سمعوا منه فربما دلّسوا عن الشيخ بعد سماعهم عنه عن أقوام ضعفاء لا يجوز الإحتجاج بأخبارهم، فما لم يقل المدلّس وإن كان ثقة: حدثني أو سمعت فلا يجوز الإحتجاج بخبره، وهذا أصل أبي عبدالله محمد بن إدريس الشافعي رحمه الله. ومم تبعه من شيوخنا.

(Kitab-ul-Majrooheen: V1 P92; doosra nuskha: V1 P86)

jo unke mushaaba the, jinki tadaad ziyaada hai. Wo pasandida imamo'n aur deen mein parhezgaaro'n mein se the, wo sab se (riwayat) likhte aur jin se sunte to unse riwayate'n bhi bayan karte the. Baaz aiqaat wo shaikh yaane ustad se sunne ke baad zaeef logo'n se suni hui riwayaat is (shaikh) se bataur-e-tadlees bayan karte the. Unki (mua'n-a'n (**مُعَنْعَن**)) riwayaat se istidlaal jaaez nahi hai. Pas jab tak mudallis agarche siqa ho haddasani ya sametu na kahe (yaane samaa' ki tasreeh na kare) to uski riwayat se istidlaal jaaez nahi hai aur ye Abu Abdullah Muhammad bin Idrees Shafai رحمۃ اللہ علیہ ki asal (yaane usool) hai aur hamare asaatiza ne isme unki ittiba (yaane muwaafaqat) ki hai.

Is azeem-ush-shaan bayan mein Haafiz Ibne Hibban ne tadlees ke masle mein Imam Shafai ki mukammal muwaafaqat farmai, balke "*Manhaj al-Mutaqaddimeen*" ke naam se "*kaseer-ut-tadlees*" aur "*qaleel-ut-tadlees*" ki ajeeb-o-ghareeb, shaaz aur na-qaabil-e-amal istilahaat ke riwaaj ke zariye se masla-e-tadlees ko torpedo karne waalo'n ke shubhaat ke par-khacche udaa diye hain.

Haafiz Ibne Hibban ne doosri jagah farmaya:

و أما المدلّسون الذين هم ثقات و عدول فإنا لا نحتج بأخبارهم إلا ما بينوا السماع فيما رووا مثل الثوري والأعمش وأبي إسحاق وأضرابهم من الأئمة المتقين (المتقنين) وأهل الورع فى الدين لأنا متى قبلنا خبر

Aur magar wo mudalliseen jo siqa aur aadil hain, to ham unki bayan-karda riwayaat mein se sirf un riwayaat se hi istidlaal karte hain jin mein unho'n ne samaa' ki tasreeh ki hai. Masalan Soori, Amash, Abu Ishaq aur un jaise doosre aimma

مدلّس لم يبين المساع فيه. وإن كان ثقة لزمنا قبول المقاطيع والمراسيل كلها لأنه لايدرى لعل هذا المدلس دلّس هذا الخبر عن ضعيف يهي الخبر بذكره إذا عرف، اللهم إلا أن يكون المدلّس يعلم أنه مادلّس قط إلا عن ثقة فإذا كان كذلك قبلت روايته وإن يبين السماع وهذا ليس فى الدنيا إلاسفيان بن عيينة وحده فإنه كان يدلّس ولا يدلّس إلا عن ثقة متقن ولا يكاد يوجد لسفيان بن عيينة خبر دلّس فيه إلا وجد ذلك الخبر بعينه قد بيّن سماعه عن ثقة مثل نفسه والحكم في قبول روايته لهذه العلة. وإن لم يبين السماع فيها. كالحكم في رواية ابن عباس إذا روى عن النبي صلى الله عليه وسلم مالم يسمع منه.

(Sahih Ibne hibban: al Ehsan: V1 P161; doosra nuskha: V1 P90)

muttaqeen (aimma mutqineen [المتقنين]) aur deen mein parhezgaari waale imam. Kyounke agar ham mudallis ki wo riwayat qubool kare'n, jis mein usne samaa' ki tasreeh nahi ki, agarche wo siqa tha, to ham par ye laazim aata hai ke ham tamaam munqata aur mursal riwayaat qubool kare'n. Kyounke ye maaloom nahi ke ho sakta hai is mudallis ne is riwayat mein zaeef se tadlees ki ho, agar uske baare mein maaloom hota to riwayat zaeef ho jaati, siwaae iske, ke Allah jaanta hai, agar mudallis ke baare mein ye maaloom ho ke usne sirf siqa se hi tadlees ki hai. Phir agar is tarah hai to uski riwayat maqbool hai aur agarche wo samaa' ki tasreeh na kare aur ye baat (saari) duniya mein siwae Sufyaan bin Uyayna akele ke kisi aur ke liye saabit nahi hai. Kyounke wo tadlees karte the aur sirf siqa mutqin se hi tadlees karte the. Sufyaan bin Uyayna ki aisi koi riwayat nahi paai jaati jis mein unho'n ne tadlees ki ho, magar usi riwayat mein unho'n ne apne jaise siqa se tasreeh-e-sama' kardi thi. Is wajah se unki riwayat ke maqbool hone ka hukm hai… agarche wo samaa' ki tasreeh na kare'n… usi tarah hai jaise Ibne Abbas ﷺ agar Nabi ﷺ se aisi riwayat bayan kare'n jo unho'n ne Aap ﷺ se

suni nahi thi, ka hukm hai.

Is hawaale mein bhi Haafiz Ibne Hibban ne mudallis raawi ki is riwayat ko ghair maqbool qaraar diya hai, jis mein samaa' ki tasreeh na ho aur Imam Shafai رحمہ اللہ ki maanan[1] taaeed farmai hai.

Haafiz Ibne Hibban ke is bayan se darj-e-zel ahem nukaat waazeh hain:

❶ Jis raawi ka mudallis hona saabit ho, uski adm-e-tasreeh samaa' waali riwayat ghair-maqbool hoti hai.

❷ Imam Shafai ka bayan-karda usool sahih hai.

❸ Imam Shafai apne usool mein munfarid nahi, balke Ibne Hibban aur unke shuyooq (neez [Abdur Rahman bin Mahdi], Ahmad bin Hambal, Ishaq bin Rahwiya, Muzani, Bayhaqi aur Khateeb Baghdadi waghairahum jaisa ke hamare is mazmoon se saabit hai) ne Imam Shafai ki taaeed farmai hai.

❹ Kaseer aur qaleel-ut-tadlees mein farq karne waala manhaj sahih nahi, balke marjooh hai.

❺ Agar mudallis ki an (عن) waali riwayat maqbool hai to phir munqata aur mursal riwayaat kyou'n ghair-maqbool hain?

❻ Mudalliseen masalan Imam Sufyaan Soori رحمہ اللہ waghaira ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) aur samaa' ki saraahat ke baghaer waali riwayaat ghair-maqbool hain, agarche baaz mutakhkhireen ne unhe'n tabaqa-saniya ya tabaqa-oola mein zikr kar rakha ho.

❼ Haafiz Ibne Hibban ke nazdeek Imam Sufyaan bin Uyayna sirf siqa se hi tadlees karte the. Hame'n is aakhri shiq[2] se do (2) daleelo'n ke saath ikhtilaaf hai

① Baaz aiqaat Sufyaan bin Uyayna رحمہ اللہ *ghair siqa* se bhi tadlees kar lete the. Masalan dekhiye Taareekh Yahya bin Maeen (Riwaaya ad-Dauri) (979), Kitab al-Jarh wa Taadeel (V7 P191), aur meri kitab Tauzeeh-

[1] T: (مَعْناً) Maane ke etebaar se, az-rooe maane, maane ke mutaabiq [RKT]
[2] T: (شِقّ) Tukda, hissa [RKT]

ul-Ahkaam. (V2 P149)

Lihaaza ye *qaaeda-kulliya*[1] nahi, balke *qaaeda-aghlabiya*[2] hai.

② Imam Sufyaan bin Uyayna ﷺ baaz aiqaat *siqa mudallis* (masalan Ibne Juraij) se bhi tadlees karte the. (Al Kifaaya: P359-360 [sanad sahih]); Tauzeeh-ul-Ahkaam: V2 P148)

Maine ye kahee'n bhi nahi padha ke Sufyaan bin Uyayna *siqa mudallis* raawiyo'n se bataur-e-tadlees sirf wohi riwayaat bayan karte the jin mein unho'n ne Sufyaan ke saamne samaa' ki tasreeh kar rakhi hoti thi. Lihaaza kya baeed hai ke siqa mudallis ne ek riwayat tadlees karte hue bayan ki ho aur Sufyaan bin Uyayna ne us siqa mudallis ko sanad se giraa kar riwayat bayan kardi ho. Lihaaza is wajah se bhi unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat na-qaabil-e-etemaad hai. Wallaahu Aalam.

⑯ Hussain bin Abdullah at-Taibee (d 743h) ne apne usool-e-hadees waale risaale mein Imam Shafai ﷺ ke usool ko darj farmaya hai aur koi tardeed nahi ki, lihaaza is masle mein wo bhi Shafai se muttafiq the. (Al Khulaasah Fee Usool-ul-Hadees: P72 [tehqeeq Subhi Samraai])

⑰ Abu Bakr as-Seerfi (d 330h) ne (Kitab ar-Risaala ki Sharah) Kitab ud-Dalaael wal A'laam mein farmaya:

Har wo shakhs jiski tadlees ghair siqa raawiyo'n se zaahir ho jaae to uski riwayat qubool nahi ki jaati, illa ye ke wo haddasani ya sametu kahe/ yaane samaa' ki tasreeh kare.

كل من ظهر تدليسه عن غير الثقات لم يقبل خبره حتى يقول: حدثني او سمعت.

(An Nukat Alaaa Muqaddama Ibne Salaah lil-Zarakshi: P184)

Tambeeh: Choonke Kitab ad-Dalaael wal A'laam mere paas maujood nahi aur na mujhe uske wujood ka koi ilm hai, lihaaza ye hawaala majbooran Zarakshi se liya hai aur doosre kai ulama ne bhi Seerfi se is hawaale ko naql kiya hai. (Sharah al Fiyah al Iraqi bit Tabsara wat Tazkirah: V1 P183-184) Neez ye ke kitab se riwayat jaaez hai, illa ye ke asal kitab mein hi taan saabit ho to phir jaaez nahi hai.

---

[1] T: (قاعِدَة كُلِّيَة) Qanoon, aam qaaeda, musallama usool [RKT]

[2] T: (قاعده أَغلبيّة) Jab mukhtalif mohaddiseen ya fuqaha kisi masle par mukhtalif aara rakhte ho'n to qaaeda aghlabiya ke mutaabiq aksariyati raae ko motabar samjha jaaega [RSB]

Isse maaloom hua ke zaeef raawi se ek dafa bhi tadlees karne waale siqa raawi ke baare mein Seerfi ka ye mauqif tha ke uski sirf wohi riwayat maqbool hoti hai, jis mein samaa' ki tasreeh ho, lihaaza Imam Shafai ke usool se Seerfi bhi muttafiq the.

⑱ Haafiz Ibne Hajar Asqalaani ne tadlees-ul-isnaad ke baare mein kaha:

وحكم من ثبت عنه التدليس إذا كان عدلاً، أن لا يقبل منه إلا ما صرّح فيه بالتحديث على الأصح.

Sahih-tareen baat ye hai ke jis raawi se tadlees saabit ho jaae, agarche wo aadil ho to uski sirf wohi riwayat maqbool hoti hai, jis mein wo samaa' ki tasreeh kare.

(Nuzhatun Nazar Sharah Nukhbatul Fikr: P66; Ma' Sharah al Mulla Ali Qaari: P419)

Isse maaloom hua ke ek dafa tadlees saabit ho jaane apr bhi Haafiz Ibne Hajar mudallis ka an-ana (عنعنه) sehat ke manaafi samajhte the.

Haafiz Ibne hajar ne apne nazdeek tabaqa-saniya ke ek mudallis Amash ke baare mein kaha: "*Kyounke kisi sanad ke raawiyo'n ka siqa hona sahih hone ko laazim nahi hai, choonke Amash mudallis hain aur unho'n ne Ataa se (is hadees mein) apne samaa' ka zikr nahi kiya hai*". (At Talkhees-ul-Habeer: V3 P19 H1181; As Silsilaah as Sahiha: V1 P165 H104)

⑲ Muhammad bin Ismail al-Yamani (d 1182h) ne bhi Haafiz Ibne Hajar ke mazkoora qaul (fakhra # 18) ko bataur-e-jazm aur baghaer kisi tardeed ke naql kiya hai. (Isbaal-ul-Matar Alaaa Qasab us Sukar [b-tehqeeq Shaikh Muhammad Rafeeq Athari: P116-117])

⑳ Shaikh-ul-Islam Sirajuddin Umar bin Raslan al-Barqeeni (d 805h) ne Muqaddama Ibne Salaah ki Sharah mein Imam Shafai ka qaul naql kiya aur koi tardeed nahi ki, lihaaza ye unki taraf se usool-e-mazkoor ki muwaafaqat hai. (Muhaasin al Istelaah: P235 [tehqeeq Ayesha Abdur Rahman bin Shaati])

㉑ Burhanuddin Abu Ishaq Ibrahim bin Musa bin Ayyub al-Ibnaasi (d 802h) ne bhi Imam Shafai ke mazkoora usool ko naql kiya aur koi mukhalifat nahi ki, lihaaza ye unki taraf se usool-e-mazkoor ki taaeed hai. (Ash Shazaa al Fiyaah: V1 P177)

Unke alaawa aur bhi kai hawaale hain, masalan dekhiye An Nukat Alaa Ibne Salaah li-Ibne Hajar. (V2 P634)

Usool-e-hadees ke is buniyadi masle ke khilaaf arab mumaalik mein Haatim Shareef al-Aufi, Nasir bin Hamd al-Fahad, aur Abdullah bin Abdur Rahman al-Saad waghairahum ne Manhaj al-Mutaqaddimeen (wal Mutakhkhireen) ke naam se ek naya usool mutaaraf[1] karaane ki koshish shuru kardi hai, aur wo ye hai ke mudalliseen ki do (2) qisme'n hain:

❶ Kaseer-ut-Tadlees, masalan Baqiya bin al-Waleed, Hajjaj bin Irtaat aur Abu Janab al-Kalbi waghairahum.

❷ Qaleel-ut-Tadlees, masalan Qataada, Amash, Hasheem, Soori, Ibne Juraij aur Waleed bin Muslim wahghairahum. (Manhaj al-Mutaqaddimeen Fit Tadlees li-Naasir bin Hamd al-Fahad: P155-156)

Un logo'n ka khayaal hai ke *qaleel-ut-tadlees raawi* ki sirf wohi riwayat zaef hoti hai, jis mein uska tadlees karna saabit ho, warna sahih aur maqbool hoti hai. Ye log apne manhaj ki taaeed mein darj-e-zel daleel pesh karte hain:

★Yaqoob bin Shaiban ne kaha: "*Maine Ali bin al-Madeeni se poocha: Jo shakhs tadlees karta hai, kya wo haddasana kahe to hujjat hota hai? Unho'n ne farmaya:*"

إذا كان الغالب عليه التدليس فلا حتى يقول: حدثنا.

Agar us par tadlees ghalib ho to jab tak haddasana na kahe, hujjat nahi hota.

(Al Kifaaya: P362 [sanad sahih]); Manhaj-ul-Mutaqqidmeen: P23 [Muqaddama ba-qalam Shaikh Abdullah bin Abdur Rahman as Saad])

Arz hai ke ye qaul 8 wajah se marjooh aur naa-qaabil-e-hujjat hai:

① Ye jamhoor ke khilaaf, yaane Shaaz hai. Jaisa ke hamne 20 se ziyaada ulama-e-kiraam ke hawaalo'n se saabit kar diya hai aur baaqi hawaale aage aarahe hain. In sha Allah.

Yaad rahe ke is qaul yaane 'الغالب عليه التدليس' (Al ghalib alae at-tadlees) ko jamhoor ka mauqif qaraar dena ghalat hai.

② Is qaul ke raawi Khateeb Baghdadi ne riwayat ke bawajood is qaul ki

[1] T: (مُتَعارَف كَرانا) Pesh karna [RKT]

amalan mukhalifat ki. (Dekhiye yehi mazmoon fakhra# 6)

③ Mohaddiseen muqtaqaddimeen masalan teesri sadee hijri (300h) tak tadlees karne waale aam raawiyo'n ke baare mein mohaddiseen-e-kiraam se *qaleel-ut-tadlees* aur *kaseer-ut-tadlees* ki saraahate'n saabit nahi hain.

④ Ye mafhoom-e-mukhalif hai aur nass-e-sareeh ke muqaable mein mafhoom-e-mukhalif hujjat nahi hota.

⑤ Ye qaul mansookh hai aur uski daleel ye hai ke khud Imam Ibn al-Madeeni ne Sufyaan Soori ke baare mein farmaya:

والناس يحتاجون في حديث سفيان إلىٰ يحيى القطان لحال الإخبار يعنى عليّ ان سفيان كان يدلس وأن يحيى القطان كان يوقفه علىٰ سمع مما لم يسمع.
(Al Kifaaya: P362 [sanad sahih])

Log Sufyaan ki hadees mein Yahya al-Qattaan ke mohtaaj hain, kyounke wo masrah-bis-samaa riwayaat bayan karte the. Ali bin al-Madeeni ka khayaal hai ke Sufyaan tadlees karte the aur Yahya al-Qattaan unki sirf masrah-bis-samaa riwayate'n hi bayan karte the.

Yaad rahe ke Manhaj al-Mutaqaddimeen waale Imam Sufyaan Soori رحمہ اللہ ko kaseer-ut-tadlees nahi samjhte, balke Bahut se ulama unhe'n qaleel-ut-tadlees samajhte hain, lihaaza Sufyaan Soori ki an (عن) waali aur ghair masrah-bis-samaa riwayate'n (jin mein saraahatan tadlees saabit nahi hai) sahih-o-maqbool hotee'n, to phir log unki riwayaat mein Imam Yahay bin Saeed al-Qattaan ke mohtaaj kyou'n the?

Jab qaleel-ut-tadlees raawi ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat mein samaa' ki tasreeh zaroori nahi, to phir yaha'n logo'n ka mohtaaj hokar Yahya al-Qattaan ki taraf rujoo karna naa-qaabil-e-faham hai.

Yaha'n par bataur-e-faaed arz hai ke Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan ne farmaya:

ما كتبت عن سفيان شيئًا إلا ما قال: حدثني أو حدثنا إلا حديثين....

Maine Sufyaan (Soori) se sirf wohi kuch likha hai, jis mein wo haddasani ya haddasana kehte the, siwaae do

(2) hadeeso'n ke.

(Kitab-ul-Ilal wa Maarifa ar Rijaal lil-Imam Ahmad: V1 P207 ت1130 [sanad sahih]. Yaad rahe ke in do (2) riwayato'n ko Yahya al-Qattaan ne bayan kar diya tha)

Maaloom hua ke Yahya al-Qattaan is jadeed Manhaj al-Mutaqaddimeen ke qaael nahi the, balke apne ustaz Imam Sufyaan Soori ke an-ane (عنعنہ) aur adm-e-tasreeh-e-sama' ko sehat ke liye manaafi samajhte the, warna itni takleef ki zaroori kya thi?

⑥ Ibn al-Madeeni ke is qaul ko na Abu Hanifa ne qubool kiya hai (Masalan Shaikh Irshad-ul-Haq Athari Saahab ne Abu az-Zubair, Qataada, Amash, Ibrahim Nakhai aur Muhammad bin Ajlaan waghairahum ki riwayaat par tadlees ki wajah se jarh ki hai) aur na Hanafiyya, Shafaiyya, Deobandiya, Barailwiya aur deegar log ise tasleem karte hain. Masalan Sarfaraz Khan Safdar Deobandi aur Ahmad Raza Khan Barailwi waghairahum ne kai mudallis ya tadlees ki taraf mansoob raawiyo'n ki riwayaat par tadlees ki jarh ki hai, jaisa ke aage aaraha hai. (Dekhiye meri kitab Ilmi Maqalaat: V3 P221-612)

Aam kutub-e-usool-e-hadees mein bhi is qaul ko bataur-e-hujjat naql nahi kiya gaya, balke isse ighmaaz[1] is baat ki daleel hai ke ye qaul ghalat aur marjooh hai.

⑦ Kaun kaseer-ut-tadlees tha aur kaun qaleel-ut-tadlees tha, is masle ko mutaqaddimeen se saabit karna aur aam musalmano ko us par muttafiq karne ki koshish karna joo-e-sher laane[2] ke mutaraadif hai.

⑧ Ikhtilaafi masaail ki kitabo'n aur munazaraat-e-ilmiya mein ye usool ghair maqbool hai, balke uske bar-aks saabit hai.

★Imam Yahya bin Maeen رحمہ اللہ ne mudallis raawi ke baare mein farmaya:

Wo jis mein tadlees kare to hujjat nahi hota. (Al Kifaaya: P362 [sanad sahih])

لا تكون حجة فيما دلّس.

Is qaul ka matlab ye bhi ho sakta hai ke wo jo riwayat an (عن) se bayan

[1] T: (اِغْماض) Chashm-poshi, aankhen band karna, (kisi shakhs ya shae se) be-parwaai, be-tawajjohi [RKT]

[2] T: (جوُئے شِیر لانا) Intihaai mushkil kaam anjaam dena, naa-mumkin kaam ko mukammal karna [RKT]

kare to hujjat nahi hota. Fil-haal is matlab ki taaeed mein 4 hawaale pesh-e-khidmat hain:

⑴ Imam Abu Nayeem al-Fadhl bin Dakeen al-Kufi (d 218h) ne Sufyaan Soori ke baare mein farmaya:

إذا دلّس عنه يقول: قال عمرو بن مرة.
(Surah)

Aur jab aapn un (Amr bin Murra) se tadlees karte to farmate: Amr bin Murra ne kaha.

(Taareekh Abi Zura ad-Dimishqi: 1193 [sanad sahih]); Ilmi Maqalaat: V1 P287)

Maaloom hua ke Imam Abu Nayeem ghair masrah-bis-samaa riwayat ko dallas kehte the.

⑵ Tahawi ne kaha: Aur is hadees ko Zohri ne Urwa se nahi suna, unho'n ne to uske saath tadlees ki hai. (Sharah Maani-ul-Aasaar: V1 P72; Ilmi Maqalaat: V1 P288)

Yaha'n Zohri ki an (عن) Urwa waali riwayat ko 'دلس به' *qarar* diya gaya hai.

⑶ Muhammad bin Ishaq Yasaar Imam al-Maghaazi ne ek hadees Imam Zohri se 'فذكر' *keh kar samaa'* ki tasreeh ke baghaer bayan ki to Imam Ibne Khuzaima ne 'إن صح الخبر' ki saraahat ke saath riwayat ki sehat mein shak kiya aur farmaya:

أنا استثنيت صحة هذا الخبر لأني خائف أن يكون محمد بن إسحاق لم يسمع من محمد بن مسلم و إنما دلّسه عنه.
(Sahih Ibne Khuzaima: V1 P71 H137)

Maine is riwayat ki sehat ka istisna is liye kiya ke mujhe dar hai ke Muhammad bin Ishaq ne Muhammad bin Muslim (az-Zohri) se (is riwayat ko) nahi suna aur unho'n ne to is mein tadlees ki hai.

Is qaul mein adm-e-tasreeh-e-sama' waali riwayat par tadlees ka itlaaq kiya gaya hai.

⑷ Jarir bin Haazim ne Ibne Abi Najeeh se ek riwayat an (عن) ke saath bayan ki, to Bayhaqi ne farmaya:

وهذا إسناد صحيح إلا أنهم يرون أن جرير بن حازم أخذه من محمد بن إسحاق ثم

Aur ye sanad (ba-zaahir) sahih hai, illa ye ke wo log (ulama) samajhte hain ke Jarir ne ise Muhammad bin

دلسه فإنه بين فيه سماع جرير من ابن أبي نجيح صار الحديث صحيحًا. والله أعلم.

(Sunan Kubra: V5 P230 Kitab-ul-Hajj Baab Jawaaz az Zikr wal Unsa Fil Hidaaya)

Ishaq se liya aur phir us mein tadlees kardi (yaane bataur-e-an (عن) bayan kar diya) pas agar us mein Jarir ka Ibne Abi Najeeh se samaa' waazeh ho jaae to hadees sahih ho jaaegi. Wallhu Alaam.

Mutaddid ulama ne mudallis ki an (عن‘ ko waali riwayat (ضعيف لتدليس... ’ keh kar zaeef qaraar diya hai. Masalan Sunan Ibne Majah ki ek riwayat: ‘الوليد بن مسلم عن ابن ثوبان عن أبيه عن مكحول عن جبير بن نفير عن عبدالله بن عمرو عن النبي صلى الله عليه وسلم[1].’ (4253)

Ke baare mein Boosiri ne kaha:

هذا إسناد ضعيف، فيه الوليد بن مسلم وهو مدلس وقد عنعنه وكذلك مكحول الدمشقي.

(Zawaaid Sunan Ibne Majah: P553 H1449)

Ye sanad zaeef hai, is mein Waleed bin Muslim mudallis hain aur unho'n ne an (عن) se riwayat ki hai aur isi tarah Makhool ad-Dimishqi (mudallis hain aur unho'n ne an (عن) se riwayat ki hai)…..

Riwayat-e-mazkoora mein Waleed bin Muslim ka khaas taur par tadlees karna saabit nahi, balke unke an (عن) ki wajah se hi Boosiri ne ise tadlees qaraar diya hai. Halaanke wo is riwayat mein munfarid nahi, balke ek jamat ne unki mutaaba-at ki hai. Jaisa ke Boosiri ke baqiya kalaam se bhi zaahir hai. Imam Makhool ka mudallis hona saabit nahi, kujaa[2] ye ke wo kaseer-ut-tadlees ho'n aur khaas is riwayat mein unka tadlees karna bhi saabit nahi. Lihaaza Boosiri ka is riwayat ko Makhool ki tadlees ki wajah se zaeef qaraar dena is baat ki daleel hai ke mudallis ki an (عن) waali riwayat ko ulama tadlees qaraar dete hain aur ye shart nahi lagaate ke agar kisi khaas riwayat mein mudallis ne saraahat ke saath tadlees ki hoti go use tadlees qaraar denge, warna nahi!

Saabit hua ke an-ana (عنعنه) ko dallasa (دلسه) *qaraar* dena bilkul sahih

[1] T: Al-Waleed bin Muslim ne Abu Saubaan se, Ibne Saubaan ne apne waalid se, waalid ne Makhool se, Makhool ne Jubair bin Nufair se, Jubair ne Abdullah bin Amr se, aur Abdullah bin Amr ne Nabi ﷺ se riwayat ki [RSB]

[2] T: Urdu mein mauqa-o-nisbat par hairat zaahir karne ke liye istemaal hota hai [RKT]

hai.

Manhaj al-Mutaqaddimeen waali party ka ye kehna: "*Mudallis ki an (عن) waali riwayat sahih hoti hai, illa ye ke kisi khaas riwayat mein tasreeh saabit ho jaae ke ye riwayat usne apne ustad se nahi suni thi, to sirf ye riwayat zaeef hogi*". Usool-e-hadees ki roo se ghalat hai, warna mudallis aur ghair-mudallis ki an (عن) waali riwayat mein farq hi baaqi nahi rehta.

Agar siqa mudallis raawi ki kisi khaas riwayat mein ye saabit ho jaae ke unho'n ne is riwayat ko apne ustad se nahi suna tha to maalool hone ki wajah se ye riwayat zaeef hoti hai.

Faaeda: Sunan Ibne Majah ki riwayat-e-mazkoora mein Imam Makhool par tadlees ka eteraaz ghalat hai aur Abdur Rahman bin Saabit bin Saubaan jamhoor ke nazdeek muwassaq[1] hone ki wajah se hasan-ul-hadees the, lihaaza ye riwayat hasan-lizaatehi hai aur uske shawahid bhi hain. Walhamdulillah.

In hawaalo'n se maaloom hua ke (دلسه) dallasa ka lafz ghair masrah-bis-samaa riwayat bayan karne par bhi bola ja sakta hai, lihaaza zaroori hai ke Imam Ibne Maeen ke mazkoora qaul ka wohi mafhoom liya jaae jo jamhoor mohaddiseen-o-ulama ki tehqeeq ke mutaabiq hai.

Yaqoob bin Sufyaan al-Farsi رحمہ اللہ ke qaul:

وحديث سفيان و أبي إسحاق و الأعمش مالم يعلم أنه مدلس يقوم مقام الحجة.

Aur Sufyaan, Abu Ishaq aur Amash ki hadees, jab maaloom na ho ke us mein tadlees ki gai hai to hujjat ke muqaam par qaaem yaane hujjat hai.

Ka bhi yehi matlab hai jo Imam Ibne Maeen رحمہ اللہ ke qaul ka bayan kiya gaya hai.

Ye kaise maaloom hoga ke Sufyaan Soori, Abu Ishaq as Subee aur Amash ne falaa'n hadees mein tadlees ki hai ya nahi? To uska jawab asaan hai ke agar unke samaa' ki tasreeh saabit ho jaae to qatai faisla ho gaya ke

[1] T: (مُوَثَّق) Motabar, bharose ke qaabil [RKT]

unho'n ne tadlees nahi ki aur agar tasreeh saabit na ho to phir is baaq ka qawi khof aur dar hai ke ho sakta hai ke unho'n ne is riwayat mein tadlees ki ho, kisi ghair siqa se riwayat-e-mazkoora ko sunkar use gira diya ho. Jaisa ke Sufyaan Soori ne ek hadees apne nazdeek ghair-siqa se suni thi, jisne use Aasim se bayan kiya tha, phir usi riwayat ko Soori ne baghari tasreeh-e-sama' ke Aasim se bayan kar diya to unke shaagird Abu Aasim ne kaha: "*Ham samajhte hain ke Sufyaan Soori ne is hadees mein…. Se tadlees ki hai*". (Sunan Daraqutni: V3 P201 H3423; Ilmi Maqalaat: V1 P252-253)

★Manhaj al-Mutaqaddimeen ke Shaikh Abdullah bin Abdur Rahman al-Saad hafizahullah ne Imam Shafai ke usool-e-tadlees ko "*Kalaam-e-Nazri*" keh kar ye ajeeb-o-ghareeb daaya kiya: "*Balke ho sakta hai ke Shafai ne is (usool) par khud amal nahi kiya, kyounke unho'n ne apni kitabo'n mein baaz jagah Ibne Juraij ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat se hujjat pakdi aur Shafai ne ye zikr nahi kiya ke Ibne Juraij ne ye riwayaat apne asaatiza se suni hain*". (Kitab ar-Risaala: 498, 890, 903) Aur baraae Abu az-Zubair. (Ar-Risaala: 498, 889)

Arz hai ke ye kalaam kai wajah se baatil hai:

1) Imam Shafai ka 'إسناده صحيح' *isnaadahu sahih* waghaira kehne ke baghaer mujarrad riwayaat bayan karna hujjat pakadna nahi hai.

2) Ye zaroori nahi hai ke mudallis ke samaa' ki tasreeh khud Imam Shafai se saraahatan saabit ho, balke doosri kitab mein iski saraahat kaafi hai. Jaisa ke Sahih Bukhari-o-Sahih Muslim ke mudalliseen ki marwiyaat ke baare mein ulama-e-kiraam ka amal jaari-o-saari hai.

3) Riwayaat-e-makzura ki tafseel darj-e-zel hai:

(Ar-Risaala: 498) Usme samaa' ki tasreeh Kitab al-Umm (V1 P84) mein maujood hai. (Ar-Risaalah : P178 Number 9)

(Ar-Risaala: 890) Ibne Juraij ki Ataa se riwayat qawi hoti hai, lihaaza samaa' ki yaha'n zaroorat nahi. Doosre ye ke ye Syedna Jubair bin Mutim ؓ ki bayan-karda sahih hadees (Sunan Sughra lin-Nasai: V1 P284 H586 [tarqeem taaliqaat salafiyya]) ki taaeed mein hai.

(Ar-Risaala: 903) Riwayat-e-mazkoora mauqoof hai aur is mein Ibne Juraij ke Ibne Abi Mulaika se samaa' ki tasreeh Akhbaar Makkah lil-Faakhi (V1 P257 H496 [sanad hasan lizaatehi]) mein maujood hai.

(Ar-Risaala: 498) Abu az-Zubair ke samaa' ki tasreeh Sunan Nasai (V1 P284 H586) mein maujood hai.

Ek shakhs ne Kitab ar-Risaalah ke fakhra # 1220 ka hawaala bhi Imam Shafai ke usool ke khilaaf bataur-e-radd pesh kiya hai. Halaanke usi hawaale mein 'أخبره' ke saath samaa' ki tasreeh maujood hai. Saabit hua ke Shaikh Abdullah al-Saad ka Imam Shafai par muaaraza pesh karna baatil hai.

Manhaj al-Mutaqaddimeen ke naam se baaz jadeed ulama ne ye daawa kiya hai ke siqa mudallis ki ghair masrah-bis-samaa (an (عن) waali) har riwayat sahih-o-maqbool hoti hai, illa ye ke kisi khaas riwayat mein saraahatan tadlees saabit ho, to wo zaeef ho jaati hai.

Is marjooh aur ghalat manhaj ki tardeed ke liye hamare zikr-karda 21 hawaale kaafi hain, taa-ham mazeed hawaale bhi pesh-e-khidmat hain:

㉒ Imam Bukhari رحمہ اللہ ne Qataada an (عن) Abi Nazrah waali ek riwayat ke baare mein farmaya:

ولم يذكر قتادة سماعًا من أبي نضرة في هذا. (Juz al Qiraa-at: 104)

Aur Qataada ne Abu Nazrah se is riwayat mein apne samaa' ka zikr nahi kiya.

Maaloom hua ke Imam Bukhari ke nazdeek mudallis ka samaa' ki tasreeh na karna sehat-e-hadees ke manaafi hai.

㉓ Amash an (عن) Habib bin Abi Saabit an (عن) Ataa bin Abi Rabaah an (عن) (ibne) Umar waali riwayat ek riwayat par jarh karte hue Imam Ibne Khuzaima ne farmaya: "*Doosri baat ye hai ke Amash mudallis hain, unho'n ne Habib bin Abi Saabit se apne samaa' ka zikr nahi kiya… Ilkh*". (Kitab-ut-Tauheed: P38; Ilmi Maqalaat: V3 P220)

㉔ Imam Sha'ba bin al-Hajjaj رحمہ اللہ (d 160h) ne farmaya: "*Main Qataada ke mu'n ko dekhta rehta, jab aap kehte: Maine suna hai ya falaa'n ne hame'n hadees bayan ki, to main use yaad kar leta aur jab aap kehte*

falaa'n ne hadees bayan ki, to main use chod deta tha". (Taqaddima al-Jarh wa Taadeel: P169 [sanad sahih])

Maaloom hua ke Imam Sha'ba bhi mudallis ki adm-e-tasreeh-e-sama' waali riwayat ko hujjat nahi samajhte the. (Ilmi Maqalaat: V1 P261-262)

㉕ Haafiz Ibne Abdul Barr ne kaha: "*Aur unho'n (mohaddiseen) ne farmaya: Amash ki tadlees (yaane an (عن) waali riwayat) ghair maqbool hai. Kyounke unhe'n jab (mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke bare) poocha jaata to ghair-siqa ka hawaala dete the*". (At Tamheed: V1 P30; Ilmi Maqalaat: V1 P270)

Ibne Abdul Barr se iske alaawa taassuf[1] waala ek gol-mol qaul bhi maujood hai. (At Tamheed: V19 P287)

Lekin wo qaul jamhoor ke khilaaf hone ki wajah se marjooh hai.

㉖ Muhammad bin Fuzail bin Ghazwan (d 195h) ne kaha: "*Mugheera (bin Muqsim) tadlees karte the, pas ham unse sirf wohi riwayat likhte jis mein wo haddasana Ibrahim kehte the*". (Musnad Ali bin al-Jaad: V1 P430 H663 [sanad hasan]); doosra nuskha: 644; Ilmi Maqalaat: V1 P287)

Maaloom hua ke Muhammad bin Fuzail bhi mudallis ki wo riwayat, jis mein samaa' ki tasreeh na ho zaeef-o-mardood samajhte the.

㉗ Ibnul Qattaan al-Faasi (d 628h) ne kaha:

Aur Amash ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) (an (عن) waali riwayat inqita bayan karne ka nishana aur hadaf hai, kyounke wo mudallis hain.	ومعنعن الأعمش عرضة لتبين الإنقطاع فإنه مدلس. (Bayan-ul-Waham wal Ilhaam: V2 P435 H441)

Agar mudallis ki an (عن) waali riwayat mutalqan sahih hoti hai to phir inqita ke hadaf aur nishaana hone ka kya matlab?

㉘ Zohri an (عن) Urwah waali ek riwayat ke baare mein Imam Abu Haatim ar-Raazi ne farmaya:

Zohri ne Urwah se ye hadees nahi suni, lihaaza ho sakta hai ke unho'n	الزهرى لم يسمع من عروة هذا الحديث

[1] T: (تَأَسُّف) Afsos karna, ranj, malaal, hasrat, pachtaawa [RKT]

ne us mein tadlees ki ho. (Ilal-ul-Hadees: V1 P324 H968)

فلعله دلّسه.

㉙ Imam Yahya bin Saeed al-Qattaan bhi mudallis ki tasreeh-e-sama' na hone ko sehat-e-hadees ke manaafi samajhte the, jaisa ke unke amal se saabit hai. (Masalan dekhiye yehi mazmoon (fakhra 21) Ibn Madeeni (rh) ke qaul ka rad # 4)

㉚ Ibn al-Turkamani Hanafi ne ek riwayat par jarh karte hue kaha: "*Isme 3 illate'n (wajah-e-zof) hain: Soori mudallis hain aur unho'ne ye an* (عن) *se bayan ki hai…*". (Al Jauhar un Naqi: V8 P262; Al Hadees, Hazro, 67 P17)

Maaloom hua ke Ibn al-Turkamani ke nazdeek bhi har riwayat mein mudallis raawi ke samaa' ki tasreeh ka suboot zaroori hai aur mutlaqan adm-e-tasreeh-e-sama' waali riwayat maalool yaane zaeef hoti hai. Unke alaawa aur bhi Bahut se hawaale hain, masalan Aeni Hanafi ne kaha: "*Aur Sufyaan (Soori) mudalliseen mein se the aur mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti, illa ye ke uski tasreeh-e-sama' doosri sanad se saabit ho jaae*". (Umdatul Qaari: V3 P112; Al Hadees, Hazro, 66 P27; Al Hadees, Hazro, 67: P16)

Ab asr-e-haazir Ke Baaz Ahle Ahdees Ulama Ke 10 Hawaale Pesh-e-Khidmat Hain:

㉛ Maulana Irshad-ul-Haq Athari Saahab ne Haafiz Ibne Hajar ke nazdeek tabaqa-e-saalisa-o-tabaqa-e-saniya ke mudalliseen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) aur ghair-masrah bis samaa riwayaat ko ghair sahih aur zaeef qaraar diya hai, jaisa ke is mazmoon ke bilkul shuru mein baa-hawaala bayan kar diya gaya hai.

㉜ Maulana Muhamamd Dawood Arshad Saahab ne Imam Sufyaan Soori ko mudallis qaraar dene ke baad likha: "*Jab ye baat mutahaqqiq ho gai ke Sufyaan Soori mudallis hain, to ab suniya ke zer-e-bahes ahadees mein Imam Sufyaan Soori ne tahdees ki saraahat nahi ki, balke mua'n-a'n (مُعَنْعَن) marwi hai, aur mudallis raawi ki riwayat samaa' ki saraahat ke baghaer zaeef hoti hai… Ilkh*". (Hadees Aur Ahle Taqleed: V1 P723)

㉝ Zahbi-e-asr haqqan Shaikh Abdur Rahman bin Yahya al-Muaalami al-Yamaani al-Makki رحمہ اللہ ne Sufyaan Soori ki ek mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ko maalool qaraar dete hue pehli illat ye bayan ki, ke Sufyaan tadlees

karte the aur kisi sanad mein unke samaa' ki tasreeh nahi hai. (At Tankeel Bimaa Fee Taaneeb al Kausar Minal Abateel: V2 P20; Al Hadees, Hazro: 67 P18)

㉞ Mohtaram Mubasshir Ahmad Rabbani Saahab ne Amash ki ek riwayat par doosri jarh darj-e-zel alfaaz mein likhi: "*Amash mudallis hain aur zofa-o-majaaheel se tadlees kar jaate hain aur is riwayat mein unho'n ne samaa' ki tasreeh nahi ki*". (Ahkaam-o-Masaail Kitab-o-Sunnat Ki Raushni Mein: V1 P176 (first edition 2008); Aapke Masaail Aur Unka Hal: V3 P53; V3 P57-58)

Maaloom hua ke Rabbani Saahab ke nazdeek mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (ghair sahihain mein) zaeef hoti hai aur is silsila mein unse raabta karke mazeed maalumaat bhi haasil ki ja sakti hain.

㉟ Maulana Abdur Rahman Mubarakpuri رحمہ اللہ ne Syedna Bilal رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob juraabo'n par masah waali ek riwayat ko zaeef qaraar diya aur farmaya:

Iski pehli sanad mein Amash hain aur wo mudallis hain, unho'n ne ise Hakam (bin Utaiba) se an (عن) ke saath riwayat kiya hai aur unse samaa' ka zikr nahi kiya… Ilkh.

في سنده الأول الأعمش وهو مدلس ورواه عن الحكم بالعنعنة ولم يذكر سماعه منه…

(Tohfatul Ahwazi: V1 P101 تH99 Baab Fil Masah Alaal Jurbain wal Naalain)

㊱ Haafiz Ibne Hajar ki Tabaqaat-ul-Mudalliseen ke nazdeek tabaqa saniya ke mudallis Yahya bin Abi Kaseer ke baare mein Saudi Arab ke mashoor Shaikh Abdul Aziz bin Baaz رحمہ اللہ ne farmaya:

Aur Yahya mudallis hain aur mudallis agar samaa' ki tasreeh na kare to usse hujjat nahi pakdi jaati, illa ye ke jo kuch sahihain mein hai, to wo hujjat hai.

ويحيى مدلس و المدلس إذا لم يصرح بالسماع لم يحتج به إلا ما كان فى الصحيحين.

(Majma' Fataawa Ibne Baaz: V26 P236 (ba-hawaala Maktaba Shamela); neez dekhiye Ahkam-o-Masaail az Haafiz Abdul Mannan Noorpuri Saahab: V1 P246-247)

㊲ Maulana Muhammad Yahya Gondalwi رحمہ اللہ ne mudallis ki an (عن) waali riwayat ke baare mein aam usool bayan farmaya ke: "*Mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat naqaabil-e-qubool hai*". (Zaeef Aur Mauzoo Riwayaat P68 (Kitab-ul-Imaan se thoda pehle); doosra nuskha: P66)

Gondalwi Saahab ne Sufyaan Soori ki tadlees (an-ane (عنعنہ)) ko riwayat ki illat (wajah-e-zof) qaraar diya hai. (Sahih Sunan Tirmizi (mutarjim): V1 P192)

Aur farmaya: "*Is riwayat ke zof ki wajah Sufyaan Soori ki tadlees hai. Sufyaan mudallis hain aur mudallis jab an* (عن) *se riwayat kare to qaabil-e-hujjat nahi aur mazkoora riwayat bhi an (عن) se hai, jis wajah se is riwayat ko sahih qaraar nahi diya ja sakta*". (Sahih Sunan Tirmizi (mutarjim): V1 P193)

Gondalwi Saahab ne apni ek saabiqa baat se rujoo karte hue likha hai ke: "*Raaqim ne Khair-ul-Baraheen mein likha tha ke Sufyaan ki tadlees muzir nahi, magar* 'صح وفی الاصل: بگر' *(Sah wafil asal: bagar) baad-azaa'n tehqeeq se maaloom hua ke muzir hai*". (Zaeef Aur Mauzoo Riwayaat P259 (ka hashiya) [second edition Sep 2006])

㊳ Malik Abdul Aziz Munazir Multani رحمہ اللہ ([Saabiq] Mohtamim Madrasa Arabiyya Darul Hadees Muhammadiya, Multan) ne Qataada ki ek riwayat ke baare mein farmaya: "*Qataada choonke mudallis aur (عنعنہ) an-ana se riwayat karta hai, aisi hadees qaabil-e-hujjat nahi hoti*". (Faisla Raful Yadain, Tabreed-ul-Aynaen Fee Isbaat Raful Yadain: P34; Istesaal-ut-Taqleed-o-Deegar Rasaail: P90)

㊴ Maulana Muhammad Abul Qasim Saif bin Muhammab Saeed al-Banarasi رحمہ اللہ ne ek riwayat par jarh karte hue likha: *"… Khud maaloom aur qaabil-e-hujjat-o-tasleem nahi kyounke iska ek raawi Sufyaan Soori mudallis hai aur an* (عن) *se riwayat karta hai…" Ilkh.* (Tazkiratul Munazireen az Muhammad Mukhtada Athari Umri: P335)

㊵ Haafiz Ibne Hajar ke nazdeek tabaqa saniya ke mudallis Zakariya bin Abi Zaaeda ke baare mein Maulana Khwaja Muhammad Qasim رحمہ اللہ ne likha hai: "*Guzarish hai ke Hazrat Noman bin Basheer رضی اللہ عنہ waali sanad mein Zakariya bin Abi Zaaeda mudallis hai jo an* (عن) *se riwayat karta hai*". (Hadees Aur Ghair Ahle Hadees Ba-jawab Hadees Aur Ahle Hadees: P72)

Manhaj al-Mutaqaddimeen waale na to Imam Shafai رحمہ اللہ ke bayan-karda usool ko maante hain aur na Haafiz Ibne Hajar ki tabaqaati taqseem par yaqeen rakhte hain, lihaaza arz hai ke Haafiz Muhammad Gondalwi رحمہ اللہ (saabiq) Shaikh-ul-Hadees Jaamia Islamiya, Gujrawala ne ek riwayat par jarh karte hue likha hai: "*Is hadees ki sanad mein Imam Qataada hain,*

jo teesre tabaqe ke mudalliseen se hain aur wo an (عن) *ke saath riwayat karte hain. Yaane ye nahi kehte ke maine ye hadees suni aur aisi hadees hujjat nahi hoti… Ilkh*". (Khair-ul-Kalaam: P159; doosra nuskha: P123; Tauzeeh-ul-Kalaam: V2 P295; doosra nushqa: P700 [bi-lafz mukhtalif])

Unke alaawa aur bhi Bahut se hawaale hain aur asr-e-haazir mein maslak-e-haq ka difaa karne waale munazireen masalan mohtaram Abul Hasan Mubasshir Ahmad Rabbni, Mohtaram Maulana Muhammad Dawood Arshad, Mohtaram Abul Asjad Muhammad Siddiq Raza Aur Mohtaram Haafiz Umar Siddiq hafizahumullah waghairahum isi manhaj par qaaem hain ke Sahih Bukhari-o-Sahih Muslim ke alaawa doosri kitabo'n mein mudallis ki an (عن) waali riwayat hujjat nahi hoti aur yehi *mufta-bihi*[1] qaul hai aur usi par amal hai.

In 40 hawaalo'n ke baad Barailwiyo'n aur Deobandiyo'n ke 10 hawaale pesh-e-khidmat hain:

㊶ Ahmad Raza Khan Barailwi ne Abdullah bin Abi Najeeh al-Makki al-Mufsir (tabaqa saalisa ind Ibne Hajar) ki ek riwayat ke baare mein likha hai: "*Iska madaar Ibne Abi Najeeh par hai, wo mudallis tha aur yaha'n riwayat mein an-ana (عنعنه) kiya hai aur an-ana-e-mudallis jamhoor ke mazhab mukhtaar-o-motabar mein mardood-o-na-mustanad hai*". (Fataawa Rizwiya Ma' Takhreej-o-Tarjuma (Arabi Ibaaraat): V5 P245)

Shareek al-Qaazi (tabaqa saniya ind Ibne Hajar) phir bhi Ahmad Raza Khan ne tadlees waali jarh bataur-e-razamandi naql ki hai. (Fataawa Rizwiya: V24 P239)

㊷ Barailwiyo'n ke munazir Muhammad Abbas Rizwi Barailwi Razakhani ne Sufyaan Soori ki ek riwayat ke baare mein likha hai: "*yaane Sufyaan mudallis hai aur ye riwayat unho'n ne Aasim bin Kaleeb se an* (عن) *ke saath ki hai aur ye usool mohaddiseen ke tahat mudallis ka an-ana (عنعنه) ghair-maqbool hai, jaisa ke aage in sha Allah bayan hoga*". (Munazre Hi Munazre: P249)

Abbas Rizwi ne Sulaiman al-Amash ki ek mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke baare mein kaha: "*Is riwayat mein ek raawi Imam Amash hain, jo-ke*

[1] T: (مفتیٰ بہٖ) Jis ki sehat par bade mufti ya muftiyo'n ki jamaat ne fatwa diya ho [RKT]

agarche Bahut bade Imam hain, lekin mudallis hain aur mudallis raawi jab an (عن) *se riwayat kare to uski riwayat bil-ittifaaq mardood hogi*". (Wallah Aap Zinda Hain: P351)

㊸ Ghulam Mustafa Noori Barailwi ne Saeed bin Abi Urooba (tabaqa saniya ind Ibne Hajar) ki riwayat ke baare mein likha hai: "*Lekin iski sanad mein ek to Saeed bin Abi Urooba hain, jo-ke siqa hain. Lekin mudallis hain aur ye riwayat bhi unho'n ne Qataada se lafz-e-an* (عن) *ke saath ki hai aur jab mudallis an* (عن) *ke saath riwayat kare to wo hujjat nahi hoti*". (Tark-e-Raful Yadain: P425 [matbooa Maktaba Nooriya Rizwiya, Gulbarg, Faislabad])

㊹ Muhamamd Shareef Kotalwi Barailwi ne Sufyaan Soori ki ek riwayat par jarh karte hue likha: "*Aur Sufyaan ki riwayat mein tadlees ka shuba hai*". (Fiqh-ul-Faqhiya: P134)

㊺ Mahmood Ahmad Rizwi Barailwi ne kaha: "*Aur ye bhi musallam hai ke mudallis lafz-e-an* (عن) *se riwayat kare to riwayat muttasil nahi qaraar paaegi… lihaaza ye riwayat munqata hogi aur qaabil-e-hujjat na rahegi*". (Fuyooz-ul-Baari Fee Sharah Sahih Bukhari: Hissa 3 P406; Ilmi Maqalaat: V3 P613-614)

㊻ Hussain Ahmad Madani Tandawi Deobandi ne Imam Sufyaan Soori ki riwayat par jarh karte hue kaha: "*Aur Sufyaan tadlees karta hai*". (Taqreer-e-Tirmizi: P391 [Kutub Khana Majeediya, Multan])

㊼ Safarfaraz Khan Safdar Deobandi ne kaha: "*Mudallis raawi an* (عن) *se riwayat kare to wo hujjat nahi, illa ye ke wo tahdees kare ya uska koi siqa mataabe ho. Magar ye yaad rahe ke sahihain mein tadlees muzir nahi. Wo doosre turq se samaa' par mahmool hai (*Muqaddama Nawavi: P18; Fathul Mughees: P77; Tadreeb ur-Raawi: P144*)*". (Khazaaen us Sunan: V1 P1)

㊽ Faqirullah Deobandi ne likha hai: "*Haafiz Ibne Hajar* رحمۃ اللہ علیہ *likhte hain:*"

Aadil raawi se jab ek martaba tadlees saabit ho jaae to uska hukm ye hai ke uski wohi riwayat maqbool ki jaaegi, jis mein tahdees ki tasreeh hogi.

حكم من ثتب عنه التدليس اذا
كان عدلًا ان لا يقبل منه الا ما
صرح فيه بالتحديث على الاصح.

(Nuzha tun Nazar Sharah Nukhbatul Fikr: P45)

Haafiz Ibne Hajar رحمہ اللہ ka bayan-karda ye hukm tamaam ulama-e-usool ke yaha'n muttafiq-alae hai. Allama Iraaqi رحمہ اللہ, Allama Ibne Abdul Bar رحمہ اللہ ke Muqadamma-e-Tamheed se mudallis ka yehi hukm naql karte hue likhte hain:

فهذا ما لا اعلم فيه ايضًا خلافًا.

(At Taqaiyyud Wal Ezaah: P)

Is hukm mein ulama-e-usool ka koi ikhtilaaf mere ilm mein nahi hai. (Khatimatul Kalaam: P476)

㊾ Ek ghaali Deobandi Imdadullah Anwar Taqleedi ne ek riwayat ke baare mein kaha: "*Iski sanad mein Amash raawi mudallis hain, usne an-ana (عنعنه) se riwayat ki hai aur uska samaa' Hakam se saabit nahi hai*". (Mustanad Namaz-e-Hanafi: P35)

㊿ Muhammad Iliyas Faisal Deobandi ne likha hai: "*Iski sanad mein Amash raawi mudallis hai. Usne an-ana (عنعنه) se riwayat ki hai aur uska samaa' Hakam se saabit nahi hai*". (Namaz-e-Paeghambar ﷺ: P85)

In hawaalo'n se ye saabit ho gaya ke jamhoor mohaddiseen-e-kiraam aur ulama-e-haq ke nazdeek mudallis raawi ki an (عن) waali riwayat (ghair sahihain mein) hujjat nahi hai aur use "*sar taa sar*[1] *haqiqat ke manaafi*" qaraar dena ghalat hai. Neez, ahle haq ke alaawa doosre firqo'n se bhi yehi usool-o-manhaj saabit hai. Lihaaza *Manhaj al-Mutaqaddimeen* waalo'n ka baaz *shaaz* aqwaal lekar *kaseer-ut-tadlees* aur *qaleel-ut-tadlees* ka shosha chodkar masla-e-tadlees ka inkaar baatil-o-mardood hai.

Is tehqeeqi mazmoon mein bayan-karda 50 hawaalo'n ke mazkureen ke naam alat-tarteeb al-hajaai[2] darj-e-zel hain:

Ibn al-Turkamani Hanafi (30)	Ibne Salaah (7)
Ibn al-Qattaan al Faasi (27)	Ibnul Mulaqqin (9)
Ibne Baaz (26)	Ibne Hibban (15)
Ibne Hajar Asqalani (18)	Ibne Khuzaima (23)
Ibne Abdul Barr (25)	Ibne Kaseer (10)

[1] T: Awwal se aakhir tak, bilkul tamaam-tar, sab ka sab [RKT]

[2] T: (عَلَى التَّرْتِيبِ الْهِجَائِيِّ) In alphabetical order, huroof e tahajji ki tarteeb mein [RSB]

Ibnaasi (21)	Abul Qasim Banarasi (39)
Abu Bakr as Seerfi (17)	Abu Haatim ar-Raazi (28)
Ahmad bin Hambal (2)	Ahmad Raza Khan Barailwi (41)
Irshad-ul-Haq Athari (31)	Ishaq bin Raahwiya (3)
Ismail bin Yahya al Muzani (4)	Imdadullah Anwar (49)
Bukhari (22)	Balqeeni (20)
Bayhaqi (5)	Hussain Ahmad Madani (46)
Hussain At Taibee (16)	Khateeb Baghdadi (6)
Khwaja Muhammad Qasim (40)	Dawood Arshad (32)
Zakariya al Ansari (13)	Sakhaawi (12)
Sarfaraz Khan Safdar (47)	Suyuti (14)
Shafai (1)	Sha'ba (24)
Abbas Rizwi (42)	Abdur Rahman bin Mahdi (2)
Abdur Rahman Mubarakpuri (35)	Abdul Aziz Multani (38)
Iraaqi (11)	Ghulam Mustafa Noori (43)
Faqirullah Deobandi (48)	Mubasshir Rabbani (34)
Muhammad Iliyas Faisal (50)	Muhammad bin Ameer as San-aani (19)
Muhammad bin Fuzail bin Ghazwan (26)	Muhammad Shareef Kotalwi (44)
Muhammad Yahya Gondalwi (37)	Muhammad Ahmad Rizwi (45)
Muallami (33)	Nawavi (8)
Yahya al-Qattaan (29	-

★Imam Muslim رحمۃ اللہ علیہ ne farmaya:

Jisne bhi rawiyaan-e-hadees ka samaa' talaash kiya hai, to usne us waqt talaash kiya hai jab raawi-e-hadees mein tadlees ke saath

و إنما كان تفقد من تفقد منهم سماع رواة الحديث ممن روى عنهم. إذا كان الراوي ممن عرف بالتدليس فى الحديث و شهر به

maroof (maaloom) ho aur uske saath mashoor ho to us waqt riwayat mein uska samaa' dekhte hain aur talaash karte hain, taa-ke raawiyo'n se tadlees ka zof door ho jaae.

فحينئذ يبحثون عن سماعه في روايته و يتفقدون ذلك منه، كي تنزاح عنهم علة التدليس.

(Muqaddama Sahih Muslim: P22 ب [Darussalam edition])

Is ibaarat ki tashreeh mein Ibne Rajab Hambali ne likha hai:

Aur isme ehtimaal hai ke isse hadees mein kasrat-e-tadlees muraad ho aur (ye bhi) ehtimaal hai ke isse tadlees ka suboot muraad ho, to ye Shafai ke qaul ki tarah hai.

وهذا يحتمل أن يريد به كثرة التدليس في حديثه ويحتمل أن يريد (به) ثبوت ذلك عنه و صحته فيكون كقول الشافعي.

(Sharah Ilal at-Tirmizi: V1 P354)

Arz hai ke, isse dono muraad hain, yaane agar raawi *kaseer-ut-tadlees* ho to bhi uski mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (apni shuroot ke saath) zaeef hoti hai aur agar raawi se (ek dafa hi) tadlees saabit ho jaae to phir bhi uski mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (apni shuroot ke saath) zaeef hoti hai.

★ Baaz-un-naas ne Al Kifaaya (P374; doosra nuskha: V2 P409 # 1190) se mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat ke baare mein Imam Humaidi ka ek qaul pesh kiya hai.

Arz hai ke, is ibaarat mein tadlees ka lafz ya maane maujood nahi, balke Amr bin Dinaar an (عن) Obaid bin Umair mein ye ishaara hai ke usse ghair mudallis ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat muraad hain.

★ Bataur-e-latifa arz hai ke, hamare ilaaqe mein ek mashoor qissa bayan kiya jaata hai ke ek shakhs ek darakht ki tehni par baetha hua aari ke saath use kaat raha tha, jis hisse ko wo kaat raha tha, wo darakht ki taraf tha aur ye khud doosri taraf baetha hua tha, phir natija kya hua? Dhadaam se neeche aaraha aur aisi "*phakki*" mili ke din mein bhi taare nazar aagae.

Bilkul yehi muaamala us shakhs ka hai jo ek taraf Manhaj al-Mutaqaddimeen ke naam se tadlees ke do (2) hisse (kaseer-o-qaleel) bana kar mudalliseen ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko sahih samajhta hai aur doosri taraf Amash waghaira mudalliseen (jin ka kaseer-ut-

tadlees hona mutaqaddimeen se saraahatan saabit nahi) ki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayaat ko zaeef samajhta hai. Ye shakhs agar neeche na gire to kya aasmaan mein udeyga?

Aakhir mein arz hai ke tadlees ke masle mein do (2) baato'n ki tehqeeq intihaai zaroori hai:

① Kya raawi waaqai mudallis tha ya nahi? Agar mudallis nahi tha, to 'بری من التدلیس' baree-min-tadlees hai. Masalan Abu Qilaaba al-Jarmi aur Bukhari waghairahuma. Lihaaza unki mua'n-a'n (مُعَنْعَن) riwayat (apni shuroot ke saath) maqbool hai.

② Irsaal-e-khafi aur irsaal-e-jali ki tehqeeq karke masla waazeh kar diya jaae.

Kaash ke apne qalam ko tanaquzaat[1] ki waadiyo'n mein daodaane waale sahih tehqeeq ka raasta ikhtiyaar karke is taraf bhi apni tawajjo mabzool farmae'n.

Aug 2nd, 2010

[1] T: Ek-doosre ki zid, ya mukhalif hona [FL]

Iliyas Ghumman Saahab Ke "Raful Yadain Na Karne" Ka Jawab

Muhammad Iliyas Ghumman Saahab Deobandi ne ek ishtihaar shaaya kiya hai: "Namaz Mein Raful Yadain Na Karne Ke Dalaael"!

Us ishtihaar mein Ghumman Saahab ne apne zom[1] mein "*Das (10) dalaael*" pesh kiye hain, un maz-ooma-dalaael[2] mein se ek "*daleel*" bhi apne mudda-a[3] par sahih nahi aur na Imam Abu Hanifa se un mazooma "*dalaael*" ke saath istidlaal saabit hai.

Darj-e-zel tehqeeqi mazmoon mein in *ghummani* "*dalaael*" ko zikr karke unka jawab pesh-e-khidmat hai:

دلیل نمبر 1

اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے:

"قد افلح المؤمنون ○ الذین هم فی صلوتهم خاشعون"

(سورہ مومنون: ۲،۱)

ترجمہ: "یقیناً بات ہے کہ وہ ایمان لانے والے کامیاب ہوگئے جو نماز میں خشوع اختیار کرنے والے ہیں۔"

تفسیر: "قال ابن عباس رضی اللہ عنہ: مخبتون متواضعون لایلتفتون یمیناً ولا شمالاً ولایرفعون ایدیهم فی الصلوة ـــ"

(تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہ ص ۲۱۲)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "خشوع کرنے والے سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز میں تواضع اور عاجزی اختیار کرتے ہیں اور وہ دائیں بائیں توجہ نہیں کرتے ہیں اور نہ ہی نماز میں رفع یدین کرتے ہیں۔"

Ghumman Saahab ne apni pehli "daleel" mein Surah Mominoon ki do (2) pehli aayaat likhi hain, jin mein (ruku se pehle aur ruku ke baad waale) tark-e-raful yadain ka naam-o-nishaan tak nahi aur phir Syedna Ibne Abbas رضی اللہ عنہ ki taraf makzooba taur par mansoob "*Tafseer Ibne Abbas* رضی اللہ عنہ" ka hawaala pesh kiya gaya hai. Halaanke ye tafseer Syedna Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہ se saabit nahi, balke uska markazi raawi Muhammad bin Marwan as-Suddi as-Sagheer *kazzaab* hai aur baaqi sanad bhi *silsilatul-kizb* hai.

Aal-e-Deoband ke "*Shaikh-ul-Islam*" Muhammad Taqi Usmani Deobandi ne fatwa dete hue likha hai: "*Rahe Hazrat Abdullah bin Abbas* رضی اللہ عنہ*, so agarche ba-ittifaaq mufassireen ke imam hain. Lekin awwal to unki*

[1] T: (زُعْم) Ghuroor, takabbur, ghamand, gumaan, zann [RKT]
[2] T: Farzi, gumaan-shuda, qiyaas kiya hua [RKT]
[3] T: (مُدَّعا) Wo cheez jis par daawa ho, maqsad, gharz [RKT]

tafseer kitabi shakl mein kisi sahih sanad se saabit nahi hai. Aaj kal "Tanweer-ul-Miqbaas" ke naam se jo nuskha Hazrat Abdullah bin Abbas ﷺ ki taraf mansoob hai, uski sanad sakht zaeef hai. Kyounke ye nuskha Muhammad bin Marwan as-Suddi as-Sagheer an (عن) al-Kalbi an (عن) Abi Saaleh ki sanad se hai aur is silsila-e-sanad ko mohaddiseen ne "Silsilatul Kizb" qaraar diya hai". (Fataawa Usmani: V1 P215)

Mazeed tafseel ke liye dekhiye meri kitab Tehqeeqi Maqalaat. (V4 P408-410 & 503-505; Noor-ul-Aynaen: P238-246 [taba jadeed])

Is mauzoo aur manghadat kitab ke muqaable mein ye saabit hai ke Syedna Ibne Abbas ﷺ ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. (Juz Raful Yadain lil-Bukhari: 21; Noor-ul-Aynaen: P246)

دلیل نمبر 2

"قال الامام الحافظ المحدث احمدبن شعیب النسائی اخبرنا سوید بن نصر حدثنا عبداللہ بن المبارک عن سفیان عن عاصم بن کلیب عن عبدالرحمن بن الاسود عن علقمة عن عبداللہ ﷺ قال الااخبرکم بصلوٰة رسول اللہ ﷺ قال؛ فقام فرفع یدیه اول مرة ثم لم یعد."

(سنن النسائی ج ۱ ص ۱۵۸، سنن ابی داؤد ج ۱ ص ۱۱۶)

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ نے فرمایا: "کیا میں تمہیں اس بات کی خبر نہ دوں کہ رسول اللہ ﷺ کیسے نماز پڑھتے تھے؟ حضرت علقمہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود ﷺ کھڑے ہوئے پہلی مرتبہ رفع یدین کیا (یعنی تکبیر تحریمہ کے وقت) پھر (پوری نماز میں) رفع یدین نہیں کیا۔"

Is riwayat ki sanad do (2) wajah se zaeef hai:

Awwal: Imam Sufyaan bin Saeed bin Masrooq as-Soori رحمہ اللہ *siqa, aabid* hone ke saath mudallis bhi the. Jaisa ke Hussain Ahmad Madani Deobandi ne kaha: "*Aur Sufyaan tadlees karta hai… Ilkh*". (Taqreer-e-Tirmizi: P391 (Urdu) tarteeb Muhammad Abdul Qadir Qasmi Deobandi)

Ibn al-Turkamani Hanafi ne ek riwayat ke baare mein likha hai:

Soori mudallis hain aur unho'n ne ye riwayat an (عن) se bayan ki hai.

الثوري مدلس وقد عنعن.

(Al Jauhar un Naqi: V8 P362)

Imam Sufyaan Soori ko Master Ameen Okadwi ne bhi mudallis qaraar diya hai. (Tajalliyaat-e-Safdar: V5 P470)

Ye riwayat an (عن) *se hai aur usool-e-hadees ka mashoor masla hai ke mudallis ki an (عن) waali riwayat zaeef hoti hai*. (Nuzhatun Nazar Sharah Nukhbatul Fikr: P66; Ma' Sharah al Mulla Ali Qaari: P419)

Duwam: Is riwayat ko jamhoor mohaddiseen ne zaeef, khata aur wahm waghaira qaraar diya hai, jin mein se baaz ke naam darj-e-zel hain: "*Abdullah bin Mubarak, Shafai, Ahmad bin Hambal, Abu Haatim ar-Raazi, Daraqutni, Ibne Hibban, Abu Dawood al-Sajistani, Bukhari, Abdul Haq Ishbeeli, Haakim Nishapuri aur Bazzaar waghairahum*". (Noor-ul-Aynaen: P130-134)



Imam Abu Nayeem se lekar Imam Abu Hanifa tak is riwayat ke saare raawi: Abul Qasim bin Baalwiya an-Nisapuri, Bakr bin Muhammad bin Abdullah al-Jibaal ar-Raazi, Ali, Ali bin Muhammad bin Rooh bin Abi al-Harsh al-Musaisi, Muhammad bin Rooh aur Rooh bin Abi al-Harsh (6 ke 6) sab majhool hain. Lihaaza ye sanad mardood hai. (Musnad Abi Hanifa laa Abi Nayeem al Asbahani: P156; Archive Multaqa Ahlul Hadees: Adad: 4 (V1 P926; Tehqeeqi Maqalaat: V3 P123)

Tambeeh: Ghumman Saahab ne riwayat-e-mazkoora mein Sunan Abu Dawood (V1 P116) ka bhi hawaala diya hai, halaanke Sunan Abu Dawood mein Imam Abu Hanifa ki taraf mansoob ye riwayat qatan maujood nahi. Balke saari Sunan Abu Dawood mein Imam Abu Hanifa ka naam-o-nishaan tak maujood nahi.

Sunan Abu Dawood mein Syedna Bara bin Aazib رضی اللہ عنہ ki taraf mansoob doosri riwayat do (2) sanado'n se maujood hai. Jiski ek sanad mein Yazid bin Abi Ziyaad jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef raawi hai aur doosri sanad mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila jamhoor ke nazdeek zaeef hai. (Tehqeeqi Maqalaat: V3 P123)

Maaloom nahi ke deobandiyo'n ki "*qismat*" mein itni ziyada zaeef, mardood aur mauzoo riwayaat kyou'n hain ya unhe'n aisi riwayaat jama karne aur unse istidlaal ka waalihaana[1] junoon hai?

[1] T: (والِہانَہ) Dili, gehra talluq o nisbat waghaira, shiftagi ke saath [RKT]

Sahih Ahadees ko chodkar zaeef-o-mardood riwayaat ki taraf jaane waale aal-e-taqleed kis zom-e-baatil[1] mein ahle hadees ki mukhalifat karna chahte hain?

Elaan: Agar Iliya Ghumman Saahab aur unke jaali zahbi-e-dauraan sab milkar Imam Abu Hanifa ki taraf mansoob ye riwayat is sanad ke saath Sunan Abu Dawood se hawaala nikaal kar pesh kar de'n to unke naam sahihain aur sunan-e-arba ka tohfa rawaana kar diya jaaega. Himmat kare'n!

دلیل نمبر 4

''قال الامام الحافظ المحدث ابوبکر عبداللہ بن الزبیر الحمیدی ثنا الزھری قال اخبرنی سالم بن عبداللہ عن ابیہ ﷺ قال (ﷺ) رایت رسول اللہ ﷺ اذا افتتح الصلوٰۃ رفع یدیہ حذو منکبیہ واذا اراد ان یرکع وبعد ما یرفع راسہ من الرکوع فلا یرفع ولا بین السجدتین.''

(مسند حمیدی ج ۲ ص ۴۷۷، مسند ابی عوانہ ج ۱ ص ۳۳۳)

ترجمہ ''حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ فرماتے ہیں ''میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب نماز شروع کرتے تو رفع یدین کرتے۔ رکوع کی طرف جاتے ہوئے، رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے اور سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کرتے تھے۔''

Is istidlaal mein Iliyas Ghumman Saahab ne 7 ghalatiya'n ki hain:

Awwal (1st): Jis nuskhe ka hawaala diya gaya hai, wo Habib ur Rahman Aazmi Deobandi ka shaaya-karda nuskha hai, jabke mulk-e-shaam se Musnad Humaidi ka jo nuskha shaaya kiya gaya hai, us mein ye ibaarat nahi, balke ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ka isbaat hai. (Musnad Humaidi: V1 P515 H626)

Duwam (2nd): Musnad Humaidi ke qadeem qalmi nuskho'n mein ye ibaarat maujood nahi, balke ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ka isbaat hai. (Noor-ul-Aynaen: P70-71)

Suwam (3rd): Imam Sufyaan bin Uyayna ﷺ ki yehi riwayat Sahih Muslim mein ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ke isbaat se maujood hai. (Sahih Muslim: 390)

Chahaarum (4th): Is hadees ke markazi raawi Sufyaan bin Uyayna ﷺ se ruku se pehle aur baad waala raful yadain ba-sanad-e-sahih saabit hai. (Sunan Tirmizi: 256 (Tehqeeq Ahmad Shakir ﷺ)

[1] T: (زُعْمِ بَاطِلْ) Be-jaa khayaal, ghuroor, wahem [RKT]

Panjum (5th): Al Mustakhraj liAbi Nayeem al-Asbahani mein yehi hadees Imam Humaidi ki sanad se ruku se pehle aur baad waale raful yadain ke isbaat se maujood hai. (V2 P12)

Shashum (6th): Musnad Abi Awaana waale matbooa nuskhe se 'و' (wao) reh gai hai aur Sahih Muslim mein 'و' (wao) maujood hai, jisse raful yadain ka isbaat hota hai. (Noor-ul-Aynaen: P76-81)

Haftum (7th): Musnad Abi Awaana ke qalmi nuskhe mein 'و' (wao) maujood hai, jisse Deobandi istidlaal ka "*luck*"[1] toot jaata hai. (Noor-ul-Aynaen: P78-79)

Musnad Humaidi aur Musnad Abi Awaana ke muharraf nuskho'n se *ghummani istidlaal* ke muqaable mein arz hai ke, Sahih Bukhari aur doosri kitabo'n se saabit hai ke Syedna Ibne Umar ؓ ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the.

Hadees as-Siraaj aur Al Mukhlasiyaat waghairahuma kutub-e-hadees se saabit hai ke Syedna Ibne Umar ؓ ke jaleel-ul-qadar faqeeh bete Imam Saalim bin Abdullah al-Madani at-Taabai ؒ bhi ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. Kya Ghumman Saahab aur unki saari party Imam Saalim bin Abdullah bin Umar ؒ se tark-e-raful yadain ba-sanad-e-sahih ya hasan-lizaatihi saabit kar sakte hain?

5

"قال الامام الحافظ المحدث ابن حبان اخبرنا محمد بن عمر بن يوسف قال حدثنا بشر بن خالد العسكري قال حدثنا محمد بن جعفر عن شعبة عن سليمان قال سمعت المسيب بن رافع عن تميم بن طرفة عن جابر بن سمرة ؓ عن النبي ﷺ انه دخل المسجد فابصر قوما قد رفعوا ايديهم فقال قد رفعوها كانها اذناب خيل شمس اسكنوا في الصلاة."

(صحیح ابن حبان ج ۳ ص ۱۷۸، صحیح مسلم ج ۱ ص ۱۸۱)

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرۃ ؓ فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ مسجد میں داخل ہوئے لوگوں کو رفع یدین کرتے ہوئے دیکھا تو فرمایا: "انہوں نے اپنے ہاتھوں کو شریر گھوڑوں کی دموں کی طرح اٹھایا ہے تم نماز میں سکون اختیار کرو۔" (نماز میں رفع یدین نہ کرو)

Is sahih hadees mein ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain

[1] T: لك

ka zikr nahi, balke Mahmood Hasan Deobandi "*aseer-e-maalta*" ne kaha: "*Baaqi aznaab khail ki riwayat se jawab dena ba-roo-e-insaaf durust nahi. Kyounke wo salam ke baare mein hai, ke sahaba farmate hain ke ham ba-waqt-e-salam namaz ishaara bil-yadd bhi karte the. Aap ﷺ ne usko mana farmadiya*". (Al Ward ush Shazi: P63; Taqareer: P65)

Muhammad Taqi Usmani Deobandi ne kaha: "*Lekin insaaf ki baat ye hai ke is hadees se hanafiyya ka istidlaal mushtaba aur kamzor hai…*". (Dars-e-Tirmizi: V2 P36)

Saabit hua ke Mahmood Hasan aur Taqi Usmani dono ke nazdeek Iliyas Ghumman Saahab be-insaaf hain.

دلیل نمبر 6

''قال الامام الحافظ المحدث محمد بن اسماعیل البخاری حدثنا یحیٰ بن بکیر قال حدثنا اللیث عن خالد عن سعید عن محمد بن عمرو بن حلحلة عن محمد بن عمرو بن عطاء انه کان جالسا مع نفر من اصحاب النبی ﷺ فذکرنا صلوة النبی ﷺ فقال ابو حمید الساعدی رضی اللہ عنہ انا کنت احفظکم لصلوة رسول الله ﷺ رایته اذا کبر جعل یدیه حذو منکبیه واذا رکع امکن یدیه من رکبتیه ثم هصر ظهره فاذا رفع راسه استوی حتی یعود کل فقار مکانه واذا سجد وضع یدیه غیر مفترش ولا قابضهما.....''

(صحیح بخاری: ج ۱ ص ۱۱۴؛ صحیح ابن خزیمہ: ج ۱ ص ۳۹۸)

ترجمہ محمد بن عمرو بن عطاء رحمہ اللہ، آپ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے فرماتے ہیں: ''ہم نے حضور ﷺ کی نماز کا ذکر کیا (کہ حضور ﷺ کیسے نماز پڑھتے تھے؟) تو حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ''میں تم سے حضور ﷺ کی نماز پڑھنے کے طریقے کو زیادہ یاد رکھنے والا ہوں پھر رسول اللہ ﷺ کے نماز پڑھنے کے طریقے کو بیان کیا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جب تکبیر تحریمہ کہی تو اپنے ہاتھوں کو کندھوں کے برابر اٹھایا اور جب رکوع کیا تو اپنے ہاتھوں سے اپنے گھٹنوں کو مضبوطی سے پکڑا پھر اپنی پیٹھ کو جھکایا جب سر کو رکوع سے اٹھایا تو سیدھے کھڑے ہو گئے حتی کہ ہر ہڈی اپنی جگہ پر لوٹ آئی اور جب سجدہ کیا تو اپنے ہاتھوں کو اپنے حال پر رکھا نہ پھیلایا اور نہ ہی ملایا۔

Sahih Bukhari ki is hadees mein ruku se pehle aur baad waale raful yadain ke tark ka koi zikr nahi aur Muhammad Qasim Nanotwi (baani Madrasa Deoband) ne likha hai: "*Mazkoor na hona maadoom*[1] *hone ki daleel nahi hai… janab maulwi Saahab maqulaat ke taur par to itna hi*

[1] T: (مَعْدُوم) Fanaa, ghaayab [RKT]

jawab Bahut hai ke adm-ul-ittila[1] ya adm-uz-zikr[2], adm-ush-shae[3] par dalaalat nahi karta". (Hadiyatush Shiya: P199-200)

Faaeda: Sahih Bukhari waali riwayat doosri sanad se Sunan Abu Dawood aur Sunan Tirmizi waghairahuma mein ruku se pehle aur ruku ke baad waale raful yadain ke isbaat se maujood hai aur ye sanad sahih hai. Walhamdulillah

7

''قال الامام الحافظ المحدث ابوجعفر احمد بن محمد الطحاوی حدثنا ابن ابی داؤد قال ثنا نعیم بن حماد قال ثنا الفضل بن موسی قال ثنا ابن ابی لیلی عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ ...وعن الحکم رحمہ اللہ عن مقسم رحمہ اللہ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ قال: ترفع الایدی فی سبع مواطن: فی افتتاح الصلوٰۃ و عند البیت وعلی الصفاء والمروۃ وبعرفات و بالمزدلفۃ وعند الجمرتین.''

(سنن طحاوی ج ۱ ص ۴۱۶)

ترجمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ''سات جگہوں پر ہاتھوں کو اٹھایا جاتا ہے

Is riwayat ki sanad mein Muhammad bin Abdur Rahman bin Abi Laila jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef raawi hai. (Faiz-ul-Baari: V3 P168)

Zaeef raawiyo'n ki zaeef-o-mardood riwayaat se istidlaal karna Iliyas Ghumman jaise logo'n ka hi kaam hai.

8

''قال الامام ابوبکر اسماعیلی حدثنا عبداللہ صالح بن عبداللہ ابومحمد البخاری قال حدثنا اسحاق بن ابراھیم المروزی حدثنا محمدبن جابر السحیمی عن حماد (ابن ابی سلیمان) عن ابراھیم (نخعی) عن علقمہ (بن قیس) عن عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) قال صلیت مع رسول اللہ ﷺ وابی بکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ فلم یرفعوا ایدیھم الاعندافتتاح الصلاۃ.''

(کتاب المعجم، امام اسماعیلی: ج ۳ ص ۶۹۲، سنن کبری، امام بیہقی رحمہ اللہ ج ۲ ص ۷۹)

ترجمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ''میں نے رسول اللہ ﷺ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھی انہوں نے پوری نماز میں صرف تکبیر تحریمہ کے وقت رفع یدین کی۔''

Ye riwayat kai wajah se zaeef-o-mardood hai, masalan:

① Iska buniyadi raawi Muhammad bin Jaabir jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh hai.

Haafiz Haithami ne farmaya: 'وهو ضعيف عند الجمهور'. (Noor-ul-Aynaen: P153;

[1] T: (عدم الاطلاع) Na jaanne ki haalat [RSB]
[2] T: (عدم الذکر) Ye istilaah us waqt istemaal hoti hai jab kisi hadees ke matan mein kisi ahem nuqte ka tazkira na ho [RSB]
[3] T: (عدم الشیٔ) Kisi cheez ka na hona, ghaer-maujoodgi [RSB]

Majma' az Zawaaid: V5 P191)

② Jamhoor mohaddiseen ne khaas is riwayat par jarh ki, masalan Ahle Sunnat ke mashoor Imam Ahmad bin Hambal رحمۃ اللہ علیہ ne farmaya: "*Ye riwayat munkar hai*". (Kitab-ul-Ilal; V1 P144 # 701)

③ Iliyas Ghumman Saahab ne riwayat-e-mazkoora mein Imam Bayhaqi ka hawaala bhi likha hai aur isi hawaale mein Imam Bayhaqi ne Muhammad bin Jaabir par *jarh* naql kar rakhi hai. (Mazeed tafseel ke liye dekhiye Noor-ul-Aynaen: P151-154)

Mudawwana Kubra na-qaabil-e-etebaar aur be-sanad marwi kitab hai aur Musnad-e-Zaid *ahle sunnat* ki kitab nahi. Balke *Zaidi shiyyo'n* ki man-ghadat kitab hai. Lihaaza ye dono hawaale ghalat aur mardood hain.

Tambeeh: Abu Bakr an-Nehshali waali riwayat jo doosri kitabo'n mein hai, wo uske wahm-o-khata ki wajah se zaeef hai. (Noor-ul-Aynaen: P165)

Musannaf Ibne Abi Shaiba waali ye riwayat Qari Abu Bakr bin Ayash رحمۃ اللہ علیہ ke wahm-o-khata ki wajah se zaeef hai aur do (2) wajah se mardood hai:

① Imam Ahmad bin Hambal, Imam Yahya bin Maeen aur Imam Daraqutni ne is riwayat ko wahm-o-baatil waghaira qaraar diya aur kisi ek qaabil-e-etemaad mohaddis ne iski tasheeh nahi ki aur agar kisi chote se mohaddis se saabit bhi ho jaae to jamhoor ke muqaable mein

mardood hai.

② Bahut se siqa raawiyo'n aur sahih-o-hasan-li-zaatihi sanado'n se saabit hai ke Syedna Abdullah bin Umar ؓ namaz mein ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the. Jin mein se unke chand shaagirdo'n ke hawaale darj-e-zel hain:

Imam Naafe al-Madani ؒ, Imam Mahaarib bin Dasaar al-Kufi ؒ, Imam Taawoos bin Keesaan al-Yamaani ؒ, Imam Saalim bin Abdullah bin Umar al Madani ؒ aur Imam Abu az-Zubair al-Makki ؒ. (Noor-ul-Aynaen: P159)

Siqa raawiyo'n ke khilaaf wahm-o-khata waali riwayat munkar-o-mardood hoti hai.

Qaraeen-e-Kiraam! Aapne dekh liya ke Iliyas Ghumman Saahab aur Aal-e-Deoband ke paas tark-e-raful yadain qabl ar-ruku wa baad ki ek sahih ya hasan-li-zaatihi riwayat nahi hai.

Raful Yadain Par Khair-ul-Quroon Mein Musalsal Amal

Syedna Abdullah bin Umar ؓ se riwayat hai ke: "*Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha, jab aap namaz mein khade hote to kandho'n tak raful yadain karte, ruku karte waqt bhi aap usi tarah karte the aur jab ruku se sar uthaate to usi tarah karte the*". (Sahih Bukhari: V1 P102 H736; Sahih Muslim: H390)

Is hadees ke raawi Syedna Abdullah bin Umar ؓ bhi shuru namaz, ruku se pehle, ruku ke baad aur do (2) rakat padhkar khade hote to raful yadain karte the aur farmate ke Nabi ﷺ aisa hi karte the. (Sahih Bukhari: H739; Sharah as Sunnah lil-Baghwi: V3 P21 H560 وقال: هذا حديث صحيح)

Syedna Abdullah bi Umar ؓ se is hadees ke raawi unke jaleel-ul-qadar bete Imam Saalim bin Abdullah bin Umar ؒ bhi shuru namaz, ruku ke waqt aur ruku se uthne ke baad raful yadain karte the. (Hadees us Siraaj: V2 P34-35 H115 [sanad sahih])

وما علينا إلا البلاغ

Nov 21st, 2011 Sargodha

Rasool Allah ﷺ Ki Aakhri Zindagi Ka Amal: Raful Yadain

الحمد للّٰه رب العالمين والصلوٰة والسلام علىٰ رسوله، أما بعد:

Rasool Allah ﷺ namaz mein ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the, ye hadees bahut se Saahaba Ikraam رضي الله عنهم ne bayan farmai hai aur ye hadees mutawaatir hai. In Saahaba Ikraam mein se 5 Saahaba ki riwayaat ma' tehqeeq, tabsara-o-fawaaed pesh-e-khidmat hain. Jo Nabi-e-Kareem ﷺ ki aakhri zindagi mein aapke peeche namaze'n padhte the aur aapki wafaat ke waqt Madina Taiyyaba mein maujood the.

① Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه

Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه se riwayat hai ke:

صلّى بنا النبي صلى الله عليه وسلم العشاء في آخر حياته فلما سلّم قام....

Nabi ﷺ ne apni zindagi ke aakhri daur mein hame'n isha ki namaz padhai, phir jab aapne salam pher to khade ho gae.

(Sahih Bukhari: V1 P22 H116 (Kitab-ul-Ilm); Sahih Muslim: V2 P310 H2537)

Is hadees se saabit hua ke Syedna Ibne Umar رضي الله عنه ne Nabi-e-Kareem ﷺ ki aakhri zindagi mein aapke peeche namaz padhi hai.

Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه se riwayat hai ke: "*Rasool Allah ﷺ ki bimaari jab ziyada ho gai to aapne farmaya: Abu Bakr ko Hukm de'n ke wo logo'n ko namaz padhae'n... Ilkh*". (Sahih Bukhari: H682)

Ye bhi Nabi ﷺ ki zindagi ke aakhri daur aur aakhri dino ka waaqea hai.

Syedna Abdullah bin Umar رضي الله عنه se riwayat hai ke:

رأيتُ رسولَ اللّٰه صلى الله عليه وسلم إذا قام فى الصلوٰة رفع يديه حتى تكونا حذو منكبيه وكان يفعل ذلك حين يكبّر للركوع ويفعل ذلك إذا رفع رأسه من الركوع...

Maine Rasool Allah ﷺ ko dekha, aap jab namaz ke liye khade hote to kandho'n tak raful yadain karte, ruku karte waqt bhi aap usi tarah karte the aur jab ruku se sar uthaate to usi tarah karte the.

(Sahih Bukhari: V1 P102 H736; Sahih Muslim: V1 P168 H390; tarqeem Darussalam: 862 وعنده: إذا قام للصلوٰة)

Raawi ka amal: Ab is hadees par usi hadees ke raawi ka amal pesh-e-khidmat hai:

❶ Imam Saalim bin Abdullah bin Umar ﷺ ne farmaya:

Maine apne waalid *(Abdullah bin Umar ﷺ)* ko ye kaam *(Shuru namaz mein raful yadain, ruku ke waqt raful yadain aur ruku se sar uthaakar raful yadain)* karte hue dekha.

رأيت أبي يفعله.

(Hadees as Siraaj: V2 P34-35 H115 [sanad sahih])

❷ Imam Naafe ﷺ ne farmaya ke "*Ibne Umar ﷺ jab namaz mein daakhil hote takbeer kehte aur raful yadain karte the, jab ruku karte to raful yadain karte the aur jab samee Allahu liman hamida kehte, to raful yadain karte the… Ilkh.* (Sahih Bukhari: H739 [sanad sahih]); Sharah as Sunnah lil-Baghwi: V3 P21 H560 (وقال: هذا الحديث صحيح

❸ Mahaarib bin Dassaar ﷺ ne farmaya: "*Maine Abdullah bin Umar ﷺ ko dekha, aap jab namaz shuru karte takbeer kehte aur raful yadain karte, jab ruku ka iraada karte to raful yadain karte aur jab ruku se sar uthaate (to raful yadain karte the)*". (Juz Raful Yadain lil-Bukhari: V48 [sanad sahih])

❹ Abu az-Zubair Muhammad bin Muslim bin Tadras al-Makki ﷺ ne farmaya:

Maine Ibne Umar aur Ibne Zubair ﷺ ko dekha, wo ruku ke waqt aur (ruku se) uthte waqt raful yadain karte the.

رأيت ابن عمر و ابن الزبير يرفعان أيديهما إذا ركعا وإذا رفعا.

(Kitab-ul-Ilal lil-Athram (ba-hawaala at-Tamheed): V9 P217 [sanad hasan])

Yaad rahe ke Syedna Abdullah bin Zubair ﷺ hijrat ke baad madina mein paeda hue the aur aap Nabi-e-Kareem ﷺ ki aakhri zindagi ke gawaah hain.

In sahih-o-saabit riwayaat ke muqaable mein kisi ek bhi sahih ya hasan riwayat ke saath Syedna Ibne Umar ﷺ se tark-e-raful yadain saabit nahi aur is silsila mein hanafiyya ki pesh-karda dono riwayate'n zaeef-o-

mardood hain. Jinki tafseel darj-e-zel hai:

① Ibne Farqad:

أخبرنا محمد بن أبان بن صالح عن عبدالعزيز بن حكيم قال: رأيت ابن عمر يرفع يديه حذاء أذنيه في أول تكبيرة افتتاح الصلوٰة ولم يرفعهما فيما سوى ذلك.

(Muwatta Ibne Farqad: V1 P140-141 H108 [Maktaba al Bushra, Karachi])

Hame'n Muhammad bin Aabaan ne Saaleh bin Abdul Aziz in Hakeem se khabar deen-e-islaam ke maine Ibne Umar ko dekha ke wo namaz ki pehli takbeer mein haatho'n ko kaano'n ke baraabar uthaate hain, lekin uske alaawa kisi aur mauqa par nahi uthaate.

Is riwayat ki sanad do (2) wajah se zaeef hai:

Awwal: Ibne Farqad jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh hai. (Tehqeeqi Maqalaat: V2 P341-364)

Duwwam: Muhammad bin Aabaan bin Saaleh jamhoor mohaddiseen ke nazdeek zaeef-o-majrooh raawi hai. (Tehqeeqi Maqalaat: V3 P126)

② Abu Bakr bin Ayaash an (عن) Hussain an (عن) Mujahid... Ilkh. (Sharah Maani-ul-Aasaar: V1 P225; Nasbur Raaya: V1 P409)

Ye riwayat Abu Bakr bin Ayaash (sadooq, hasan-ul-hadees-o-siqa al jamhoor) ki ghalati aur wahm ki wajah se zaeef hai. Imam Ahmad bin Hambal ne farmaya: "*Ye baatil hai*". (Masaail Ahmad: Riwaaya Ibne Haani: V1 P50)

Imam Yahya bin Maeen ne farmaya: Abu Bakr ki Hussain se riwayat uska wahm hai, is riwayat ki koi asal nahi. (Juz Raful Yadain lil-Bukhari: 16; Nasbur Raaya: V1 P392)

Imam Daraqutni ne farmaya: 'قاله أبوبكر بن عياش عن حصين وهو وهم منه أو من حصين'.[1] (Al Ilal: V13 P16, Sawal: 2902)

Qaari Abu Bakr bin Ayash رحمۃ اللہ علیہ jo jamhoor ke nazdeek muwassaq hone ki wajah se sadooq, hasan-ul-hadees hain. Unke baare mein unke shaagird Imam Abu Nayeem al-Fadhl bin Dakeen al-Kufi رحمۃ اللہ علیہ ne farmaya:

[1] T: Ye Abu Bakr bin Ayaash ne Hussain se kaha, aur ye unki taraf se ya Hussain ki taraf se ghalati hai [RSB]

لم يكن من شيوخنا أكثر غلطًا من أبي بكر بن عياش.

Hamare ustaado'n mein Abu Bakr bin Ayaash se ziyaada ghalatiya'n karne waala koi nahi tha. (Taareekh Baghdad: V14 P378 [sanad sahih])

Imam Tirmizi ne ek jagah farmaya: 'وأبو بكر بن عياش كثير الغلط'.[1] (Sunan Tirmizi: H2567)

Saabit hua ke Abu Bakr bin Ayaash ki tark-e-raful yadain waali riwayat ghalat, wahm aur zaeef hai aur unki baaqi riwayaat (siwaae is riwayat ke jis par khaas jarh saabit ho) hasan hain.

Raawi se Raawi, Yaane Taabai Ka Amal:

Syedna Ibne Umar ﷺ ke darj-e-zel shaagird bhi ruku se pehle aur ruku ke baad raful yadain karte the:

① Saalim bin Abdullah bin Umar رحمه الله. (Hadees-e-Siraaj: V2 P34-35 H115 [sanad sahih]); Juz Raful Yadain lil-Bukhari: 62 [sanad hasan])

② Tawoos bin Keesaan رحمه الله. (Sunan Kubra lil-Bayhaqi: V2 P74 [sanad sahih]); Al jaame li Akhlaaq ur-Raawi wa Adaab us Saame'e: V1 P118 H101) 'من اجترأ بالسماع النازل مع كون الذي حدث عنه موجودًا' Doosa nuskha: V1 P175 H104)

② Syedna Anas bin Maalik al Ansari al Madani ﷺ

Syedna Anas bin Maalik ﷺ se riwayat hai ke "*Nabi ﷺ jis bimaari mein faut hue, us (bimaari ke dino'n) mein Abu Bakr ﷺ unhe'n namaz padhaate the, hatta ke somwar ke din jab namaz mein safe'n qaaem thee'n to Nabi ﷺ ne hujre ka parda hataaya, aap hamari taraf dekh rahe the… Ilkh*". (Sahih Bukhari: H680; Sahih Muslim: H419; tarqeem Darussalam: 944)

Aap usi din faut ho gae the, lihaaza saabit hua ke Syedna Anas ﷺ Nabi-e-Kareem ﷺ ki wafat ke din bhi Madina Taiyyaba mein aapke qareeb maujood the.

Ek hadees mein aaya hai ke Syedna Fatima ﷺ ne farmaya: "*Aye Anas! Kya Rasool Allah ﷺ (ki qabr) par mitti daalte waqt tumhare dil raazi the?*". (Sahih Bukhari: H4462)

[1] T: Aur Abu Bakr bin Ayaash bahut ziyaada ghalati karne waale the [RSB]

Saabit hua ke Rasool Allah ﷺ ki wafaat ke baad bhi Anas ؓ Madina mein maujood the, aur aapko hujra-e-mutahhara-o-raudha tul Jannah ki qabr mein dafan karne waalo'n mein shaamil the. Yaane wo Aap ﷺ ki aakhri zindagi ke gawaah hain.

Imam Abu Yaala al-Mosuli ؒ ne farmaya:

حدثنا أبوبكر (بن أبي شيبة): حدثنا عبدالوهاب الثقفي عن حميد (الطويل) عن أنس قال: رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرفع يديه إذا افتتح الصلاة و إذا ركع و إذا رفع رأسه من الركوع.

Anas ؓ se riwayat hai ke maine Rasool Allah ﷺ ko dekha, aap jab namaz shuru karte to raful yadain karte the, jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate to raful yadain karte the. (Musnad Abi Yaala: V6 P424-425 H1038 [sanad sahih])

Hameed at-Taaweel *siqa mudallis* hain, lekin Syedna Anas ؓ se unki *an (عن)* waali riwayat bhi sahih hoti hai. Lihaaza yaha'n tadlees ka eteraaz karna ghalat hai. (Tehqeeqi Maqalaat: V5 P215-217)

Raawi Ka Amal:

① Aasim al Ahwal se riwayat hai ke maine dekha: "*Anas bin Malik ne jab namaz shuru ki to takbeer kahi aur raful yadain kiya, aap ruku ke waqt aur ruku se sar uthaakar raful yadain karte the*". (Juz Raful Yadain lil-Bukhari: 20 [sanad sahih])

② Hameed at-Taaweel ؒ se riwayat hai ke "*Anas ؓ jab namaz mein daakhil hote to raful yadain karte aur jab ruku karte aur jab ruku se sar uthaate to raful yadain karte the*". (Musannaf Ibne Abi Shaiba: V1 P235 H2433 [sanad sahih])

Yaad rahe ke Syedna Anas ؓ se tark-e-raful yadain hargiz saabit nahi.

③ Syedna Abu Bakr Siddiq ؓ

